04

حسب ضابطہ رجسٹری شدہ

مُصنفہ غلام نبی مُلازم سفری دوا خانہ لاہور

مکمل گنجینۂ طبیب اُردو

سستی کتابیں منگانے کا پتہ

ملک غلام محمد اینڈ سنز تاجران کُتب

کشمیری بازار لاہور

فہرست کُتب مُفت

ڈیزائن کے جملہ حقوق محفوظ

Price 1/8/- Copies 3,000 ایڈیشن نمبر 9

دیباچہ

بعد حمد خدا و نعت رسول آنحضرت سے میرا ارادہ تھا۔ کہ جسطرح صنعت و حرفت علوم نیرنجات وغیرہ پر بہت سی چند کتابیں لکھی گئی ہیں۔ اسیطرح علم طب میں بھی چند کتب لکھوں جنمیں علمی اور عملی باتوں کے علاوہ قرابادین اور مخزن کا حصہ بھی شامل ہو۔ اگرچہ اس سے پہلے خواص المفردات والمرکبات کے نام سے ایک کتاب شائع کر چکا ہوں۔ جو پبلک میں قدر کی نگاہ سے دیکھی گئی اور بہت مقبول ہو چکی ہے۔ تاہم وہ کتاب صرف دواؤں کے خواص تک ہی محدود ہے۔ جس سے مطلب نہیں نکل سکتا جو طب کی عملی کتاب سے نکل سکتا ہے لہذا بہت کچھ محنت اور دن رات کی جانکاہی کے بعد یہ ابتدائی کتاب حسب فرمائش ملک **غلام محمد** صاحب تاجر کتب کشمیری بازار لاہور جنکو اس کا حق تالیف دیا گیا ہے۔ بسبیل اختصار لکھ کر ہدیہ ناظرین چونکہ اس میں میرے ذاتی تجربہ کردہ بہت سے نسخے درج ہیں۔ اور دیگر دوستوں کے آزمودہ بھی شامل ہیں۔ اسلئے امید ہے۔ کہ یہ کتاب گو بہت ہی مختصر ہے۔ مگر مفید ثابت ہوگی۔ فہرست مضامین کے دیکھنے پر آپ کو پتہ لگ جاویگا۔ کہ یہ کتاب قرابادین اور مخزن کا کام بھی دے سکتی ہے۔ کیونکہ ہر مرض کے چیدہ چیدہ اور مجرب نسخوں کے علاوہ قرابادین کے طور پر ہر قسم کے شربت۔ معجون۔ لعوق۔ رُب۔ حبوب کے نسخے معہ ترکیب ساخت درج ہیں۔ علاوہ ہر دوا کی خاصیت دیکھنے کے لئے ایک مختصر سی مخزن المفردات بھی شامل ہے علاوہ ازیں شائقینوں کے خاطر طبع کی خاطر عجیب عجیب اعمال چند ایک نیرنجات اور صنعت و حرفت کے چند نسخہ جات بھی درج کئے ہیں۔ کہ ناظرین کا ہر طرح کا شوق پورا ہو سکے اور جس طبیعت کو جسطرح کا شوق ہو۔ وہ کچھ نہ کچھ اس سے اپنا مطلب نکال سکے کتاب کے اخیر میں بعض ہندی پودوں اور جڑی بوٹیوں کے مشرح حالات و خواص درج ہیں جن سے صدہا راز منکشف ہوتے ہیں۔ اگر آئندہ تردداتِ زمانہ سے فرصت ملی تو مصمم ارادہ کہ طب کی ایک بسیط کتاب جامع کی صورت لکھ کر ہدیہ ناظرین کروں

والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ

الملتمس نیازمند **غلام نبی** ملازم صفدری دواخانہ لاہور

خلف شیخ محمد لودیانوی

فہرست مضامین مکمل گنجینہ طبیب

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
الف		انتشار الاتیات	۱۲۴	اورام القضیب	۱۳۱
ارکان	۱	التساح	۱۲۴	ارتفاع الخصیہ	؍؍
اخلاط اربعہ	۱،۲	استرخاء الجفن	؍؍	احتباس الطمث	۱۳۲
اخلاط کا بیان	۳	انکسار الاذن	۱۲۵	اختناق الرحم	؍؍
اعضا کی حقیقت	۴	انقلاع الاذن	؍؍	انتشار الشعر	۱۳۵
اعضاء مفردہ	۴،۵	انفجار الاذن	؍؍	اسحاق النار	؍؍
اعضاء رئیسہ خادمہ	۵	انفجار الدم من الاذن	۱۲۰	احراق الدہن الحار	؍؍
اعضاء مرکبہ	۵،۷	اختلاج الشفت	؍؍	احراق النار	[illegible]
امعاء	۱۰	اکمل الشفت	؍؍	احراق النورہ	۱۳۶
اصطلاحات علم طب کی تشریح	۳۳	اکلۃ اللثہ	؍؍	احراق البلادر	؍؍
اصطلاحی نام ان دواؤں کے جو اہل صنعت کیمیاگروں نے وضع کیے	۳۵ تا	انطباق المری	؍؍	احراق الشمس	؍؍
		اماس شش	۱۲۷	احراق التیزاب	؍؍
ادویہ کے نام بھاشا و سنسکرت کے	۳۶	انقلاب معدہ	؍؍	اختلاج عام علاج	۱۴۰
ادویہ انگریزی معہ ترجمہ اردو	۴۳ تا ۹۶	اختلاج المعدہ	۱۲۸	امراض دنداں کا پرہیز	۱۴۹
ادویہ کے عربی فارسی نام وغیرہ	۹۶	استرخائے معدہ	؍؍		
ادویہ اصطلاحی نام معہ تشریح	۱۰۴ تا ۱۱۷	استسقاء	تا ۱۵۸	آواز بیٹھنا	۱۴۹ تا ۲۳
اسامی ادویہ مقویات ہر عضو جداگانہ	۱۰۴	اسہال خونی	۱۲۹ تا ۱۰۶	آنتوں کے زخم	۱۴۲
	۱۲۰	ایلاوس	۱۲۹	آتشک کا علاج	۲۲۴
آنکھ کے امراض کے نام	۱۲۴	استرخاء معدہ	؍؍	آنکھ دکھنا	۲۱۴
امعاء کے امراض کے نام	۱۲۹	احتباس البول	۱۳۰	آنکھوں کو سکھیا کا دھواں لگنا	۲۱۵
اورام و شجوہ	۳۲۴	استرخاء العنق	۱۳۱		
استفراغ	۱۱۳	آتیہ	؍؍	افیون چھڑانا	۱۴۰

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
اسبغول کوفتہ خوردہ	۲۴۲	بال اڑانے کا پوڈر	۲۱۵	بواسیر الرحم	۱۳۲
اعضائے جسم کے مزاج کا نقشہ	۲۴۹	،، ،، کا تیل	،،	بثور الرحم	،،
اطریفل کشنیزی		بیمار ہونے پر سب سے پہلے	۱۳	برص	۱۳۵
،، اسطوخودوس	۲۵۲۷	کیا کرنا چاہیئے		برشش	،،
،، صغیر		لقبائے قوت ادویات	۳۲	بہق	،،
،، کبیر		کا نقشہ		برص الظفر	،،
،، زمانی		بخار کا بیان	۱۲۳	باہمنی کا علاج	۱۴۶ تا ۲۱۵
انوشدارو		بثور	۱۲۴	بہرہ پن	۱۴۸ تا ۲۱۵
ایارج فیقرا	۲۴۴	بالوں کے امراض شعر	۱۲۵	بدبو دہن	۲۶۷
اعمال عجیبہ	۲۸۱	بجل التین	۱۲۴	بوٹیوں کا نمک نکالنا	۲۷۹
اک اکسن	۲۸۸	بیاض	،،	بتیسہ کا نسخہ	۲۴۱
اندرائن	۲۹۵	بعقس العین	،،	بال گرنے کی دوا	۲۳۹
ب		بثور الانف	۱۲۵	بغل گند	۱۶۷
بچہ کے گلنے کے مرض	۲۱۰	بخر الانف	۱۲۵ تا ۱۲۸	بدھ کا علاج	۱۷۰ تا
،، ہچکی	،،	بثور الفم	۱۲۵	بنجار کا علاج	۱۷۱
،، چیچک	،،	بطلان الذوق	۱۲۸ تا ۱۲۹	باہ کا علاج	۱۷۸
،، خارش	،،	بخر الفم	۱۲۶	بانجھ پن	۱۹۲
،، گنج	،،	بیاض الشفت	،،	بچوں کے امراض	۲۰۷
،، مرض سوکھا	۲۱۱ تا ۲۱۹	بثور الشفت	،،	بچہ کی قبض	۲۰۸
،، گوا گرنا	۲۱۱	بثور الحلق	،،	بچہ کی دانت گرنا	۲۰۹
،، پیاس سخت	۳۱۱	بطلان الشہوت	۱۲۸ ۱۲۹ تا	بچہ کا زرد پاخانہ	،،
،، بحران کا بیان	۱۸	بواسیر	۱۳۱	بچہ کی قبض	،،
بحران کے دنوں کا شمار	،،	بول الفراش	۱۳۰	بچہ کی ہیضہ	،،
،، ،، ،، ،، ،،	،،	بول الدم	،،	بچہ کی کھانسی	۲۱۰

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
بچہ کی پسلی	۲۱۰	تانبہ سفید بنانا	۳۱۱	تشنج	۱۳۳، ۱۴۴
بچہ کی آنکھ دکھنا	”	ٹڈی کا دفعیہ	۳۴۴	تقشر القضب	۱۲۷
بچھو کاٹے کا علاج	۲۴۲	تانبہ جلد گلانا	۳ تا ۳	تپ کا علاج	۱۷۰، ۱۷۱، ۲۲۰
بچھو کا دفعیہ	۲۴۶	تانبہ جلد گلانا	۲۴۵	تپ دق	۱۷۱
بھیڑ کے کاٹے کا علاج	”	تشخیص مرض بذریعہ ہاتھ	۱۵	تلی کی دوا	۲۳۱
بانسہ	۳۰۴	تشخیص زبان مریض	”	تیل خوشبودار	۲۳۵
برگد	۳۰۵	تشخیص مریض بذریعہ قارورہ	”	**ث**	
بکھیڑہ	۳۰۰	تعلق دل و پھیپھڑہ النقشہ	۲۶	ثرب کے امراض	۱۳۱
پ		تخیلات	۱۳۴	ثقل لسان	۱۲۵
پھیپھڑا	۸	تشقق الشفت	۱۲۶	ثالیک	۱۲۴
پھیپھڑا کا نقشہ	۲۶	تقشر الشفت	”	**ج**	
پستان کے امراض کے نام	۱۲۷	تحرک اللسان	تا ۱۵۱	جوارش مصطگی	
پیٹھ کے امراض	۱۳۲	تحجر الصوت	”	” جارچینی	
پھول	۱۴۶، ۲۶۴	تخمہ	۱۲۸	” جالینوس	۲۵۳
پڑوال	۱۴۷	تثاؤب	”	” عود	
پیچش	۱۶۰ تا ۲۱۲	تمطی	”	” خاص	
پینس	۲۱۶	تہوع	۱۲۸ تا ۱۵۸	” لک	۲۵۴
پلیگ کا علاج	۲۴۱	تشنج المعدہ	۱۲۸	” آملہ	
پارہ کا [illegible] بنانا	۳۴۳	تبشر سطح الکبد	”	جوہر سکپور	۲۷۵
پاخانہ کا حال	۱۷	تصغر الکبد	”	جگر	۷
ت		تقطر البول	۱۳۰	جگر کے سامنے کی سطح کا نقشہ	۲۷
تصاویر جسم انسان	۱۹	تسلسل البول	”	جگر کے امراض کے نام	۱۲۸
تریاق اربعہ	”	تقلع الظفر	۱۳۵	جلد کے امراض	۱۳۵
تریاق نزلہ	۲۶۵	تشقق الظفر	”	جل جانے بدن کے امراض	۸

مضامین	نمبر شمار	مضامین	نمبر شمار	مضامین	نمبر شمار
جمود	۱۲۳	چھاتی سخت کرنا	۱۵۶	حکۃ اللسان	۱۲۵
جنوں	،،	چیونٹیاں کا دفعیہ	۲۴۳	حصر	۱۲۶
جبر	۱۲۴	چوہا کا دفعیہ	،،	حشا	۱۲۸
جفاف الانف	۱۲۵	چمنی پر بیل بوٹے بنانا	۳۱۲	حصاۃ الکبد	،،
جفاف اللسان	۱۲۶	چائے کی سفری ٹکیہ	۳۱۶	حبش شکم	۱۲۹
جمود الصدر	۱۲۷	چٹنی	،،	حکۃ المقعد	،،
جذب القلب	،،	چھاتی میں دودھ جمنا	۱۵۶	حرکت البول	۱۳۰
جوع البقر	۱۲۸	**ح**		حصاۃ الکلیہ	،،
جوع القلب	،،	حلق کے امراض کے نام	۱۱۶	حصاۃ المثانہ	،،
جسادۃ المعدۃ	،،	حرارت	۱۲	حکۃ القضیب	۱۳۱
جرب المثانہ	۱۳۰	حلوا بیضہ }		حکۃ الرحم	۱۳۲ ۱۳۴
جرب الکلیہ	،،	حلوا مغلظ منی }	۲۵۷	حمائی ہر قسم	۱۳۳
جدری	۱۳۴ ۱۳۹	حلوا سوسن	۲۶۵	حصبہ	۱۳۴
جمرہ	۱۴۴	حب الشفاء }		حمیقا	،،
جبب	،،	حب شبیار }	۲۵۷	حمرہ	،،
جذام	۱۹۶	،، جالینوس }		حکہ	،،
جالا. پھولا	۱۴۵	،، نشاط }		حیض	۱۹۵
جلاب	۲۴۳	،، ملوک }	۲۵۷	گل	۲۰۰ ۲۰۴
جرمن سلور بنانا	۳۱۱	،، گھوڑا }		حاملہ کی احتیاط	۲۳۸
جریان کا علاج	۱۸۰	حمق	۱۲۳		
چ		ہول	۱۲۴	حمل نہ ہے	۲۰۶
		حکۃ الاذن	۱۲۵	ہول دل	۲۲۱
چولا ہاضمہ	۳۳۰	حکۃ الانف	،،	حفظان صحت کے قواعد	۲۲۴
چنبل	۲۳۴	حرکت اللسان	،،	حلوا مقوی باہ	۲۵۶

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
حلوا گوشت	٢٥٦	**و**		دودھ کم کرنا	١٥٦
رر گزر	٢٥٠	دل	٥	دودھ زیادہ کرنا	رر
خ		دل کا نقشہ	١٥	دنبل پستان	رر
خواص الادویہ	٣٧ تا ٦٨	دوائیں جو درسائی ہیں	٢٣	دستوں کا علاج	١٦١ / ٢٢٢
خدر	١٣٣	دانت کے امراض کے نام	١٢٦	دبلا ہونے کا علاج	١٦٩
خفش	١٢٤	دل کے امراض کے نام	١٢٧	درد رحم	٢٠٢
خشم	١٢٥	دمہ	١٣٤	دانت کا زخم	٢١٦
خناق	١٢٦	دبیلۃ الکبد	١٢٩	داد	٢٢٤
خفقان	١٤٧ / ١٥٥	دوالی	١٣١	دیا قوزا	٢٦٦
خفقۃ الکبد	١٢٨	داء الفیل	١٣٢	دواء المسک	رر
خروج المقعد	١٢٩	دق	١٣٣	دھاتوں کے جوہر اڑانے	٢٧٦
خروج المریخ	رر	دق شیخوخت	١٣٤	دھاتوں کے تیل نکالنے	رر
خراج	١٣٣	دنبل	رر	دواؤں کے مدبر کرنا	٢٧٩
خنازیر	٢٤٣ / ١٤٣	دبیلہ	رر	دیمک دور کرنا	٣١٤
خلع المشانہ	١٣٠	درد قدم	١٣٥	دہی جمانا	رر
خصیہ کا چھوٹا بڑا ہونا	١٩٤ / ٢٠٤	درد پاشنہ	رر	**ذ**	
خارش رحم	٢٤٣	داء الحیہ	رر	ذہب البصر	١٢٤
خارش	٢٤٣	داء الثعلب	رر	ذہاب الاسنان	١٢٦
خضاب	٢٣٦	داخس	رر	ذات الصدر	١٢٧ تا ١٥٤
خارش پاؤں	٢٤٠	درد سر کا علاج	١٣٦ / ١١٣	ذات الریہ	١٢٧
خمیرہ گاؤزبان	٢٥٥	درد کوشش	١٤٧ / ١٥٠	ذات العرض	رر
خمیرہ خشخاش	٢٥٦	دانت کا ہلنا	٢١٩	ذات الجنب	١٢٧
خمیرہ بنفشہ	رر	دمہ کھانسی	١٥٣	ڈبہ اطفال	رر
خمیرہ بنانا	٣١٤	درد سینہ	١٥٤	ذیابیطس	١٣٠

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
ذبول کا علاج	۱۶۹	رتن جوت	۲۹۷	سود اہضم	۱۳۸
ذہلکا	۲۱۳	رسوت کا حال	۱۰	زنگ رہنی	،،
ذرور ملکایا	۲۶۶	ز		سورالقنیہ	،،
ر		زبان کے امراض کے نام	۱۲۵	سدۃ الکبد	۱۳۹
روح	۱۲	زحیر	۱۲۹	سدۃ الطحال	،،
قارورہ کی شناخت	۱۶	زلق الامعاء	،،	ذراک	۱۴۰ ۱۸۳
رحم کے امراض	۱۳۱	زکام	۱۴۴	سرعت انزال	۱۴۵ ۱۱۶
رعشہ	۱۲۳	زخموں کا علاج	۱۶۸	سدۃ تقنیب	۱۲۹ ۱۴۲
رعونت	،،	زنگار بنانا	۳۱۲	سیلان الرحم	۱۳۳
رمد	۱۲۴	س	۱۴۳	سلعہ	۱۳۴
رعاف	۱۲۵	سر کے امراض کے نام	۱۲۵	سرطان	،،
ربو	۱۲۷	سینہ کے امراض کے نام	۱۴۳	سج جلد	۱۳۵
مرض الانف	۱۲۵	سرسام	،،	سدۃ کا علاج	۱۶۳ ۲۲۲
ریح المعدہ	۱۲۸	سبات سہری	،،	سبت	۱۶۷
ریح البواسیر	۱۲۹	سہر سباتی	،،	سستی کا علاج	۱۷۴
ریح الکلیہ	۱۳۲	سکتہ	،،	سر کے بال گرنے بند ہوں	۲۴۰
رجا	۱۳۲	سدر و دوار	،،	سگ گزیدہ کا علاج	۲۴۱
رض الظفر	۱۳۵	سہر	،،	سانپ کے کاٹے کا علاج	۲۴۲
رسولی کا علاج	۱۶۰	سبات	،،	سنکھیا کھانے کا علاج	،،
رحم کا حال	۱۹۵	سبل	۱۴۴	سانپ کا دفعیہ	۲۴۳
روغن لبوب سبع	۲۶۳	سیلان لعاب	۱۴۵	سکنجبین سادہ	۲۵۱
روغن مبارک	،،	سقوط اللہاۃ	۱۴۶	سفوف زنجبیل	۲۶۲
روغن مخلل	۲۶۴	سل	۱۴۷	،، ہاضمہ	،،
روغن مورچہ	،،	سعال	،،	،، لبواسیر	۲۶۳

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
سفوف مبارک	۲۶۳	شقاق لب	۲۱۳	صابن بنانا	۳۱۱
؍؍ پیوائے	؍؍	شب کوری	۲۴۳	ض	
؍؍ ماسک البول	؍؍	شیر کا دفعیہ	۳۱۲	ضفدع اللسان	۱۲۵
سرس	۲۹۳	شیشہ پر کندہ کرنا		ضرس	۱۲۶ ۱۵۰
ستیاناسی	۲۹۸	شربت نیلوفر		ضیق النفس	۱۲۷
سیاہی بنانا	۳۱۵	؍؍ فریاد رس		ضعف بصر	۱۲۴ ۱۴۶
ش		؍؍ اعجاز		ضعف معدہ	۱۲۷ ۱۵۶
شعبدات	۳۸۰	؍؍ نزوجا	۳۵۱	ضعف ہضم	۱۲۸
شقیقہ	۱۲۳ ۲۱۳	؍؍ بزوری		ضعف الکبد	۲۲۱
شقیقہ چشم	۱۲۴	؍؍ دینار		ضعف الطحال	۱۲۹
شعر منقلب	۱۲۴	؍؍ ورد		ضعف الکلیہ	۱۳۰
شعر زائیدہ	۱۲۴	؍؍ انجبار		ضعف دل	۲۲۱
شرناق	؍؍	؍؍ گلو		ط ظ	
شقاق الخشک	۱۲۶	؍؍ صندل		طب کی تعریف	؍؍
شقاق اللسان	؍؍	؍؍ شہتوت		طب کا موضوع	؍؍
شوصہ	۱۲۷	؍؍ عناب		طب کے اقسام	؍؍
شقاق المقعد	۱۲۹	ص		طبیعت	؍؍
شقاق قضیب	۱۳۱ ۱۳۲	صفاق کے امراض	۱۳۱	طحال	۱۱ ۱۶۰
شقاق الرحم	۲۰۳	صرع	۱۲۳ ۱۲۹	طین دودی	۱۲۵
شطر الغب	۱۳۲	صلب الثدی	۲۱۲ ۱۲۷	طلا کا نسخہ	۱۴۷ ۲۲۹
شری	۱۳۴	صلبۃ الطحال	۱۲۹	ظفرہ	۱۲۴
شقاق اطراف	۱۳۵	صفا	۱۳۱	ع	
شقاق	؍؍	صلع	۱۳۵	عصابہ	۱۲۳
شیب	۱۴۹	صفرۃ الظفر	؍؍	عشق	؍؍

مضامین	نمبر شمار	مضامین	نمبر شمار	مضامین	نمبر شمار
ضعفِ طحال	۱۲۹	الانثیین	۱۳۱	**ف**	
ضعف الکلیہ	۱۲۰	غاقونہ	۱۱۴ ۱۳۱	فالج	۱۲۲
ضعفِ دل	۲۲۱	عقر	۱۲۲ ۱۹۶	فیمدرج	۱۴۱ ۲۳۳
ط ظ		عطر فتنہ	۲۰۵	قشادشم	۱۳۳
طب کی تعریف	۱	عسر ولادت	۱۳۶	فرسموس	۱۲۵ ۱۴۸ ۱۴۱
طب کا موضوع	″	عرق النساء	″	فتق مراق	″
طب کے اقسام	″	عملیات	۲۸۲	فتق الاربعیہ	″
طبیعت	″	عجیب عمل نبض ادور	۳۱۰	فلغمونی	۱۲۴
طحال	۱۱			فیروزنوش	۲۶۶
طین دوری	۱۶۰ ۱۲۵	**غ**		**ق**	
طلا کا نسخہ	۱۴۳ ۱۴۹	غذا	۳	قل الاجبان	۱۳۴
ظفرہ	۱۲۴	غلبہ بلغم کی علامت	۴	قیدی	″
ع		″ سودا	″	قذمونی الاذن	۱۲۵
عصابہ	۱۳۳	″ صفرا	″	قرحہ الاذن	″
عشق	″	″ خون	″	قلاح	۱۴۶
عشا	۱۲۴	غذا کی نالی	۹	قذف القلب	۱۴۷
عجوزہ	″	غرب	۱۳۴ ۱۲۴	قلت العین	″
عقدہ	″	غلظت الاجبان	۱۴۶	قے ادم	۱۲۸
علم الالسان	۱۲۶	غدہ	۱۲۴ ۱۲۷	قیام گیدی	۱۲۹
مسمر البلع	″	غشی	۱۵۵ ۲۲۱	قراقر	″
حلت وعانیہ	۱۲۷	غدلیط	۱۳۱	قولنج	۱۴۹
عش مشرط	۱۴۸ ۱۴۸	غب	۱۳۳	قروع المقعد	۱۶۲ ۱۲۹
″ ″		غب دائرہ	″	قروح المثانہ	۱۳۱
″ ″		غب خالصہ	″	قروح الکلیہ	″

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
قروح القضیب	۱۳۱	کشتہ سونا	۲۶۷	کشتوں کی شناخت	۲۷۷
قیلۃ الامعار	//	// چاندی	۲۶۸	// کو زندہ کرنا	//
قیلۃ الثرب	//	// تانبا	//	گاگ جنگھا	۳۰۲
قیلۃ الریح	//	// فولاد	۲۶۹	کستوری مصنوعی	۳۱۱ ۲۵
قیلۃ الماء	//	// منور	۲۷۰	کرم گوشش	۲۴ ۲۵
قروح لحمی	//	// سیسہ	//	کرم بینی	۲۵
قروح رحم	۱۲۲	// جست	//	کثرت العاب	۱۴۶
قوبا	۱۳۴	// قلعی	۲۷۱	کوعتہ الصوت	//
قوت	۱۳	// سہ دھاتا	//	کثرت اللبن	۲۷
قوت باہ	۱۷۸	// پارہ	//	کثرت شہوت	۱۳۰
قے دستی	۲۲۷ ۲۲۰	// شنگرف	۲۷۲	کثرت احتلام	۱۳۱
قبض کا علاج	۲۲۲	// ہڑتال	//	کثرت اسقاط	۱۳۲
ک		// سم الفار	۲۷۳	کثرت طمث	۳۰۲
		// ابرک	//	کاف	۱۳۵ ۱۶۶
کافور بنانا	۲۱۳	// پارہ سنگار	۲۷۴	کرم دماغ کا علاج	۱۳۸
کھوکھلے دانت	۱۵۰ ۱۵۱	// سنکھ	//	کیلوس کیموس	۲
کھانسی	۲۱۷	// موتی	//	کان کے امراض کے	۱۲۵
کھالی کھانسی	۱۵۲	// عینی	//	نام	
سوم شکم	۱۶۶	// ریشم	۲۷۴	کالوس کا علاج	۱۴۴
کنکھجورہ دفعہ	۲۴۴	// مرجان	۲۷۵	کان کا درد	۱۴۷
کھل البوہر	۲۶۶	// پوست بیضہ	//	کان کی بدبو	۱۴۸
// //	//	// //		کرم دنداں	۱۵۰ ۲۱۷
// //	//	// //		گندہ ہونا دانت کا	۱۵۰
// //	//	// //		گ	
				گنج	۱۶۶ ۲۴۰

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
گوشت خورہ	۲۱۶	مہاسہ	۱۹۶	سرایت کے //	۱۲۹
گردہ	۱۰	موئے ٹوٹنے کا علاج	۲۳۹ ۲۶۹	مقعد کے //	//
گردہ و مثانہ کا نقشہ	۳۰	مضیق	۲۰۷	مثانہ کے //	۱۳۰
گردہ کے امراض	۱۳۰	مرگی	۲۱۲	مردوں کے خاص امراض	۱۳۰ ۱۷۲
گندھک کا گلاس	۳۱۲	مقوی البصر	۲۱۴	مراق کے امراض	۱۳۱
گل چشم	۱۲۴	مسہل	۲۲۳	مفاصل کے امراض	۱۳۲
ل		مسک	۲۲۸ ۲۴۸	مالیخولیا	۱۳۲
لب کے امراض کے نام	۱۲۶	معین حمل	۲۲۸	مورسرج	۱۴۲
لقوہ	۱۲۳	مرہم	۲۲۹	سقار الاذن	۱۲۴ ۱۲۵
لعوق سپستان	۲۵۶	مچھر کا دفعیہ مکھی کا دفعیہ	۲۴۳	لقمہ دامیہ	۱۲۶
// خشخاش	//	معجون فلاسفہ معجون مصطگی		مشوق باریق	۱۲۶
لوہے پر کندہ کرنا	۲۱۲	// سر // تربد		مغص	۱۲۹
لوہے کو پگھلانا	۳۱۴	// لبوب // مقل	۲۵۵	مذی - منی	۱۳۰
م		// ند عودی		موت المرہم تحت الظفر	۱۳۵ ۱۴۷
مرہم باسلیقون مرہم داخلیون مرہم انجیر	۳۳ ۴۷	مزاج کی تعریف ۲	۲	موتیابند	۲۱۴
		مرض کا ہونا ۵	۵	ن	
مرہم اعجاز		معدہ - مرارہ ۸	۸	نبض کے دکھانے کی شرائط	۱۳
منہ پکا		مغنی ۱۲	۱۲	نبض دیکھنے کا طریقہ	۱۴
ملیح مختصرا	۳۰۱	معدہ کا نقشہ	۲۸	ناک کے امراض کے نام	۱۲۵
موم بنانا	۳۱۲	معدہ و طحال کا نقشہ	۲۹	ناخن کے امراض	//
موتیوں کا جلا دینا	۱۳۳	منضجات اخلاط		نسیان	۱۲۳ ۱۴۰
مصالحہ لفافوں کا	//	اخلاط مسہلات اخلاط	۱۲۱ تا	نزول الماء	۱۲۴ ۱۴۲
مہر کی سیاہی بنانا طریقہ	۳۱۴	مقیات اخلاط	۱۲۲	لفافات	۱۲۴
مسوڑوں کا ورم	۲۲۴ ۱۵۰	منہ کے امراض کے نام / مسوڑوں کے نام / معدہ کے	۱۲۵ ۱۲۶ ۱۲۷	//	

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
نملہ۔ نار فارسی	۲۴۴	دادلشش بنانا	۲۱۳	ورم جگر	۱۶۰
ناصور	//	دانتوں کی کیفیت کا نقشہ	۳۱	ورم مثانہ	۱۳۰
نمش	۱۳۵	ورم اللسان	۱۲۵	ورم الانثیین	۱۳۱
تساقط الشعر	//	ورم الحنک ودم تشقت	۱۲۶	وجع الانثیین	۱۹۳ ۱۳۱
نزلہ و زکام	۱۴۳ ۲۱۴	وجع الاسنان	//	ورم اعصیب	۱۹۵
نکسیر کا علاج	۱۴۸ ۲۱۶	ذہاب الاسنان	//	وجع الظہر	۱۳۴
نفث الدم	۱۵۴ ۱۷۴	ورم لثہ	۲۱۷ ۱۲۶	وجع الخاصرہ	//
نامردی		ورم الحلق	۱۵۰ ۱۲۶	وجع المفاصل	۱۳۱ ۲۳۳
نہرویکا علاج	۲۳۹	ورم الثدی	۱۲۷ ۱۵۶	ہ	
نیلا		وجع المعدہ	۱۲۷	ہضم کا بیان	۳
نھبولتا کا تدارک	۲۴۴	وشم۔ ورم المعدہ	۱۲۸	ہوا کی نالی	۹
نیم	۲۹۱	وجع الفواد	//	ہرب الاذن	۱۲۵ ۱۲۸
و		وجع الکبد	//	ہیضہ	۱۵۷ ۲۳۰
وجع الورک	۱۳۴	ورم الطحال	//	ہزال الکلیہ	۱۳۰ ۱۵۷
وجع العقب	//	ورم الکبد	۱۲۹ ۱۶۰	ہچکی	۲۴۰
ورم ریکی و ورم مغابن	۱۳۴	ورم مقعد		ہزال مفرط کا علاج	۱۶۹
ورم رخو	//	وجع المثانہ	۱۲۹ ۱۳۰	ہاتھی کیلی ڈر	۲۴۴
وجع الظفر	۱۳۵	وجع الکلیہ	//	ی	
ورم پستان	۱۵۶	ورم الکلیہ	//	یرقان	۱۳۹ ۱۵۹
ورم ناخن	۱۶۷	//	//	یرقان اصفر	۱۲۹
ورم رحم	۲۰۳	//	//	یرقان اسود	//

ملک غلام محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

مکمل گنجینہ طب اصلی

حصّہ پہلا

پہلا باب

علم طب کی تعریف و تقسیم

طب کے لغوی معنی جادو کے ہیں۔ لیکن اصطلاح اطبّا میں علم طب اس علم کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ بدن انسان کا حال از روئے صحت و مرض معلوم کیا جاتا ہے۔

علم طب کا موضوع بدن انسان ہے۔ اور غرض یہ ہے۔ کہ صحت قائم ہے۔ اور اگر خراب یا زائل ہوگئی ہے۔ تو اُسے درست کیا جاوے۔ اور واپس لایا جاوے۔

طب کے اقسام دو ہیں۔ علمی و عملی۔ جن ذرائع سے ارکان مزاج اخلاط پر بحث کی جاتی ہے۔ اور مرض کی تشخیص کی جاتی ہے۔ وہ علمی حصہ ہے۔ باقی عملی حصّہ۔

طبیعت

اُس قوت کو کہتے ہیں۔ جو مدبر بدن ہے بدن کی اصلاح کرتی رہتی ہے۔ ارکان جن کو اربعہ عناصر بھی کہتے ہیں۔ چار ہیں۔ آگ۔ ہوا۔ پانی۔ مٹی۔ آگ کا مزاج گرم

خشک ہے۔ ہوا گرم تر۔ پانی سرد تر ہے۔ مٹی سرد خشک ہے +

مزاج کی تعریف

ارکان کے ملاپ سے جب گرمی میں سردی اور سردی میں گرمی اور تری میں خشکی اور خشکی میں تری کا اثر ہوتا ہے۔ تو اس ترکیب سے جو ایک کیفیت حاصل ہوتی ہے۔ اس کا نام مزاج دو قسم ہے۔ ایک معتدل جس میں سب ارکان برابر ہوں۔ دوسرا غیر معتدل جس میں کم زیادہ ہوں۔ غیر معتدل کی آٹھ قسمیں ہیں +

اخلاط اربعہ

غذا سے جو جسم رطب سیال پہلے پیدا ہوتے ہیں۔ ان کو خلط کہتے ہیں۔ بدن انسان میں چار اخلاط ہیں۔ جن کے نام یہ ہیں۔ خون۔ بلغم۔ صفرا۔ سودا خون کا مزاج گرم تر۔ بلغم کا سرد تر۔ صفرا کا گرم خشک۔ سودا کا سرد خشک ہے۔ اور ان کی پیدائش کی کیفیت آئندہ درج ہے +

مختصر تشریح جسم انسان

انسان سات جزو سے مرکب ہے۔ جن کے نام یہ ہیں۔ (۱) جسم عناصری (۲) جسم لطیف (۳) نفس یعنی جان (۴) روح یعنی نور الٰہی (۵) خواہشات (۶) ضمیر یعنی دل (۷) عقل۔ پس اگر ان میں سے کسی جزو کو خرابی پیدا ہو گی۔ تو اس کا نتیجہ بیماری ہے +

کیلوس و کیموس

جو غذا ہم کھاتے ہیں۔ وہ پہلے منہ میں پستی ہے۔ داڑھیں اسے پیستی اور لعاب

دہن اُسے نرم اور پسنے کے قابل بناتا ہے۔ جیسے سل بٹہ پانی کی مدد سے مصالحہ پیستا ہے۔ جتنا زیادہ غذا چبا کر کھا دیں اتنا ہی اچھا ہے۔ کہ معدہ میں اچھی طرح نضج پاتی ہے۔ پھر وہ غذا معدہ میں جا کر اڑھائی گھنٹہ تک چکر کھاتی اور پکتی رہتی ہے۔ جہاں معدہ کی گرمی اور جگر و طحال کی حرارت و مدد اُسے پکاتی ہے۔ نیز معدہ کا سلوٹ دار جسم غذا کے ساتھ مل ہل کر اُسے رگڑتا اور گھوٹتا ہے۔ منہ سے لے کر قیام معدہ تک غذا بطور آش جو کے لعابدار سیال چیز ہوتی ہے جسے کیلوس کہتے ہیں۔ جب یہاں سے بذریعہ باریک رگوں کے جنہیں ماساریقا کہتے ہیں۔ کھچ کر جگر میں پہنچتی ہے۔ تو اُسے کیموس کہتے ہیں۔ کیموس سفید رنگ کا غذا کا خلاصہ ہے ؛

غذا ہضم اور اخلاط کا بیان

انسان جو کچھ کھاتا پیتا ہے۔ اُسے غذا کہتے ہیں۔ غذا پر زندگی کا مدار ہے کیونکہ یہ بدل ما یتحلل ہوتی رہتی ہے۔ یعنی حرارت بدنی و دیگر وجوہات سے انسان کے جسم سے جو کچھ تحلیل ہوتا رہتا ہے۔ غذا اس کا بدل پیدا کر دیتی ہے۔ غذا کو چار جگہ ہضم ہونا پڑتا ہے ؛

پہلا ہضم معدہ میں جہاں معدہ کی گرمی سے وہ پک کر آش جو کی مانند لعابدار سیال بن جاتی ہے۔ جو کہ خلاصۂ کیلوس کہلاتا ہے۔ جو باریک رگوں کے ذریعہ جگر میں چلا جاتا ہے۔ اور فضلہ امعا میں اُتر جاتا ہے۔ اور وہاں سے پاخانہ بنکر نکل جاتا ہے ؛

دوسرا ہضم جگر میں ہوتا ہے۔ جو غذا کا خلاصہ باریک رگوں کے ذریعہ جگر میں چلا جاتا ہے۔ اُسے کیموس کہتے ہیں۔ اور پھر اس کے ذریعے سے اس رطوبت کی رنگت سرخی مائل ہو جاتی ہے۔ غرضیکہ جب جگر میں غذا پکتی ہے۔ تو اس کے چار حصے ہوتے ہیں۔ انہیں چاروں کو خلط کہتے ہیں۔ ان میں سے ایک کا نام صفرا ہے۔ جو بطور

پھن کے سب سے اوپر ہو جاتا ہے۔ دوسرے خون جو درمیان میں ہوتا ہے۔ تیسرے سودا جو بطور درد یعنی تلچھٹ کے ہے۔ چوتھے بلغم جو بخوبی نہیں پکتا۔ پس تمام بدن اُن چاروں سے ہے۔ مگر یہ یاد رکھیں۔ کہ اصل تو خون ہی ہے۔ اور باقی سب بطور مصالحہ کے ہیں +

تیسرا ہضم عرقی ہے۔ یعنی غلطیں عروق کبار میں جا پکتی ہیں۔ اور رطوبات ثانیہ بنتی ہیں +

چوتھا ہضم عضوی ہے۔ یعنی رطوبات ثانیہ ہر عضو میں جاکر پکتی ہیں۔ اور عضو کی مانند مزاج رنگ و قوام میں ہو کر جزو بدن ہو جاتی ہیں +

علامات غلبہ صفرا۔ چہرہ آنکھیں زرد۔ منہ کا ذائقہ کڑوا دہن پر خشکی۔ نیند کی کمی۔ اعضا شکنی۔ قے۔ تلخ۔ منہ اور ناک سے گرم سانس نکلنا۔ پیشاب جلن سے آنا اور زرد آنا۔ بدہضمی اور کھٹے ڈکار۔ چھونے سے بدن گرم۔ نبض تیز اور تواتر سر درد بخار میں لرزہ +

علامات غلبہ سودا۔ لاغری و سیاہی بدن۔ غلظت خون۔ بدخوابی و بیداری و تیزگی زبان کی اور خشکی دہن اور پیشاب کم اور رقیق ہونا۔ اوّل میں اور غلیظ ہونا۔ آخر میں بعد نضج کے اور جھوٹی بھوک بہت لگنا۔ نبض کھچی ہوئی۔ اور خواب میں سیاہ چیزیں دکھائی دینا۔

علامات غلبہ بلغم۔ نرمی و سفیدی و سردی ظاہر بدن کی۔ سفیدی آنکھ و زبان کثرت خواب کی اور ضعف ہضم اور ڈکار ترش اور کندی حواس کی رطوبت کا بے سوزش ناک سے نکلنا۔ لعاب دہن و پیشاب کا سفید اور زیادہ ہونا اور کف کا ہونا۔ اور حرکت نبض سست +

علامات غلبہ خون۔ چہرہ و جسم اور آنکھ کا سرخ رنگ ہونا۔ منہ کا ذائقہ شیریں۔ نکسیر کا اکثر پھوٹنا۔ انگڑائی۔ جمائی آنا۔ سر بھاری اور خمار رہنا۔ تمام بدن

پر پھنسیاں نکلتے رہنا۔ ہنسی کا زیادہ آنا۔ حواس کند۔ نبض عظیم اور تیز چلنا ؛

اعضاء کی حقیقت

عضو اس جسم کثیف کو کہتے ہیں۔ جو اخلاط کے رطوبات ثانیہ سے بنتے ہیں وہ دو قسم کے ہیں۔ ایک مفرد۔ دوسرے مرکب ؛

اعضائے مفردہ ۱۱ ہیں۔ عظم یعنی ہڈی۔ غضروف یعنی مرکنی ہڈی۔ وتر رباط یعنی تانت۔ عضلات یعنی مچھلیاں۔ عروق یعنی رگیں۔ شحم یعنی چربی۔ غشا یعنی جھلیاں۔ گوشت۔ جلد۔ بال۔ ناخن ؛

اعضائے مرکبہ یہ ہیں۔ دل۔ دماغ۔ جگر۔ معدہ طحال۔ گردہ۔ مثانہ۔ لبلبہ عضو تناسل۔ رحم۔ مرارہ۔ امعاء۔ آنکھ۔ کان۔ ناک۔ گردن۔ زبان۔ سر۔ ہاتھ پاؤں۔ شانہ۔ گھٹنہ۔ ٹخنہ۔ ایڑی۔ کہنی۔ انگلیاں۔ غدود۔ ران وغیرہ وغیرہ ؛

مرض کا ہونا

جب بے اعتدالی پیدا ہوتی ہے۔ تو کسی نہ کسی سبب سے انہیں خلطوں میں فرق ہونے سے کوئی نہ کوئی مرض پیدا ہو جاتا ہے۔ بس اس کے دیکھنے کے لئے اطبا کو چاہیئے۔ کہ نبض سے یا چہرہ کی صورت یا رنگ سے زبان کی حالت اور صورت پیشاب کی مقدار اور رنگ وغیرہ سے حالات کو دیکھئے۔ اور پھر ان کا علاج کریئے ؛

اعضائے رئیسہ و خادمہ وغیرہ کا مختصر حال

دماغ عضو رئیس ہے۔ جو مبداء روح نفسانی وحس و حرکت ہے۔ اسکی شکل بیضوی ہے۔ یعنی پیشانی کی طرف سے چوڑا اور گدی کی طرف پتلا اور لمبوترا اس میں ہڈیاں بھیج

شرائین اور غشا ہیں۔ مخ یعنی بھیجا تو دماغ کا جوہر ہے۔ جس کو مغز کہتے ہیں۔ اور شرائین خون سے پُر نالیاں ہیں۔ جن کے ذریعہ دماغ کو غذا پہنچاتا ہے۔ غشا یعنی جھلیاں اس میں تو بھیجا محفوظ ہے۔ دوسری غشاء سخت جس کو اُم جافیہ کہتے ہیں۔ یہ ہڈیوں اور مغز کے درمیان حائل ہے۔ دماغ میں تین بطن ہیں۔ اگلا بطن مقدم پچھلا بطن مؤخر اور بیچ والا بطن وسطی کہلاتا ہے۔ تمام اعصاب جن پر سارے بدن کا حس منحصر ہے۔ دمن سے نکلتے ہیں۔ حرام مغز جو سر سے لے کر ریڑھ کی ہڈی تک گیا ہے۔ دماغ کے بطن مؤخر سے بطور دُم کے نکلا ہے۔ اور پیٹھ کے فقرات کے سوراخوں میں اس طرح گیا ہے۔ جیسے تسبیح کے دانوں میں ڈورا پرویا ہوا ہوتا ہے۔ مردوں کے کل دماغ کا وزن قریباً ڈیڑھ سیر ہوتا ہے۔

دِل

دل عضو رئیسہ ہے۔ جو منبع حرارت غریزی اور مقام روح حیوانی ہے۔ تمام بدن کو اسی سے فیض پہنچتا ہے۔ اس کی شکل صنوبری ہوتی ہے۔ یعنی گاجر کی مانند ایک طرف سے موٹا اور ایک طرف سے پتلا ہوتا ہے۔ اور گاؤدُم ہوتا ہے سینہ کے عین وسط میں قائم ہوتا ہے۔ اگر سینہ کو بیچ سے کاٹیں۔ تو دل کے برابر دو ٹکڑے ہو جائیں مگر سر اس کا بائیں طرف مائل ہوتا ہے۔ یہ عضو سخت گوشت غضروف اور جھلی سے مرکب ہے رنگ اس کا عنابی اس کے اندر دو بطن ہیں۔ ایک دایاں دوسرا بایاں۔ دایاں چھوٹا ہوتا ہے جس میں خون خالص بہت ہوتا ہے۔ ان دونوں بطنوں کے درمیان ایک جھلی ہوتی ہے جس کے ذریعہ دو بطن الگ ہو گئے ہیں۔ ان دونوں بطنوں کے اوپر دو چھوٹے چھوٹے خانے ہیں۔ جن کو اُذن القلب یعنی دل کے کان کہتے ہیں۔ جو ہوا کے اندر داخل ہونے اور اندر کے باہر خارج ہونے پر مدد دیتے ہیں۔ دل کی چوڑی طرف کو قائدہ کہتے ہیں۔ ہوا اسی

طرف سے آتی ہے۔ دل کے اندر سے شرائین نکلی ہیں۔ جب دل زور سے سکڑتا ہے، تو انہیں شرائین میں خون جاتا ہے۔ ان کے ذریعہ پھر تمام بدن میں پہنچتا ہے۔ جوانی میں دل ۵ انچ لمبا ۳½ انچ چوڑا اور اڑھائی انچ موٹا ہوتا ہے۔ مردوں میں اس کا وزن سوا پاؤ یا ڈیڑھ پاؤ۔ لیکن عورتوں میں پاؤ یا سوا پاؤ ہوتا ہے۔ آدمی کا دل جسامت میں بڑھاپے تک بڑھتا رہتا ہے۔

جگر

جگر عضو رئیس ہے۔ جو مبداء روح طبعی ہے۔ داہنی طرف کے معدہ کے پسلی کے نیچے واقعہ ہے۔ اس کا رنگ عنابی ہے۔ یہ سرخ گوشت اور رگوں سے مرکب ہے۔ خود بے حس ہے۔ لیکن اس کے اوپر کی جھلی نہایت ذکی الحس ہے جگر سے وریدیں نکلی ہیں۔ جو کودنے والی نہیں ہوتیں۔ بلکہ ہوا سے پُر ہوتی ہیں، ہر ایک جگہ انگلیوں کے مانند کچھ افزونی سی ہوا کرتی ہے۔ جن کی تعداد مختلف ہوتی ہے۔ انہیں کے باعث جگر معدہ کے ساتھ چمٹا رہتا ہے۔

جو افزونی سب سے بڑی ہوتی ہے۔ اس میں مرہ صفرا یعنی پتہ لٹکا رہتا ہے جو معدہ کی طرف مائل ہوتا ہے۔ جگر کی دو سطح ہیں۔ ایک داخلی جو معدہ سے لگی ہے۔ اُسے مقعر کہتے ہیں۔ دوسری آنت اثنائے عشری سے متصل ہے۔ اس کو محدب جگر کہتے ہیں۔ اور خارجی بھی کہتے ہیں۔ جگر سے رگیں نکل کر ایک اوپر کو گئی ہے۔ دوسری نیچے کو انہیں کے ذریعہ خون تمام بدن میں پہنچتا ہے۔ علاوہ ازیں جگر سے باریک رگیں نکل کر معدہ اور امعاء میں گئی ہیں۔ جن کو ماساریقا کہتے ہیں۔ انہیں کے ذریعہ معدہ سے کیلوس کھچ کر جگر میں آتا ہے۔ اور یہاں قوام پاکر خون اور اخلاط بنتا ہے۔

معدہ

معدہ عضو خادمہ ہے۔ جو بدن کا باورچی کہلاتا ہے۔ کیونکہ غذا شروع میں یہیں سے پک کر اور ہضم ہو کر آگے جاتی ہے۔ اگر یہ عضو خراب ہو۔ تو کسی عضو کو غذا نہیں پہنچ سکتی۔ یہ کدو دراز گردن یا بین کی طرح ایک عضو ہے۔ جو اندر پولا ہے۔ جس میں غذا ابھری رہنے کی جگہ ہے۔ یہ گوشت پٹھوں اور رگوں سے مرکب ہے۔ اس کی ساخت دوہری ہے۔ اندر سے عصباتی اوپر سے لحمی ہے معدہ کے تین حصے ہیں۔ ایک مری دوسرا فم معدہ۔ تیسرا معدہ +

مری ہوا کی نالی کو کہتے ہیں۔ جو لمبی سی نلکی ہوتی ہے۔ اور ایک طرف حنجرہ سے اور دوسری طرف فم معدہ سے ملی ہوتی ہے۔ فم معدہ۔ معدہ کے منہ کو کہتے ہیں۔ معدہ اس کو کہتے ہیں۔ جہاں غذا جا کر چکر کھاتی ہے۔ اور پکتی ہے۔ اڑہائی گھنٹہ تک معدہ میں غذا پکتی اور چکر کھاتی رہتی ہے۔ جس عرصہ میں غذا کو دبا کر ہضم کرتا ہے۔ کیونکہ معدہ کی اندرونی سطح پر سلوٹیں ہوتی ہیں۔ جو دانتوں کی طرح غذاء کو پیسنے کا کام دیتی ہیں۔ یہاں سے اُتر کر غذا قعر معدہ میں جاتی ہے۔ اور وہاں سے جگر میں پہنچتی ہے۔ معدہ کا منہ محض عصبی ہے۔ تاکہ بھوک کا ادراک بہت جلد کرے معدہ میں چار پردے ہوتے ہیں۔ اور اس کا قطر قریباً ½ ۴ انچ ہوتا ہے۔ معدہ کی نالی قریباً ۱۲-انچ لمبی ہوتی ہے۔ معدہ کا جو سوراخ بارہ انگشتی آنت سے ملا رہتا ہے۔ اس میں ایک کواڑ لگا ہوتا ہے۔ تاکہ امعاء سے غذا معدہ میں واپس نہ آسکے +

پھیپھڑا

پھیپھڑا عضو خادم ہے۔ جو لحمی یعنی گوشت کا لوتھڑا سا ہوتا ہے۔ اسفنج

کی طرح خانہ خانہ دار رنگ سُرخ ۔ سینہ کے جوف میں دل کے اوپر دونوں طرف واقع ہے۔ جس میں گوشت شرائین اور وریدیں ہیں۔ اس کے دو حصّہ ہیں۔ ایک دایاں جو بڑا ہے۔ دوسرا بایاں جو چھوٹا ہے۔ اس کا کام دل کے خون کو صاف کرنا ہے۔ دل کے داہنی بطن میں سے کثیف خون بذریعہ شریان الریہ پھیپھڑا میں جذب ہوتا ہے۔ جہاں پھیپھڑا اپنی حرکت میں سکڑنے اور پھیلنے سے خون میں بادِ نسیم پہنچاتا ہے۔ اور خون کا دخان جسے کاربانک ایسڈ گیس کہتے ہیں۔ باہر نکلتا ہے جب خون صاف اور اس طرح پر سرخ رنگ ہو جاتا ہے۔ تو پھر لوٹ کر دل کے بائیں بطن میں آتا ہے۔ اور وہاں سے بذریعہ شاہ رگ تمام بدن میں پھیلتا ہے۔ پھیپھڑے کی دو جھلیاں ہوتی ہیں۔ جن میں سے ایک پھیپھڑے کے اوپر چسپاں رہتی ہے۔ اور دوسری سینہ کی دیواروں پر استر کی طرح منڈھی رہتی ہے۔ دراصل دونوں جھلیاں ایک دوسرے کے پاس رہ پر رہتی ہیں۔ مگر دونوں کے درمیان ایک لیسدار رطوبت رہتی ہے ۔

ہوا کی نالی اور غذا کی نالی

ہوا کی نالی حنجرہ سے شروع ہو کر سینہ میں جا کر دو حصّے ہو گئی ہے۔ ہر ایک داہنے بائیں پھیپھڑوں میں جا کر ختم ہوتا ہے۔ اسی نالی کے ذریعہ لطیف ہوا اندر جا کر پھیپھڑوں میں سماتی اور خون میں جذب ہوتی ہے۔ اور کثیف ہوا اندر سے اسی نالی سے باہر نکلتی ہے ۔

غذا کی نالی اس ہوا کی نالی کے ساتھ ساتھ مگر پیچھے پیچھے پشت کے فقرات کے مقابل نیچے کو جاتی ہے۔ اور حجاب حاجز کے سوراخ میں سے گذر کر فم معدہ

سے جا ملتی ہے۔ اس نلکی کے راہ غذا معدہ میں داخل ہوتی ہے ہوا کی نالی کے منہ پر پان کی شکل کا ایک ڈھکنا لگا ہے۔ جس وقت غذا کھائی یا پی جاتی ہے۔ تو وہ ڈھکنا ہوا کی نالی کے منہ پر آ کر سوراخ کو بند کر دیتا ہے۔ تاکہ کوئی شے ہوا کی نالی کے اندر نہ جاوے۔ اگر کوئی شے ذرا بھی اُس طرف کے قریب جاتی ہے۔ تو سخت کھانسی آتی ہے ✣

گُردہ

گردہ کو عربی میں کلیہ کہتے ہیں۔ یہ دو ہوتے ہیں۔ ایک داہنی طرف دوسرا بائیں طرف دونوں پیٹھ میں پسلیوں سے نیچے اور ریڑھ کی ہڈی سے اوپر لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ شکل ان کی نصف دائرہ کی ہوتی ہے۔ دایاں گردہ کسی قدر اونچا ہوتا ہے گوشت چربی اور وریدوں شریانوں سے مرکب ہے۔ خود تو بے حس ہے۔ لیکن جو غشا اس کے اوپر ہوتی ہے۔ وہ ذکی الحس ہوتی ہے گردوں کا تعلق ایک طرف جگر سے اور دوسری طرف مثانہ سے ہے۔ جگر سے دو نالیاں درازہ گردوں میں آتی ہیں۔ اور گردوں سے دو نالیاں مثانہ میں گئی ہیں۔ دونوں گردے جگر سے پانی جذب کرتے ہیں۔ لیکن اس میں خون بھی ملا ہوا ہوتا ہے۔ پس خون کو گردے اپنی غذا میں صرف کرتے ہیں۔ اور محض پانی مثانہ میں پہنچا دیتے ہیں۔ جہاں سے وہ پیشاب بن کر خارج ہو جاتا ہے ✣

امعاء

انتیں ایک قسم کی نالیاں ہیں۔ اندر سے پولی عصباتی دو تہ کی ہیں۔ اور ذکی الحس ہیں۔ جو معدہ کے نیچے ناف کے مقابل اور دونوں تہی گاہ کے درمیان

بطور بھرتی کے ہوتی ہیں۔ یہ عصب چربی۔ عروق اور شرائین سے مرکب ہیں گنتی میں یہ سب چھ ہیں۔ مگر تین اوپر والی آنتیں عُلیا کہلاتی ہیں۔ تین میں چربی نہیں ہوتی صرف لیسدار رطوبت اندر کے جسم پر چپاں ہوتی ہے۔ اور نچلی تین آنتیں اسفل کہلاتی ہیں۔ ان میں چربی بہت ہوتی ہے۔ تاکہ تیزی صفرا کے ضرر کو دفع کرے پہلی آنت اثنائے عشری ہے۔ جو ۱۲ انگل لمبی ہوتی ہے۔ اور قعر معدہ کے منہ سے ملی ہوتی ہے۔ دوسری آنت صائم ہے۔ جس کا منہ اثنائے عشری کے منہ سے لگا ہوتا ہے۔ اور یہ اکثر خالی رہتی ہے۔ تیسری آنت دقاق ہے جو بہت پیچ در پیچ ہوتی ہے +

چوتھی اعور ہے۔ جو تھیلی کے طور پر بنی ہے۔ اس کا ایک ہی منہ ہے۔ وہی اس کا دہانہ اور وہی مخرج ہے۔ گویا یہ ایک فضلہ کا خزانہ ہے +

پانچویں آنت قولون ہے۔ جو نیچے سے اوپر کو جا کر پھر ایک طرف کو جا کر طحال کے پاس سے نیچے کو آتی ہے۔ اس طرح چھٹی آنت مستقیم ہے۔ جو سیدھی ہے۔ جب اس میں فضلہ آتا ہے۔

مرارہ۔ پتہ یعنی صفرا کی تھیلی ایک غشائی عضو تھیلی کے مانند ہے۔ جس کے اندر صفرا بھرا رہتا ہے۔ یہ جگر کے اوپر لٹکتا رہتا ہے۔ جگر سے ایک باریک نالی اس میں آتی ہے۔ جس کی راہ صفرا اس آنت پر گر کر دغدغہ پیدا کر کے فضلہ کو باہر نکالتا ہے +

طحال۔ ایک جسم مرکب ہے۔ گوشت عروق اور غشا سے یہ بھی اسفنج کی مانند متخلخل ہے۔ رنگ اس کا کبود ہے۔ یعنی سرخ سیاہی مائل یہ عضو ہے جس سے لیکن جھلی اس کے اوپر ہوتی ہے۔ وہ بڑی تیز حس والی ہے۔ یہ معدہ سے بائیں طرف کو ہوتی ہے۔ طحال میں ایک نالی جگر سے آتی ہے۔ جس کی راہ جگر

کا سوداء اس میں آکر جمع رہتا ہے۔ اور دوسری نالی طحال میں سے معدہ میں گئی ہے جس کی راہ سوداء اس میں سے معدہ پر گرتا ہے۔ اور اپنے کسیلے پن اور تیزی سے بھوک پیدا کرتا ہے۔

منی - چوتھے ہضم کا فضلہ ہے۔ چوتھا ہضم وہ ہے۔ جو عضو میں جا کر ہوتا ہے اس ہضم سے جو فضلہ بچ رہتا ہے۔ وہ منی بنتا ہے۔ بقراط کے نزدیک اس کا اصل خمیر دماغ سے اُترتا ہے۔ پھر وہاں سے گردوں میں آتا ہے۔ اور گردوں سے فوطوں میں آکر سفید ہو کر ایسی شکل بنتا ہے۔ اس کا قوام۔ خمیرا اور سفید رنگ فوطوں میں آکر ہوتا ہے۔ جو اس کے خزانے ہیں۔ جسم کے کل حصوں سے خواہ عضو رئیس ہیں۔ یا غیر رئیس رگوں کی شاخیں ان دو رگوں میں جو منی والی ہیں۔ ملتی گئی ہیں ÷

روح - روح ایک جوہر لطیف ہے۔ جو اخلاط محمود سے اس طرح پیدا ہوتا ہے۔ کہ خون جب کہ بائیں بطن میں جا کر پکتا ہے۔ تو حرارت دل کے سبب اجزائے لطیف اس کے بخارات بن جاتے ہیں۔ پس یہی بخارات روح کہلاتے ہیں۔ جن پر زندگی کا مدار ہے۔ روح تین قسم کی ہے۔ ایک روح حیوانی۔ جو دل میں ہے۔ دوسری روح نفسانی جو دماغ میں ہوتی ہے۔ تیسری روح طبعی جو جگر میں ہوتی ہے۔ اور روح امرالٰہی ہے۔ جس کو حکماء نفس ناطقہ کہتے ہیں۔ اس کی حقیقت سوائے خدا کے کسی کو معلوم نہیں ÷

حرارت - دم کے ذریعہ باد نسیم جو اندر جاتی ہے۔ اور کاربانک ایسڈ گیس باہر نکلتی ہے۔ تو اس کی تبدیلی سے خون کے سبب تمام جسم میں ایک گرمی پیدا ہوتی ہے۔ جس کو حرارت غریزی کہتے ہیں۔ اگر کسی خارجی سبب سے یہ حرارت بڑھ جائے جیسے دھوپ کی تپش یا کسی سخت گرم چیز کا استعمال تو اس کو حرارت غریبی کہتے ہیں ÷

قوت۔ ایک ہیئت ہے جسم حیوان میں کہ اس کے ذریعہ مباشرت افعال بالذات ممکن ہے۔ یہ تین طرح کی ہے۔ ایک قوت طبعی ہے۔ جگر کی قوت دوسری قوت حیوانی دل کی قوت ہے۔ تیسری قوت نفسانی دماغ کی قوت ہے +

دوسرا باب

مرض کی تشخیص بذریعہ نبض زبان قارورہ براز وغیرہ

بیمار ہونے پر سب سے پہلے مریض کو کیا کرنا چاہیئے

مستقل مزاج رہے۔ اور دوا کرنے سے صرف پرہیز کو مقدم جانے اور غذا صاف اور کم کھائے۔ بلکہ امراض بلغمی میں فاقہ کرنا نہایت مفید ہے۔ اور پانی جوش کر کے سرد کیا ہوا ہر مرض کے لئے بہتر ہے +

شرائط مریض کو نبض دکھانے میں

۱۔ مریض کو دو زانو بیٹھ کر نبض دکھانی چاہیئے +

۲۔ مریض کو بازو یا کمر باندھنے چاہیئے +

۳۔ وقت دکھانے نبض کے دوڑ کر یا کوئی بھاری کام کر کے نہ آیا ہو +

۴۔ وقت دکھانے نبض کے ہاتھ کو گھٹنے پر نہ رکھنا چاہیئے۔ بلکہ پہلو کے مقابل رکھنا بہتر ہے +

نبض دیکھنے کا طریقہ

مرد کا دایاں ہاتھ اور عورت کا بایاں ہاتھ خدا کا نام لے کر اوّل اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیوں سے دونوں کو دیکھیں۔ اور جب ہاتھ سے پکڑو۔ تو آپ انگشت شہادت کے نیچے جو مریض کی شریان آئے گی۔ جس کے اندر خون کی رفتار سے مریض کی کیفیّت دریافت کرنی ہے۔ زیادہ زور سے پھڑکتی ہوئی معلوم کرو۔ اور باقی دونوں انگلیوں کے نیچے اس قدر حرکت معلوم نہ ہو۔ تو سمجھ لو۔ کہ مریض کو غلبہ باد ہے۔ اور اگر تمہاری دوسری یعنی انگشت درمیانی کے نیچے نبض زیادہ زور سے پھڑکتی ہوئی معلوم ہو۔ تو سمجھ لو۔ کہ غلبہ صفرا ہے۔ اور اگر تمہاری تیسری یعنی نر انگشت چہارم کے نیچے نبض کی حرکت زیادہ محسوس ہو۔ تو معلوم کرو۔ کہ غلبہ بلغم ہے۔ یہ سب باتیں زیادہ مشق سے حاصل ہوتی ہیں +

یاد رکھیں۔ کہ تندرست انسان کی نبض ایک منٹ میں ۷۲ مرتبے حرکت کرتی ہے۔ اور گوشت کھانیوالے شخص کی ۷۵ مرتبے تک۔ حرارت غریزی زیادہ موجود ہونے کے سبب بچوں کی نبض زیادہ حرکت کرتی ہے۔ اگر ۷۵ سے زیادہ ہے۔ تو بخار کی دلیل ہے۔ دوم۔ یہ بھی یاد رکھیں۔ کہ ایک منٹ میں ۱۸ مرتبے سانس تندرست انسان لیتا ہے۔ اگر اس سے زیادہ لے۔ تو بیمار ہونے کی دلیل ہے۔ سوئم یہ بھی یاد رکھیں۔ کہ ڈاکٹر بخار کو تھرمامیٹر سے دیکھتے ہیں۔ جو کہ ایک نلکی شیشے اور پارے کی ہوتی ہے۔ اس کو بغل میں ۵ منٹ لگا کر دیکھتے ہیں۔ یا منہ میں زبان کے نیچے دیکر ۵ منٹ رکھتے ہیں۔ پس اگر ۹۸ یا ۹۹ تک پارہ چڑھے۔ تو عمدہ صحت ہے۔ اگر ۱۰۰ کے قریب ہے۔ تو ہلکا بخار ہے۔ اگر اوپر چڑھ جائے۔ تو صاف بخار ہے۔ اور ۱۰۲ درجے تک بخار کی معمولی حالت ہے۔ فکر نہیں۔ اس سے زیادہ اگر ہو۔ تو فکر والا بخار سمجھو۔ چہارم یہ بھی یاد رکھیں۔ کہ اگر انسان کیحالت

تھرمامیٹر ۹۹ بتلائے۔ تو نبض کی رفتار ایک منٹ میں ۷۵ ہوگی۔ اگر ۱۰۰ درجہ بتلائے۔ تو ۹۰ اگر ۱۰۱ درجہ بتلائے تو ۹۹۔ اگر ۱۰۲ درجہ بتلائے تو نبض ۱۰۵ دفعہ پھڑکے گی +

تشخیص بذریعہ ہاتھ

مریض کے سر کو بھی ہاتھ لگا کر دیکھیں۔ کہ گرم ہے یا سرد۔ اگر بہت گرم ہے۔ اور ذرا سی جلن ہے۔ تو علامت تندرستی کی نہیں۔ اگر پاؤں بھی گرم ہیں۔ تو خیر اگر گرم نہیں سرد ہیں تو علامت اچھی نہیں۔ اور اس حالت میں آنکھ کا سرخ ہونا بھی اچھا نہیں +

تشخیص زبان مریض

۱۔ اگر زبان پر میل جما ہوا ہو۔ تو اس سے ظاہر ہے۔ کہ بخار موجود ہے۔ لیکن مختلف رنگوں سے مختلف اخلاط کی زیادتی کا پتہ چلتا ہے۔ مثلاً اگر زبان پر سفید میل ہے۔ تو بلغم کا زور ہے اگر زرد ہو۔ تو صفرا کا۔ اور اگر میل سیاہی مائل ہے۔ تو سودا کا غلبہ جانو +

۲۔ تر اور میلی اور بھورے رنگ کی اگر ہو۔ تو اس سے بدہضمی اور قبض سمجھنا چاہیئے +

۳۔ اگر خشک اور بھورے رنگ کی ہو۔ تو سمجھ لو۔ کہ قوت حیوانی نہایت ضعیف اور کمزور ہو رہی ہے +

۴۔ اگر خشک اور سرخ رنگ کی زبان ہو۔ تو بخار اور ورم وغیرہ سمجھنا چاہیئے +

۵۔ اگر چپٹی اور لرزاں ہو۔ تو کثرت مے نوشی کے نقصان کی علامت سمجھیں +

۶۔ اگر زبان باہر نکالنے میں رکاوٹ ہو۔ تو اس سے ضعف دماغ سمجھنا چاہیئے +

مریض کا حال بذریعہ قارورہ دیکھنا

قارورہ کے لغوی معنی شیشہ کے ہیں۔ لیکن اصطلاح حکماء میں اس شیشہ

کو کہتے ہیں۔ جس میں پیشاب ہو۔ پیشاب دراصل یہی پانی ہوا کرتا ہے۔ جو ہم پیتے ہیں۔ یہ پہلے معدہ میں جا کر غذا کے ساتھ ملتا ہے۔ اُسے تپا تپا کر کیموس بنا تا ہے۔ پھر وہاں سے جگر میں پہنچتا ہے۔ جگر سے بہت کچھ جذب ہو کر گردہ میں آتا ہے۔ اور وہاں سے مثانہ میں آ کر جمع رہتا ہے۔ جو پیشاب کا خزانہ ہے۔ اور قدرے پانی جو جگر میں رہ جاتا ہے وہ خون کے ہمراہ سارے بدن میں پھرتا ہے۔ اور بہت سا مساموں کے راہ بذریعہ پسینہ نکل جاتا ہے۔ جو باقی رہتا ہے۔ چونکہ پیشاب سارے بدن میں سے ہو کر آتا ہے، اس لئے قارورہ کے ذریعہ تمام بدن کا حال اچھی طرح معلوم ہو جاتا ہے ÷

رنگت کے لحاظ سے قارورہ کی شناخت

۱۔ اگر قارورہ کا رنگ سرخ ہو۔ تو غلبہ خون کی علامت ہے ÷

۲۔ اگر زیادہ نارنجی ہو۔ تو صفرا کا زور ہے ÷

۳۔ اگر سفید یا کپاسی ہو۔ تو بلغم کا زور ہے ÷

۴۔ اگر سبز رنگ ہو۔ یا سبزی کی جھلک ہو۔ تو صفرا اور سودا دونوں کا غلبہ ہے ÷

۵۔ اگر سیاہی مائل رنگت ہے۔ تو سودا کا زور ہے ÷

قوام کے لحاظ سے اگر پیشاب گاڑھا آوے۔ تو ضعف ہضم سوئے مزاج معدہ اور فضلوں کا کثرت سے اس میں خلط ہونا پایا جاتا ہے۔ اگر پتلا ہو۔ تو ضعف جگر یا سدہ مجاری بول یا مادہ کا نضج نہ ماننا اور بیماری کا طول پکڑنا پایا جاتا ہے۔ پیشاب خواہ گاڑھا ہو۔ یا پتلا لیکن جو صاف اور شفاف ہو۔ تو سمجھنا چاہیئے۔ کہ قوام درست اور نضج پذیر ہے۔ اور اگر گدلا ہو۔ تو اس کے برخلاف سمجھیں ÷

اگر پیشاب میں بو آوے۔ تو سمجھو۔ کہ یا تو اخلاط متعفن ہو گئی ہیں۔ یا مثانہ اور مجاری بول میں قرحہ یا زخم ہے ÷

اگر پیشاب میں کف بہت آوے۔ تو سمجھو۔ کہ بدن میں لیسدار بلغم کا زور ہے ؛

اگر مقدار میں پیشاب زیادہ آوے۔ تو سمجھو۔ کہ یا تو بدن میں بلغم کا بہت غلبہ ہے۔ یا ٹھنڈی اشیاء یا پانی وغیرہ بہت پیا گیا ہے۔ یا اگر بحران کا دن ہے۔ تو مادہ بہت خارج ہوا ہے ؛

اگر کم آوے۔ تو سمجھو کہ یا تو خشکی بدن میں بہت ہے۔ یا کہیں سُدہ پڑا ہوا ہے۔ کثرت سے دست آنے یا پسینہ آنا بھی پیشاب کو بہت کم کر دیتا ہے ؛

رسوب کا حال جو تلچھٹ پیشاب کی تہ میں بیٹھتی ہے۔ اُسے رسوب کہتے ہیں رسوب کئی طرح کا ہوتا ہے۔ ایک وہ جو تہ میں بیٹھے۔ اسے راسب کہتے ہیں۔ دوسرا وہ جو درمیان میں رہے۔ یعنی نہ تہ میں ہو۔ نہ اوپر۔ اس کو معلّق بولتے ہیں۔ تیسرا رسوب وہ جو قارورہ کی سطح پر بالائی کی مانند تیرے۔ اُسے غمام کہتے ہیں۔ رسوب راسب جو تہ میں بیٹھنے والا ہو۔ وہ اچھا ہوتا ہے۔ کہ یہ علامت نضج مادہ کی ہے۔ جو معلّق رہنے والا ہو۔ وہ اس سے دوم درجہ پر ہے۔ اور اس بات کی علامت ہے۔ کہ مادہ تھوڑا نضج ہوا ہے۔ اور قدرے ریح بھی شامل ہے۔ اور جو رسوب سطح قارورہ پر تیرے۔ وہ دلیل کثرت ریح کی ہوتی ہے۔ اس واسطے اچھا نہیں ہوتا۔ کہ مادہ غیر منضجہ اور منہضم رہا ہے ؛

پاخانہ کا حال

اگر پاخانہ کا رنگ بہت زرد ہے۔ تو صفرا کا غلبہ اگر سُرخی مائل ہے۔ تو خون کا غلبہ۔ اگر سفیدی مائل ہے۔ تو بلغم کا غلبہ اگر سیاہ ہے۔ تو سودا کا غلبہ۔ اگر سبز ہے۔ تو طحال کی خرابی اگر بالکل سفید ہے۔ تو سمجھو کہ یا تو مرہ صفرا کے مجاری میں سُدہ پڑ گیا ہے اس لئے ممکن ہے۔ کہ قولنج پیدا ہو۔ یا معدہ بہت ہی کمزور ہو گیا ہے۔ اور ہیضہ وغیرہ

کا احتمال ہے۔ اگر پاخانہ پتلا آوے۔ تو ہاضمہ کمزور ہے۔ اگر سخت آوے۔ تو دن میں خشکی بہت ہے۔ اگر پاخانہ کے ہمراہ آؤں آوے۔ تو امعاء میں خراش ہے۔ اگر خون بھی ساتھ شامل ہے۔ تو آنتوں میں زخم ہو گیا ہے۔ یا شدہ پڑ گیا ہے ؛

بحران کا بیان

مرض اور طبیعت کی لڑائی کو بحران کہتے ہیں۔ اگر اس لڑائی میں طبیعت غالب آ گئی۔ تو معاً آرام معلوم ہوتا ہے۔ اور پیشاب یا پاخانہ پسینہ باقی کے ذریعہ مادہ خارج ہو کر مرض گھٹ جاتا ہے۔ اور رفتہ رفتہ دفع ہو جاتا ہے۔ اگر مرض غالب آ گیا۔ اور طبیعت مغلوب ہو گئی۔ تو مرض زور پکڑ جاتا ہے۔ جس دن بحران ہوتا ہے۔ اس دن طبیعت میں بے چینی بے قراری ہوتی ہے۔ اگر بے ہوشی ہو کر بہکی بہکی باتیں کرتا ہے۔ پاگلوں کی طرح ہنستا اور کبھی روتا ہے۔ کبھی بحواس کرتا ہے۔ کبھی روٹھ روٹھ کر بھاگنا چاہتا ہے ؛

بحران کے دنوں کا شمار - جس دن بیمار ہو۔ اس دن کا خیال رکھے پس مرض کے ابتدائی دن سے ذیل کے دنوں میں بحران جید واقع ہوتا ہے۔ یعنی اچھا بحران ہوتا ہے۔ ۴-۷-۱۱-۱۴-۲۰-۲۱-۲۴-۲۷-۳۱-۳۴-۳۷-۴۰ ؛

ذیل کے دنوں میں اگر ہو تو ردی ہوتا ہے

۶-۸-۱۰-۱۲-۱۵-۱۶-۱۸-۱۹ ؛

ذیل کے دنوں میں چونکہ بحران نہیں ہوتا۔ اس لئے مسہل دے سکتے ہیں ؛

۵-۱۶-۲۲-۲۳-۲۵-۲۶-۲۸-۲۹-۳۰-۳۲-۳۳-۳۵-۳۶-۳۸-۳۹ ؛

ردی بحران کے جو دن مقرر ہیں۔ ان میں بھی مسہل دے سکتے ہیں ؛

باب تیسرا

انسان کے ہر عضو کی تصویریں



ران کی ہڈی
شکل پنجہ
شکل پنجہ پاؤں


شانہ
فقرات ظہر
شکل ہنسلی وسینہ و پسلیوں کی
شانہ کا جوڑ
شکل پنجہ

انسان کے پیٹ کی شکل



جڑوں کی شکل معہ دانت

شکل دانت

تمام جسم کی شرائین



تقسیم دماغ

بطن مقدم

بطن موخر محل اعصاب حرکت

پیچھے کا ابھار

بطن اوسط آگے کا ابھار

دماغ میں رگوں اور پردوں کی شکل

تقسیم آنکھ

جوف



اتنی آنکھ چشم خانہ سے باہر ہے

تصویر آنکھ اندرونی حصہ

آنکھ کا وہ حصہ جس قدر باہر ہے۔

نقشۂ دل

دل انسان کے پستانِ چپ کے نیچے پھیپھڑہ کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ ایک ٹکڑہ گوشت گلاب کی کلی کی شکل کا ہے۔ نیچے والا حصّہ نوک دار۔ اس میں چار خانے ہیں۔ انسان کے جسم کی جتنی رگیں اور شریانیں ہیں۔ ان سب کی جڑھ یہی ہے۔ جگر سے جو خون بنکر آتا ہے۔ وہ اسی میں آکر جمع ہوتا ہے اور پھر یہاں سے تمام جسم میں دورہ کرتا ہے۔ اور تمام جسم کا سیاہ خون دل میں پہنچتا ہے۔ اور وہاں سے پھیپھڑہ میں جاکر سرخ اور صاف ہوکر تمام بڑی بڑی شریانوں میں سے ہوکر باریک باریک نلکیوں میں سے تمام جسم میں پھرتا ہے۔ اور یہاں سے ہی ایک بڑی شریان ہاتھوں کے انگوٹھے کی جڑھ میں پھڑکتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ اسی سے زندگی کے جملہ حرکات اور کیفیّات درستی پر حصر رکھتی ہیں۔

نقشہ صرف پھیپھڑوں کا

یہ دو ٹکڑے سینہ میں ایک جانب راست ایک جانب چپ واقعہ ہیں۔

دل و پھیپھڑوں کا تعلق

نقشہ جگر کی سامنی سطح کا

یہ جسم انسان میں سب سے بڑا ٹکڑہ گوشت کا ہے۔ اور پھیپھڑہ کے نیچے پیٹ میں ہر جانب پھیلا ہوا ہے اس کو کلیجہ بھی کہتے ہیں۔ اس میں بہت رگ و ریشہ ہیں غذا سے جو خون بنتا ہے اس کا کارخانہ بھی یہی ہے۔ غذا اسی کے زور سے ہضم ہوتی ہے۔ اور اسی سے غذا کا آبی حصّہ چھن کر پیشاب بن کر خارج ہوتا ہے۔ اور خون کا رنگ اسی میں سرخی پکڑتا ہے۔ اس کے نیچے کی طرف ایک تھیلی باریک لگی ہوئی ہے۔ جس کو پتّہ کہتے ہیں۔ اس سے بہت سی نالیاں اور باریک باریک ریشے معدہ کی جانب پھیلی ہوئی انہی نالیوں کے ذریعہ سے صفرا معدہ میں صاف ہو کر ٹپکتا ہے۔ اور کچھ نالیوں کے ذریعہ سے معدہ کی غذا کا جوہر جگر میں پہنچ کر خون بنتا ہے۔ اور کچھ نالیوں سے اس خون کا آبی حصہ ٹپک کر اس کے زور سے گردوں میں سے ہو کر پیشاب بن کر مثانہ میں جمع ہوتا ہے۔

نقشہ معدہ

یہ جسم انسان میں مشک کی شکل کی ایک تھیلی ہے۔ جس میں غذا جمع ہوتی ہے۔ اور اس کی جگہ برابر جگر کے ساتھ ہے۔ اور ناف سے اوپر ہے۔ خاص پیٹ اسی کو کہتے ہیں۔ اوپر گلے سے ایک لمبی نالی شروع ہو کر سینہ کے محراب کے نیچے چوڑی ہو کر معدہ کے ساتھ ملتی ہے۔ جس جگہ معدہ کی چوڑی شکل شروع ہوتی ہے۔ اس کو فم معدہ کہتے ہیں۔ معدہ پیٹ میں بائیں طرف کو زیادہ چوڑا اور داہنی طرف کو نیچے کی طرف تنگ ہوتا ہوا ایک باریک نلکی میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ جس کو انتڑیاں کہتے ہیں۔ انتڑیاں ناف کے نیچے سے شروع ہوتی ہیں۔ وہاں پر کچھ پٹھوں کے ذریعہ سے اس کا سوراخ کسا رہتا ہے۔ تاکہ غذا ہضم ہونے سے پہلے اس میں نہ اُتر جائے۔ پس جوں جوں غذا ہضم ہوتی جاتی ہے۔ اُسی طرح آہستہ آہستہ اترتی جاتی ہے۔



نقشہ معدہ مع شکل طحال

بائیں طرف پسلیوں کے نیچے ایک اور مضغہ گوشت ہے۔ جو معدہ سے بہت قریب ہے۔ اس کو طحال اور تلی بھی کہتے ہیں۔ اس کے خراب ہونے پر طرح طرح کی بیماریاں ہو جاتی ہیں۔ یہ نہایت ضروری جسم کا آلہ ہے۔

نقشہ گردہ معہ مثانہ

گردے ناف کے بالمقابل پشت کی ہڈی کے ساتھ لگے ہوئے ہیں۔ جو شکل میں بڑی
بڑی گلٹیوں کے ہیں۔ جگر سے جو رطوبت فضلہ خارج ہوتی ہے۔ وہ انہیں گلٹیوں
میں سے ہو کر دو نالیوں میں سے قطرہ قطرہ ٹپک کر پیڑو میں جس کو مثانہ کہتے ہیں۔
جاتی ہے۔ اور پھر پیشاب
بن کر باہر نکلتی ہے۔



چوتھا باب

نقشہ وزنوں کی کیفیت کلجو علم طب میں مستعمل ہیں

نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت
چاول	۸ خشخاش کا ہوتا ہے۔	قنطار	۶ من
رتی	۸ چاول کی ہوتی ہے۔	کف	مٹھی بھر
ماشہ	۸ رتی کا ہوتا ہے۔	اوقیہ	۴۰ درم
تولہ	۱۲ ماشہ کا ہوتا ہے۔	استار	۴۔ مثقال
چھٹانک	۵ تولہ کی ہوتی ہے	درم	۳ ماشہ کا ہوتا ہے۔
سیر شاہی	۲۱ ماشہ کا ہوتا ہے۔	درہم	۸ جو بھر کا ہوتا ہے۔
سیر انگریزی	۸۰ تولہ کا ہوتا ہے۔	دام	ایک تولہ ۸ ماشہ
من	۴۰ سیر کا ہوتا ہے۔	دام عام	ایک تولہ ۲ ماشہ
رطل	۲۸ تولہ ۴۔ ماشہ کا ہوتا ہے	مثقال	۳ ماشہ ۶ رتی
پیسہ انگریزی	۶ ماشہ ۴ رتی	سرخ یا رتی	۴ جو یا ۸ چاول بھر
حبہ }	رتی کو کہتے ہیں	ٹانگ	۴ ماشہ
ضروب }		بہلولی	۴۱ ماشہ
قسط	اڑھائی رطل	دینار	ایک مثقال شرعی یعنی ۷۵ جو
قفیز	ایک پیمانہ تمیسی کا	دانگ	بموجب طب رتی بموجب شرع چاول

نقشہ بھاشا وزن کا

نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت
پل	۵ تولہ ۴ ماشہ	دھرن	۴ ماشہ

کیفیت	نام وزن	کیفیت	نام وزن
ذرہ بھر	ترمرا	۴ سیر ۴ چھٹانک ۱ تولہ	آدہک

نقشہ انگریزی وزن

ڈہائی تولہ کے برابر	ایک اونس	نصف رتی کے برابر	ایک گرین
چالیس تولہ کے برابر	۱۶-اونس	چار ماشہ کے برابر	۶۰ گرین
ساڑھے سات چھٹانک یعنی ۳۰ تولہ	ایک پونڈ	۶۰ گرین یعنی ۴ ماشہ کے برابر	ایک ڈرام
ساڑھے ستائیس ۲۷ من کے برابر	ٹن	ڈہائی تولہ کے برابر	۸ ڈرام

پانچواں باب

بیان بقائے قوت دوایونانی

معلوم ہو۔ کہ جو دوائی پرانی ہو جائے۔ اس میں کچھ اثر نہیں رہتا۔ اسی وجہ سے آجکل یونانی دوا سے فائدہ کم ہوتا ہے۔ کہ عطار لوگ پرانی برسوں کی دوائیں بھی فروخت کرتے رہتے ہیں۔ جن کی قوت بالکل زائل ہو جاتی ہے۔ ورنہ یونانی علاج بہت بہتر ہے: پھل ہر قسم۔ ان میں دو سال تک قوت باقی رہتی ہے۔ پتے دگھاس ہر قسم دگھی اس میں ایک سال تک قوت قائم رہتی ہے۔ پھول اور سعوف ہر قسم ان میں ۶ مہینے تک۔ صندل دگونہ ہر قسم میں دس سال تک۔ جو معدنی خواہ کوئی ہو۔ تین سال تک۔ شربت وغیرہ ایک سال تک۔ اگر مضبوط کاگ سے بند ہوں:

نوٹ

معدنیات میں ہمیشہ قوت رہتی ہے۔ بلکہ جس قدر پرانی ہو۔ اسی قدر زیادہ قوی ہوتی ہے +

چھٹا باب

نام اُن دواؤں کا جو رسائین ہیں

رسائین اُس دوا کو کہتے ہیں۔ جو مقوی تمام اعضاء اور قوی کی ہو۔ اور جوانی برقرار رکھے اور مرض مہلک کو دور کرے۔ مثلاً پان۔ بھنگرا۔ سلاجیت۔ گگو۔ چوب چینی۔ اسگند شقاقل۔ گندھک بانجی۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ پارہ۔ کشتہ شنگرف۔ کشتہ سونا کشتہ تانبا وغیرہ۔ لیکن کشتہ استعمال کرنے سے پہلے خوب سکو جانچ لینا چاہیئے۔ کہ خام نہ ہو۔

ساتواں باب

علم طب کی اصطلاحوں کے نام معہ تشریح

نام عربی	اردو معنے	تشریح یعنی کیفیت
آبزن	پانی میں بیٹھنا	نیم گرم پانی میں مریض کو بٹھانا۔ خواہ پانی دواؤں کا ہو۔ یا بغیر دواؤں کے ہو۔
اکتحال کحل	سرمہ لگانا	کوئی دوا پیس کر آنکھ میں لگانا۔
انکباب	بھپارہ	دواؤں کے نیمگرم جوشاندہ کا بخار چادر اڑھا کر مریض کے کسی عضو کو پہنچانا
بخور	دھونی	دوا آگ پر ڈال کر دماغ ناک یا کسی عضو کو دھواں دینا۔
برود	پوٹلی	چند دواؤں کو کپڑے میں باندھکر پانی یا عرق میں تر کر کے آنکھ پر پھیرنا۔
پاشویہ	پاؤں دھونا	دواؤں کے نیمگرم جوشاندہ سے مریض کے پاؤں پنڈلیوں کی طرف سے سوت کر پاؤں کی طرف لانا۔

نام عربی	اردو معنی	تشریح یعنی کیفیت
حقنہ	حکمل کرنا	ادویہ مسہلہ کو پاخانہ کے راہ امعاء میں پہنچانا +
تدہین	تیل لگانا	کسی عضو پر تیل ملنا۔ گرم ہو خواہ سرد ہو +
حمول شیاف	اٹھا رکھنا	فرج یا دبر میں دواؤں کا رکھنا۔ گولی یا کپڑے میں لپیٹ کر یا بتی بنا کر دواؤں کی پوٹلی کو شافہ کہتے ہیں +
تمریخ	مالش	تیل کے علاوہ کسی اور شے کی مالش کرنا +
سعوط	ناک میں ٹپکانا	کسی تر دوا کو ناک میں ڈالنا۔ یعنی نسوار تر کا لینا +
تعلیق	لٹکانا	دوا کو گلے میں یا کسی دوسرے عضو پر لٹکانا +
سنون	منجن	کوئی دوا پیس کر دانتوں پر ملنا +
ذرور	ڈھوڑا	خشک پسی ہوئی دوا کو کسی زخم یا دنبل پر چھڑکنا +
شموم نخلخہ	سونگھنا	کوئی چیز تر یا خشک سونگھنا +
سکوب	تریڑا	دواؤں کو پانی میں پکا کر وہ عرق اونچے سے کسی عضو پر دھار باندھ کر ڈالنا۔ مگر ٹھہر ٹھہر کر +
ضماد طلا	لیپ	تر رقیق دوا کو کسی عضو پر لگانا۔ گاڑھی دوا ضماد رقیق طلا ہے +
عطوس	نسوار	تیز دوا ناک میں ڈال کر چھینک لینا +
غرغرہ	کلی کرنا	دوا کے جوشاندہ کو منہ میں لمحہ رکھ کر گرا دینا +
فتیلہ	بتی	کپڑے کی بتی کسی دوا میں تر کر کے ناسور یا زخم یا کسی اور جگہ رکھنا +
فرزجہ	لتہ	کپڑا دوا میں تر کر کے اندام نہانی میں رکھنا +
قطور	ٹپکانا	دوا کا عرق کان یا ناک یا کسی دیگر سوراخ میں ٹپکانا +
مغلی	جوشاندہ	دواؤں کو ملا کر پانی میں جوش دینا +
نقوع	خیسانده	دواؤں کو ملا کر بھگو رکھنا اور پھر مل کر صاف کرنا +

نام عربی	اردو معنی	تشریح یعنی کیفیت
مضغہ	چبانا	کسی دوا کو دانت کے نیچے دبا رکھنا۔ آہستہ آہستہ چبانا تاکہ رطوبت خارج ہو
کحل (کاجل)	سرمہ	دواؤں کو باریک کر کے سلائی کے ذریعہ آنکھ میں ڈالنا +
کماد	سینک	کسی اینٹ یا پتھر یا روئی وغیرہ کو گرم کر کے کسی عضو کو اس سے سینک دینا +
[illegible]	سونگھانا	تر یا خشک دواؤں کو شیشی میں ڈالکر سونگھانا +
نشوق	سڑکنا	تر دوا بذریعہ نلکی ناک میں چڑھانا +
نطول	تریڑا	تنہ اور نیم گرم عرق اور اونچے سے کسی عضو پر متواتر ڈالنا +
نفوخ	پھوکنا	خشک پسی ہوئی دوا بذریعہ نلکی ناک۔ کان۔ حلق یا کسی اور سوراخ میں پھوکنا +
وجور	حلق میں ڈالنا	کسی تر دوا کو حلق میں ڈالنا +

آٹھواں باب

دواؤں کے اصطلاحی نام جو اہل صنعت یعنی کیمیا گروں نے وضع کئے ہیں

اصل نام	اصطلاحی نام جو بعض نسخوں میں لکھے ہوئے ہیں۔
پارہ	سیماب۔ زیبق۔ عطارد۔ شو۔ افزدرہ۔ کاب۔ برق۔ فرار۔ عیار۔ مغرب۔ روح آہوئے دشت۔ آتشین۔ رس۔ بہشتی۔ غلام بچہ۔ اصل البار +
سونا	طلاء۔ عقیان۔ شمس۔ خورشید۔ آفتاب۔ ذہب۔ زرسن۔ مکنون۔ کنک۔ لطی سننہ۔ نور۔
چاندی	نقرہ۔ قمر۔ فضہ۔ سیم۔ سفید۔ لسبدگس۔ ریہ۔ مہ۔ ماہ۔ درب۔ رکھنی۔ بیضہ۔

اصل نام	اصطلاحی نام جو بعض بعض نسخوں پر لکھے ہوئے ہیں ؎
تانبا	تمسشیر۔ مس۔ نحاص۔ بہرام۔ زہرہ۔ راس۔ مامزہ۔ تانبر۔ لصیرا۔ لبسہ نبرام۔ ولسط
قلعی رانگ	سنگ وجو۔ مشتری۔ راوشن۔ رصاص ابیض۔ ارزیز۔ حجر النور۔ حجر موسی۔ نیگبشیر۔ فراجہ
سیسہ	رصاص اسود۔ سرب۔ زحل۔ مطرب۔ حبوب الارض۔ فرفس۔ لودا۔ کیراں۔ ناگ لگ ذبیب ؎
پیتل	حلقوش۔ صعا۔ برنج سحت۔ روئی سوختہ۔ مثل سونا۔ حضر ؎
لوہا	فولاد۔ آہن۔ حاید۔ جارش۔ جہود۔ تموز۔ مریخ۔ روہن۔ حوت ایمانی ؎
سنکھیا	سفید بہتر۔ اصل الحار۔ قتال۔ سم الفار۔ مرگ موش۔ زہر آدم۔ شک۔ بکھہ۔ قاتل زرنیخ سفید۔ تراب الہالک۔ ہنکو۔
شورہ	البقر۔ کھبر خستہ۔ اسد الارض۔ کھار تلانتیں۔ آتشبازی کا خاص جز کھار رنجن ؎
شنگرف	زنجفر۔ مرنب۔ سرخ۔ اینگر۔ لعود۔ زمکفرز۔ فسا سیولسن۔ زنجرف۔ دار شکنہ سرخ ؎
گندھک	کبریت۔ گوگرد۔ عقرب۔ عروس۔ عروسک۔ سندروس۔ زرنیخ۔ اصل روشن زرد۔ اصل الحار۔ گوران۔ رکس۔ باردنی۔ گرجا۔
ہڑتال	زرنیخ۔ احمر۔ روح صفری۔ تبکری۔ زیب ورق۔ علم مصالحہ عورات۔ قرطاطیس
مومیائی	سفرہ دہن۔ محل دہن۔ روغن مردے آدمی یعنی خون تیرہ۔ سنگ سیاہ۔ حجر الکریم ؎
سہاگہ	تنکار۔ بورہ عرب۔ بورہ ازکون نمک۔ ضحاک۔ یکتب۔ قط۔ قطران انالوئس
منسل	زنیخ احمر۔ زند خون۔ چریت۔ علم سرخ۔ سنحل۔ خوین ؎
نوشادر	عقاب۔ دنغال۔ غلام بچہ۔ بسرخ۔ دی۔ بورہ ماطول۔ تریاق۔ حجر زغلان ؎
مردار سنگ	مردار سنج۔ مرتک۔ وجوگیا۔ مراسخ ؎
زنگار	توتیائے اخضر۔ جور۔ رخ۔ سبزی ہند۔ اکبری۔ سودا ؎
ابرک	طلق۔ سمع۔ جناح الشبت۔ افریدوں۔ ختزال۔ کوکب الارض۔ لکس۔ قمر لبون۔

اصل نام	اصطلاحی نام جو بعض نسخوں میں لکھے ہوئے ہیں ؂
	مصاف القمر ؂
سرمکھی	مار قشیشا۔ ابوالطیس۔ سینا رخ۔ نفیس۔ کندر جوگیا ؂
سجی	شخار۔ اشنخار قلی۔ قباحک۔ حبش۔
سرمہ	اثمد۔ کحل۔ طیس اسود۔ حافظ بصر۔ خاک طور۔ طوطیا۔ ابروچشم +
نمک	ملح۔ ملیح۔ نون۔ ستوں۔ کھار۔ اندرائیں۔ ضبع الارض +
سفیدہ برقلعی	گودنتی۔ علم الابیض۔ جبیسن +
رسکپور	خلاصہ۔ زنجفر ابیلن۔
جست	جبد۔ روح توتیا۔ توتیا۔
کسیس	زاک
سرکہ	خل۔ فتح المجالس +
دار چکنا	دار شکنا۔ سلیمانی +
انڈیکی سفیدی	بیاض البیض۔ شحم خایہ۔ ذات الرغوہ +
پھٹکڑی	زاج۔ شب۔ زہر۔ زنج بلور۔ شورہ خاک۔ ذرہ۔ علقطار۔ قلقت۔ قلقدیس۔ کہرختہ۔ تلامنیں +

نواں باب

مخزن الادویہ معہ خواص الادویہ اردو عربی فارسی میں

اردو	عربی	فارسی	خاصیت
آڑو	خوخ	شفتالو	سرد تر۔ پیاس صفرا اور خون کے جوش کو ہٹائے۔ اس کے تخم کا تیل درد کان کو مفید ہے یشگوا ایک دانگ پینا اسقاط کراتا ہے +

اُردو	عربی	فارسی	خاصیت
آک ملا	عشر	خرک	گرم خشک پھول ہاضم ۔ دودھ جلد پر زخم کرے پتے سرد ورم کو تحلیل کریں ۔ اور درد کو دافع کریں اور بڑھ کی سواک بناکر دانتوں کو مفید ۔
آلو	•	آلو	سرد خشک اور ہضم منی غلیظ کرے ۔ اس کا سرمہ لگانا مقوی چشم اور دفع کرنیوالا آنکھوں کی سفیدی کا اس کا سفوف ہے +
آلو بخارا	اجاص	آلو بخارا	سرد تر ۔ خون اور صفرا کے جوش کو بٹھائے ۔ طبیعت نرم کرے صفراوی دموی بخار بجھا دے ۔ خارش دور کرے +
آنب	آنبج	انبہ	پختہ گرم خشک ۔ روح مثانہ باہ کو طاقت دے ۔ قلمی اثقیل دیر ہضم گٹھلی منی کو گاڑھا اور دست بند کرے ۔ پتہ حقہ میں پینا بواسیر کو مفید ہے
انبہ ہلدی	عارہلد	دارچوبہ	گرم خشک ۔ چوٹ اور ورم پر لیپ مفید ریح کو تحلیل کرے پیشاب کھولے
آنولہ	آملج	آملہ	سرد خشک ۲ قبض کرے ۔ دل کو طاقت اور فرحت دیتا ہے ۔ باہ کو حرکت دے
ابرق	طلق	ستارہ زمین	سرد خشک کشتہ امراض بلغمی کو مفید طلا اس کا چھاتیوں کی سوجن کو مفید
انیس	ایک گھاس کی جڑ ہے		گرم خشک ۔ طعام ہضم کرے ۔ ریاح کو تحلیل بلغم ۔ بواسیر استسقا کو دور کرے
اجمود	کرفس	کرفس	گرم خشک ۲ ریاح کو تحلیل کرے طحال اور جگر کا سدہ کھولے پیشاب لائے
دیسی اجوائن	کمون ملوکی	نانخواہ	گرم خشک ۲ طعام ہضم کرے ۔ اپھارہ ۔ طحال دور کرے پیشاب لائے
خراسانی اجوائن	بزرالبنج	تخم بنگ	سرد خشک ۔ نزلہ و رطوبت کو روکے کان کے درد کو مفید +
اخروٹ	جوز	گردگاں	گرم خشک ۔ تیل بال بڑھائے اور باہ پیدا کرے مغز بریاں کھانسی کو مفید
ادرک	زنجبیل رطب	زنجبیل تر	گرم خشک بھوک لگاتا ہے معدہ کو طاقت دیتا ہے ۔
اردی	خلفاش		سرد تر ۲ ۔ اپھارہ پیدا کرے ۔ منی غلیظ کرے ۔ جریان دور کرے
اُڑد	ماش	ماش	گرم تر ۔ منی غلیظ کرے ۔ باہ ہوا اعضا کو قوت دے
ارنڈ	خروع	بیدانجیر	گرم خشک حل کرنیوالا مواد کا تیل ملیں اور معدہ عورات کی فرج کو مواد سے

اردو	عربی	فارسی	خاصیت
			پاک کرے۔ درد کمر و گردہ کو رفع کرے۔ پانی سے جلے ہوئے کو مفید ہے
اڈوسہ	ایک بوٹی	اوگوبجی	گرم خشک ۱ پھول دق اور صفرا تیزی خون وحبس پیشاب کو دور کرے
ارہر دانہ	تشاغل	شاغل	گرم خشک ۲ صفراوی دست اور بلغم کو روکے پتوں کا جوشاندہ درد دانت کو مفید ہے
اسپند حرملی	حرمل	اسپند	گرم خشک ۳ آنتوں کی ریح کو تحلیل کرے۔ تمام سرد امراض کو مفید حیض کھولے
اسطوخودوس	گہاس	اسن آئے	گرم خشک ۲ دماغ اور دل کو طاقت دے۔ سر اور سینے کے امراض کو مفید
اسبغول	بزر قطونا	اسبغول	سرد تر۔ پیاس اور گرمی اور خون کا جوش دور کرے۔ پیچش مروڑ کو مفید۔ کوٹا ہوا قاتل ہے۔
اسپرکا		اکلیل الملک	سرد خشک ۱ بدن موٹا اور منی زیادہ کرے۔ سیپ سوجن کو تحلیل کرے
اشنان		غاسول	گرم خشک ۲ سدہ کھولے حیض اور پیشاب جاری کرے دانتوں کے منجن کا کام
افسنتین	خترق	مروہ	گرم خشک ۳ حیض جاری کرے صفراوی سوداوی بلغمی بیماریوں کو دور کرے
افیم	لبن الخشخاش	افیون	سرد خشک ۴ قبض کرے۔ نیند لائے۔ درد اور سرعت انزال کو مفید ہے۔ امراض آنکھ کو مفید ہے۔ سست کرے۔ (سم کرے)
اکاس بیل	افتیمون	درخت پیچان	گرم خشک ۳ سدہ کھولے مالیخولیا۔ سوداوی وغیرہ مرضوں کو مفید ہے
اکرکرا	عاقرقرحا	عاقرقرحا	گرم خشک ۳ سرد مزاج کی باہ کو طاقت دے۔ خراب دانتوں کو غرغرہ مفید
اگر	عود غرقی	-	گرم خشک سدہ کھولے باہ پیدا کرے ریاح کو تحلیل کرے رحم کی سردی کو مفید
الائچی خورد	قاقلہ صغار	ہیل بوا	گرم خشک ۲ فرحت دے جلا کر دل معدہ خفقان قے کو نافع ہے
الائچی کلاں	قاقلہ کبار	ہیل کلاں	گرم خشک ۲ معدہ کو طاقت دے۔ طعام ہضم کرے منہ سے رال بند کرے
السی	بزر کتان	بزرگ	گرم تر ۱ چھاتی کو صاف کرے پیشاب لائے منی کو غلیظ کرے
الو	بوم	جغد	گرم خشک۔ اس کا گوشت کھانے سے بیوقوف ہوجاتا اور خون کا پیدا دل

اردو	عربی	فارسی	ماہیت
			بول کو اور بول الفراش کو مفید ہے ۔
امرود	کمثری	امرود	سرد تر۔ دل کو معدہ کو طاقت دے طعام سے پہلے کھانا قبض کرے ۔
املبید			سرد تر۔ خون کا جوش کم کرے باد گولہ اور پیٹ کی ریاح کو دور کرے ۔
املتاس	خیار شنبر	خیار شنبر	گرم تر سینہ اور طبع کو نرم کرے اس کا مغز جلاب ہوتا ہے ۔
املی	حمار	تمر ہندی	سرد خشک متلی کو بند کرے۔ دل و معدہ کو طاقت دے ۔
سنگرہنی	یعنی غیر ہضم کھانا معدے سے نکل آوے	بطلان الشہوت	بھوک باطل ہونا
وحشم	مٹی، کوئلہ، اینٹ وغیرہ کھانے کی خواہش	عطش مفرط	بہت پیاس لگنا
ورم المعدہ	سوجن معدہ	استرخائے معدہ	معدہ کے جرم کا ڈھیلا ہو جانا

نامہائے امراض جگر

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
ضعف الکبد	ضعف جگر	خفقان الکبد	جگر کا تڑپنا
نفخ الکبد	پھول جانا جگر کا	تبثر سطح الکبد	جگر کی سطح پر چھالے چھالے پڑ جانا
سوء القنیہ	جگر کے مزاج کا فاسد ہونا استسقاء	تصغر الکبد	جگر کی مقدار طبعی سے چھوٹا ہونا
	کی بیماری سے پہلے	وجع الکبد	درد جگر
استسقاء	جلودھر پیٹ میں پانی بھرنا	ورم الطحال	سوجن تلی
	یا جسم پر سوجن پڑنا +	حصاۃ الکبد	جگر میں پتھری اور ریت پیدا ہونا

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
صلب الطحال	سخت ہو جانا تلی کا	ورم الکبد	جگر کا ورم
قیام کبدی	جگر کے دستوں کو کہتے ہیں۔	سدۃ الکبد	سدہ جگر
ضعف الطحال	ضعف تلی	وجع الطحال	درد تلی
دبیلۃ الکبد	جگر کا پھوڑا		
نامہائے امراض مرارہ			
یرقان	کنول بائی یعنی تمام جسم اور آنکھوں	یرقان اصفر	زرد رنگ کا یرقان
	کا زرد پڑ جانا۔	یرقان اسود	سیاہ رنگ کا یرقان
سدۃ الطحال	تلی کی راہ میں سدہ پڑ جانا	نفخۃ الطحال	تلی میں ریح کا بھر جانا
نامہائے امراض امعاء و مقعد			
حبس	قبض شکم ہر وقت	ایلاوس	قولنج کی بدتر قسم کہ پاخانہ منہ کے
زحیر	مروڑ یا جس کو پیچش کہتے ہیں		راہ بذریعہ قے نکلے
اسہال خونی		ناصور المقعد	پاخانہ کی جگہ کا ناصور۔ بھگندر
دموی	خون کے دست آنے	شقاق المقعد	سفرہ کی سطح کا پھٹ جانا
بواسیر	مُسّے سفرہ پر نکل آنے	استرخاء المقعد	سفرہ کا استرخار
حکۃ المقعد	خارش سفرہ پر ہونی	خروج المقعد	کانچ نکلنا
قراقر	پیٹ کا گڑگڑ بولنا	قروح المقعد	پاخانہ کے زخم
زلق الامعاء	جتنی دیر کھانے کو امعاء میں ٹھیرنا	خروج الریح	باہر نکلنا ہوا کا زیادہ سفرہ سے
	چاہیئے اس سے پہلے نکل جانا	مغص	قبض ریح معہ درد
قولنج	آنت کا سدہ اور درد کو جو قولون	دیدان	کرم شکم
	میں واقع ہو۔	ورم المقعد	سوج ہو جانا مقعد پہ
		ریح البواسیر	بواسیر ہوائی رگ کا ہونا

نامہائے گردہ و مثانہ

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
ضعف الکلیہ	ضعف گردہ	حصاۃ الکلیہ	ریگ و پتھری گردہ میں ہو جانا
ذیابیطس	بار بار بول آنا	ریح الکلیہ	ہوا بھر جانا گردہ میں
وجع المثانہ	درد مثانہ	حصاۃ المثانہ	ریگ مثانہ
حرقت البول	سوزش بول یعنی گرمی بول میں ہونا	احتباس البول	بند ہو جانا بول کا
		تسلسل البول	جاری رہنا بول بے راہ
تقطیر البول	قطرہ قطرہ آنا بول کا	منتن البول	بدبو ہو جانا بول میں
سوزاک	خون اور ریم سوزش وغیرہ ہونا پیشاب میں	ورم الکلیہ	گردہ کا ورم
		قروح الکلیہ	گردہ کا زخم
ہزال الکلیہ	گردوں کا لاغر ہونا	جرب الکلیہ	گردہ کی کھجلی
وجع الکلیہ	گردہ کا درد	ورم المثانہ	مثانہ کا سوجن
قروح المثانہ	مثانہ کا زخم	خلع المثانہ	مثانہ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا
جرب المثانہ	مثانہ کی کھجلی		
بول فی الفراش	خواب میں پیشاب کر دینا	بول الدم	پیشاب کی راہ خون آنا

خاص مردوں کے امراض

نقصان الباہ	باہ کا کم ہو جانا	مذی و ودی	ودی اور مذی کا جلد نکلنا (نوٹ) مذی اور ودی رطوبات ہیں کہ شہوت کے وقت سر ذکر پر آ جاتی ہیں۔
سرعت انزال	انزال جلد ہو جانا		
کثرت شہوت جماع	عورت کے ساتھ مباشرت کی خواہش حد سے زیادہ ہونا۔		
درور منی	منی کا نکلنا کثرت سے بلا جماع۔	منی الدم	بجائے منی کے خون نکلنا

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
کثرت احتلام	خواب میں انزال ہو جانا		کے گرد ظاہر ہوں۔
فرسموس	ذکر ہمیشہ ایستادہ رہے	استرخاء صفن	فوطوں کی تھیلی کا ڈھیلا ہونا۔
غدیطہ	جماع کے وقت مرد کا پاخانہ نکل جاوے۔	قروح القضیب	ذکر کا زخم
		حکۃ القضیب والانثیین	قضیب و فوطوں کی کھجلی
اُبنہ	مردوں کو فعل بد کرنے والی عادت ہونا		
ورم الانثیین	فوطوں کا ورم	ورم القضیب	ذکر کا سوج جانا
عظم الانثیین	فوطوں کا ورم	شقاق القضیب	ذکر کی جلد کا پھٹ جانا
عافونہ	ذکر میں اختلاج پیدا ہو	سدہ قضیب	ذکر کے راہ میں سدہ پڑ جانا
وجع الانثیین	فوطوں کا درد		
دوالی	رگیں پیچیدہ خصیوں کی تھیلی	ارتفاع الخصیہ	فوطہ کا عانہ کیطرف اوپر کو چڑھ جانا۔

صفاق۔ ثرب۔ مراق کے امراض

صفاق۔ ثرب۔ مراق یہ تینوں پردے ہیں پیٹ کے سب سے اندر کا پردہ مراق ہے۔ سب سے اوپر والا ثرب اور درمیان والا صفاق ہے۔

قیلۃ الامعاء	آنت کا اتر آنا خصیہ میں	فتق مراق البطن	پردہ صفاق پھٹ کر خصیہ میں کوئی شے اوپر سے اتر آوے
قیلۃ الثرب	اُتر آنا پردہ ثرب کا خصیہ میں		
قیلۃ الریح	اتر آنا ریح کا خصیہ میں	فتق الاربیہ	اگر کوئی شے خصیہ تک نہیں پہنچی اور اوپر ہی رُک رہے
قیلۃ الماء	اتر آنا پانی کا خصیہ میں		
قرو لحمی	مادہ غلیظ سوداوی خصیہ میں اُتر آوے۔	نتو السرہ	ناف کا اونچا ہو جانا

امراض رحم

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
عقر	بانجھ پن	ثبور الرحم	رحم میں پھنسیاں نکلنا۔
کثرت اسقاط	حمل گر جانا بکثرت	سیلان الرحم	رحم سے رطوبت نکلنا
عسر ولادت	بچہ بمشکل پیدا ہونا	احتباس الطمث	حیض کا بند ہونا
رجا	جھوٹا حمل	ورم الرحم	رحم کی سوج
کثرت طمث	خون حیض کثرت سے آنا	سرطان الرحم	سرطان کا رحم میں پیدا ہونا
قروح رحم	رحم کا زخم	دبیلۃ الرحم	رحم میں پھوڑا
شقاق الرحم	پھٹ جانا رحم کا	اختناق الرحم	رحم کی بیماری کہ بہ سبب خرابی رحم کے صرع اور غشی کے مانند ہو مریض پاگلوں کیطرح ہو جاوے۔
حکۃ الرحم	رحم کی کھجلی		
بواسیر الرحم	رحم کی بواسیر		
پیٹھ کی بیماریاں			
وجع الظہر	پیٹھ کا درد	وجع الخاصرہ	پسلیوں کا درد
امراض مفاصل			
وجع المفاصل	گھٹیا	نقرس	ریٹنگن بائی یعنی ٹخنہ کا درد
وجع الورک	چوتڑوں کا درد	عرق النساء	درد چوتڑ سے اٹھ کر ران کی طرف جاوے
دوالی	پنڈلی کی رگوں کا موٹا ہونا۔		
وجع العقب	ایڑی کا درد	داء الفیل	فیلپا کی بیماری
بخار کا بیان			
حمی یومیہ	خارجی سبب سے بخار	حمی فکریہ	بخار جو فکر سے ہو
حمی غمیہ	بخار جو غم سے ہو	حمی غضبیہ	بخار جو غضب سے ہو
حمی فزعیہ	بخار جو خوف سے ہو	حمی فرحیہ	بخار جو خوشی سے ہو

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
حمّیٰ سہریہ	بخار جو بیداری سے ہو	حمّیٰ صفراوی	بخار جو صفرا کی خرابی سے ہو
" نومیہ	بخار جو بہت سونے سے ہو	" بلغمی	بخار جو بلغم کی خرابی سے ہو
" تعبیہ	بخار جو رنج و تعب سے ہو	" غب	خالص صفراوی بخار
" استفراغیہ	بخار جو قے بہت آنے سے ہو	" غب لازم	صفرا متعفنہ کا بخار
" وجعیہ	بخار جو شدت درد سے ہو	" محرقہ	دل جگر اور معدہ کے گرد نواح رگوں میں صفراء کے تعفّن سے بخار۔
" غشیہ	بخار جو غشی سے ہو		
" جوعیہ	بخار جو بھوک سے ہُوا ہو	" غب دائرہ خالص	تجاری بخار یعنی تیسرے روز کا بخار۔
" عطشیہ	بخار جو زیادتی پیاس سے ہو		
" یومیہ سددیہ	بخار جو سدوں کے سبب سے ہو	" غیر خالص	صفراء اور بلغم کا مرکب بخار جس میں لرزہ بھی ہو۔ اور زیادہ دیر تک ٹھہرے۔
" استحصافیہ	مسام بند ہونیکے سبب بخار		
" تخمیہ	بدہضمی کے سبب بخار		
" صربہ	آفتاب کی گرمی کا بخار	شطر الغب	ڈیوڑھا بخار۔ ایک دن تیز ایک دن ہلکا۔
" غذائیہ	بخار جو گرم اشیاء کے کھانے کے سبب ہو۔	حمّیٰ مادیہ مطبقہ	صفرا جو رگوں میں متعفّن ہو
" نزلہ	زکام و نزلہ کے سبب بخار	حمّیٰ	بلغمی بخار جو ہر وقت رہے۔
" شرابیہ	شراب کے سبب بخار	" انقیالوس	وہ بخار جسمیں باطن سرد و ظاہر گرم ہو
" خلطیہ	خلطوں کے بگڑ جانے سے بخار	" سوداویہ	مادۂ سودا کا بخار
" بسیط	بخار جو ایک خلط کے بگڑ جانے سے ہو	" ربع دائرہ	چوتھیا بخار
		" ربع لازمہ	سوداوی بخار جو ہر وقت رہے
" دموی	بخار جو خون کی خرابی سے ہو	" دق	ٹپ دق

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
دق شیخوخت	بوڑھوں کی دق جو مادہ بلغم سے ہوتی ہے۔	حمی جدری و حصبہ	چیچک کا بخار
		" وبائی	وبا کے سبب بخار
امراض اورام و بثور میں			
فلغمونی	خونی مادہ کا شدید ورم	جدری	چیچک
حمرہ	آتشک	حصبہ	کھسرہ
جاورسیہ	چھاروا یعنی وہ چھالے جن کا سر سفید ہو اور بدن میں بہت سے نکلیں	حمیقا	لوندھڑا
		حمرہ	سرخ باد
نفاخات	وہ چھالے جن میں ریح بھری ہو	نملہ	ایک قسم کا چھالا جس کا درد ایسا ہو جیسے چیونٹی نے کاٹا
شری	پتی کو کہتے ہیں جسے بعض رکت پتی بھی کہتے ہیں۔	نار فارسی	پاکا یعنی وہ چھالا جسمیں پتلا پانی بھرا ہو اور سخت جلن ہو۔
دمل	موگری پھوڑا جسکو مغلی پھوڑا کہتے ہیں۔	نفاطات	وہ چھالے جنمیں رقیق پانی بھرا ہو
دبیلہ	پھوڑا جو درد نہ کرے	ورم مغابن	بغل یا کانوں کے نیچے کا ورم اگر مادہ سر میں ہوگا تو طبیعت اس کو کانوں کے نیچے دفع کرے گی اور اگر مادہ دل میں ہوا تو طبیعت اس کو بغلوں کی طرف دفع کریگی۔
خراج	اٹھاو۔ جس کے اندر ریم ہو		
سلعہ	رسولی		
سرطان	سوداوی ورم جو سخت ہو		
جرب	کھجلی تر		
قوبا	داد	ورم رخو	بلغمی ورم جو پلپلا ہو
ورم ریح	ریح کا ورم	جذام	کوڑھ
خنازیر	انجیراں۔ کنٹھ مالا	حکہ	کھجلی خشک
ثالیل	مسّہ	ناصور	ناصور۔ گہرا زخم۔ ڈھنبیر

جلدی امراض

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
کلف	جلد کا رنگ کالا ہو جانا	بہق	چھیپ
برص	پھلبہری	شقاق الطرف	ہاتھ پاؤں کا پھٹنا
نمش	سرخ تل	شقاق شفتین	باچھوں کا پھٹنا
برش	سیاہ تل	دردِ قدم	پاؤں کا درد
سحج جلد	جلد کا چھل جانا	درد پاشنہ	ایڑی کا درد
امراض شعر			
داء الحیہ	بال گر جاویں اور جلد کا باریک چمڑا سانپ کی کینچلی کی مانند کرے۔	شیب	بالوں کا سفید ہونا
انتشار تساقط الشعر	بالوں کا جھڑنا اور گرنا	داء الثعلب	جلد کے بال گر جانا۔ بالچھڑ
		صلع	سر کی کھوپڑی کے بال گر کر چندیا نکل آوے۔
امراض ناخن			
برص الظفر	ناخن کا سفید ہو جانا	موت الدم تحت الظفر	خون کا ناخن کے نیچے مردہ ہو جانا۔
وجع الظفر	ناخن کا درد	داخس	چندرہ یعنی ورم گرم جو ناخن کی جڑ میں ہوتا ہے۔
رض الظفر	ناخن کا کچلا جانا		
تقلع الظفر	اکھڑ جانا ناخن کا		
تشقق الظفر	ناخن کا پھٹ جانا	صفرۃ الظفر	ناخن کا زرد ہو جانا
جل جانے بدن کے امراض			
احراق بالدہن الحار	گرم تیل سے جلنا	احراق بالنار	آگ سے جلنا
		احراق بالماء	گرم پانی سے جلنا

ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی
دھوپ سے جلنا	احراق الشمس	چونہ سے جلنا	احراق النورہ
تیزاب سے جلنا	احراق التیزاب	بھلانوہ سے جلنا	احراق البلادر

امراض سر کے نسخہ جات

درد سر کیلئے۔ اطریفل کشنیزی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ سیاہ آملہ۔ پوست بلیلہ۔ کشنیز خشک ہر یک ایک تولہ کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں چرب کریں اور سہ چند شہد میں قوام کر کے معجون بناویں۔ خوراک ۲ تولہ ہر روز سوتے وقت*

اطریفل ملین۔ جو پاخانہ لا کر اخلاط فاسد کو نکالے۔ درد سر و معدہ و کان کی بھنبھناہٹ کو دور کرے۔ تینوں قسم کی ہڑ بہیڑہ۔ آملہ سب کا چھلکا ۳-۳ درم۔ گلسرخ۔ سنا مکی۔ ترید سوصوف ہر یک ایک دام۔ سونٹھ نصف درم۔ سب کو کوٹ کر روغن گاؤ سے چرب کریں اور شہد میں قوام کریں*

پاشویہ۔ سب قسم کے درد سر کے لئے مفید۔ کھاری نمک ڈیڑھ دام۔ گیہوں کی بھوسی ۳ مٹھی بیری۔ خطمی۔ اور مکو کی پتیاں ہر ایک آدھ پاؤ۔ تخم خطمی ۴ دانگ بقدر ضرورت پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہے تو نیمگرم پانی سے پاشویہ کریں اگر سب اجزا نہ ملیں تو جس قدر ملیں انہیں سے کام نکالیں*

بخور۔ بھپارہ ہر قسم کے درد کو مفید۔ مٹی کی ڈلیاں آگ میں خوب سرخ کر لیں۔ اور سر منہ چادر سے ڈھانپ کر پانی ان ڈلیوں پر چھڑک کر بخور لیں*

حریرہ مقوی دماغ۔ نخود بریاں مقشر سفید ۹ درم۔ باریک پیس کر ۱۲ درم گھی میں بھونیں۔ بعدہ گیہوں کا نشاستہ ۹ درم۔ خشخاش سفید ۹ درم۔ قند چار درم گائے کے دودھ میں حل کر کے ۹ درم گھی اور ملا کر حریرہ بنا کر استعمال کریں*

دوا۔ مہوا کا تیل درد سر گرم و سرد دونو قسم کیلئے مفید ہے +

نسوار۔ سر سام اور صداع حار کیواسطے مفید ۲ کافور اور صندل گلاب میں گھسکے نسوار لیں۔

سعوط۔ درد سر بلغمی و بارد کو مفید ہے صبح کیٹھل پانی میں جوش دیکر ناک میں ٹپکادیں +

دیگر۔ بار ڈرنگ۔ سونٹھ۔ تند سیاہ ہموزن گرم پانی میں پیسکر ناس لیں +

دوا درد شقیقہ۔ گل دوپہریا کے پھولوں کا عرق نکال کر ناس لیں۔ **دیگر۔** ریٹھے کو پانی میں گھسکر اُس کی پھپن کے اڑھائی قطرے ہر ایک نتھنے میں ٹپکادیں۔ درد شقیقہ کو فوراً آرام ہو۔ **دیگر۔** سرسوں کے بیجوں کی نسوار درد شقیقہ و نزلہ کو مفید ہے +

سفوف مقوی دماغ۔ بنفشہ۔ دھنیا۔ گلسرخ۔ مغز بادام۔ ہر ایک دو ماشہ اسطوخودوس سنبل الطیب۔ منڈی ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کر سب کے برابر مصری ملاکر سفوف بنائیں۔ خوراک صبح کو ایک تولہ +

شربت ہلیلہ سیاہ نافع صداع صفراوی۔ دس عدد پوست ہلیلہ زرد نیم کوفتہ کسی چینی کے ظرف میں پانی میں بھگو کر ۳ روز تک برابر دھوپ میں رکھیں۔ پھر اس کا صاف پانی لیکر اُس میں اُسی قدر اور چھالکاہڑ کا ملاکر بطور سابق ۳ روز دھوپ میں رکھیں بعدہٗ مل چھان کے ڈیڑھ سو مثقال شکر سفید ملاکر قوام کریں۔ **شموم۔** نافع صداع گرم کافور و صندل ملاکر سونگھیں +

شموم صداع بارد و درد شقیقہ۔ ۲۔ نوشادر و ہلدی ملاکر سونگھیں۔ **ضماد برائے نزلہ و درد سر بارد** ۳ لونیں یا دارچینی پیسکر ضماد کریں۔ **ضماد برائے درد سر گرم۔** دھنیا اور کاہو پیسکر ضماد کریں۔ **دیگر۔** لونگ ۲ عدد افیون ۲ رتی پیسکر ضماد کریں۔ **دیگر۔** درد گرم کو مفید۔ تج اور صندل کا ضماد کریں **دیگر۔** درد جو خشکی سے ہو۔ اُس کے واسطے مکھن کی مالش کریں۔ یا جس گھی میں جلیبیاں چند بار پکائی گئی ہوں۔ اس کی مالش کریں +

تکمید۔ لیموں تراش کر برابر دو ٹکڑے کریں ایک کو توا گرم کرکے پیشانی سکینیں وہ سرد ہو تو دوسرا گرم شدہ کی ٹکور کریں۔ چند عرصہ میں اس تکمید سے آرام آجاویگا

لعوق مقوی دماغ۔ ہندی کے بیج ایک مثقال پیسکر شہد میں ملا کر لعوق بنا چیں

مطبوخ نافع صداع باردہ بلغمی۔ سونف نیمکوفتہ ۲ درم بیخ سونف نیمکوفتہ ۴ درم۔ اسطوخودوس ۳ درم آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب ایک تہائی باقی رہے صاف کرکے ۲ تولہ شہد ملا کر پیئیں **مطبوخ دردسر صفرادی**۔ املی پانی جوش دیکھ ملکر مصری پیئیں **قطور دردسر وگرم دماغی کو مفید**۔ شفتالو کی پتیوں کا عرق ناک میں ٹپکاویں۔ گرم کرکے دردسر کو آرام آویگا۔ **فائدہ**۔ اگر سانپ کے کاٹنے کے بعد زہر تو دور ہو گیا ہو۔ لیکن دردسر باقی ہو۔ تو مغز بنولہ ایک تولہ پانی میں شیر نکالکر پیئیں۔ اور فضلہ سر پر ضماد کریں +

مفید سرسام۔ روغن مغز کدو سر پر ملیں۔ **نسخہ سرسام حار کیلئے**۔ آب کاہو۔ آب کشنیز تازہ۔ انجبار قدرے سرکہ سب کو ایک شیشہ میں بھر کر سرسوں کے تیل میں ڈالکر شیشہ کو چند روز دھوپ میں رکھیں۔ جب وہ پھول زرد ہو جاویں تب دوسرے پھول ڈالیں۔ اسی طرح تین بار کریں۔ اخیر کو تیل صاف کرکے استعمال کریں +

شربت عود نافع سرسام ومقوی دماغ۔ عود ۵ درم۔ لونگ۔ بالچھڑ۔ دارچینی ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ درم۔ قند آدھا رطل سب دواؤں کو کوٹ کر پوٹلی باندھ کر گلاب میں تر کرکے جوش دیں۔ جب چوتھا حصہ رہ جائے چھان کے قند ملا کر شربت کا قوام کرلیں۔ اخیر کو ایک دانگ مشک عنبر ملاویں +

سعوط مفید سرسام حار۔ آب برگ کاہو میں صندل سفید اور کافور پیسکر سعوط کریں۔

پاشویہ مفید گلخیرہ۔ گل نیلوفر۔ لوکی کی قاشیں ہر ایک آدھ پاؤ۔ جو کی بھوسی

۲ مٹھی پھر سب کو بیس سیر پانی میں جوش دیں۔ اور نیم گرم پانی سے پاشویہ کریں

حب صرع۔ مرگی کو مفید۔ کچھوے کا خون۔ جو کا آٹا اور شہد برابر ملا کر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام کھاویں ؛

دوائی مفید ام الصبیان۔ حددار ماں کے دودھ میں گھسکر بچہ کو دیں۔

دوا۔ شریفہ کے بیج خشک پیس کر بتی میں لپیٹ کر ناک میں دھواں دیں۔ یا کپڑا کھٹمل کے خون میں تر کرکے بخور دیں **دوائی مرگی**۔ گیدڑ کے پتہ میں سیاہ مرچیں بھر کر رکھ چھوڑیں جب سوکھ جاویں۔ تب پانی میں پیس ۲ یا ۳ قطرے ناک میں ٹپکا دیں ؛

دوائی دورہ مرگی۔ بکری کے سینگ کا دھواں دورہ کے وقت دینا از حد مفید ہے اور فوراً افاقہ کرتا ہے **دیگر**۔ سرخ پیاز کا عرق یا پلاس پاپڑہ پانی میں پیس کر ناک میں ٹپکا دیں۔ **دیگر**۔ مفید مرگی۔ بھینس کا سُم جلا کر ایک مثقال پھانکیں۔ **نفوخ برائے** برائے دورہ۔ ثابت ریٹھے پانی میں پیسکر ناک میں ٹپکا دیں۔ **تعلیق مفید مرگی** جائفل عود صلیب وغیرہ گلے میں لٹکا دیں۔ **دیگر**۔ کرنجوہ زرد لڑکوں کی ٹوپی میں باندھیں یا بھیڑیا کے دانت لڑکے کے ہاتھ میں باندھ دیں۔ گینڈے کے بائیں سینگ کی انگوٹھی بائیں ہاتھ میں پہنیں۔ چھچھوندر کا اوپر کا ہونٹ گلے میں ڈالیں۔ یا ببر کی کھال کی ٹوپی اوڑھا دیں ؛

سکتہ کا علاج سعوط مفید۔ کندش۔ بورہ ارمنی۔ صبر سقوطری سب برابر لیکر چقندر کے عرق میں حل کرکے چھان کر چند قطرے ناک میں ٹپکا دیں ؛

دیگر۔ مریض کے سر پر پچھنے لگوا کر بچہ ناک آدمی کے پیشاب میں پھیلل کر اس پر ملیں ؛

وجور مفید۔ ہینگ تھوڑے شہد اور عرق بادیاں میں حل کرکے مسکوت کے حلق میں ٹپکا دیں ؛

نسیان کا علاج

معجون کمدر۔ کندر۔ بچ۔ ناگر موتھ ہر ایک دس درم۔ سونٹھ۔ سیاہ مرچ ہر ایک ۵ درم سب کو دو چند شہد ملا کر معجون بناویں اور ایک مثقال روز کھاویں ۞

معجون نیچ شکر سفید پاؤ سیر قوام کر کے ۳ مثقال نیچ پیس کر ملا کر معجون بنادیں۔ اور ایک تولہ ہر روز کھاویں۔ **دوا مفید**۔ گول مرچ۔ پیپل ہلدی۔ قسط شیریں۔ ملیٹھی سیاہ زیرہ لاہوری نمک۔ اجمود۔ سب ایکدام سفوف بنا کر ایکدام شہد اور روغن گاؤ ملا کر معجون بنا کر کھاویں **دیگر**۔ برہم ڈنڈی جسکو برجھی بوٹی بھی کہتے ہیں کو چھان کر ہر روز ایک تولہ سفوف دودھ سے پھانکا کریں۔ **دوا مفید نسیان**۔ مالکنگنی روغن گائے میں بھونیں۔ اور ۳ دانے ہر روز دودھ کے ساتھ کھایا کریں ۞

سدر و دوار

ضعف دماغ جب کھڑے ہونے پر آنکھوں کے آگے اندھیرا آجاوے تو اسے سدر کہتے ہیں۔ اور جب سر چکراوے اور تمام چیزیں گھومتی معلوم دیں۔ تو اسے دوار بولتے ہیں۔ یہ مرض اخلاط کے بخارات کی حرکت اور ان کے دماغ پر چڑھنے کے وقت ہوا کرتا ہے ۞

نقوع۔ آملہ اور دھنیا نیم کوفتہ ہر یک ۳ درم رات کو مقدار بھر پانی میں بھگو کر صبح کو مل کر چھان کر مصری ملا کر پیئں۔ **دوا کو مفید**۔ خشخاش ۲ درم دھنیا ایک درم پانی میں شیرہ نکال کر بقدر ذائقہ شربت نیلوفر ملا کر پیئیں **دیگر**۔ شربت لیموں شربت تمر ہندی۔ شربت اسطوخودوس مفید ہے۔ **حریرہ سفید**۔ مغز بادام مقشر ۹ عدد مغز خیاریں ۴ ماشہ مغز تخم کدو ۶ ماشہ خشخاش ۲ تولہ دھنیا خشک ۴ ماشہ سب کو گھوٹ کر دودھ نکالیں پھر اس میں ایک تولہ نشاستہ اور پاؤ بھر دودھ ملا کر

پکا دیں اور ایک تولہ گھی کا بگھار لگا کر میٹھا کر کے پئیں +

سبات

یعنی بہت سونا جب رطوبت کا غلبہ دماغ پر ہوتا ہے۔ تب یہ مرض ہوتا ہے +
علاج۔ قہوہ یا چائے پینا۔ سیاہ مرچ۔ لعاب دہن گھوڑے میں پیسکر آنکھ میں لگائیں
دیگر۔ ذرا ہلکی اور تھوڑی کھادیں۔ خائنہ کیا کریں۔ سرکہ سونگھیں۔ اطریفل کا استعمال کریں۔ مسہلات بلغم دیکر دماغ کو بلغم سے پاک کریں۔ روغن سداب میں قدرے فرفیوں ملا کر سر پر ملیں +

سہر

یعنی نیند نہ آنا بباعث خشکی دماغ کے **علاج**۔ گھی اور مکھن سر پر ملیں۔ روغن کدو و خشخاش و روغن کاہو کی مالش سر پر کریں۔ (روغن لبوب) تخم کاہو مغز تخم کدو۔ مغز تخم تربد۔ تخم خشخاش۔ سفید تل مساوی پیسکر روغن نکالیں۔ اور اس کو سر پر ملیں۔
طلا۔ بھنگ دودھ میں پیسکر ہاتھ پاؤں پر ملیں **سفوف**۔ دھنیا بھنا ہوا۔ مغز تخم کاہو۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک اڑھائی مثقال۔ شکر سفید ۱۲ مثقال کوٹ چھان کر ۲ ماشہ روز پھانکیں۔ **شموم**۔ کاہو۔ دھنیا۔ تخم خشخاش ہر ایک مساوی ملا کر کوٹ کر سونگھیں +

فالج

آدھ بدن اگر طول میں ڈھیلا ہو جاوے۔ تو اُسے فالج یعنے ادھرنگ کہتے ہیں۔ اور اگر منہ ٹیڑھا ہو جاوے۔ تو اُسے لقوہ کہتے ہیں۔ **علاج**۔ ۳-۴ روز تک فاقہ کرادیں۔ اور پانی کی بجائے ماء العسل پلاویں۔ یعنے شہد ایک حصہ پانی ۲ حصہ دونوں کو جوش دیکر جب تہائی رہے تب پلادیں۔ **غذا**۔ کبوتر یا تیتر یا مرغ یا چڑیا یا نخود کا شوربا دیں پھر چار روز بعد اُس حلوے کے منضج شروع کر کے ۹ روز یا ۱۴ روز کے

بعد جلاب دیں۔ **حب ایارج فیقرا**۔ بہت ہی مفید ۲ ایارج فیقرا ۶ درم۔ پوست بلیلہ زردہ درم۔ تربد مقشر ۴ درم کالا دانہ ۲ درم اندرائن کا گودا اور گوگل ہر یک ایکدرم نمک ہندی ۵ درم کوٹ چھان کر گولی بنالیں۔ **حب بیش**۔ فالج اور لقوہ دونوں کے واسطے مفید ۲ عقرقرحا۔ مرچ سیاہ۔ فلفلدراز ہر ایک ۳ ماشہ پپلا مول ۶ ماشہ۔ سونٹھ۔ میٹھا تیلیہ ہر یک ایک تولہ کوٹ چھانکر گڑ و گھی میں بقدر مونگ گولیا بنالیں۔ ہر روز ایک یا دو گولیاں بناکر ہر روز دو گولیاں ایک صبح ایک شام کھایا کریں۔ **حبوب کچلہ**۔ فالج ولقوہ دونوں کیلئے مفید ۲ کچلہ ۵ اعدد پندرہ روز پانی میں تر رکھیں۔ تیسرے روز پانی بدل دیا کریں۔ جب پندرہ دن میں نرم ہو جاویں تب اوپر کا چھلکہ اُتار دیں۔ پھر خشک کرکے آگ پر بھون کر سرخ کرلیں تب برابر کی سیاہ مرچ ملا کر پانی میں رگڑ کر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح کھادیں مگر پہلے تھوڑی سی کوئی غذا کھا کر گولی کھایا کریں۔ **دوا**۔ رائی اور عقرقرحا ملاکر سفوف بنالیں۔ اور زبان پر ملیں۔ **دیگر**۔ فالج میں ہینگ نہایت ہی عمدہ دوا ہے ٭ **دیگر**۔ سیاہ مرچ پیسکر تیل میں ملا کر مالش کریں۔ **دیگر** ایک بیر بہوٹی لیکر اس کے پاؤں کاٹ کر ہر روز پان میں ملا کر کھایا کریں ٭

مالیخولیا

حب مالیخولیا زیادہ ہو جاوے۔ تو جنون ہو جاتا ہے۔ **علاج** جلد کریں۔ فصد ہر حال میں بہتر ہے۔ پلستر لگا کر اس کو بار بار پھوڑنا بہتر ہے۔ مارالجبین اکثر مفید پڑتا ہے **سعوط**۔ آدمی کے سر کے بال جلا کر روغن گل ملا کر ناک میں ٹپکا دیں۔ **دوا**۔ کاہو اور کدو کا تیل سر پہ ملیں۔ شربت صندل پلا دیں۔ سیب کھلا دیں۔ افیون کھلا دیں سکنجبیں افتیموں پلا دیں۔ نسخہ یہ ہے۔ افتیموں ۷ مثقال۔ شاہترہ گاؤزبان ہر ایک ۴ مثقال۔ قند سہ چند۔ سرکہ بہت تیز قند کا تہائی حصہ سب کی سکنجبین

بنالیں۔

اختلاج

ریح کے سبب عضو کے پھڑکنے کو کہتے ہیں۔ **علاج**۔ سینک دیں۔ نمک اور بھوسی گیہوں کی تکمید کریں ؀

رعشہ

عضو کے کانپنے کو کہتے ہیں۔ کثرت جماع۔ شراب خوری۔ اور ضعف دماغ کے سبب جو رعشہ ہو۔ اُس کا علاج ہو سکتا ہے۔ لیکن بڑھاپے اور تفرق اتصال کے رعشہ کا کوئی علاج نہیں۔ **علاج**۔ دودھ اور گھی بکثرت کھاویں۔ ورزش کریں بیضہ نیم برشت شہد ملا کر کھاویں۔ **معجون لہسن** کا استعمال کریں۔ بہت مفید ہے ۵ لہسن چھیل کر گھی میں بھونیں۔ پھر دودھ میں پکا کر گھوٹیں۔ تب ۵ چند شہد ملا کہ معجون بنائیں اور ہر روز ۴ ماشہ کھاویں ؀

نزلہ و زکام

اگر فضلہ ناک کے راہ گرے۔ تو زکام اور جو حلق میں گرے تو نزلہ کہلاتا ہے ؀

حب جدوار۔ نزلہ اور زکام کیلئے مفید۔ جدوار خطائی ۴ مثقال اجوائن خراسانی ۵ مثقال۔ افیون ۸ مثقال۔ کتیرا۔ ملٹھی۔ ببول کا گوند۔ سیاہ مرچ۔ الائچی کلاں کا دانہ ہر یک مثقال۔ نرکچور۔ ناگرموتھ۔ بالچھڑ۔ تیزپات۔ کبابہ۔ خولنجاں۔ فلفل دراز اجوائن دیسی۔ سونٹھ۔ اسپند ہر یک دو مثقال ۱ مرکی۔ عقرقرحا ہر یک آدھا مثقال سب کی چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور ہر روز ایک گولی کھاویں۔ **خمیرہ خشخاش**۔ پوست خشخاش ۲۵ عدد پانی میں جوش دیں۔ اور مل چھان کر ایک رطل شکر ملا کر قوام کریں آخر قوام میں شیرہ خشخاش سفید۔ لعاب اسبغول ہر یک ۵ مثقال اضافہ کر کے اتارتے وقت گوند ببول۔ تخم خطمی۔ ملٹھی۔ نشاستہ ہر یک ۴ درم ہر ایک کو باریک پیس کر

سفوف کرکے پلادیں۔ اور ہر روز رات کو ۴ ماشہ کھایا کریں ؛

دیا قوزہ سادہ ۔ نزلہ ۔ کھانسی ۔ اور سینہ کی ریزش کیواسطے مفید ہے۔ پوست خشخاش معہ تخم ۔ ۲ درم ۔ قند سیاہ ۵ درم پانی میں پکاکر قوام کریں ۔ اور ہر روز دس درم کھایا کریں۔ **حب نزلہ** ۔ خشخاش سفید ۔ ملٹھی مقشر کوٹ کر افیوں ہر ایک ۳ درم گوندکتیرا نشاستہ ۔ تخم کاہو ہر ایک ۲ درم ۔ اجوائن خراسانی ۔ مرکی ۔ عقرقرحا ۔ ہر ایک نصف درم کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنادیں ایک یا دو روز کھادیں ؛

طلا ۔ مفید نزلہ بارود نونگ پیس کر تالو پر لگادیں ۔ **نسوار** ۔ کشمیری پٹہ ۔ کٹیلی ۔ تخم سرس ہر ایک ۶ ماشہ اسطو خودوس ۔ ملٹھی ہر یک ایک تولہ سب کو ملا کر نسوار بنا کر سونگھیں ؛

دیگر ۔ صرف تخم سرس کی نسوار بھی از حد مفید ہے +

تشنج

اعصاب جب کھچتے ہیں ۔ اور اُن کی وجہ سے ہاتھ پیر ٹیڑھے ہوتے ہیں ۔ تو تشنج بولتے ہیں ۔ **علاج** ۔ روغن بنفشہ ۔ بادام ۔ موم ۔ روغن وغیرہ کی مالش کریں ۔ اور روغن کدو دودھ میں ملا کر ناک میں ٹپکادیں ۔ ہاتھ پاؤں کو دبا کر سیدھا کریں ۔ اور اکٹھا ہونے نہ دیں ۔ اگر کسی سمدار دوا سے ایسا ہوا ہو ۔ تو اُس کا فساد زہر دیں +

سکتہ

دماغ میں سدہ پڑ کر حس و حرکت بیکار ہو جاتی ہے ۔ اور مریض بالکل مردہ معلوم ہوا کرتا ہے ۔ **علاج** ۔ سر کے بال منڈا کر جند بید ستر اور رائی ۔ سرکہ کے ساتھ پیس کر تالو پر ملیں اور مرچ سیاہ و جند بید ستر باریک پیس کر ناک میں پھونک دیں ۔ اور اینٹ گرم کر کے سر پر رکھیں ؛

کابوس

خواب میں ڈرتا اور دبا پڑتا بول نہ سکنا سبب اس کا بخارات غلیظ مقدم

دماغ میں جمع ہونا۔ **علاج**۔ قے کرا کر معدہ صاف کریں۔ پھر منضج دیکر بلغم کو زیادہ کریں بعد ازاں مسہل دیکر بلغم کا صفایا کریں۔ روغن مصطگی کھاویں۔ روغن سداب سر پر ملیں جوشاندہ افتیمون دیں۔ پاؤں کو دبا کر ملیں۔ غذا کم کر دیں۔

امراض چشم

آنکھ افضل سب اعضاء سے ہے۔ بغیر درد یا کسی خاص سبب کے آنکھ میں کسی کی دوا ڈالنی نہ چاہیئے۔ رمد یعنی آنکھ کا درد۔ **علاج**۔ رسوت۔ افیون۔ پھٹکڑی خام۔ زعفران قدرے قدرے لیکر پانی میں پیس کر آنکھ پر لیپ کریں۔ **نسخہ دوم**۔ دافع سرخی چشم شہد آنکھ میں ڈالنا مفید ہے۔ **نسخہ سوم**۔ پوٹلی دافع سرخی چشم پھٹکڑی سفید ۴ ماشہ۔ رسوت ۴ ماشہ ہلیلہ خورد ۱ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ ہلدی ایک ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۲ چاول۔ ان سب کو جوکوب کر کے کپڑے میں باندھکر پانی سے تر کر کے پوٹلی کریں۔ **نسخہ چہارم**۔ درد چشم خواہ کسی قسم کا ہو گیرو۔ کافور۔ دونوں پانی میں گھسکر آنکھ کے گرد لیپ کریں۔ **نسخہ پنجم** درد چشم و سرخی وغیرہ کے لئے شورہ۔ نوشادر۔ پھٹکڑی ہر ایک ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ رسوت ۵ تولہ سب کو عرق لیموں میں کھرل کر کے آنکھ پر لگائیں۔ **علاج** ڈھلکہ چشم یعنی آنکھ سے پانی جائے تو یہ گولیاں بنا کر آنکھ پر لگائیں۔ **نسخہ گولیاں**۔ سنگ بصری چھ چھ ماشہ۔ لونگ ۱۶ عدد سب کو عرق گلاب میں کھرل کر کے نخود برابر گولیاں بنا کر آنکھ میں لگاویں پانی بند ہوگا۔ دیگر۔ سیسہ ایک تولہ آگ پر گلا کر گلا کر اس میں ایک تولہ پارہ ملاویں۔ پھر کھرل میں ڈالکر پیس لیں۔ اور ورق نقرہ ۳ ماشہ اس میں ملا کر کھرل کر لیں۔ ازاں بعد سرمہ سیاہ ۲ تولہ ملا کر سونف اور گلاب کے عرق سے کھرل کر کے سکھا کر لگائیں۔ دیگر۔ سیسہ کو ہڑتال کی لاگ سے کشتہ کر لیں یعنی ہڑتال ۲ تولہ کھرل کر کے ۲ ٹکیہ بنا لیں۔ اس میں ایک تولہ سیسہ رکھکر بند کر کے ۱ سیر آگ دیں۔ کشتہ ہو جائیگا۔ اس کو برابر کے سرمہ میں ملائیں اور لگاویں **علاج** پھولا و جالا چشم وغیرہ کے لئے سفیدہ نوشادر۔ قلمی شورہ۔ پھٹکڑی سفید سب برابر۔ ان سب

دواؤں کے جوہر دو پیالوں میں نکالو لیکن لکڑیاں پیالوں کے نیچے بیر کی جلائی جائیں پھر جوہر اوپر کے پیالہ میں آجاویں گے۔ اس کو آنکھ میں لگاؤ۔ پھولا وغیرہ فوراً دور ہو جائے گا۔
نسخہ دوم۔ جو چیچک کے پھوٹے کو دور کرے۔ گدھے کا دانت پانی میں گھسکر آنکھ میں لگاویں مجرب ہے۔ دیگر مروارید ناسفتہ اور ہلدی پیسکر سلائی سے لگاویں۔ دیگر چیچک آبلوں کے کھرنڈ خشک شدہ پانی میں گھس کر لگاویں۔ نسخہ سوم۔ دافع پھولا۔ جالا۔ دھند دُھندل۔ سُرخی۔ ڈھلکہ کے لئے مفید۔ سُرمہ عمدہ صاف تین ماشہ۔ کف دریا دو ماشہ سنگ بصری دو ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں دو ماشہ۔ مامیران چینی ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ چار رتی۔ ان سب دواؤں کو برابر بارہ پہر سرس کے عرق سے کھرل کرکے آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ ضعفِ بصارت۔ کے لئے مفید ہے۔ سیسہ ۶ ماشہ آگ پر گلا کر گندھک سے کشتہ کریں۔ پھر پانی سے دھو کر صاف کرکے سکھا کر ادویہ ذیل اس میں ملا کر سُرمہ کی مانند باریک کرلیں۔ اور لگاویں۔ نہائت عمدہ نسخہ ہے۔ فلفل دراز۔ سمندر سوکھ۔ پھول چنبیلی۔ برگ تلسی۔ انبہ ہلدی ہر ایک چھ ماشہ۔ ممیرا دو ماشہ۔ مچی چینی ۳ ماشہ۔ سُرمہ عمدہ ڈیڑھ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ رتی۔ کستوری ۲ ماشہ سب ادویہ کو سبز مہندی کے پانی سے کھرل کریں۔

علاج بامنی پلک۔ تھوڑی روئی شیرہ برگ مدار میں تر اور خشک کرکے اُس کی بتی بنا کر بدستور کاجل بناؤ۔ پھر کاجل کو گائے کے گھی میں ملا کر آنکھ بامنی والی میں لگانا مفید ہے۔ اور اجموِد کا پانی بھی آنکھ میں ڈالنا مفید ہے۔ **علاج برائے شب کوری**۔ یعنی اندھراتا۔ بکرے کی کلیجی آگ پر بھونیں جو پانی اُس سے ٹپکے اس کو آنکھ میں لگائیں۔ دیگر چڑیا کی بیٹھ بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔ سنگ بصری طوطیا سبز۔ کافور۔ نبات مذکورہ وزن برابر پیس کر رکھیں اور باسی پانی میں قدرے دوا ملا کر پلکوں پر لگانا نہائت مفید ہے۔

علاج پڑوالوں کا۔ اوّل بال پلکوں کے اکھاڑ کر پھر اس پر چند دفعہ چیونٹی کا انڈا لگانے سے پھر پڑوال نہ پڑیں گے۔ **دوسرا نسخہ دافع پڑوال** کھٹمل کا خون یا کتی کے چیچڑ کا خون لگانا مجرب ہے۔ **علاج نزول الماء۔** شروع نزول میں کنپٹی کی شریان پر داغ دیں۔ بعد داغ کے تین دن تک حرام مغز بکری کا اس پر ملتے رہیں۔ اور روئی روغن کنجد میں تر کر کے اس پر رکھیں۔ **نسخۂ اوّل۔** طوطیا کرمانی۔ ماجو۔ سیر براد تانبا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ سرمہ۔ اقاقیہ زرد کیسیس سفیدہ کاشغری۔ کاجل۔ تانبا بنانیوالوں کی چھت کا ہر ایک پانچ ماشہ سب کا سرمہ کر کے آنکھ میں لگانا مفید ہے **نسخۂ دوم** بوٹی لگروندہ کا عرق چند روز رات کے وقت لگایا کریں۔ قدرے گرمی معلوم دیا کریگی **دیگر** کلکتیہ تمباکو باریک پیس کر بطور سرمہ لگادیں۔ قدرے تکلیف ہوگی۔ مگر ابتدائی مرض کو مفید ہے۔ **سلاق یعنی پلکوں کا گل جانا۔** تانبا کٹھالی میں گلاویں۔ اور سرمہ پیس کر اس پر چٹکی دیتے رہیں۔ تانبا کشتہ ہوجاوے گا۔ پیس کر آنکھوں میں لگاویں۔ **دیگر** مکو کا شیرہ نچوڑ کر اس میں نیلا تھوتھا حل کر کے رکھ چھوڑیں۔ اور پلکوں پر لیپ کیا کریں۔ چند عرصہ کے استعمال سے کلی فائدہ ہوگا +

دوا کہ کل امراضِ چشم کیلئے مفید ہے۔ سفید پیاز کا عرق اور شہد ملا کر ہر روز رات کو سلائی سے آنکھ میں لگاویں مجرب ہے۔ **دوا۔** جالا۔ پھولا۔ رمد سفید۔ نرملی عرق گلاب میں گھس کر آنکھ میں ہمیشہ لگاتے رہیں۔ **دوا ابتدائی نزول الماء کو مفید** سفیدی وغیرہ امراض کو از حد مفید۔ بیخ کتائی کلاں عرق لیموں سے گھسکر آنکھ میں لگاویں۔ یا نوشادر قلم کی طرح باریک تراش کر ناخنہ پر پھیریں +

بیانِ امراضِ گوش

علاج دردِ گوش۔ اگر درد سردی سے ہو۔ تو بیخ زقوم پارہ پارہ کر کے تیل میں جلا

دیں۔ اور وہ تیل کان میں نیم گرم ڈالیں۔ درد فوراً دور ہوگا۔ **نسخہ دوم**۔ اگر چند دانے عدس کے قدرے ہینگ عورت کے دودھ میں پیس کر نیم گرم کان میں ڈالیں۔ فوراً درد کو تسکین ہو۔ **نسخہ سوم** شیرہ ادرک نیم گرم کر کے ایک قطرہ کان میں ٹپکا دیں۔ **نسخہ چہارم** نمک سیاہ عرق بادیان میں پیس کر نیم گرم کان میں ڈالیں درد فوراً جاتا ہے **نسخہ پنجم** نہایت مجرب ایک پائے طاؤس کو نیم کوب کر کے سرکہ خالص ۴ تولہ اور روغن گل ۲ تولہ پانی ۳ تولہ۔ ان کو پکا کر جب روغن رہ جائے صاف کر کے کان میں ڈالو۔ فوراً درد وغیرہ دور ہوگا۔ **نسخہ دافع کرم گوش**۔ شیرہ برگ شفتالو قدرے کان میں ڈالیں **نسخہ** پانچ کان اور میل بہت نکلنے کو رفع کر سکے۔ سرکہ اور گل روغن دونوں کو ملا کر کان میں رکھنے مفید ہے۔ **نسخہ روغن بہراپن**۔ آواز گرانی گوش سب کیلئے مفید۔ لونگ نیم درم مشک ایک دانگ دونو کو نیاز بو کے پانی سے کھرل کر کے نیم گرم کان میں ڈالیں۔ روغن ترب۔ یعنی مولی کے بیجوں کا تیل درد گوش کے لئے مجرب ہے۔ سدہ گوش کیلئے چھینک لینا مفید ہے۔ بہراپن کیلئے گیرو اور دودھ چند روز کان میں ڈالیں۔

بیان امراض بینی یعنی ناک

علاج نکسیر۔ اگر خون ناک سے بار بار جاوے تو شربت نیلوفر و شربت عناب پئیں۔ سر پر برف کا ٹکڑا رکھیں۔ اور پھٹکڑی کی نسوار لیں۔ تازہ یا پرانا چمڑا جلا کر سونگھنا۔ سریش گلا کر دو لمبی پٹیوں پر لیپ کریں۔ پس ایک پٹی ناک کے سر سے تالو تک لگا دیں۔ دوسری ایک کان سے دوسرے کان تک لگا دیں۔ کہ پیشانی پر بھی لگ جاوے جب اس تدبیر سے خون بند ہو جاوے تب گائے کا گھی سونگھیں۔

کسی چیز کی بو نہ معلوم ہونا۔ زعفران۔ مصطگی۔ چھڑیلہ۔ سفوف کر کے نسوار لیں۔ **ناک سے بدبو آوے**۔ رائی اور برگ پودینہ تازہ ناک میں ڈالیں **مرض چھینک** کیلئے اجمود۔ بابڑنگ۔ شنگرف۔ اجوائن خراسانی۔ زعفران۔ سب برابر سفوف

کر کے نسوار لیں۔ قرحہ کے لیے چربی مرغ اور موم روغن گاؤ سے ملا کر فتیلہ بنا کر ناک میں رکھیں۔

بیان زبان اور منہ کی بیماریوں کا

علاج۔ اگر زبان بادی سے پھول جائے تو سونٹھ۔ زعفران دونو میں اگر چونہ سے پھوٹے صرف کتھ لگائیں۔ یا لونگ چبائیں نسخہ۔ اگر چھالے پڑ جائیں تو طباشیر۔ کتھ الائچی سفید۔ سنگ جراحت مساوی قدرے قدرے لیکر باریک کر کے زبان پر چھڑکنے سے چھالے دور ہو جائیں گے۔ یا بہیدانہ منہ میں رکھیں یا کھُتب پرانی کا آٹا منہ میں رکھیں۔ علاج۔ شقاق لب۔ اگر لب پھٹ گئے ہوں۔ تو مغز تخم خیارین پانی میں پیس کر طلا کریں۔ یا مکھن لگا دیں۔ علاج۔ بدبو دہن اگر منہ سے بو آتی ہو تو یہ گولیاں بنا کر منہ میں رکھیں لیکن بذریعہ قے معدہ پہلے صاف کریں۔

نسخہ گولیاں۔ الائچی خورد۔ چھالیہ۔ لونگ۔ عقرقرحا۔ ملٹھی۔ عرق گلاب اور قدرے شیرہ برگ تنبول ڈال کر کھرل کر کے گولیاں چھوٹی چھوٹی بنا کر منہ میں رکھیں۔

بطلان ذوق۔ یعنی اگر کسی چیز کا ذائقہ معلوم نہ ہوتا ہو تو پہلے تنقیح کریں پھر دماغ کا تنقیہ کریں۔ بعد ازاں اجوائن دیسی سیاہ مرچ ملا کر چبائیں یا رائی چبا دیں یا سرکا اور لہسن منہ میں رکھکر چوسیں۔ یا لونگ اور عقرقرحا چبا دیں۔

امراض دندان۔ دانتوں کی حفاظت کیلئے چیز دانتوں سے نہ چبا دے نہ توڑے اور جس کھانے سے دانت کند اور کھٹے ہو جاویں وہ نہ کھاویں اور کھانا کے بعد دانت اچھی طرح صاف کرے۔ رات کو ان پر روغن گل لیا کریں۔ نہائت تیز گرم یا سخت سرد پانی سے ہمیشہ پرہیز کریں۔ علاج۔ ہمیشہ نرکچور منہ میں رکھیں ہر طرح سے آرام رہے گا۔ درد دندان۔ مائیں۔ مازو۔ پھٹکڑی۔ ہلیلہ زنگی۔ عقرقرحا۔ تیزپات سب برابر

ملا کر منجن کریں۔ دیگر۔ کچلا جلا کر نمک ملا کر منجن کریں۔ دیگر۔ نمک سانبھر۔ مجیٹھ۔ عقر قرحا سیاہ مرچ سب ملا کر ملیں۔ کرم دندان۔ گندھک کا سفوف سرکہ میں حل کر کے اس میں روئی تر کر کے دانت پر رکھیں۔ یا پیاز کا بیج آگ پر ڈالیں اور دھواں نلکی کے ذریعہ منہ میں کھینچیں لعاب گرا دیں۔ کرم نکل جاویں گے +

ہلتے دانت کیلئے۔ مصطگی کا تیل ملیں یا مازو۔ سماق۔ مائیں۔ پھٹکری برابر ملا کر منجن کریں دانت کند ہو جانا۔ انڈا کی زردی بھون کر ملیں یا خمیرہ روٹی کا گودا گرم کر کے دانت میں دبا دیں۔ کھوکھلے دانت کے اندر یہ مصالحہ بھر دیں۔ پارہ ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۵ عدد ملا کر ۳ ماشہ چونہ اور ایک ماشہ افیون ملا کر کوٹیں۔ اور کھوکھل کے اندر بھر دیں +

مسوڑھے کی سوجن کیلئے۔ پھلا نوہ جلا کر ملیں یا گھی گرم کر کے ملیں تو چنبیلی کے پتے کیکر کی چھال پانی میں لگا کر اس میں قدرے پھٹکری ملا کر غرارہ کریں یا رائی پیس کر ملیں یا پارہ سنگ جلا کر ملیں۔ نسخہ مسّی سفید خوشبودار۔ نیلہ تھوتھا بریاں۔ کتھ سفید۔ عمدہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ نمک لاہوری سات ماشہ۔ زیرہ سفید بریاں تین ماشہ۔ کشنیز خشک بریاں ۷ ماشہ کسیس دو ماشہ۔ کپور کچری دو ماشہ۔ کباب چینی دو ماشہ مصطگی اور کسیس اور قسط کو علیحدہ پیسکر اور دوائیں علیحدہ پیسکر سب کو ملا کر دانتوں پر ملیں بعد استعمال دو گھنٹہ تک پانی گرم اور سرد سے پرہیز کریں۔ نسخہ مسّی سیاہ۔ ماجو بریاں۔ مجیٹھ۔ عقر قرحا پھٹکری بریاں۔ الائچی کلاں ہر ایک چھ ماشہ۔ سنگ راسخ تین ماشہ۔ ہلیلہ خورد ایک تولہ۔ بارہ سنگ سوختہ نو ماشہ۔ سب کا باریک سفوف کر کے دانتوں پر ملیں۔ لیکن اول قدرے نارجیل کھا لینا چاہئے اگر اس میں ایک تولہ لوہچون مار کر شامل کر دیں تو بہت مفید ہے۔ لوہچون کو نسپال کے سفوف سے ملا کر پانی سے تر رکھیں۔ چند روز میں مر جائے گا۔ نسخہ مسّی سرخ۔ شنگرف کسیس۔ مجیٹھ۔ نمک سانبھر رسوت۔ ہر ایک تین ماشہ۔ الائچی خورد و کلاں ۶ ماشہ۔ سب کا سفوف کر کے استعمال دانت

سرخ ہوں گے۔

بیان امراضِ گلو

اگر گلا بیٹھ گیا ہو تو کلونجی۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ نشادر۔ ہلیلہ زرد سب کو باریک کر کے شہد تین حصہ میں ملا کر چٹانا مفید ہے۔ اور نوشادر کو قدرے قدرے پانی میں حل کر کے غرغرہ کرنا بہتر ہے۔ یا اننناس کا گودا دودھ میں ابال کر غرارہ کریں۔ یا حقہ میں تمباکو کی جگہ جو بھر کر پئیں۔ یا خولنجاں اور سہاگہ دونو منہ میں رکھکر چوسیں۔ نسخہ دوم۔ اگر سردی سے آواز بیٹھ گئی ہو۔ تو قہوہ پلائیں۔ یا شوربا پلائیں۔ یا قدرے ہینگ پانی میں ملا کر حلق سے اتاریں۔ آواز کھل جائے گی۔ نسخہ سوم۔ اگر گرمی سے آواز بیٹھ گئی ہو تو تخم خیارین۔ تخم خرفہ۔ تخم کدو شیریں چھ چھ ماشہ لیکر عرق گاؤزبان میں ان سب کو رگڑ کر شربت بنفشہ دو تولہ ڈالکر پلانا آواز کھولتا ہے۔ یا گنڈیریاں چوسیں۔ علاج کنٹھ مالا یعنی خنازیر۔ تخم سرس دس تولہ کو خوب باریک پیسکر اس میں بیس تولہ شہد ملا کر ایک مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر منہ آرد ماش سے بند کر کے دھوپ میں رکھیں۔ بعد ایک ہفتہ کے ہر روز ایک ایک تولہ بوقت صبح خنازیر والے کو کھلا دیں۔ اگرچہ بدبودار تو ضرور ہو جائے گی لیکن اعلیٰ درجہ کی مجرب دوا ہے۔ اس سے بہتر کوئی نہیں۔ نسخہ کنٹھ مالا۔ بکری کے شانہ کی ہڈی جلا کر ایک ہفتہ میں ۷ درم پھانکیں۔ یعنی ہر روز ایک ماشہ پھنکا کریں۔ یا انسان مردہ کی ہڈی گھس کر شیر برگد میں ملا کر لیپ کریں۔ ورم تحلیل ہو جائیگا نسخہ دوم۔ برگ درخت پیلو۔ اونٹ کے پیشاب میں رگڑ کر گلے پر لیپ کر کے اوپر پان باندھیں۔ اس سے بھی آرام ہوگا۔ اور نسخہ مذکور کھلائیں یا بھنگرہ پانی میں گھوٹ کر مرچ سیاہ ملا کر اس کا پانی پلا دیں اور پھوکیں پر باندھیں۔

علاج کھانسی۔ خواہ خشک ہو یا نزلہ سے ہو۔ سبوس گندم ۲ تولہ۔ بنفشہ۔ بہیدانہ۔ ملٹھی گاؤزبان ہر ایک ۳ ماشہ۔ ان سب کو جوش دے کر چھان کر قند سفید ملا کر پئیں۔

نسخہ دوم۔ ہر قسم کی کھانسی کو مفید۔ مرچ سیاہ چھ ماشہ۔ عقرقرحا ایک تولہ۔ باؤبڑنگ چھ ماشہ سجی ایک تولہ۔ ادرک چھ ماشہ۔ برگ ببول تر ایک ماشہ سب کا سفوف بناکر عرق گھیگوار میں گولیاں ایک ایک ماشہ بناکر ہر روز صبح شام ایک ایک گولی کھانے سے کھانسی دور ہوگی۔ نسخہ سوم۔ کھانسی۔ دمہ۔ باؤگولہ بلکہ ہمہ امراض شکم و سینہ کو مفید۔ پھول آک جس کا منہ بند ہو چھ تولہ۔ اجوائن تین تولہ۔ نمک سیاہ تین تولہ سب کو باہم پیس کر سایہ میں خشک کریں۔ صبح کو ایک کف دست کھائیں۔ ترشی بادی سے پرہیز۔ نسخہ چہارم۔ کھانسی کو دور کرے۔ کاکڑاسنگی۔ سہاگہ بریاں۔ حب الآس۔ رب السوس۔ ہر ایک ہم وزن لیکر ایک کوزہ میں ڈال کر خاکستر کرکے چار رتی پان میں کھلادیں۔

جونک گلے میں لپٹنے کا علاج۔ کھانے کا تمباکو کو پانی میں جوش دیکر غرغرہ کریں یا منہ میں موٹھ رکھیں۔ جونک کو موٹھ سے محبت ہے۔ فوراً اس طرف آجاوے گی۔

ہر قسم کی سخت کھانسی کا علاج۔ پاؤ بھر نمک لاہوری باریک کریں۔ ایک برتن میں نصف نیچے نصف اوپر درمیان ۲ تولہ نوشادر کی ڈلی رکھکر برتن کا منہ بند کرکے ۱۲ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ نوشادر سفید پھولا ہوا نکلیگا۔ خوراک ۲ رتی خشک کھانسی والے کو مکھن میں۔ بلغمی کھانسی کو بتاشہ میں دیا کریں۔ مجرب ہے۔ دیگر۔ بہیدانہ کا لعاب نکال کر اس میں ملٹھی کا ست ملاکر گولیاں بنالیں۔ اور ہر روز رات کو ایک گولی منہ میں رکھکر چوسا کریں۔

کالی کھانسی۔ بنفشہ۔ ملٹھی۔ خطمی۔ لسوڑی۔ گل بنفشہ۔ گاؤزبان ہر یک ۳ ماشہ عناب دودانہ۔ منقی دودانہ۔ سب کو جوش دے کر اور لعوق سپستان ایک تولہ ڈال کر پلادیں۔ غذا میں بھنڈی توری دیں۔ دیگر۔ ملٹھی ۹ ماشہ۔ لسوڑیاں ۳۰ دانہ۔ کوکنار ۳ ماشہ ہر سہ ادویہ کو جوکوب کرکے رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ علی الصباح جوش دیں جب ڈیڑھ پاؤ پانی رہے۔ تو نشاستہ گندم ۷ ماشہ۔ آرد سونٹھ ۳ ماشہ مصری کوزہ ۳ تولہ۔

ملا کر پکاویں۔ جب حریرہ کے قوام پر آجاوے تو نیمگرم نوش کریں۔ اگر چھوٹا بچہ ہو تو ایک گھونٹ پلاویں۔ دیگر۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ ببول کی پھلی صمغ عربی ہر یک ۶ ماشہ جاوتری ۳ ماشہ۔ ملٹھی ۳ ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ۶ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ سب کو ملا کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔ اور صبح و شام ایک ایک گولی دیں۔ گولی کھا کر پانی نہ پئیں۔

بلغمی کھانسی۔ ستیاناسی کی جڑ مگر اس پیڑ کی لیں کہ جس کو پھول آئے ہوں اور ابھی پھل نہ لگا ہو پس جس قدر جڑ ہو اس کے برابر فلفل دراز کوٹ چھان کر لہسن میں ایک روز کھرل کر کے بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں اور ایک گولی گرم پانی سے کھالیں بلغم پانی ہو کر بہ جاوے گا۔

خشک کھانسی۔ دودھ کی بالائی نیمگرم کھلاویں۔ اور رات کو دودھ پلاویں۔

دمہ۔ اسے الفر بھی کہتے ہیں پھیپھڑے میں بلغم بھر کر دم مشکل سے آتا ہے نسخہ آسان اور عمدہ۔ چند جھینگر کڑاہی میں جلا کر ان کا سفوف بنا کر ۶ ماشہ ہر روز دونو وقت کھلایا کریں۔ دیگر۔ خاکستر استخواں کبوتر صحرائی بقدر دو رتی خالی پان میں ڈالکر دو وقت چند روز کھانے سے سخت دمہ دور ہو جاتا ہے۔ دیگر۔ گودنتی ہڑتال ۲ تولہ کو گینڈے کے پتوں کی نگدی میں جو آدھ پاؤ ہو رکھکر ۷-۸ کنڈوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باہر نکالیں۔ خوراک ایک رتی سے ۳ رتی تک پان میں کھاویں۔

نفث الدم کا علاج یعنی خون تھوکنا۔ گل ارمنی۔ انجبار۔ طباشیر۔ خرفہ ہر یک ۶ ماشہ سب کا سفوف بنا کر بہیدانہ کے لعاب کے ساتھ ۶ ماشہ پھانکیں۔ صرف بارتنگ ۶ ماشہ چند روز تک پھانکا کریں۔ برگد کا دودھ ۵ بوند بتاشہ میں رکھکر کھلایا کریں۔

سل کا نسخہ۔ سرطان ہندی سوختہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ غبار اسبا غوی السمک تخم گاؤزبان خشخاش سفید۔ کہربا۔ دم الاخوین ہر یک دو درم۔ تخم خطمی۔ گل گاؤزبان۔ ملٹھی۔ مغز بادام

مغز تخم کدو ہر یک ڈیڑھ درم۔ لعاب بہیدانہ۔ اقاقیا۔ گل ارمنی ہر واحد یک درم۔ زعفران ایک ماشہ افیون نیم ماشہ۔ طباشیر سفید ۳ ماشہ۔ کاہو مقشر اڑھائی ماشہ۔ پوست کوکنار اڑھائی ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر لعاب بہیدانہ میں خمیر کر کے گولیاں بناویں۔ قوی آدمی کو ایک ماشہ۔ کمزور کو نصف ماشہ شربت اعجاز سے دیں برابر کھلادیں +

دیگر۔ سنگ جراحت۔ زہر مہرہ۔ کتھ سفید۔ کتیرا گوند کیکر خشخاش۔ نشاستہ۔ تخم خطمی گیرو ہر ایک ۲ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ کوٹ چھان کر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام کھلاویں۔ اگر بخار بھی ہو تو نسخہ ہذا میں کافور ایک ماشہ زیادہ کریں +

علاج ذات الجنب۔ یعنی جس کو درد پہلو کہتے ہیں۔ اس درد کیلئے اگر مریض خوب جوان ہو تو فصد باسلیق جانب مخالف کھولنی مفید ہے۔ اور گل بابونہ۔ گل خطمی کر کے سینک دینا چاہیئے **نسخہ دوم** پوست بیخ انڈ ۱ ۶ ماشہ۔ شہد تولہ ڈال کر جوش کر کے پینا مفید ہے **نسخہ سوم**۔ بارہ سنگ قدرے۔ سیاہ مرچ پانچ عدد دونو کو رگڑ کر نیم گرم لگانا بھی درد کو دور کرتا ہے۔ اور زردی بیضہ مرغ اور ایلوا ان کا بھی لیپ درد رفع کرتا ہے +

نسخہ درد سینہ کیلئے مفید۔ مغز تخم کرنجوہ ایک بریاں و ایک خام دونو کو پیس کر ہمراہ پانی سے کھلائی۔ اور ہر درد کیلئے موم سفید کو روغن گل میں پگھلا کر جہاں درد ہو مالش کر کے روئی باندھ کر سینک دینا بہتر ہے۔ **علاج ذات الصدر**۔ یہ ایک ورم غشائی ہے۔ جانب قص یعنی سینہ کی طرف نشانی اس کی یہ ہے۔ کہ درد دونو ہڈیوں ہنسلی کے بیچ میں ہو اور بیمار اوپر نیچے نہ دیکھ سکے۔ اور نہ پشت و پہلو پر سو سکے ہر طرح تکلیف ہو صاحب ذخیرہ کا قول ہے کہ یہ سبب جمع ہونے ریم کا ہے +

نسخہ مجرب۔ بادام دو عدد۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ رب السوس۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ ان کا سفوف کر کے لعوق سپستاں ایک تولہ میں ملا کر کھلائیں۔ اور اوپر سے شیرہ مغز کدو شیریں پانچ ماشہ لعاب بہیدانہ تین ماشہ۔ شیرہ کاہو پانچ ماشہ۔ شربت بنفشہ دو تولہ ڈال کر پلائیں۔ اور

روغن زرد و روغن بابونہ۔ روغن بادام قدرے قدرے ملاکر مالش کریں اور بعض کا تجربہ ہے کہ صرف زنجبیل چھ ماشہ ہی کو پانی میں ڈال کر پلانا مفید ہے۔

علاج ڈبہ اطفال یعنی جس کو پسلی کا عارضہ کہتے ہیں نسخہ کمیلا۔ چونہ۔ ہلیلہ زرد۔ توتیا سبز۔ کتھ سفید۔ مساوی الوزن لیکر پیس کر گولیاں بنا رکھو۔ وقت ضرورت کے ایک گولی گھی میں حل کرکے لگائیں۔ درد رفع ہو۔ نسخہ دوم درد پسلی کو دور کرے۔ ایلوا مغز جمالگوٹہ مدبر ہموزن لیکر ایک لوہے کی کڑاہی میں قدرے عرق سونف ڈالکر لوہے کے ہی دستہ سے خوب پیسکر بقدر دانہ خشخاش کے بناکر ایک گولی بچہ کو دودھ ماں کے ساتھ دیں فوراً پاخانہ آکر درد رفع ہوجائے گا۔ اور کشتہ بارہ سنگ بھی اس مدد کیلئے کھانا مجرب ہے۔

امراض دل کا علاج

خفقان کا علاج شربت رنگترہ بہت مفید ہے۔ رنگترہ چھیل کر نچوڑ کر عرق نکال لیں۔ اور برابر کی مصری ملاکر قوام کرلیں۔ دیگر۔ انناس کا عرق ایک حصہ مصری دو حصہ ملاکر شربت بنالیں۔ دیگر خفقان بارد کے لئے سو عدد پختہ پان کر کوٹ کر عرق نکالیں۔ اور اس میں ایک رطل مصری ملاکر قوام کریں۔ اور اخیر پر خوشبو کے لئے گلاب بھی ملاویں۔ دیگر **خفقان** بارد کو زائل کرے۔ حافظ ارواح۔ مقوی معدہ وطحال وجگر محلل ریاح وامعاء مسخن بدن دافع بدبوئے دہن۔ نافع عسر ولادت۔ دافع بد بولسینہ ۲ تیزپات دس درم پیس کر شکر سفید پاؤ سیر ملاکر جوارش بناویں۔

غشی سپاری کی ڈلی نگل جانے سے بھی غشی ہوجاتی ہے۔ اس کی احتیاط کریں۔ اگر نگل جاوے تو ٹھنڈا پانی پلاویں۔ اور چھینکیں دیں۔ غشی کے واسطے ٹھنڈا پانی منہ پر چھڑکنا۔ خوشبو سونگھنا۔ ہوا کرنا۔ گلاب سرد کرکے چھڑکنا مفید ہے۔ سینہ پر سفیدا اور کاہو لگانا بہتر ہے۔

امراض پستان

چھاتیوں کو سخت کرنا۔ نسپال اور پھٹکڑی کا ضماد مفید ہے۔ دیگر کندر اور کوڑی سوختہ برابر ملا کر ضماد کریں یا چمگادڑ کا خون ملیں مجرب ہے ÷

چھاتی میں دودھ جم جانا۔ مونگ اور ساٹھی کے چاول برابر وزن پیس کر ضماد کریں

ورم پستان۔ گل خیرو۔ مکو۔ گوکھرو۔ نربسی افیون۔ گیرو۔ سب ایک ایک ماشہ پیسکر ضماد کریں۔ دیگر۔ ارنڈ کے پتے سرکہ میں پیس کر ضماد کریں۔ **دودھ زیادہ کرنیوالی دوا۔** سونف ستاور۔ زیرہ سفید برابر ملا کر سفوف کریں اور دودھ نیم گرم سے ایک کف دست دونو وقت پھانکا کریں۔ نیز بکری کا پھیپھڑا پکا کر کھاویں ÷

دودھ کو کم کرے۔ تخم کاہو۔ مسور۔ زیرہ۔ سرکہ میں پیس کر ضماد کریں ÷

دنبل پستان۔ یہ مرہم چھاتی کے پھوڑے کو جلد اچھا کرتا ہے۔ موم خالص ۶ ماشہ روغن زیتون۔ ایک تولہ۔ سہاگہ ۳ ماشہ تینوں کو ملا کر مرہم بنالیں ÷

امراض معدہ

ضعف معدہ کو مفید۔ انار دانہ۔ مصطگی۔ عود ہندی۔ پودینہ۔ زرشک۔ الائچی سفید سب برابر لیکر پانی میں جوش دیکر پئیں۔ ہر قسم کے ضعف کو مفید ہے۔ دیگر۔ سونف زیرہ سیاہ۔ لونگ سب برابر ہ اور کوٹ کر چینی کے برتن میں رکھیں۔ اوپر سے گندھک کا تیزآب چند قطرے ڈالیں۔ سب ادویہ حل ہو جاویگی۔ برتن کا منہ بند رکھیں۔ ہر کے درد معدہ کو مفید ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ بہت تھوڑا کھانا چاہیئے ÷

نمک سلیمانی۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ نمک سیاہ۔ نمک اندرانی۔ کچلون۔ ترپھلا۔ سونف۔ اجوائن۔ زیرہ سیاہ۔ مرچ سیاہ۔ کچور۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سہاگہ۔ نوشادر ہر یک ۶ ماشہ۔ سنا ۹ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر عرق لیموں یا سرکہ انگوری سے ۳ دن کھرل کر ضرورت کے وقت بقدر ۳ ماشہ کھاویں ÷÷

دوا اشتہی۔ جو بھوک لگاتی ہے۔ رام پھڑی ایک تولہ باریک کریں۔ اور ایک تولہ پارہ ملا کر کھرل کر ڈالیں۔ دوپہر تک پھر جاڑوں کے موسم میں ایک یا دو چاول روز کھایا کریں بھوک بڑھے۔ رنگ سرخ ہو۔ دیگر۔ پیپل لیموں کی رس میں ۴ روز کھرل کر کے ۲ رتی پان سیاہ میں رکھکر کھاویں۔ دیگر۔ بھوک لگانے کے واسطے از حد مفید۔ سیاہ نمک۔ سیاہ مرچ ہر یک دام۔ سہاگہ بریاں ایک دام ۱۲ پہر لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ خوراک ۴ رتی۔

معدہ کی ریاح کو مفید۔ قہوہ پینا ریاح کو خارج کرتا ہے۔ ترکٹا یعنی سونٹھ مرچ۔ پیپل ہر یک ۶ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۹ ماشہ۔ کچور ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر سفوف کریں۔ اور ۲-۳ ماشہ کھایا کریں۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ گلقند ایک تولہ ملا کر کھانا از حد مفید ہے۔

نفخ کیلئے مفید۔ عرق پودینہ ۵ تولہ میں روغن بادام ۶ ماشہ ملا کر گرم کر کے دیں۔ ڈکار آکر نفخ جاتا رہے گا۔

ہیضہ کی دوا۔ پودینہ کا ست جو سفید اور خشک شورہ قلمی کی مانند ہوتا ہے نہایت مفید ہے۔ ۲-۳ رتیاں کھلانے سے ہیضہ دور ہو جاتا ہے۔ دیگر۔ نوشادر کے جوہر جو تین بار اڑائے ہوئے ہوں۔ آدھ ماشہ کھلا دینے مفید ہیں۔

گولیاں قوی ہیضہ کی لاثانی دوا۔ پودینہ کا ست سفید۔ خشک نوشادر کے جوہر ہر یک ایک حصّہ۔ مدار کے پھول ۲ حصہ۔ مرچ سیاہ بقدر ذائقہ سبکو ادرک کے عرق سے کھرل کر کے گولیاں چنے کے برابر بنالیں۔ ایک گولی از حد مفید ہے۔

دیگر۔ صاحب ہیضہ کو اگر اسی کا پیشاب پلاویں تو صحت ہو۔

دیگر۔ سرخ مرچ کا بیج ایک عدد موم میں لپیٹ کر گولی بنا کر کھلاویں۔

ہچکی کا علاج۔ اگر خشکی سے ہو تو جلیبیاں کھلاویں۔ گھی دودھ پلاویں۔ اگر ریح سے ہو تو زیرہ سرکہ میں ابال کر بطور چائے پلاویں۔ دیگر۔ نکی کی گلی باریک کر کے چٹکی بھر

کھلاویں۔ دیگر کلونجی ۳ ماشہ پیس کر ایک درم مکھن ملا کر کھلاویں۔ دیگر ببول کے کانٹے خشک یا تر پانی میں خوب پکا کر چھان کر پلاویں۔ اگر بخار میں ہچکی ہو تو سکنجبین گرم پانی میں گھول کر پلائیں۔ مادہ قے کے راہ نکل جاوے گا*

عطش یعنی پیاس کا علاج۔ اسبغول۔ عرق نیلوفر سے پھانکیں۔ یا دہی کا مٹھا بنا کر اس سے پلاویں۔ دیگر شربت لیموں سے تخم ریحاں پھانکیں۔ بچوں کی پیاس کو مفید ہے۔ کنول گٹہ نیم کوب۔ دھانوں کی کھیلیں۔ دھنیا۔ گل نیلوفر۔ طباشیر سب برابر ملا کر یا ان میں سے جو مل سکیں وہی لیکر پانی میں تر کے پلاویں*

معدہ میں دودھ اور خون جم جانیکو مفید۔ خنک دانہ پانی میں پیس کے پلاویں۔ دودھ جو معدہ میں جم گیا ہوگا۔ اسکو پھاڑ دیتا ہے۔ **دیگر برائے خون** رائی دو دام گرم پانی میں پیس کے پئیں۔ خون جو معدہ میں منجمد ہو گیا ہو اسکو مفید ہے*

قے اور متلی کا علاج۔ لونگ منہ میں رکھنا قے بلغمی کو مفید ہے۔ لیموں چوسنا سنگترہ کھانا۔ املی کا عرق پینا قے صفراوی کو مفید ہے۔ سکنجبین پلا کر قے کروانا فساد غذا کی متلی کو مفید ہے۔ ناریل دریائی۔ زہر مہرہ اور نرلسی تھوڑی پانی میں گھس کر دینا اوبکائی کو مفید۔ شربت فالسہ تھوڑا تھوڑا پینا مفید ہے۔ سرخ چاول ساٹھی کے پانی میں بھگو کے ان کے پانی پئیں۔ شراب کی قے کو مفید ہے۔ دیگر برگ کاریلہ جلا کر اس کی راکھ تھوڑی کھاویں۔ قے بند ہو جاویگی۔ ہاتھ پاؤں باندھیں اور الائچی چبا دیں۔ تھوڑی دلبر پارہیں*

امراض جگر

استسقاء۔ جلودہر تین طرح کا ہوتا ہے لحمی۔ طبلی۔ زقی۔ لحمی میں تمام بدن پر ورم ہو جاتا ہے۔ زقی میں صرف پیٹ پھول جاتا ہے۔ باقی اعضا دُبلے ہو جاتے ہیں۔ طبلی میں جسم

کے اندر بھر جاتی ہے۔ اور ہاتھ مارنے سے طبلے کی طرح آواز نکلتی ہے۔ سبب اس مرض کا جگر کا ضعیف ہونا ہے۔ خواہ کسی سبب سے ہو۔ کمزور ہو کر سرد ہو جاتا ہے۔ اور غذا خام بدن میں جا کر ورم پیدا کرتی ہے۔ **علاج** مریض کو پانی حتی المقدور نہ دیں۔ اگر ضرورت پڑے تو اُبالا اور سرد کیا ہوا پانی دیں۔ غذا شوربا اور مرغن اشیا دیں۔ بیخ کاسنی۔ بیخ بادیان اور مکو کا پانی از بس مفید ہے۔ حمام کرانا۔ پسینہ لانا۔ دھوپ میں بیٹھنا مفید ہے کشتہ فولاد بہت عمدہ علاج ہے۔ دریائے شور سے نہانا جلد آرام کرتا ہے۔ **دیگر** گائے کا گوبر جلا کر راکھ اس کی ½۳ مثقال ہر روز کھاویں۔ یا اندرائن کی جڑ جوش دیکر پلاویں کہ مادہ دستوں کے راہ خارج ہو۔ کچنال کے پتوں کا عرق پینا جلد آرام کرتا ہے۔ **دیگر** ۲ دام شہد ۴ دام پانی لوہے کا بجھا ہوا ملا کر چند روز پلاویں۔ **دیگر** اندرائن کو پانی میں پیس کر لگاویں۔ بعد ولادت پیٹ بڑھ جانے کو مفید۔ **دیگر** بھیڑ کی مینگنی مکو کا عرق ملا کر لیپ کریں۔ **قرص لک** ہر قسم کے استسقا کیلئے مفید ہے۔ لاکھ دھوئی ہوئی ۴ حصہ۔ ریوند۔ تخم کاسنی۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین ہر ایک ۳ حصہ مجیٹھ۔ بادیان کو اجمود بالچھڑ۔ تج ہر ایک ۲ حصہ۔ اجوائن۔ قسط تلخ ہر یک ایک حصہ سب کو کوٹ کر قرص بناویں۔ اور ایک درم سے دو درم تک کھاویں۔

یرقان۔ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک صفرا کے غلبہ سے جسے یرقان زرد کہتے ہیں۔ دوسرا سودا کی زیادتی سے جس کو اسود کہتے ہیں۔ **دوا** ابندال زرد رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو زلال کی سعوط لیں۔ دماغ سے زرد پانی نکل کر آرام آجاوے گا۔ **دیگر** مونگ سبز ۲ یا ۴ رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو اس کا زلال پئیں۔ **دیگر** جوان آدمی کو دو ماشہ چونہ کیلہ کی پھلی پختہ کے ٹکڑے میں رکھکر کھلاویں۔ اور باقی پھلی اوپر سے کھلادیں۔ اور اگر بچہ ہو تو ایک ماشہ چونہ اور چوتھائی پھلی کافی ہے۔ **دیگر** ببول کی پھلی مصری میں ملا کر پیس کر ہر صبح ایک تولہ پئیں۔ **دیگر** مولی کا اچار سرکہ میں بنا ہوا بہت مفید ہے۔

جگر کا ورم۔ عرق مکو۔ عرق کاسنی۔ شربت انار ملا کر دیں۔ اور زرشک ترش ۶ ماشہ پھنکاویں۔ اگر قبض ہو تو انبلتاس دیں۔

طحال یعنی تلی۔ نوشادر کے جوہر جو چند بار ستوا تر اڑانے سے سرخ ہو گئے ہوں۔ اگر ہر روز ایک ماشہ کھائے جاویں۔ تو چند روز میں تلی کو تحلیل کر دیتے ہیں۔ دیگر عرق گلاب خالص ۳ تولہ میں گندھک کے ۲ قطرے ملا کر ہر روز پلایا کریں۔ چند روز میں آرام ہو جاویگا۔ دیگر جھاؤ کی پتیاں آدھ پاؤ ۲ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی پانی رہے تب مل کر چھان کر پلاویں۔ دیگر نمک چھکنی پیس کر بقدر چار رتی جوان آدمی کو کھلاویں۔ ایک ہفتہ مداومت کریں۔ سرخ پاخانہ آیا کرے گا۔ بالکل آرام ہوگا۔

امراض امعاء (آنت)

اسہال کا علاج۔ دست کبھی گرمی کے سبب آتے ہیں۔ اور کبھی بادی کے سبب۔ **بادی کے دستوں کا علاج۔** سہاگہ ایک ماشہ۔ شنگرف ۱۲ ماشہ۔ افیون ۴ ماشہ سب کو کوٹ کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی روز کھلاویں۔ اگر ضرورت ہو تو دو گولیاں روز دیں۔ ایک صبح ایک شام۔ اگر رات کو دست زیادہ آتے ہوں تو شہد کے ساتھ کھلاویں۔ اگر دن کو زیادہ آویں تو عرق لیموں سے دیں۔ دیگر پان میں کھانیوالا چونہ اور افیون برابر ملا کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور ہر روز ایک یا دو گولیاں عرق سونف سے کھلادیں۔ بادی کے اسہال اور سنگرہنی کو بالکل آرام ہوگا۔ **گرمی کے دست۔** اسبغول ۶ ماشہ پھانک کر اوپر سے شربت فالسہ یا نیلوفر پئیں دیگر۔ نسپال اور آملہ کا پوست برابر ملا کر پانی میں گھوٹ کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور ایک گولی پانی سے یا عرق کاسنی سے دیں۔

پیچش بادی۔ جب پیٹ میں درد اور مروڑ پیدا ہو کر دست آویں اور آون گرے

تو ہیچش سمجھو۔ اس کا نسخہ یہ ہے۔ سونف ۶ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ سفوف کرکے ۲ تولہ گلقند میں ملا کر کھادیں۔ دو تین دفعہ میں آرام ہو جاوے گا۔ **دیگر**۔ پودینہ کا ست ایک ماشہ مرچ سیاہ ۳ ماشہ ہینگ ۲ ماشہ سب کو عرق پودینہ سے کھرل کرکے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور عرق سونف یا عرق پودینہ سے ایک گولی کھلادیں۔ بادی اور ریح کی مروڑ کو بھی آرام ہو جائیگا **خونی پیچش**۔ بیج انجبار ۶ ماشہ آدھ پائی میں بھگو کر تھوڑے عرصہ بعد مل کر چھان لیں۔ اور شربت انجبار یا شربت فالسہ یا شربت نیلوفر ۲ تولہ کر پلائیں ذیل کی گولیاں تنہا یا اس عرق سے کھلانا از حد مفید ہے۔ مصطگی طباشیر۔ سیاہ مرچ انار دانہ۔ مغز تخم انبہ گھسا ہوا۔ مٹی۔ مائیں۔ گل دھاوا مانند سب برابر پیس کر پوست کے پانی سے گولیاں بنالیں خوراک ایک دانگ ساٹھی کے چاولوں کے پانی سے دیں۔

بچوں کے دستوں کو مفید۔ انیس ایک ماشہ یا کم و بیش میں پیس کے دیں۔ **دیگر**۔ انار کی کلی۔ ببول کی پتیاں۔ باویاں بریاں۔ پوست خشخاش سوختہ سب ہموزن ملا کر عمر کے موافق شہد میں ملا کر چٹائیں۔ خوراک ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک دوا بچوں کے ان اسہال کو مفید ہے۔ جو دانت نکلنے کے سبب ہوں بیلگری کتھ آملہ کا پوست کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک موافق مزاج کے۔ **دوا** بچوں کے ہرے دستوں کے لئے بچہ کی والدہ کا دودھ نیپال کے کٹورے میں ڈالکر بھوبل پر گرم کرکے بچہ کو دیں۔ **دیگر**۔ ببول کی پتیاں۔ لونگ مردار سنگ گلنار۔ زعفران۔ نیب کی کونپل۔ سونف زیرہ سیاہ و سفید۔ نمک سوختہ۔ تج اجوائن۔ بابڑنگ ہر ایک ۱ ماشہ سب پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور ایک گولی صبح و ایک شام کو دیں۔ اگر مردار سنگ کے عوض زہر مہرا ملالیں تو اور بھی اچھا ہے۔

ناف کے دستوں کو مفید۔ برگد کا دودھ ناف میں بھر دیں۔ اور ناف کے گرد بھی لگادیں **دیگر** پھٹکڑی ۳ درم نانہ ۲ عدد کوٹ چھان کر سرمہ میں ملا کر لگائیں مادہ پت سے

پٹی باندھیں۔ **حب آنتوں کے زخموں۔** اور خونی اسہال کو مفید ہے۔ گیرو۔ کتھ
رال۔ گوند کتیرا۔ تخم کونچ مقشر بیگری سب برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر جنگلی بیر کے برابر
گولیاں بنائیں اور صبح و شام دیں۔ **دوا سدہ کی پیچش کیلئے مفید۔** روغن بید
انجیر ۳ تولہ۔ بادام روغن ۶ ماشہ۔ عرق پودینہ ۵ تولہ۔ لعاب صمغ عربی ۶ ماشہ سب کو ملا کر
سر شام پلادیں۔ صبح تک سدے پھسل کر نکل جاوینگے۔ **جمال گوٹہ کھانے سے اگر**
دست آویں۔ تو آدھا درم کتیرا پیس کر دہی میں ملا کر کھادیں اور ہاتھ پیر سرد پانی سے دھلائیں

قولنج کا علاج۔ مغز کرنجوہ۔ مغز بید انجیر۔ نک چھکنی۔ ہینگ۔ سونٹھ سب برابر ملا کر
کوٹ کر بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کھادیں نیم گرم پانی سے۔

دیگر۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ نرکچور ۱۲ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ایک تولہ۔ اجمود۔ اجوائن خراسانی
انیسوں۔ تخم سویا۔ تخم ترب۔ تخم پیاز۔ زرد چوب۔ سونٹھ ایلوا ہر ایک ماشہ جوکھار ایک تولہ
عصارہ ریوند ۶ ماشہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبر ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۷ ماشہ۔ مغز کنجد کول ایک
تولہ۔ مغز بید انجیر ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ سب کو باریک کر کے آب کرفس میں گولیاں
بقدر جنگلی بیر بنادیں۔ ایک گولی سے ایک اسہال ہوگا۔ دو سے دو ۳ سے تین دست
آویں گے۔ اگر قولنج زیادہ سخت ہو تو ۳ گولیاں دیں۔ سدہ کھل جائے گا۔

دیگر۔ تخم حالیوں ۵ درم پانی میں پکا کر شکر اور تھوڑا سا روغن بادام ملا کر پلادیں
ریح کے قولنج کو فوراً آرام ہوگا۔

ڈبہ اطفال کیلئے مجرب ہے۔ سہاگہ تیلیا۔ توتیا۔ مغز جمالگوٹہ ہر ایک ایک درم تھوہر
کے دودھ میں پیس کر مسور کے برابر گولیاں بنادیں اور ناف کے گرد لیپ کریں۔ **دیگر۔** بھیڑیا
کا پاخانہ کمر میں باندھنا قولنج کے لئے بالخاصیت مجرب ہے۔

برائے ڈبہ۔ مغز تخم کھیرہ ۵ عدد پانی میں پیس کر دیں۔ **دیگر۔** جنگلی خرگوش کا خون
یا گولوچن مسور کے برابر بچہ کو کھلادیں۔ **دیگر۔** برگ سداب ۲ تولہ برگ تلسی سیاہ ۳ تولہ

لونگ ایک تولہ۔ ہیرا ہینگ ایک تولہ سب کو باریک کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ اگر چار چار روز میں ایک ایک گولی بچہ کو کھلا دیں۔ تو کبھی یہ مرض نہ ہوگا۔ اور اگر بڑے آدمی کو تشنج ہو۔ تو چار سے ۶ گولی تک کھلا دیں فوراً آرام ہوگا؂

ویدان شکم۔ یعنی کرم پیٹ کے کیڑے کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک لمبے لمبے سفید انکو خراطین کہتے ہیں۔ ایک چھوٹے چھوٹے سفید اُن کو چنے یا چیچنے کہتے ہیں۔ ایک گول ان کو کدو دانہ کہتے ہیں۔ **علاج** کمیلا چھ ماشہ ملا کر دہی میں کھلا دیں یا کو کھنگرہ کوٹ کر اس کا شیرہ یا نگدہ پاخانہ کی جگہ رکھیں چنچنے دفع ہوں۔ **دیگر**۔ کھٹے انار کا پوست درخت توت کی چھال ہر یک دو تولہ نیم کوب کر کے پانی میں جوش دیکر چھان کر پئیں۔ **دیگر** کدو دانہ اور خراطین کو مفید ہے۔ بکائن کی جڑھ کی چھال ۲ تولہ کو ۸ سکورہ پانی میں اسقدر پکائیں۔ کہ ایک سکورہ پانی رہے۔ پس تھوڑا گڑ ملا کر پلا کر سلا دیں۔ اسی طرح تین دن کریں۔ **دیگر** گوگل ۷ ماشہ۔ تربد موصوف ۷ ماشہ کبیلہ ۷ ماشہ بابڑنگ ۳۰ رماشہ سب کو کوٹ کر شہد ملا کر کھلا دیں۔ یہ جوان آدمی کیلئے ایک خوراک ہے۔ کمزور آدمی اور بچہ کو اس سے کم کر دیں؂

امراض مبرز

خروج مبرز۔ یعنی کانچ نکلنا۔ **علاج**۔ آنبہ کی پتیاں۔ جامن کی پتیاں اور دونوں کی چھال نیم کوفتہ جوش دے کر اس پانی سے استنجا کرے۔ **دیگر**۔ انڈا کی سفیدی سفر کے اندر باہر لگا دیں۔ ورم اور درد مبرز کو مفید ہے **دیگر**۔ گلنار سرمہ انار۔ مازو سب برابر ملا کر سفوف بنا لیں۔ اور کانچ اندر کر کے اس پر چھڑکا کریں۔ چند روز میں آرام ہو جائیگا؂

بواسیر۔ بواسیر خونی کو مفید۔ رسوت ۷ ماشہ مویز معہ تخم ۱۴ ماشہ کتیرا ۷ ماشہ سب کو

کوٹ چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں۔ ہر صبح ایک گولی کاور پر سے کوٹ کر لقمہ مرغن کھادیں۔ دیگر۔ بوٹی زخم حیات کا پانی پلادیں۔ بواسیر خونی کو مفید ہے۔ دیگر سرسوں کے بیج ایک تولہ۔ گل صد برگ ساڑھے ۳ ماشہ۔ سیاہ مرچ ڈیڑھ ماشہ خوب باریک گھونٹ کر اور چھان کر پلادیں۔ ۹ روز میں بالکل آرام ہوگا۔

بواسیر بادی۔ بکن ایک مشہور بوٹی ہے۔ بس وہ ۶ ماشہ اور دو سیاہ مرچ قدرے پانی میں پیسکر چھان کر پلادیں۔ اُوپر سے چکنی غذا کھلادیں۔ ایک ہفتہ میں آرام کلی ہوگا۔ دیگر۔ مغز تخم بکائن۔ رسوت گوگل زرد سب برابر کوٹ کر عرق گندنہ سے کھرل کرکے حبوب بقدر مونگ بنالیں۔ اور رات کو سوتے وقت ایک گولی کھلادیں۔

دیگر بواسیر خونی و بادی کو مفید۔ ترپھلا ۲ درم۔ صدف سوختہ و بارہ سنگھا سوختہ ہر ایک ایک درم۔ اجوائن ۳ درم گوگل سب سے دوچند سب کو پانی میں حل کرکے گولیاں بنالیں۔ اور ہر روز ایک گولی کھلادیں۔

دیگر۔ بابل کے بیج ایک حصہ شکر دو حصہ ملا کر ۳ ماشہ کھادیں۔ دیگر کالی زیری ۴ درم بھونیں آدھی خام ساٹھی کے چاول کے پانی کیساتھ ایک درم روز کھادیں۔

امراض گردہ مثانہ

درد گردہ۔ عطر گلاب خالص اعلیٰ درجہ قدرے گرم کرکے درد کی جگہ مالش کریں اور پٹی گرم کرکے باندھیں۔ دیگر۔ شیشم کے پھلوں کے بیجوں کا تیل نکالکر اسمیں ارنڈ کی مقشر گریاں بھون کر سرخ کرلیں۔ پھر ایک گری صبح اور شام کھادیں۔ اُوپر سے قدرے دودھ پیئیں ۱۵ روز میں بالکل آرام ہوگا۔ اور پھر سنگ گردہ پیدا ہوگا۔ دیگر حجر الیہود کو مولیوں کے پانی سے تشویہ دیں۔ ایک ماشہ کھلا کر اُوپر سے شربت بزوری معتدل پلائیں دیگر۔ انگور کی کونپل جوش دیکر شکر ملا کر ۹ روز کھانے سے فائدہ ہوتا ہے دیگر چولائی کا ساگ

پتھری دور کرتا ہے **ضعف مثانہ**۔ پستہ بادام۔ چھوہارا سب کو برابر ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ ہر روز ایک گولی صبح ایک شام کھلاویں۔ پیشاب کا بار بار آنا بند ہو جائیگا۔ دیگر تقطیر البول کیلئے سفید کنول گٹہ۔ گل نیلوفر۔ دھان کی کھیلیں پانی میں بھگو کر اسپانی کو پلاویں انشاء اللہ آرام ہوگا

بیان امراض جلد

علاج برص یعنی سفید داغ۔ تنقیہ بلغم اور خون کو صاف کرے: اجوائن خراسانی ہالیون ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔ اول روز ہم رتی شیر گاؤ سے کھائیں۔ اور دوسرے روز رتی اسی طرح چودہ روز تک ہم رتی کھائیں۔ پھر ہر روز ایک رتی زیادہ کریں۔ جب سترہ رتی ہو جائے۔ تو بس برابر ہم روز سترہ رتی ہر روز کھاویں۔ اور سفید داغوں پر تخم تمباکو کا تیل طلا کریں۔ **نسخہ دوم**۔ دافع داغ سفید۔ بابچی تخم پنواڑ اجود۔ ہموزن باریک کرکے شہد سے گولیاں بنا کر سات ماشہ روز کھاویں۔ نمک چکنی شہد میں ملا کر سفید داغوں پر لیپ کریں ؛

نسخہ سوم۔ جنگلی انجیر کی جڑ۔ باپچی۔ سہاگہ ابلی سب کو تازہ پانی میں پیس کر دن میں دو دفعہ لیپ کریں۔ داغ دور ہونگے مجرب ہے۔ **نسخہ چہارم**۔ برگ حنا چار تولہ۔ برگ جل نم چار تولہ کو صرف پندرہ تولہ پانی میں وقت رات کے تر کرکے صبح ل چھان کر اسکو پئیں اور باپچی تولہ۔ سہاگہ ۶ ماشہ کو سرکہ سے پیس کر ان داغوں پر لیپ کریں

علاج داد۔ پوست ناریل لیکر اس کا تیل پتال جنتر سے نکال کر داد پر لگائیں۔ چند روز میں داد صاف ہوگی۔ **نسخہ دوم**۔ دافعہ داد خواہ کتنی مدت کا ہو۔ چوب قسط پنواڑ سیاہ دانہ۔ ہلدی۔ مائی۔ پوست ناریل کی راکھ۔ آملہ بھنگرہ بارہ نگ ہموزن پیسکر سرکہ میں حل کرکے داد پر لیپ کریں۔ انشاء اللہ داد جاتی رہے گی ؛

نسخہ سوم۔ داد خارش ہر قسم پارہ۔ نیلہ تھوتھا۔ آملہ سار گندھک گندھک پاپڑہ یا سہاگہ تیلیا۔ کبیرو۔ شورہ قلمی ہر ایک چھ ماشہ۔ روغن زرد مادہ گاؤ ۱۵ تولہ میں پہلے پارہ گندھک

کو خوب کھرل کریں جب کھرل ہو جاوے۔ تو شورہ قلمی باریک پیسکر ڈالیں اور خوب کھرل کریں۔ کہ ایک ذات ہو جاوے۔ پس سنبھال کر ایک چینی کے برتن میں رکھیں اور داد پر چند روز لیپ۔ اور اگر خارش خشک ہو۔ تو قدرے لیکر مالش کر کے دھوپ میں بیٹھ کر گرم پانی سے غسل کریں۔ لیکن غسل کے وقت چنے کا آٹا بدن پر ملیں۔ اور پھر قدرے روغن چنبیلی کی مالش کریں نہایت مفید ہے **نسخہ چہارم**۔ مغز تخم خربزہ گھوٹ کر مکھن کی طرح بنا کر لگاویں۔ مجرب ہے۔ **خارش بدن**۔ چنبیلی کا تیل سر کہ میں ملا کر مالش کریں۔ یا ہڑتال زرد ایک حصہ برگ نیم دو حصہ خوب باریک سرمہ کی مانند کریں۔ اور چکنی غذا تھوڑی سی کھا کر اوپر سے یہ دوا ہر روز ایک یا دو رتی بالائی یا مکھن میں لپیٹ کر کھا لیا کریں۔ چند روز میں خون صاف ہو کر ہر قسم کا فساد خارش وغیرہ دور ہو جائیگا ؁

علاج مہاسہ۔ چہرہ یعنی جسکو کیل نکلنا کہتے ہیں۔ سمندر جھاگ ۲ ماشہ۔ بادام تلخ ۱ تولہ ان سب کو کوٹ کر رات کو منہ پر ملیں۔ اور صبح گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اسی طرح چند روز کرنے سے کیل صاف ہونگے۔ **نسخہ دوم** چہرے کی پھنسیوں کو دور کرے۔ مغز بادام۔ مغز نارجیل خشخاش سفید ہر ایک ڈھائی تولہ جغرات یعنی دہی دس تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ اول زردی بیضہ کو دہی میں حل کریں پھر تینوں چیزوں کا سفوف ڈالکر خوب حل کر کے بوقت شب ۲ تولہ کے قریب منہ پر ملیں۔ صبح گرم پانی سے منہ دھوئیں۔ اور بعد دھونے منہ کے قدرے چنبیلی کا تیل لگائیں ؁

علاج گنج۔ جس کے سر میں گنج ہو گیا ہو۔ اسکو چاہیے کہ گکرے کے خشک لیڈوں کا تیل پتال جنتر سے نکالکر سر پر چند روز لگانے سے فائدہ ہوگا ؁ **نسخہ دوم**۔ مائیں برگ حنا خشک کمیلہ ہر ایک تولہ۔ مردار سنگ ۶ ماشہ نیلا تھوتھا ایک ماشہ گھی ایک ماشہ سب کو مرہم کر کے سر پر لگائیں ؁

علاج کلف۔ جسکو چھائیں کہتے ہیں۔ پوست انار ترش پوست ترنج ہر روز برابر کر کے

انگوری میں ملا کر جھائیں پر ملیں۔ **نسخہ دوم**۔ تخم مولی جر جیر دونوں کو پیسکر لیپ بھی مفید ہے
علاج بدبو بغل۔ چونہ پانی میں پیس کر لگانا مفید ہے ؛
علاج بدبو دہن۔ کہنہ کیسے مفید۔ الائچی خورد۔ پان۔ دھنیاں۔ وزن مساوی لے کر کوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ روز ایک گولی منہ میں لے کر عرق چوسیں دن میں ۳ بار اسی طرح کریں۔ **نسخہ دوم**۔ گل انارہ۔ الائچی خورد۔ کتھہ۔ پا پڑہ ہر ایک ایک تولہ لیکر عرق گلاب میں جوش دیکر سونے کیوقت کلیاں کریں۔ منہ خوشبودار ہو جائیگا ؛
آگ سے جل جانیکا علاج۔ آگ سے یا گرم پانی سے اگر جل جائے۔ تو وہاں پانی ہرگز نہ لگاوے بلکہ فوراً سوکھا آٹا اوپر لگا دے یا عضو کو آٹے میں دبا دے یا سینک دے یا آسی کو گھس کر لگا دے۔ یا اچار کا تیل لگا دے۔ یا رال پیسکر تیل سے چکنا کرکے چند بار پانی سے دھو ڈالے۔ کہ مرہم بن جاوے۔ اس ... لگا دے ؛
نسخہ تیل کے جلے ہوئے کا۔ سفیدی انڈے کی تیل کنجد میں گھول کر قدرے سفیدہ کاشغری ملا کر لگائیں۔ **نسخہ دوم** روغن کنجد دس تولہ اور کھانے کا چونہ ۲ تولہ ان دونوں کو خوب ہاتھ سے ایک پہر تک اسہل مرہم کی طرح روئی سے لگائیں۔ چند روز میں آرام ہوگا ؛ **علاج**۔ اگر چونہ کھانے سے زبان پھٹ گئی ہو۔ تو لعاب اسپغول یا برگ گوندنی وغیرہ سے غرغرہ کریں۔ اور روغن بادام یا گھی سفید ملیں۔ اور مغز نایل چبانا مفید ہے یا کوکیں قدرے کھائیں۔ یا لونگ چبائیں ؛
نسخہ دافع ورم ناخن۔ اگر ناخن کے نیچے ورم ہو جائے۔ تو اسپغول باندھنا مفید ہے۔ یا کلونجی پیسکر باندھیں۔ یا بکری کا پتہ باندھیں۔ یا پیاز در نمک باندھیں
علاج چوٹ گرنے یا کسی چیز کے لگنے سے ہو۔ ایلوا۔ افیون نمک سنگ۔ بیخ سرکنڈہ سجی۔ ہلدی۔ مساوی الوزن پانی میں پیس کر نیم گرم مقام ضرب پر لگائیں ؛
سیت کا علاج۔ یعنی ہاتھ پاؤں کا سُن ہو جانا۔ بینگن پوست نیم کوفتہ پانی میں

جوش دیکر ہاتھ پاؤں کو اس سے دھودیں۔ **دیگر**۔ بالچھڑ لگادیں یا سیاہ دھتورہ کے بیج جلا کر ایک ماشہ روز پھانکیں ایک ہفتہ تک ہاتھ پاؤں کی خارش جو موسم سرد میں ہو۔ بورہ چھان اور نمک پانی میں ڈالکر اس سے ہاتھ دھویں ؛

زخم کا علاج۔ اگر جوتی کاٹے تو بالش گھس کر لگادیں۔ یا چمڑہ جلا کر چھڑکیں ؛

تازہ زخم پر۔ کپڑا پانی سے تر کرکے باندھیں۔ اور اسے ہر وقت تر رکھیں جلدی روز میں آرام ہوگا۔ یا موم لگا کر کس کر باندھدیں۔ یا کاربالک کا تیل لگادیں۔ اگر پیپ پڑ جاوے۔ تو مرہم لگاویں۔ نسخہ یہ ہے ؛ موم ایک تولہ کنجد ایک تولہ۔ اول موم لگاویں پھر تیل ملاکر اس میں ۳ ماشہ سیندھور ملا کر گھوٹ لیں۔ **دیگر** گندہ بیروزہ تین تولہ پارہ ایک تولہ۔ زنگار ۳ ماشہ تینوں کو اچھی طرح ملالیں۔ خراب زخموں کو جلد اچھا کرتا ہے۔ **دیگر** موم چربی گردہ تیل کنجد تینوں برابر گھوٹیں۔ پھر ان میں سہاگہ ایک حصہ۔ گیرو ۱/۲ حصہ نیلا تھوتھا ۱/۴ حصہ ڈالکر مرہم بنالیں اور لگادیں۔ **دیگر**۔ پارہ اور گندھک برابر وزن ملا کر کھرل کرکے کجلی بنالیں۔ اور مکھن میں لگادیں۔ بدبودار زخموں کو جلد خشک اور اچھا کرتا ہے ؛

زخموں کے کرم کیلئے۔ کمیلا تیل میں حل کرکے زخم پر لگادیں۔ یا شفتالو کے پتے گھوٹ کر لگادیں۔ یا کاربالک تیل لگادیں۔ یا کوئلہ باریک پیسکر اسمیں تمباکو کا گل جلا ہوا ملا کر سفوف کریں اور لگادیں۔ **ناصور کی دوا**۔ کنکھجورا اور سانپ کی کینچلی جلا کر راکھ برگد کے دودھ میں ملا کر روئی تر کرکے ناصور پر رکھیں۔ پورانا ناصور اچھا ہو جاوے گا۔ **دیگر** گولر کے دودھ میں پھاہا تر کرکے رکھیں۔ **دیگر**۔ زرد کوڑی جلا کر راکھ کرلیں پھر برابر کی مسور کی دال چھلی ہوئی اور کافور برابر ملا کر مکھن میں ملا کر لگادیں **چوٹ کو مفید** ہلدی اور سجی دونوں کو ملا کر میٹھے تیل میں حل کرکے چوٹ پر ملیں۔ **دیگر**۔ سجی باریک پیس کر انڈا کی سفیدی میں ملا کر ورم پر لگادیں۔ **دیگر** گھی لگانا اور سینکنا بہت مفید ہے **دیگر** میٹھی کھل کا لیپ کریں۔ یا گھوٹ کر لگادیں ورم دور ہوگا یا گھوڑے کی لید نچوڑ کر پانی لگادیں یا بھر ڈنکی لید باندھیں

بیان جذام جسے کوڑھ بھی کہتے ہیں

یہ بیماری سوداوی ہے۔ اور فساد خون سے ہو جاتی ہے۔ جب یہ مرض مستحکم ہو جائے۔ تو مریض کو شفا ہونی ناممکن ہے۔ ابتدا میں فصد و مسہل دینا واجب ہے۔ **جذام کا علاج**۔ کنیر سفید کے پھولوں میں ہڑتال کھرل کریں۔ ۲ تولہ ہڑتال کو پاؤ بھر پھول چاہیں۔ بعدہٗ گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ ایک سینخ حلوا میں لگا کر صبح اور ایک سینخ شام کھاویں کھٹائی اور تیل سے پرہیز ۱۲ روز میں آرام ہوگا۔ **دیگر** ہڑتال طبقی ایک تولہ۔ راکھ استخوان بز ایک تولہ دونوں کو باریک کر کے ملا کر آتشی شیشی میں بھر کر چار پہر تلے تدریجی آگ جلاویں۔ یعنی پہلے نرم آنچ ہو۔ پھر رفتہ رفتہ تیز کرتے جاویں۔ ہڑتال سرخ کھا جاویگی۔ بس ایک رتی ہر روز کھلاویں۔ غذا نخود بریاں اور گھی اور کچھ نہیں۔ **دیگر**۔ کالا سانپ جس پانی میں مر کر سڑ گیا ہو۔ وہ پانی پینا جذام کو زائل کر دیتا ہے **دیگر**۔ مینڈک کا گوشت کباب بنا کر کھاویں۔ ۷-۸ بار میں آرام ہوگا۔ **دیگر** بلیلہ سیاہ ایک تولہ۔ بنیلہ تھوتھا۔ ایک تولہ دونوں باریک کر کے ۱۲ لیموں کے عرق سے کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ہر روز ایک گولی کھلا دیں۔ غذا میں بیسنی روٹی اور گھی دیں۔ ۱۲ دن میں آرام ہو گا+

نسخہ بدن کو موٹا کرے۔ سیاہ مرچ۔ زنجبیل ہر ایک اڑہائی تولہ فلفل دراز سلیجہ سات ماشہ۔ کنجد مقشر۔ مغز اخروٹ ہر ایک ساڑھے بارہ تولہ۔ قند سفید دو سیر شہد بقدر کفایت معجون تیار کر کے ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک صبح دودھ سے یا پانی سے کھائیں۔ **دیگر** مغز بادام شیریں۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ شکر برابر ملا کر ایک تولہ دودھ سے پھانکا کریں+

نسخہ بدن موٹے کو دُبلا کرے۔ بہت پیاسا رہنا یا زمین پر سونا یا زیادہ جاگنا بدن کو دُبلا کرتا ہے۔ لاکھ مغسول ۳ ماشہ سرکہ کے ہمراہ چند روز صبح کیوقت کھانا اور زیادہ کثرت

سے دوڑنا بھی مفید ہے۔ اور زیادہ غمگین باتیں قصے سننے بھی بدن کو دبلا کرتے ہیں +

علاج خنازیر - جسے بدہ بھی کہتے ہیں۔ اگر بدہ نکلے تو فوراً تحلیل کریں۔ بدہ کیلئے مجرب لیپ ہلیلہ زرد اور گوگل برابر کوٹ کر سفوف کر لیں۔ پھر کچلہ پانی میں گھسکر اس میں ملاکر خمیر کریں اور لیپ کر کے سینک کریں۔ دیگر بھلانوہ رات بھر پانی میں تر رکھیں۔ تر گھل کر صبح تک وہ پھول جاویگا۔ اس کو پیسکر انڈا کی سفیدی ملاکر ضماد کریں۔ اور سینکیں +

علاج رسولی - یہ عموماً بغل کے نیچے نکلتی ہے۔ اس کیلئے بڑھ کے دودھ میں روئی تر کر کے لگائیں یا افیون سر کہ میں حل کر کے لگائیں۔ یا آرد برنج ۲ تولہ اس میں تھوڑا پانی ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پختہ ہو جائے۔ پندرہ ماشہ تج باریک پیسکر اس میں ملائیں اور رسولی پر صبح شام باندھیں۔ یا صرف جدوار گھس کر لگانا بھی مفید ہے۔ سب سے عمدہ علاج تو اُسے چِروا کر اندر سے تھیلی نکلوا دینا ہے +

بیان بخار یعنی تپ

جسم کے اندر حرارت غریبی پیدا ہو کر بدن گرم ہو جاتا ہے۔ یہ کئی طرح کا ہوتا ہے۔ ایک روزانہ ایک بخاری جو سردی لگ کر چوتھے روز آتا ہے۔ ایک ہر وقت چڑھا رہتا ہے۔ ایک ڈیوڑھا یعنی ایک بخار چڑھا رہتا ہے۔ دوسرا اس پر اور چڑھ جاتا ہے۔ الغرض اس کی قسموں کا مفصل بیان طب کی بڑی بڑی کتب میں لکھا ہے۔ وہاں دیکھیں +

علاج - کلی تو یہ ہے۔ کہ مسہلات دے کر مزاج کو اعتدال پر لاویں۔ اگر اس سے کام نہ نکلے۔ تو منضجات دیگر مادہ پکادیں۔ پھر جلاب دے کر مواد کو خارج کردیں آرام آجاویگا۔ مسہلات منضجات اور مسہلات کا بیان تو پہلے حصہ میں گذر گیا۔ وہاں دیکھیں یہاں بخار کے چند نسخے لکھے جاتے ہیں +

نسخہ - جوشاندہ ہر قسم کے تپ کے لئے سفیدہ گلو سبز و ماغہ پوست درخت نیم۔ صندل سفید صندل سرخ ہر ایک ۴ ماشہ بنفشہ ۳ ماشہ سب کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکا کر مل چھان کر مصری

۲ تولہ ڈال کر پلائیں۔ اور اگر مریض کو قبض ہو تو مویز منقےٰ ۲ ماشہ۔ پھول گلاب اصلی ۲ ماشہ زیادہ کریں۔ اور اگر تپ بہت گرم ہو۔ اور پیاس لگے تو خس ۳ ماشہ نیلوفر ۳ ماشہ گاؤزبان ۳ ماشہ بڑھائیں۔ اور اگر بلغمی تپ ہو۔ تو بادیان ۶ ماشہ زیادہ کریں۔ اور اگر کھانسی زیادہ ہو۔ تو نسخہ میں سپستاں ۱۹ دانہ عناب ۹ دانہ ملٹھی ایک ماشہ ڈالیں مجرب ہے ۔

نسخہ۔ حبوب ہر قسم کے تپ کے لئے مفید۔ مغز تخم کرنجوہ۔ فلفل دراز ہر ایک تولہ۔ برگ کیکر ۶ ماشہ جو سایہ میں خشک کئے ہوں۔ زیرہ سفید ۹ ماشہ ان سب کو باریک پیس کر گلو سبز ۵ تولہ چرائتہ تولہ مرچ سیاہ ۲ ماشہ نیم کوب کر کے آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ جب تھوڑا پانی رہ جائے چھان کر اس پانی میں سفوف مذکور ڈال کر گولیاں بقدر سیاہ مرچ بنا کر ایک صبح و ایک شام پانی سے کھلائیں۔ نسخہ حبوب دافع تپ باری۔ تیسرے روز کے تپ کے لئے جو بخار سردی سے آوے۔ اس کے لئے املی ۵ تولہ پانی میں بھگو کر مل کر چھان لیں۔ پھر ۹ ماشہ اسبغول پھانک اوپر سے یہ عرق پی لیں۔ اگر اس میں آلو بخارا ۹ عدد زرشک ترش ۲ تولہ اضافہ کریں۔ تو اور بھی بہتر ہے ۔

چوتھیا بخار کیلئے۔ چرائتہ۔ مونڈھیا ایک تولہ۔ پانی آدھ سیر۔ دونوں کو اسقدر پکا دیں۔ کہ پانی نصف رہ جائے۔ تب چھان کر اس میں ۲۵ بوند تیزاب گندھک خالص بھر اور ایک تولہ جوہر نوشادر ڈالدیں۔ اور ہر روز ۳ دفعہ ایک ایک چمچہ پلایا کریں۔ دیگر ہینگ سونٹھ۔ مرچ۔ فلفل دراز سب کو برابر ملا کر مٹر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ اور ہر روز ایک گولی صبح اور ایک شام شربت افتیموں سے پھکا دیں۔ دیگر پھٹکڑی سفید کھیل کر کے باریک پیس لیں۔ بلغمی بخار کو عرق سونف سے صفراوی بخار کو شربت نیلوفر سے دیں خوراک ایک ماشہ۔ دیگر خیسا ندہ مرکب بخار کو مفید۔ گلو ۲ ماشہ۔ گلو ۲ ماشہ بیخ بادیان بیخ کاسنی ہر ایک ۲ ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح مل کر چھان کر پلادیں ۔

علاج تپ دق

جب بخار جوہر دل کو چمٹتا ہے۔ تو دق کہلاتا ہے۔ اسمیں خلط کوئی خراب نہیں ہوتی

یہی وجہ ہے۔ کہ دق والے کا چہرہ اور منہ کا ذائقہ درست رہتا ہے۔ اور بعض پر پھوڑی
دبہ ہاتھ رکھنے سے وہ جگہ گرم ہو جاتی ہے۔ یا کھانا کھانے کے بعد بدن گرم ہو جاتا ہے ؛

علاج ۔ گلقند ۱ تولہ یا ۲ تولہ ہر روز کھلاویں۔ گدھی کا دودھ پلاویں ابرک اور چاندی
کا کشتہ کھلاویں۔ گلورات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح اس کا آب زلال لیکر پلاویں طباشیر
کبود بست گلو۔ الائچی دانہ ہر ایک ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱ عدد ملا کر سفوف بناویں اور ۱ ماشہ
دوا دیکر اوپر سے شیرہ خرفہ پلا دیں۔ دونوں وقت دوا دیں۔ شیرہ خرفہ اسطرح نکالیں
کہ ۶ ماشہ خرفہ گھوٹ کر ٹپکا کر مقطر لیں۔ کہ سیاہی اسمیں بالکل نہ ہو۔ اس میں مصری ملا کر
پیئیں۔ کشتہ ابرک یہ ہے۔ کہ آملہ تازہ اور ہرے دو سیر لیکر کوٹ کر عرق نکالیں۔ سفید
ابرک ۵ تولہ آگ میں تپا تپا کر اسمیں بجھاویں پھر اسی شیرہ میں گھوٹ کر کلیا میں بند
کر کے ۱۰۰ سیر آگ دیں۔ نہایت عمدہ کشتہ ہو جاوے گا ؛

بیان امراض خاص مردوں میں

زیادتی فعل سے بہت نقصان پیدا ہوتے ہیں۔ مرد جب تک زندہ رہے۔ اگر
اس کے اعضاء رئیسہ درست ہیں۔ تو اس سے زیادہ دنیا میں کوئی نعمت اس کے
لئے نہیں صحت کا وجود اس حرارت غریزی پر موقوف ہے۔ کہ جس کے موجود ہونے سے
انسان زندہ رہتا ہے۔ یعنی جب تک جسم میں یہ قوت خدائی اپنے وزن پر موجود رہتی ہے
کوئی مرض پیدا نہیں ہوتا۔ اگر خدانخواستہ کوئی مرض پیدا بھی ہوا۔ تو فوراً دفع ہو جاتا
ہے۔ اور جو مختلف امراض جسم انسان میں پیدا ہوتے ہیں۔ وہ صرف اسی طاقت خداداد
کے کم ہونے سے ہوتے ہیں۔ اگر یہ حرارت جسم میں باقاعدہ رہے۔ تو انسان ہمیشہ
تنومند صحیح وسلامت رہ سکتا ہے +

آجکل نوجوانوں کا حال بہت ہی خراب ہوتا جاتا ہے جس کی وجہ یہ ہے۔ کہ ابتدائی
عمر سے مادہ زندگی کو بری طرح سے خارج کرنے لگ جاتے ہیں۔ حالانکہ ان کی عمر

ابھی دس بارہ سال کی ہوتی ہے۔ اور اُن کی طبعی قوتیں ظہور بھی کرنا نہیں چاہتیں اسی وجہ سے آجکل اُولاد بھی کمزور پیدا ہوتی ہے۔ اور پھر اُس اولاد پر زمانہ کی تکلیفیں اور بھی رنگ لاتی ہیں۔ جس سے آئندہ نسلوں کی طاقت روز بروز بدتر ہوتی جاتی ہے ؎

پس اگر آپ اپنی بہتری چاہتے ہیں۔ کہ ہم ہمیشہ تندرست رہیں۔ اور آپکے قوی پیرہ بوقت آپ کو جواب نہ دیں اور بڑھاپے میں بھی جوانی کا مزہ اور جوانی کی بھی بیفکری سے حاصل کریں۔ تو آپ ان ہدایات پر ضرور عمل کریں ؎

ہدایات

مباشرت سے انسان کو بچنا اور قواعد حفظان صحت کے مطابق عمل کرنا نہایت بہتر ہے۔ افراط ہر کام میں مضر اور میانہ روی بہتر ہوتی ہے۔ پس ایسی چیز کا استعمال رکھیں کہ جو طاقت پیدا کرنے والی ہوں۔ مثلاً دودھ میں شہد ڈالکر پینا یا انڈے کھانا پانچ قسم کی عورتوں سے بالکل اپنے آپ کو بچانا چاہیئے۔ ورنہ اُن سے سخت بیماریوں کے ہو جانیکا خوف ہے۔ **اول** کم سن یعنی چھوٹی عمر کی **دوم** زیادہ عمر والی یعنی جسکی عمر ۵۰ سے زیادہ ہے **سوم** حیض والی یعنی جو ماہواری خون میں مبتلا ہو **چہارم**۔ بیوہ یعنی جس کا خاوند ہو اور ویسے رُکی ہو **پنجم**۔ بیمار۔ بدصورت ؎

ہدایت۔ مقاربت کیلئے بہتر وقت وہ ہے کہ جب طعام معدہ سے گذر گیا ہو اور ہضم اول وثانی ہو چکا ہو۔ لیکن مدت ہضم ہر ایک لحاظ سے مختلف ہے البتہ اُستادوں نے کہا ہے کہ ۳ گھنٹے سے کم وقت میں ہرگز ہضم نہیں ہوتا کھانا کھانے کو ۳ یا ۴ گھنٹے ہو جائیں ؎

ہدایت تھوڑی دیر بعد مقاربت نہیں کرنی چاہیئے بلکہ دو دفعہ میں اس قدر وقفہ دینا چاہیئے کہ جس سے بدن ہلکا معلوم دے اور طبیعت میں اچھی طرح خواہش عود کرے۔ اس عمل سے افزایش نسل ہوتی ہے اور جو جلد جلد تین چار دفعہ عمل کرتے ہیں اور قاعدے کو خیال میں نہیں لاتے وہ بہت کمزور اور سست ہو جاتے ہیں کسی کام کے

نہیں رہتے +

مقاربت کے بعد فوراً سرد پانی نہ پینا چاہیئے البتہ اگر نیم گرم دودھ جس میں صرف ڈالا ہؤا ہو پی لینا۔ کچھ ہرج نہیں یا اور کوئی مقوی چیز کھا لینی چاہیئے +

حاملہ عورت سے بھی اپنے آپ کو بچانا چاہیئے۔ پس یہ یاد رکھو کہ زیادہ مقاربت سے بہت ضعف پیدا ہو کر ذیل کی مرضیں پیدا ہو جاتی ہیں جن کا علاج پھر مشکل ہو جاتا ہے

کثرت مباشرت کی خرابیاں

(۱) اعضائے رئیسہ کمزور ہو جاتے ہیں۔ یعنی۔ دماغ اور جگر +

(۲) معدہ اپنا فعل پورا نہیں کرتا یعنی ہاضمہ بگڑ جاتا ہے +

(۳) بدن لاغر۔ چہرہ بے رونق۔ جسم کمزور ہو جاتا ہے +

(۴) سرعت۔ جریان۔ ذیابیطس۔ ضعف مثانہ ہو جاتا ہے +

(۵) بدن سست رہتا ہے کاہلی ستاتی ہے۔ منہ کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے کبھی قبض ہوتا ہے۔ کبھی پاخانہ بار بار آتا ہے +

(۶) نفخ اور ریح پیدا۔ رات کو منہ سے پانی جاری۔ دل کا دھڑکنا +

(۷) گال پچک جاتے ہیں۔ آنکھیں ذرا اندر دھس کر آنکھوں کے گرد حلقے پڑ جاتے ہیں +

(۸) سردردی اکثر ستاتی رہتی ہے +

(۹) عضو تناسل ناکارہ ہو جاتا ہے اور تولید بند ہو جاتی ہے +

نسخہ جات طلاء روغن دافع سستی وغیرہ

ذیل کا نسخہ استمنا سست شدہ کو ہفتہ دو میں درست کر دیتا ہے +

نسخہ۔ پوٹلی برائے سینگ۔ مالکنگنی۔ بیر بہوٹی ہر دو تولہ تولہ برادہ دندان فیل ۲ تولہ ہلدی تولہ عقرقرحا ۶ ماشہ۔ روغن کنجد ۱۲ ماشہ۔ تل سیاہ ۲ تولہ سب دواؤں کو باریک کر کے پاؤ سیر پختہ شیر بھیڑ میں ڈالکر آگ پر پکاویں جب حلوا کی طرح ہو جائے تو ایک پارچہ میں باندھکر پوٹلی بنائیں۔ اور اس پوٹلی کو نیم گرم آہستہ آہستہ آلہ تناسل کی اور ران اور عانہ وغیرہ کے ارد گرد ٹکور دیں یعنی سینکیں۔ بعد چھ گھڑی کے لنگوٹا باندھیں اور دس بارہ گھنٹے بعد گرم پانی اور صابون سے دھو ڈالا کریں۔ اسیطرح پانچ چھ روز برابر ٹکور دیں بعد گزرنے چھ روز کے ذیل کے روغن کی مالش کریں +

نسخہ تیل عمدہ۔ چنبیلی کے پتوں کا عرق دو چند روغن کنجد میں ڈال کر آگ پر پکاویں جب شیرہ جلکر تیل صاف رہ جاوے اسوقت صاف کر کے بوتل میں بھر لیں اور قبرستان کے چیونٹے ۱۰۱ عدد تیل میں ڈالکر دہوپ میں رکھدیں ۴۰ روز کے بعد تیل قابل استعمال ہو جائیگا۔ سر اور سیون چھوڑ کر مالش کیا کریں +

نسخہ حبوب مقوی جسکے استعمال سے اندرونی نقائص بھی رفع ہو جائینگے جدوار عود۔ زرنباد۔ صندل سفید۔ مصطگی۔ قرنفل۔ صمغ عربی۔ ورونج۔ دارچینی ہر ایک سات سات ماشہ۔ زعفران۔ عقرقرحا۔ مشک خالص ہر ایک دو دو ماشہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر قدرے شہد یا مصری کے قوام میں گولیاں بقدر نخود بناکر ایک گولی ہر روز چند دن کھائیں +

نسخہ روغن طلاء۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی اعصاب خصوصاً مجلوق کیلئے مفید ہے۔ بیر بہوٹی لونگ۔ عقرقرحا۔ جاوتری۔ جائپھل۔ تیلیہ ہر ایک دو دو تولہ لیکر خوب باریک کریں اور کسی آتشی شیشی میں ڈالکر گل حکمت کریں اور پتال جنتری سے تیل نکالکر سنبھال رکھیں پھر چند روز برابر روغن مذکور میں سے بوقت شب قدرے سیون وغیرہ یعنی نچلا حصہ چھوڑ کر لگائیں اور اوپر سے برگ پان یا ارنڈ یا بھوج پتر لپیٹ دیں اور صبح گرم پانی سے

دہو ڈالیں۔ اگر موسم سرما میں ایک تنکا تیل مذکور کا پان پر لگا کر کھائیں تو حرارت قائم ہو جس سے رات کو کپڑا اوڑہنے کی ضرورت نہ رہے اسکے استعمال میں دودھ خوب پینا چاہیئے۔ اور ۱۲ روز استعمال کرنا مناسب ہے۔ پرہیز جماع سے رکھیں +

نسخہ طلاء۔ جو سست پٹھوں کو قوت دیتے بیکار شدہ کو درست کرتا ہے عقرقرحا ۸ ماشہ جوکوب کرکے پانی میں ترکیب جوش دیکر چھان کر روغن شبت ۲ تولہ میں ملا کر اس قدر جوش دیں کہ پانی سب جل جائے اور تیل ہی تیل باقی رہے پھر اُس تیل کو چند روز مالش کرکے فائدہ اٹھائیں۔ ساتھ کھانے کا نسخہ کوئی ضرور کھائیں +

نسخہ روغن طلاء۔ اعصاب کو قوی اور مردہ جسم کو زندہ کرنیوالا سہل الحصول مجرب ہے۔ اس کے استعمال میں کوئی خوردنی نسخہ ضرور استعمال کریں +

بیر بہوٹی اگر خشک ہوں تو ۶ ماشہ ورنہ تازہ زندہ ۲ تولہ۔ قرنفل ایک تولہ۔ روغن کنجد پاؤ اوّل روغن کنجد کو کڑھی میں ڈالکر آگ پر رکھیں جب خوب گرم ہوجائے اور جھاگ مر جائے تب باقیماندہ ادویہ کو ڈالدیں۔ جب تمام ادویہ سوختہ ہوجائیں۔ تب کسی ڈنڈے سے پیس کر اسی روغن میں ملائیں۔ اور دہوپ میں بیٹھ کر سیون وغیرہ چھوڑ کر ایک گھڑی تک آہستہ آہستہ مالش کریں۔ بعدہٗ ایک پان یا برگ ارنڈ لپیٹ کر سوت سے باندھ لیں۔ اور تین چار گھنٹہ باندھے رکھیں۔ اسی طرح ایک ہفتہ عمل کرنا نہایت مجرب ہے۔ اور کھانے کیلئے کوئی عمدہ دل پسند نسخہ ذیل کے نسخوں میں سے بنا کر استعمال کریں +

نسخہ روغن۔ خراطین یعنی کیچوے۔ بیر بہوٹی۔ ہینگ ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ جنگلی مینڈک ایک عدد۔ جونک ۴ عدد۔ سب کو باریک کرکے زردی بیضہ ۲ تولہ ملا کر آتشی شیشی میں تیل نکالیں۔ اور پھر ایک رتی کے قریب چند روز مالش کریں +

دیگر نسخہ۔ روغن دافع کجی وغیرہ۔ مارو بینگن بر رنگ زرد لے کر اُس میں فلفل دراز پچاس عدد ڈال کر سایہ میں خشک کریں۔ بعد خشک کے روغن کنجد پاؤ پختہ میں جوش دیں۔ اور خراطین

۲ تولہ۔ لہسن ایک عدد۔ یہ دونو دوائیں ڈال کر خوب جلائیں۔ جب خوب جل جائے تو خوب صاف کرکے سات روز مالش کریں۔

نسخہ نطول۔ جو آلہ تناسل کے ان زخموں کو مفید ہے۔ جو کسی طلاسے پڑ گئے ہوں۔ بیخ یعنی جڑ درخت بیری کو پانی میں جوش دیکر عضو پر اس کو ڈالیں اس سے زخم دور ہوں گے۔ **نسخہ مجلوق عنی کو مفید۔** تازہ تخم ڈھاک کو پانی میں تر کرکے منقشر کریں اور پتال جنتر سے اس کا تیل نکالیں۔ چند روز طلا کرکے فائدہ اٹھائیں۔

روغن دھتورہ۔ تخم جوز ماثل۔ مالکنگنی۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ ہر ایک چار درم۔ گھونگچی سفید دو دام۔ ہینگ دو نیم دام کوٹ کر روغن کنجد میں گوندھکر تین دن رات سایہ میں رکھیں۔ بعد میں آتشی شیشی سے تیل نکال کر اس کو کھائیں۔ اور ہر مل کے تیل کی مالش عضو پر تمام کریں۔ پھر تماشہ باہ کا دیکھیں مجرب ہے۔

دیگر نسخہ جبوب طلا۔ بیر بہوٹی ۳ ماشہ گھونگچی سفید ۳ ماشہ سم الفار سفید ایک ماشہ شنگرف ۳ ماشہ۔ عقرقرحا ۳ ماشہ۔ شیر مدار ایک ماشہ۔ روغن گاؤ تازہ ۲ تولہ سب کو شراب برانڈی ایک بوتل میں سات روز برابر کھرل کرکے گولیاں دو دو ماشہ کی بنا کر شیشی میں رکھ چھوڑیں۔ ضرورت کیلئے بوقت رات ایک گولی پانی میں گھسکر عضو پر سیون وغیرہ چھوڑ کر طلا کرکے کپڑا لپیٹ کر سو جائیں۔ صبح کو ۲ تولہ خولنجاں لیکر ایک سیر پانی میں جوش کرکے اس پانی سے عضو کو دھوئیں۔ اسی طرح سات روز برابر کرنے سے کیسی ہی کمزوری کیوں نہ ہو۔ دور ہو جائے گی۔

طلا عجیب۔ چڑا بالوں سے صاف کرکے بھڑوں کے چھتہ میں ٹانک دیں۔ جب ڈنگ کھا کر اس کا رنگ نیلا ہو جاوے۔ تب آدھ پاؤ چنبیلی کے تیل میں جوش دیں جب وہ جل جائے تیل صاف کرلیں۔ اور پھر اس میں بیر بہوٹیاں ۲ تولہ ملاکر دوبارہ آگ پر لگا دیں اور صاف کرکے استعمال کریں۔ حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اور گرم گرم سینک کریں

نسخہ جات خوردنی برائے قوت باہ

نسخہ مقوی باہ۔ ادرک ایک تولہ۔ نمک چھکنی ۹ ماشہ۔ شیر گاؤ آدھ سیر میں جوش دیکر رات کو پیویں۔ اور اسی طرح سات روز عمل کریں۔ اور مقاربت سے پرہیز رکھنا نہائت ضروری ہے۔

نسخہ حلوا۔ مقوی اعضاء و جگر و دماغ اور مجربات جناب حکیم محمود علی خاں صاحب مرحوم ہوئی آرد گندم آدھ سیر۔ روغن گاؤ آدھ سیر میں بریاں کریں۔ اور پھر دارچینی۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ شقاقل۔ عود صلیب۔ دانہ الائچی کلاں۔ خولنجاں۔ بوزیدان۔ سب چھ چھ ماشہ۔ بسباسہ۔ ثعلب مصری۔ زنجبیل ہر ایک چار ماشہ۔ مشک خالص دو تین ماشہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ ہر ایک دو دو تولہ۔ نبات سفید۔ ڈیڑھ سیر شہد آدھ سیر کا قوام کرکے حلوا بدستور بنا کر ۲ تولہ صبح و شام کھائیں۔

نسخہ مقوی و مؤلد دافع درد پشت از مجربات حکیم صاحب مذکور زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد نبات سفید ایک سیر۔ عرق بید مشک آدھ سیر ان سب کو نرم آگ پر ملا کر پکائیں پھر جوز بوا۔ بسباسہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ مشک خالص تین ماشہ ان سب کو خوب حل کرکے ہر روز ۲ تولہ صبح کو کھائیں اور پرہیز کلی رکھیں۔

نسخہ دیگر مقوی و مغلظ وغیرہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سنبھل ستاور۔ سنج قلمی۔ بیج بند۔ تخم تالمکھانہ۔ کمرکس۔ بھوسی اسبغول۔ مغز تمر ہندی۔ مغز تخم جامن ہر ایک تولہ تولہ لے کر سب کا سفوف بنا کر اور ہر روز بوقت صبح ایک تولہ تازہ دودھ بکری یا گاؤ پاؤ بھر سے کھائیں۔ مجرب ہے۔

نسخہ سفوف مقوی۔ فلفل دراز پاؤ پختہ لیکر شیر گاؤ ایک سیر میں اس قدر جوش دیں کہ شیر سب جذب ہو جائے پھر اس کو پیس کر ہر روز ایک درم میں چھ درم مصری ڈال کر کھائیں اور اوپر سے آدھ سیر دودھ پئیں۔ اسی طرح چند روز استعمال کرکے فائدہ دیکھیں۔

نسخہ معجون کچلہ مقوی۔ اور کمر کے جوڑوں کو مضبوط کرے۔ اور گردہ کو طاقت دے
بھوک لگائے۔ اور جو قوت بسبب پیری کے زائل ہو گئی ہو اس معجون کے کھانے سے
دوبارہ بفضلِ خدا آجاتی ہے +
خواص۔ اس معجون کے بہت ہیں۔ آپ نے جس قدر کچلہ کی معجون تیار کرنی ہو اسقدر کچلہ
لیکر اس کو سات روز دودھ میں بھگوئیں۔ اور ہر روز صبح کو دودھ نیا بدل دیا کریں۔
بعد سات روز کے پوست اس کا دور کر کے خوب گرم پانی سے دھو کر کچلوں کو درمیان
سے کاٹیں۔ تو زبان جیسی شکل کی چیز بیچ سے نکلے گی۔ اس کو نکال دیں۔ کیونکہ وہ زہر ہے
بعد صاف کرنے کے ایک کپڑے میں پوٹلی باندھکر ایک دیگچہ میں دودھ ڈالکر وہ پوٹلی اس پر
معلق لٹکاویں۔ اور نیچے آگ روشن کریں۔ تاکہ آہستہ آہستہ سے دودھ خشک ہو جائے
پھر کچلوں کو نکال کر گرم پانی سے خوب دھو ڈالیں۔ اور خشک کر کے سوہن سے اسکا ریزہ
ریزہ کریں۔ پھر فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ دارچینی۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ عود قماری۔ مصطگی۔ عود
بلسان۔ سعد کوفی۔ سنبل الطیب۔ قاقلہ۔ نانخواہ۔ رازیانہ۔ سیاہ دانہ۔ صندل سفید۔ زعفران
دار فلفل۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ مع برادہ کچلہ۔ ہر ایک مساوی الوزن اور سہ چند سب دواؤں
کے شہد خالص میں حسب دستور معجون تیار کریں۔ لیکن یہ یاد رہے کہ زعفران۔
مصطگی۔ عود بلسان بعد قوام معجون کے حل کر کے ملائیں۔ خوراک جوان آدمی ۲ ماشہ
سے ۴ ماشہ تک بوقت شب کو ۴۰ روز تک موسم سرما میں کھا کر تماشا باہ کا دیکھیں +
نسخہ دیگر سفوف مقوی و مغلظ۔ گوکھرو۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین۔ تالمکھانہ۔ دال ماش مقشر
ثعلب مصری۔ مولسری خام ہر ایک چھ چھ ماشہ آرد سنگھاڑہ ایک تولہ۔ مولسری سفید ایک
ماشہ۔ بیج بند چھ ماشہ سب کا سفوف کر کے ہموزن سفوف کے شکر سفید ملا کر ہر روز
۷ ماشہ بوقت صبح دودھ گائے سے کھائیں۔ پرہیز ترشی بادی سے ضروری رکھیں۔
یہ بہتر ہے جو ہر مزاج کے موافق آسکتا ہے +

نسخہ دیگر۔ مقوی و ممسک و مغلظ وغیرہ۔ گوندا سہاجنہ۔ مغز تخم تمر ہندی جو بھگو کر نکالا ہو ہر ایک ۲ تولہ شکر سفید ہموزن سفوف کرکے ایک تولہ کھویا دودھ میں ملاکر کھائیں۔

نسخہ دیگر۔ مغلظ کہ نہیں مفید ہے۔ رومی مصطگی۔ نشاستہ۔ تالمکھانہ۔ ثعلب مصری۔ سنگھاڑہ اسگندھ ناگوری۔ بیج۔ نیلوفر۔ دانہ الائچی کلاں۔ کشتہ قلعی جو برگ دھن.ی یا پھل درخت کیکر میں رکھکر بنایا ہو ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر برابر مصری ملاکر سفوف تیار کریں۔ اور پھر ایک تولہ بوقت صبح دودھ گاؤ سے چند روز کھاکر تجربہ فرماویں اور غذا مرغن استعمال کریں۔ اور ترشی۔ بادی و سرخ مرچ اور جماع پرہیز رکھنا ضروری ہے۔

ٹوٹکہ مقوی۔ زنجبیل۔ نک چھکنی۔ ہر ایک برابر کوٹ کر چھان کر ۵ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ چند روز کھانا مفید ہے۔

بیان علاج سرعت و جریان وغیرہ

یہ مرض کئی طرح سے ہوتا ہے۔ ایک یہ کہ قوت ماسکہ برودت اور رطوبت کے ضعیف ہو جائے تو یہ علامت ہو جاتی ہے۔ ایک یہ کہ گرمی کے آثار بالکل نہ ہوں اور مادہ سفید رقیق نکلے اور اگر غلبہ خون کے باعث سرعت ہو تو نشانی اسکی کثرت سے مادہ ساتھ قوام کے نکلے۔ اگر سبب ضعف و کمزوری اعضائے رئیسہ کا ہو تو مقوی نسخے جو اول تحریر ہو چکے ہیں۔ استعمال کریں۔ اور ذیل میں چند نسخے اس مرض کے رفع کرنے کیلئے درج کئے جاتے ہیں۔ مناسب حال سمجھ کر موقعہ بموقعہ ان سب کا استعمال کریں۔

نسخہ دافع سرعت۔ جو حدت مادہ سے ہو۔ طباشیر سفید ۳ ماشہ گھسکر قدرے شیرہ عناب و شربت نیلوفر تین تولہ ملاکر پئیں فضل ہوگا۔

نسخہ دیگر۔ اگر سرعت ضعف ماسکہ بسبب برودت و رطوبت کے ہو تو ثعلب مصری شقاقل مصری، سنگھاڑہ خشک ہر ایک ۵ ماشہ۔ تالمکھانہ۔ مازو سبز۔ تودری سفید۔ تودری سرخ ہر ایک ۴ ماشہ، دانہ الائچی کلاں مصطگی۔ ہر ایک ۲ ماشہ نبات سفید ہموزن سب کا سفوف بنا کر

سات روز کھائیں اور جماع سے پرہیز ٭

نسخہ دیگر عجیب و غریب۔ تخم سرس۔ تخم پلاس ہموزن کوٹ پیسکر مصری ملاکر ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ کے کھانا مفید ہے۔ ہر قسم کی سرعت کو دور کرتا ہے ٭

نسخہ دیگر دافع سرعت۔ تخم تمرہندی دس تولہ کو ۴ روز تک پانی میں ترکر کے مغز نکال کر دوچند قند ملاکر گولیاں بنائیں چند روز صبح و شام دودھ سے ایک ایک گولی کھلائیں نہائت بہتر ہے خواہ سفوف بناکر دودھ سے صبح ۴ یا ۶ ماشہ کھائیں ٭

بیان جریان

آجکل جدہر دیکھو اسی مرض کا رونا۔ لکھے پڑھے نوجوان تو سو میں شائد ایک آدھ خوش نصیب ہوگا۔ جو اس کے دام میں نہ پھنسا ہو۔ علی العموم تعلیم یافتہ پارٹی میں یہ مرض زیادہ پایا جاتا ہے۔ کچھ تو مشاغل ذہنی دماغی درماندہ کردیتی ہے۔ رہی سہی قوت اسکے نذر ہو جانے سے جوانی میں پیری کے مزے اُن لوگوں کے نصیب میں پائے جاتے ہیں اسکے اگر مریض کو دیکھو تو چہرہ بے رونق رخسارے دبے ہوئے۔ پژمردہ۔ سرخی نام کو نہیں ہوتی آنکھوں میں نور نہیں دل میں فرحت اور سرور نہیں۔ اور نہ ہاتھ میں قوت نہ دل میں ہمت۔ نہ اعضا میں کارکی جرائت ہوتی ہے۔ دل کے قلق اور دھڑک کی یہ حالت کہ پسینہ سر و آنے لگتا ہے۔ اور کمر میں درد ہونے لگتا ہے۔ اور بینائی میں فرق آجاتا ہے۔ غرضیکہ یہ ایسا سخت مرض ہے خدا اس سے بچائے۔ اسکے کئی سبب ہیں جو تحریر کیے جاتے ہیں۔ اول مادہ جنین میں گرمی پیدا ہو جانے سے یہ مرض ظہور میں آتی ہے۔ دوسرے کمزوری پٹھوں اور گردہ تیسرے کثرت مقاربت سے تمام مادہ کو کھودینا۔ چوتھے ہر وقت لغو قصے کہانیوں سے یہ مرض ہو جاتا ہے۔ اور یہی سبب احتلام کا ہے۔ جو سوتے ہو جاتا ہے پس اس مرض کیلئے نہائت مجرب نسخے تحریر کیے جاتے ہیں۔ اپنا حال دیکھکر اس کے مطابق استعمال کرنے چاہئیں

کہ آیا مرض گرمی یا سردی یا زیادتی سے ہوا ہے۔ تو اسی مزاج کی دوائیں جس نسخے میں ہوں استعمال کریں۔ خدا چاہے آرام ہوگا۔

نسخہ ہر قسم کے جریان کو مفید بیج بند۔ تالمکھانا۔ ستاور۔ سروالی مغز تخم کونچ۔ بہوپھلی۔ سمندر سوکھ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ اوٹنگن۔ اندر جو شیریں۔ طباشیر سفید۔ تخم تودری سفید بہمن سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ کشتہ قلعی ہر ایک تولہ رومی مصطگی۔ دانہ الائچی ہر ایک ۴ ماشہ۔ مغز تخم تمرہندی مقشر ایک تولہ ان سب کا سفوف کر کے مصری ۶ تولہ ملا کر ایک تولہ ہر روز صبح عرق گاؤزبان کے ساتھ کھلائیں۔ مجرب ہے۔

نسخہ دیگر۔ پھل۔ پھول۔ چھال گوند برگ سب درخت کیکر کے لیکر سفوف کر کے ہموزن شکر سفید ملا کر چھ چھ ماشہ چند روز پانی یا دودھ کے ساتھ کھانے سے آرام ہوگا۔

نسخہ دیگر۔ مغز تخم املی۔ تالمکھانا۔ پوست گولر۔ مائیں کیکر کا گوند۔ برگ و چھال و پھول و پھل سایہ میں خشک کر کے سب کا سفوف بنا کر چھ ماشہ پاؤ بھر دودھ سے کھائیں۔ اگر دودھ نزلہ کرے تو تازہ پانی سے کھائیں۔ سات روز میں فائدہ ہوگا۔

نسخہ دیگر۔ مجربات حکیم تجمل حسین صاحب دہلوی۔ سات عدد چھوہارہ لیکر اس کو دودھ برگد میں ایک یا دو تین دفعہ تر اور خشک کر کے گٹھلی نکال کر اس میں بھوسی اسبغول بھر کر آدھ سیر دودھ گاؤ میں ایک چھوہارہ ڈال کر جوش دیں۔ جب نصف دودھ رہ جائے تو پہلے چھوہارہ کھائیں۔ اوپر سے دودھ پئیں۔ مجرب ہے۔

نسخہ دیگر لاثانی۔ جو ایک رتی بالائی میں رکھ کر جوان آدمی کھائے تو ۷ یا ۱۴ روز کے استعمال سے فائدہ ہو۔ قلعی۔ رجست۔ سیسہ ہر سہ دھات ہموزن لیکر بذریعہ آگ کے گلائیں اور پھر گائے کے گھی میں سرد کریں۔ پھر ایک مٹی کے برتن میں گلا کر ۶ تولہ وزن پوست خشخاش باریک کر کے اس پر چٹکی چٹکی دے کر خرچ کریں۔ جب اس دھات کی راکھ ہو جائے تب پیس کر دہی میں ملا کر ٹکیہ بنائیں۔ اور ایک کورے ٹھیکرے میں رکھ کر نیچے آگ

جلائیں۔ جب اس ٹکیہ کا رنگ بسنتی ہو جائے۔ سرد کریں۔ اکسیر بن جائے گی۔

نسخہ۔ جو جریان اور سرعت اور رقت وغیرہ کو مفید۔ تالمکھانا چھ ماشہ مصطگی ایک ماشہ اسبغول ۶ ماشہ۔ سوائے اسبغول کے تمام ادویہ کوٹ لیویں۔ اور اسبغول کا لعاب نکالکر باقی ادویہ ملالیں۔ اور شیر تازہ نیم آثار سے پھانک لیویں۔ یہ نسخہ ۲۵ روز تک استعمال کریں۔ نہائت مجرب ہے۔ اس سے تمام اندرونی شکائتیں بفضل خدا رفع ہوں۔

نسخہ دافع جریان۔ بے لاگت نہائت ہی مجرب۔ ذیل کا نسخہ ہر مزاج کے موافق ہے برگ زرد درخت بڑ تازہ ایک من پختہ لے کر دو چار گھڑوں میں خوب ٹھونس کر ڈال دو (یہ یاد رہے کہ وہ گھڑے نئے نہ ہوں۔ بلکہ استعمال شدہ ہوں) اور اس میں پھر پانی جسقدر ڈالا جائے ڈال دو اور آٹھ پہر کے بعد ایک کڑاہی آہنی میں پانی و برگ ڈال کر خوب پکاؤ۔ جب آدھا خشک ہو جائے تو اس کو آگ پر سے اتار کر سرد کریں۔ اور خوب ہاتھوں سے ملیں اور پھر اس کو چھان کر پانی کو آہستہ آہستہ نرم آگ پر پکائیں تو وہ افیوں سے کسی قدر پتلا قوام سیاہ ہو جائے گا۔ آگ بند کریں۔ اور صاف کوئلوں پر ہی رکھکر کسی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ جب ذرا سخت ہو جائے۔ تو اس میں بھوپھلی پانچ تولہ کا سفوف ڈال کر نیچے اتار کر خوب ملاکر گولیاں بقدر جنگلی بیر خورد کے بناکر صبح پانی سے ایک گولی کھائیں۔ اور پرہیز قند سیاہ روغن سیاہ و ترشی و میٹھی و بینگن وغیرہ سے رکھیں۔ اور اگر نسخہ مذکورہ میں طباشیر ۲ تولہ بھوسی اسبغول ۲ تولہ مغز تخم املی ۲ تولہ ملاکر گولیاں بنائیں تو اور بھی فائدہ ہو۔

(نوٹ) بھوپھلی اور اس کو کرنڈ بھی کہتے ہیں۔ چیت یا اسوج میں عام ملتی ہے اور بالشت کے اندر اندر بچھی ہوتی ہے۔ نہائت لیسدار ہوتی ہے۔ اور اس بوٹی کو ہزاروں پھلی لگا کرتی ہیں۔

بیان سوزاک

یہ ایک مشہور مرض ہے۔ اس مرض کے ہونے کے کئی سبب ہیں۔ ایک یہ کہ جرب گردہ

یا جرب مثانہ کے سبب یا پیپ سوزش سے گردہ اور مثانہ کے قرحہ سے آئے یا جگر گرم ہو کر صفرا غالب ہو اور اس سبب سے بول میں تیزی اور بو اور سوزش ہو جائے۔ یا یہ کہ جو رطوبت چیپ دار کہ بول کی تعدیل ہو یا احتلام ناقص الانزال ہو یعنی کوئی قطرہ احلیل میں رہ جائے۔ اس سبب سے قرحہ ہو جائے۔ یا یہ کہ بعد مقاربت بہ سبب کاہلی کے بغیر پیشاب کئے ہوئے سو رہنا۔ اس سے بھی کوئی قطرہ باقی رہ جائے وہ بھی سبب زخم کا ہوتا ہے۔ یا یہ کہ حالت نفاس وحیض وسوزاک زدہ سے مقاربت کرنے سے ہو جائے۔ یا گرم غذاؤں کے زیادہ کھانے سے اور یا نہار منہ شراب پینے یا گرمی کے موسم دھوپ میں چلنے اور چونہ یا ریت گرم پر پیشاب کرنے سے بھی سوزاک ہو جاتا ہے۔ یہ مرض زیادہ گرم چیز کھانے سے بھی ہو جاتا ہے۔

علامات سوزاک

نیس سرخی۔ سوزش حشم کے منہ کا پھول جانا۔ اور اس کے سرے پر ایک سوزش کا پیدا ہونا۔ پیشاب کرتے وقت کم وبیش تکلیف ہونی بعض اوقات ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کہ ایک گرم پانی کی دھار یا ایک کانٹا گذر رہا ہے اور قریباً ہمیشہ ایک حرارت معلوم ہوتی ہے بعض دفعہ ورم بھی کم وبیش معلوم ہونے لگتی ہے۔ اور اسی اثنا میں زرد قسم کا مادہ نکلنا شروع ہوتا ہے جس سے سخت تکلیف ہوتی ہے۔ اور پیشاب کرتے وقت ہمیشہ سخت تکلیف ہوا کرتی ہے۔ خیزش بار بار ہوا کرتی ہے جس سے سخت بے چینی اٹھانی پڑتی ہے اور اگر مرض کا اچھی طرح علاج نہ کیا جائے۔ تو زیادہ تکلیف ہوتی جاتی ہے۔ اور رطوبت زرد زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ اور خون ملا ہوا آنے لگ جاتا ہے۔ اگر تدبیر مناسب کی گئی تو رک جاتا ہے۔ ورنہ مرض زیادہ ہو کر مریض کو بستر پر لٹا دیتا ہے۔ سوزاک پرانا ہو کر قرحہ ہو جاتا ہے۔ اور برسوں تک ممکن ہے کہ ایک رقیق سفید دودھ کی طرح مادہ اندر سے خارج ہوتا ہے۔ اور بعض دفعہ پیشاب بند ہو کر بھی مادہ سفید اندر سے خارج ہوتا ہے اور بعض دفعہ پیشاب ہو کر قرحہ پیدا کر دیتا ہے۔ یا قرحہ پیدا ہو کر پیشاب بند ہو جاتا ہے غرض

دونوں امور ایک دوسرے سے بہت ہی وابستہ ہیں۔ اس مرض سے مریض دن بدن بہت کمزور اور دبلا ہوتا ہے۔ اور سر کا بھاری اور خالی معلوم ہونا اور سر کا گھومنا۔ جلنا۔ اور پیشانی کا گرم رہنا یہ سب علامتیں اس مرض میں معلوم ہونے لگ جاتی ہیں۔ یہ مرض عورتوں کو بھی عموماً ہو جاتی ہے۔ انکی بھی وہی نشانیاں ہیں جو مردوں کی ہیں۔

نسخہ جات دافع سوزاک

نسخہ اوّل۔ ہلدی۔ آملہ۔ ہر دو ہموزن کوٹ چھان کر شکر سفید برابر کی ملا کر چھ چھ ماشہ روزانہ ایک تولہ بوقت صبح پانی سے ایک ہفتہ برابر کھائیں۔ اور اگر دیرینہ مرض ہو تو ایک چلہ برابر استعمال کریں۔ نہائت مجرب ہے۔ سرخ مرچ اور جماع سے پرہیز ضروری ہے۔

نسخہ دوسرا۔ ست گلو۔ پھٹکڑی۔ شورہ قلمی۔ الائچی سفید ہر ایک تولہ کتھ سفید ۶ ماشہ ان کا باریک سفوف کر کے قدرے قند سیاہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور پھر صبح کو تین گولیاں کھائیں۔ دوسرے روز چار۔ غرض اسی طرح ساتویں یوم سات گولی تک کھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ساتویں روز تک بالکل آرام ہو جائے گا۔

نسخہ تیسرا۔ کشتہ قلعی۔ طباشیر سفید۔ کباب چینی۔ دانہ الائچی سفید۔ ہر ایک ہموزن لیکر سفوف کریں۔ اور وقت صبح پہلے روز ایک ماشہ دوسرے روز ڈھائی ماشہ چوتھے روز پھر بھی ڈھائی ماشہ۔ غرضیکہ اسی طرح ہر روز ڈھائی ماشہ ہی عرق گاؤزبان۔ کیوڑہ و بید مشک و شربت نیلوفر وغیرہ سے کھاتے رہیں۔

نسخہ چوتھا۔ ست گلو تین ماشہ۔ ست بروزہ ۵ ماشہ۔ طباشیر ۸ ماشہ۔ جواکھار ۶ ماشہ سپاری دکھنی۔ مغز تخم املی ہر ایک تولہ۔ شکر سفید ہموزن ادویہ ملا کر سب کا سفوف کر کے بقدر ایک تولہ صبح دودھ گاؤ سے کھائیں۔

نسخہ پانچواں۔ دافع سوزاک پیپ وغیرہ۔ سلاجیت کو صاف کر کے ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک

شہد میں ملا کر کھائیں۔ طریقہ صاف کرنے سلاجیت ۴ تولہ ۶ تولہ لیکر اسکو پانی میں گھول کر دیکھیں۔ پھر جو پانی میں تہ نشین ہو۔ اس کو سایہ میں خشک کر کے باریک سفوف ہموزن شکر سفید ملا کر ۶ ماشہ سے تولہ تک کھا کر اوپر سے لسی شیر گاؤ نہار منہ پئیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ سات روز میں آرام ہوگا۔

نسخہ۔ ریوند چینی ایک دام۔ قلمی شورہ نیم دام۔ زیرہ سفید نیم دام۔ زیرہ سفید نیم دام طباشیر نیم دام الائچی کلاں ساڑھے تین ماشہ۔ ان کا سفوف کر کے کل دواؤں کی ایک پوڑیہ بوقت صبح تازہ پانی سے کھائیں۔ اور ایک گھنٹہ بعد دودھ پانی میں ملا کر یعنی لسی کر کے خوب پئیں غرضیکہ اسی طرح تین روز کریں آرام ہوگا۔

نسخہ چھٹا۔ دیرینہ سوزاک کو سات روز میں دور کرے۔ زیرہ سفید۔ قلمی شورہ۔ ریوند چینی نمک سنگ ہر ایک دو دو تولہ لیکر باریک پیس کر چودہ پوڑیاں بنا کر بوقت صبح ایک پوڑیہ زمین پر پھینکیں اور ایک پوڑیہ کو شیر گاؤ سے کھائیں۔ انشاءاللہ سات یوم میں شرطیہ آرام ہوگا

نسخہ ساتواں۔ ریوند خطائی آدھا مثقال۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو شیریں۔ خرفہ مقشر۔ تخم خشخاش۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ رب السوس۔ نشاستہ۔ گل ارمنی ہر ایک مثقال سب ادویہ کا سفوف کر کے ہر روز دو درم ساتھ شربت بنفشہ کے نوش کریں

نسخہ آٹھواں۔ چھال فالسہ ایک تولہ سایہ میں خشک کی ہوئی۔ پھٹکڑی بریاں ایک ماشہ۔ نبات سفید ۴ ماشہ باریک کر کے تین حصہ بنا کر ہر روز ایک حصہ بوقت صبح پانی تازہ سے تین روز تک برابر کھائیں۔ خدا چاہے آرام ہوگا۔

نسخہ نواں۔ رال سفید۔ کتھ سفید۔ الائچی سفید۔ ہموزن لیکر بوقت صبح ۶ ماشہ شیر گاؤ سے کھائیں۔ اور پرہیز ترشی اور سرخ مرچ سے ضروری ہے۔

بترید سوزاک بطور مسہل

گوکھرو۔ اندر جو۔ تالمکھانا۔ خود۔ شکر سفید ہر ایک چار چار تولہ لیکر انکا سفوف کر کے تین حصہ

بنائیں۔ پھر ایک حصہ کو تین سیر پانی میں شب کو بھگوئیں۔ اور صبح کو آبِ لال اس کا لیکر دو تین مرتبہ دن میں نوش کریں۔ انشاء اللہ تیسرے روز اس سے آرام ہو گا۔

نسخہ دوم۔ رسوت ۶ ماشہ۔ بھوسی اسبغول ۳ ماشہ۔ شیر بز آدھ پاؤ پختہ۔ اول رسوت کو قدرے پانی میں حل کر کے شیر بز میں ملا کر بھوسی اسبغول پھانک کر اوپر سے رسوت اور شیر ملا ہوا چار روز برابر پینا مفید ہے گھی کا خوب اسکے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ پچکاری دافع سوزاک

زبان سگ سیاہ نر ایک عدد لیکر ایک برتن میں رکھیں اور رسوت کا ست ایک چھٹانک آدھ پاؤ پانی میں حل کر کے اس میں ڈال دیں۔ چند عرصہ کے بعد جب زبان سڑ جاوے تو اسے نکال کر رسوت کو سکھا لیں۔ بوقت ضرورت بتی میں لگا کر حلیل میں رکھیں۔ جلد زخم بھر آوے۔

نسخہ دوم۔ گل ارمنی۔ رسوت۔ نیلا تھوتھا بریاں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ۔ کافور ہر ایک تین ماشہ لیکر پانی میں رات بھر بھگو کر صبح دوپہر پچکاری کرنے سے دیرینہ سوزاک دور ہو جاتا ہے لیکن ساتھ پینے کی دوا کا بھی استعمال کرنا بہتر ہے۔

سوم۔ گیرو۔ رسوت۔ انزروت۔ توتیائے سبز بریاں۔ ہر یک ایک رتی کھرل میں سرمہ کی مانند باریک کر کے گلاب یا گدھی کے دودھ میں ملا کر دن میں ۳ بار پچکاری کریں۔

چہارم۔ ڈیکامالی ایک تولہ کڑوے تیل میں پکاویں۔ جب جل جاوے چھان کر اس تیل کی پچکاری لیں۔ دیگر رسوت ۶ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ایک رتی۔ انزروت ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی ۳ ماشہ سب کو دہی کے ترش پانی میں حل کر کے پچکاری کریں۔ چند روز میں آرام ہو گا لیکن پچکاری کریں تو سوراخ ہاتھ سے بند کر لیا کریں۔ کہ چند منٹ دوا اندر ٹھیرے۔ اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ

پچکاری زور سے نہ کی جاوے۔ مبادا فوطوں میں پانی اُتر جاوے۔!

بیان مرض آتشک

آتشک آلہ تناسل کا بیرونی زخم ہے۔ اور یہ مرض عورتوں کو بھی ہوتا ہے۔ یہ مرض عموماً حرارت سوزاں والی عورت کے ساتھ جماع کرنے سے آلہ تناسل کے سر پر زخم ہو جاتا ہے۔ یہ زخم مقاربت کے ایک یا دو تین ہفتہ بعد ظاہر ہوتا ہے۔ اور مقام ماؤف پر سوزش محسوس ہوتی ہے۔ جب یہ ظاہر ہوتا ہے۔ اسوقت چھوٹے دانے اور خراش بھی ہوتی ہے جو بہت ملکر ایک بڑا زخم بن جاتے ہیں۔ ابتدائی حالت سے اس زخم میں زیادہ ترقی ہوتی ہے اور زخم گہرا ہوتا جاتا ہے۔ زخم عموماً شکل میں گول یا بیضاوی اس مرض کا ہوتا ہے اور چند روز اسی طرح زخم کی حالت میں رہ کر انگلیوں کے دبانے سے سخت ہوجاتا ہے۔ اور پھر کر بڑھتا جاتا ہے حلق خشک ہوجاتا ہے۔ اور بے چینی سی ہر وقت رہتی ہے اور اگر اچھی طرح سے علاج نہ کیا جائے تو مرض تمام بدن پر نمایاں ہوجاتا ہے۔ جس سے بہت بدنامی دنیا میں لوگوں کے سامنے اٹھانی پڑتی ہے۔ دوسرے ایک قسم کا آتشک وہ ہے۔ جو مقاربت کے بعد زخم بصورت رگڑ کے عضو پر ظاہر ہوتا ہے۔ اس میں کوئی درد وغیرہ محسوس نہیں ہوتا۔ اس پر کوئی دھوڑا چھڑکا جائے تو وہ زخم کبھی سوکھ جاتا ہے اور کبھی ہرا ہوجاتا ہے پس چند عرصہ بعد وہ زخم گہرا ہو کر درد کرنے لگتا ہے۔ اور جسم و تالو اعضا پر حملہ کرتا ہے۔ یہ قسم آتشک سب سے بری ہے۔ اور اس کا انجام نہائت ہی تکلیف دہ ہوتا ہے۔ خدا بچائے۔

تیسری قسم آتشک وہ ہے جس کے جسم پر ابتدا میں درد ہو اور پانی پیپ بہ کثرت نکلے۔ اور رانوں کی جڑوں کے غدود اکڑ جائیں۔ اور بعض دفعہ پیشاب میں جلن ہوجاتی ہے۔ یہ معمولی علاج سے دفعہ ہوجاتا ہے۔ پیارو میری نصیحت یاد رکھو۔ فوراً اس کا علاج شروع کرو اور مرض کو اخفا نہ کرو۔ اسی میں بہتری ہے۔ اور عورتوں کو بھی اسی طرح ہوتا ہے۔

چہرے کا زرد سیاہی مائل بیرونق معلوم ہوتا ہے۔ بدن پر خشکی اور منہ پھٹ جاتا ہے۔ اور عموماً چھالے بھی نکل آتے ہیں۔ اور آنکھوں میں پانی بھرا رہتا ہے لیکن عورت کا رنگ سفیدی زردی مائل نظر آنے لگتا ہے۔ اور آنکھوں کے گرد ذرا سیاہی کا حلقہ معلوم ہوتا ہے۔ پس ہر صاحب کو چاہیئے کہ اپنے آپ کو بچائے۔ کیونکہ اس میں دینی دنیوی ہر طرح سے بھلائی ہے۔ ورنہ پھر سوائے افسوس کے کچھ چارہ نہ ہوگا۔ اس مرض میں پرہیز ضروری ہے۔

نسخہ جات دافع آتشک

فائدہ۔ یہ یاد رکھو کہ دوا کھانے سے پیشتر کوئی مسہل ضرور لینا چاہیئے۔ کیونکہ معدہ صاف ہو تو دوا بہت جلد اثر کرتی ہے۔

نسخہ مسہل آتشک۔ یہ مسہل بغیر کسی طرح کی اذیت کے ہے۔ اور مادہ آتشک کو بیخ و بنیاد سے اکھاڑ دیتا ہے۔ اور بلغم کو بھی نکالتا ہے۔ اسی کو پہلے لے لینا چاہیئے۔

سیماب۔ گندھک آملہ سار ہر دو ہموزن لیکر خوب ہی باریک کریں پھر حب السلاطین اوپر کی دواؤں کے برابر خوب سحق کریں۔ واضح ہو کہ جسقدر سحق کیا جائے گا۔ اس قدر زیادہ فائدہ دیگا پس جب خوب سحق ہو جائے تو پھر سنگ بصری ہر ایک جزو کے برابر خوب کھرل کریں اور ایک کورے برتن میں ڈال کر اس پر پانی اس قدر ڈالیں کہ دوا کی دو انگشت اوپر ہو جائے۔ پھر اس کو نرم آگ پر رکھکر خشک کر کے اس کو پیسکر سنبھال رکھیں۔ خوراک بقدر ایک رتی سے ایک ماشہ تک حلوا میں رکھکر نگل کر اوپر سے پاؤ پختہ شیر تازہ گاؤ پلا دینا چاہیئے۔ اور غذا شیر برنج استعمال کریں۔ گرم مزاج اور کمزور آدمیوں کو کم مقدار استعمال کرنی چاہیئے۔ اس سے پیٹ خوب صاف ہو جاتا ہے۔

نسخہ دیگر۔ برنج ساٹھی ۵ تولہ۔ عاقرقرحا ایک تولہ۔ اسگند ایک تولہ۔ جمالگوٹہ سات درم۔ سب کو کوٹ کر پانی میں کھرل کریں۔ اور سات گولیاں بنا کر ایک گولی سات روز تک برابر

کھا کر پھر کوئی دوا کا استعمال کریں۔

نسخہ منضج دافع آتشک۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ مکو۔ تخم خیارین۔ گاؤزبان۔ افتیمون بسفائج۔ چرائتہ۔ شاہترہ۔ تخم خطمی۔ کاسنی۔ عناب ولایتی۔ منڈی۔ ہر ایک پانچ پانچ ماشہ رات کو بھگو کر صبح چھانکر شربت بنفشہ ۳ تولہ ملا کر یا گلقند آفتابی ملا کر پئیں۔ اسی طرح چند روز کریں۔ سب صفائی معدہ کی ہو جائے گی۔

نسخہ مسہل آتشک۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مغز فلوس۔ خیار شنبر۔ شیر خشت گلقند آفتابی تین تولہ سب کو بھگو کر صاف کر کے گلقند حل کر کے قدرے روغن بادام ڈال کر پینے سے مسہل ہو جاتا ہے۔ اور اگر زیادہ قوی مسہل کرنا ہو۔ تو تربد سفید ۶ ماشہ۔ حب النیل پانچ ماشہ۔ غاریقون ۴ ماشہ۔ ایلوا ۳ ماشہ۔ ادویہ مذکورہ میں اضافہ کر کے پلائیں۔ جب سب مواد خارج ہو جائے تو دوسرے روز تبرید تیار کر کے ۳ روز پلائیں۔

نسخہ تبرید۔ لعاب بہیدانہ۔ شیرہ گاؤزبان۔ شیرہ عناب۔ قدرے قدرے لیکر چھان کر شربت بنفشہ ڈال کر مجرب ہے۔ اس سے طبیعت کی گرمی دور ہو جاتی ہے۔

نسخہ دافع آتشک۔ بعد تنقیہ ہلیلہ سیاہ ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا تین ماشہ انکو پاؤ بھر عرق لیموں میں ایک ہفتہ کھرل کر رکھیں۔ اس میں سے مریض کو ایک رتی یا پونی رتی منقے میں ڈال کر ہر روز بوقت صبح برابر سات روز زیادہ کھلائیں۔ غذا گوشت۔ گھی۔ دودھ چاول مصری قدرے ڈال کر خوب گھی کھلائیں۔ اور اگر زخم ہوں تو رسکپور کا نقل مسکہ گاؤ میں ملا کر بطور مرہم کے لگائیں۔ انشاء اللہ جلد فائدہ ہو گا۔

نسخہ حبوب دافع آتشک۔ جس سے شرطیہ سینکڑوں مرد اور عورتوں کو فائدہ ہوا ہے فلفل سیاہ۔ نیلا تھوتھا۔ ہر ایک ڈھائی درم۔ ہلیلہ سیاہ پانچ درم۔ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر ایک تولہ ایک کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں ایک گولی صبح اور ایک گولی شام مریض کو کھلائیں۔ غذا دال مونگ کے سوا کچھ نہ دیں۔

حب دافع آتشک - تلسی کی پتیاں سبز ۴ درم - توتیاے سبز ایک درم دونو کو پیسکر بیر کے برابر گولیاں بناکر ہر روز ایک گولی گرم پانی سے دیں - غذا کھچڑی بے نمک +

دیگر - مدار کی جڑ ۲ حصہ - کالی مرچ ایک حصہ دونو کو کوٹ چھان کر گڑ میں ملاکر جوار کے برابر گولیاں بناکر ایک صبح ایک شام کھاویں اور ترشی و بادی سے پرہیز کریں +

نسخہ دافع آتشک - اس نسخہ سے نہ تو دست نہ منہ نہ قے آئے اور کیسا ہی دیرینہ مرض ہو - زیادہ سے زیادہ دو ہفتہ میں آرام - الائچی خورد ایک تولہ - کتھ سفید آٹھ ماشہ زنگار تین ماشہ - سب کو بارہ عدد لیموں میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور خوب گھی کا استعمال کریں - اگر گھی نہ کھاؤ گے تو منہ درد کرے گا - اگر درد ہو بھی جائے تو گھی کے ہی غرارہ کرنے چاہئیں - تاکید ہے +

نسخہ سفوف جو زخم خشک کرے - زہر مہرہ زرد سوختہ ۴ عدد - سپاری کہنہ سوختہ دو عدد - سنگ جراحت ۶ ماشہ - سفیدہ کاشغری چھ ماشہ - مردہ سنگ تین ماشہ کتھ سفید ایک تولہ کافور ایک یا دو رتی سب کا سب سفوف کر کے اول زخم پر روغن زرد لگاکر اوپر سفوف مذکور چھڑکیں تین چار روز میں تمام زخم خشک ہو جائینگے - یہ نسخہ مجربات میں سے ہے +

نسخہ مرہم - دافع آتشک و دیگر تمام زخموں کیلئے مفید - چونہ قلعی کو کپڑے موٹے میں باندھکر ایک رات دن پانی میں تر کریں - پھر پانی کو نتھار کر پھینک دیں - اور جو نیچے دوائی ہو - اس کو خشک کر کے اس سے دو چند چوب چینی اور نصف حصہ برگ حنا اور مردہ سنگ اور چوتھا حصہ موم سفید - اور سیل نقرہ در روغن زیتون سب دواؤں کے برابر لیکر مرہم تیار کر کے زخموں پر لگائیں - اس سے تمام زخم خشک ہو جائیں گے +

نسخہ پھٹی دافع زخم آتشک - روغن کنجد ایک تولہ - موم زرد ۶ ماشہ - گیرو ایک ماشہ - شنگرف ۳ ماشہ - اول روغن کو گرم کر کے موم ڈال کر حل کریں پھر باریک کپڑے پر لگاکر بطور مرہم زخم پر لگائیں +

نسخہ بخور یعنی دھونی جو زخم آتشک کو خشک کرے۔ شنگرف ۵ ماشہ۔ عاقرقرحا ۵ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۲ رتی۔ مدار کی چھال دس ماشہ لیکر جوکوب کر کے آگ پر ڈال کر مقام خاص کو دھونی دیں۔ اس سے زخم خشک ہو جائینگے۔ مجرب ہے۔

نسخہ دھوڑا زخم آتشک کتھ سفید۔ سفیدہ کاشغری۔ طباشیر عمدہ مردارسنگ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ماجو سوختہ۔ سیپاری تیلیا سوختہ۔ سپاری دیسی سوختہ۔ زرد کوڑیاں سوختہ ہر ایک دو دو ماشہ لیکر نہائت ہی باریک پیس کر زخموں پر ڈالیں بفضل خدا زخم خشک ہونگے۔ جوشاندہ مجرب۔ منہ بھی نہیں آتا مواد بھی جلد دور ہوتا ہے۔ پرہیز بھی کوئی نہیں ہے۔ اگر قلیہ اور خشکہ کھاویں تو جلد آرام آجاتا ہے۔ کچنال کی چھال۔ اندرائن کی جڑ۔ ببول کی پھلی۔ چھوٹی کٹائی معہ جڑ و برگ برانا گڑ ہر ایک آدھ پاؤ ۲ سیر پانی میں جوش دیں جب چوتھائی رہے چھان کر شیشہ میں بھریں اور ۷ خوراک کریں۔

نسخہ دافع رقت وغیرہ

یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ممسک نسخے اپنا مزاج دیکھکر استعمال کرنے چاہیئں۔ کیونکہ اگر دوا بھی گرم ہوئی اور مزاج بھی تو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ ممسک نسخے انسان کو استعمال کرنے سے اکثر نقصان پہنچتا ہے۔ اس لئے جہانتک ہو سکے اس سے پرہیز ہی کرنا چاہئے۔ کیونکہ وہ کام اچھا نہیں جس کے کرنے سے نقصان پہنچے۔

نسخہ ممسک۔ ایک عدد بیضہ مرغ میں چھ ماشہ قلمی تج ملا کر خوب باریک کر کے تین گولیاں بنائیں اور ایک گولی پہر پیشتر کھائیں۔ اور پھر ممسک کا ملاحظہ فرمائیں۔

نسخہ دیگر۔ کونج کی جڑ ایک انگل کاٹ کر منہ میں رکھنی مفید ہے لیکن دودھ ساتھ پینا چاہیئے۔

نسخہ دیگر۔ تخم ریحاں آٹھ درم۔ قند سیاہ ۹ درم سب کو باریک کر کے گولیاں بقدر جنگلی بیر کے بنا کر ایک گولی کھائیں۔ اور اس روز روٹی کم کھانا چاہیئے۔

نسخہ دیگر۔ ممسک بہی نہائت مجرب ہے۔ افیون ایک ماشہ۔ کافور ۴ رتی۔ زعفران ۲ ماشہ انکو

جسقدر چھواروں میں ہو سکے۔ بند کر کے اُس پر آٹا لگا کر آگ میں پکائیں جب پختہ ہو جائیں تو آٹے سے چھوارے نکالکر خوب باریک پیس کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر ایک ساعت پیشتر ایک گولی کھائیں مجرب و آزمودہ ہے

نسخہ دیگر۔ لاثانی جو نہایت ممسک ہے۔ ایک چھوہارا یعنی خرما لیکر اسمیں ایک رتی افیون اور قدرے دودھ درخت پیپل اور مصطگی تین ماشہ ڈالکر اس پر آٹا لگا کر آگ میں پکائیں جب پختہ ہو جائے۔ اُسکو نکالکر گولیاں بقدر نخود بنا کر ایک گولی پیشتر مقاربت کے دودھ سے کھا کر تماشہ دیکھیں ؛

نسخہ دیگر۔ پوست درخت ڈھاک۔ گوند ڈھاک۔ گوند گولر۔ پوست گولر۔ گوند لوسری گوند سنبل۔ پوست سنبل نخود بریاں سب کا سفوف کر کے چار درم بوقت صبح چند روز برابر قدرے دودھ سے پھانکیں اور ممسک دیمبی کا تماشا دیکھیں ؛

نسخہ۔ اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں ہے۔ اوّل ایک بڑا مادہ بینگن سیاہ رنگ کا لے کر اس پر مٹی لگا کر آگ میں دفن کریں جسوقت وہ پختہ ہو جائے۔ اُسکو مٹی سے جدا کر کے شیرہ نکالکر اسمیں چند دانے فلفل دراز کے تین دن اور رات بھگو کر رکھیں پھر نکالکر خشک کر کے باریک پیسکر سنبھال رکھیں۔ وقت ضرورت قدرے دوا نذگورہ شہد میں ملا کر طلا کریں۔ **نسخہ** پنجال کبوتر۔ اور نمک سنگ۔ فلفل دراز سب کو شہد میں پیس کر طلا کریں۔ اس سے طرفین خوش ہونگے۔ اور بعض لوگ صرف حنا شہد میں ملا کر اور بعض کستوری و بیر بہوٹی ملا کر استعمال کرتے ہیں۔ بیشک وہ بھی عمدہ ہوا ہے۔ **دیگر** عطر گلاب اور عطر ریحان ملا کر لگا دیں۔ اور حظ اٹھائیں ؛

علاج درد خصیہ و ورم خصیہ

اگر ورم خصیہ گرمی سے ہو۔ تو اُس کی یہ علامت ہے۔ کہ سرخ رنگ و تشنگی ہو۔ اور علاج فصد باسلیق جانب ورم سے کریں پھر لعاب اسبغول مسلم پانچ ماشہ شیر و عناب، دلنہ

شربت نیلوفر تین تولہ ملا کر نوش کریں۔ اور بجائے پانی کے عرق مکو ڈالیں۔ نہایت مجرب ہے اور لعاب اسبغول اور خرفہ گلاب میں تر کر کے مقام ورم پر رکھیں۔ ابتدائے ورم میں گل خطمی مکو خشک تیضیض بکی۔ آب کشنیز سبز میں پیسکر ضماد کریں۔ اگر زیادہ ہو تو آرد جو اور نخود پانی میں گھول کر ضماد کریں ✣

نسخہ دیگر۔ درد ورم کو مفید ہے۔ کاکنج۔ گوکنار۔ آرد جو۔ عدس مقشر۔ سب مساوی الوزن زردی بیضہ مرغ میں قدرے روغن گل ملا کر طلا کریں۔ اس سے درد ورم دور ہو جائیگا ✣

نسخہ دیگر۔ زنجبیل۔ گیرو۔ ہیونہ۔ کنجد سیاہ۔ سب مساوی الوزن پیس کر مادہ گاؤ کے پیشاب میں پکا کر نیم گرم ضماد کریں۔ انشاءاللہ دو روز میں بالکل آرام ہو جاتا ہے ✣

نسخہ دیگر۔ دافع درد خصیہ۔ مالکنگنی۔ ہلدی۔ مغز بادام۔ مغز ارنڈ۔ ان سب کو ہموزن لیکر بھیڑ کے دودھ میں پکا کر ضماد کریں۔ اور اوپر برگ پان باندھیں۔ مفید ہے ✣

اگر درد خصیہ ریح سے ہو۔ تو تخم ارنڈ صرف پانی میں پیس کر چاندی کے برتن میں گرم کر کے دن میں تین دفعہ خصیوں پر لیپ کرنے سے درد بالکل جاتا رہتا ہے ✣

نوٹ:۔ پانی میں قدرے پھول گیسو جوش دیکر اس کی ٹکور کرنی بھی مفید ہے ✣

علاج چھوٹے بڑے ہوئے خصیہ کے

جاننا چاہیے۔ کہ چھوٹے بڑے خصیہ ہونیکا یہ سبب ہے۔ کہ جب سردی لگ جائے تو اس میں عروق خصیہ سکڑ کر چھوٹا ہو جاتا ہے۔ اس صورت میں یہ علاج کریں۔ اسکو حمام کرائیں۔ اور گرم دوائیں لگائیں۔ مثلاً عاقرقرحا روغن گل میں ضماد کریں۔ یا اکلیل الملک۔ زنجبیل بعقوب کنجد پیس کر مالش کریں ✣

نسخہ دیگر۔ بڑھ جانے خصیہ میں اگر خصیہ بڑھ جائیں۔ تو اجوائن خراسانی پوست خشخاش ہموزن سے جب کشنیز میں اور اگر سبز نہ ہو۔ تو خشک میں پیسکر لیپ کریں یا گل ارمنی سرکہ

ہیں ملا کر لیپ تمام پر کریں + تو بھی بہتر ہے - اور یہی لیپ عورت کے پستانوں پر لگا دیں تو زیادہ بڑھتے نہیں +

علاج ورم عضو مخصوص

اگر گرمی یا کسی اور سبب سے عضو پر ورم ہو جائے - تو اُسے غور سے دیکھ لیں کہ سوزاک یا آتشک سے تو نہیں - اگر ان سے نہ ہو - تو اُس کا بھی وہی علاج کریں - جو ورم خصیہ ہیں بیان ہو چکا ہے - اس سے دور ہو جاتا ہے - یا تخم سنبھالو - آرد نخود - آرد باقلہ ہر ایک ۹ ماشہ مویز منقیٰ ۵ اعدد - روغن سرسوں قرچربی بط میں ملا کر خوب طلا کریں - انشاءاللہ چند دفعہ طلا کرنے سے ورم دور ہو جائیگا +

نسخہ دیگر - اگر حقہ کے پانی میں عضو کو ڈبوئیں - تو بھی ورم دور ہو جاتا ہے -

نسخہ دیگر - پوست سرس سبز - کشنیز خشک - بابونہ - سب مساوی الوزن عرق مکو میں خوب پیسکر طلا کریں - نہایت مجرب ہے -

بیان اُن بیماریوں میں جو خاص عورتوں سے مخصوص ہیں

رحم یا بچہ دان - یہ عضو عصبانی مثانہ کی شکل ہے جسکی جگہ پیٹ میں امعاء اور مثانہ کے درمیان ہے جو اُوپر سے چوڑا اور نچلی طرف سے تنگ ہوتا ہوا گردن رحم سے مل جاتا ہے +

خون حیض کسے کہتے ہیں اور کس عمر میں آتا ہے

خون حیض یہ ایک قسم کا جوش ہوتا ہے - جو جسم عورت سے ایام بلوغت سے شروع ہو کر پورا ۲۸ دن میں رحم میں جمع ہو کر تمام مخصوص عورت سے نکلنا شروع ہوتا ہے - اسکو حیض یا کپڑے آنا یا پیدی یا سر کا دھونا کہتے ہیں جب سے یہ شروع ہوتے ہیں تب ہی سے عورت بالغ سمجھی جاتی ہے - اور حاملہ ہونے کے لائق ہو جاتی ہے - یہ تخمیناً ۱۲ برس کی عمر سے ۵۰ برس کی عمر تک آتے ہیں - لیکن سرد ملکوں میں ۱۸ اسے بلکہ ۲۰ سال کی

عمر سے شروع ہوتے ہیں +

جب عورت کے حمل ہو جاتا ہے۔ تو پھر حیض نہیں آتا۔ اور حمل بھی حیض آنے کے بعد پندرہ روز تک اگر آجائے تو ہو جاتا ہے ورنہ پھر رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے۔ اور نطفہ نہیں ٹھہر سکتا۔ پھر حیض آنے پر کھلتا ہے۔ اور پندرہ روز کے بعد بند ہو جاتا ہے۔ جب حمل ہونے پر حیض بند ہو جاتا ہے۔ تو یہ بچہ کی پرورش کے کام آتا ہے +

بیان عقر یعنی بانجھ ہونے میں

عقر اور ہندی میں بانجھ عورت کے حمل نہ ہونے کو کہتے ہیں۔ اس کے کئی سبب خاص عورت مرد کی جانب سے ہیں۔ کچھ سبب تو مرد کی طرف سے ہیں۔ اور کچھ عورت کی طرف سے اس لئے کسی ایک طرف سے سبب ہونگے۔ تو بھی حمل قرار نہیں پائیگا۔ کیونکہ حمل تب ہی قرار پاسکتا ہے۔ جب دونوں کے اعضائے تناسل درست اور منی صحیح ہو۔ منی قابل حمل معلوم کرنے کے طریقے یہ ہیں۔ کہ مرد اور عورت دونوں کی منی کو جدا جدا لے کر پانی میں ڈالیں۔ پس جس کی منی پانی پر ٹھہر جاوے۔ اُس کی منی خراب سمجھیں۔ یا چند دانے جَو کے گملہ میں علیحدہ علیحدہ بودیں۔ اور مرد و عورت الگ الگ اپنے اپنے متعلقہ گملہ پر پیشاب کرتے رہیں۔ پس جس کے گملہ کے دانے نہ اُگیں۔ اسمیں خرابی سمجھیں۔ علاوہ ازیں مردوں میں یہ خرابیاں ہوا کرتی ہیں۔ سوزاک کے سبب قرحہ ہو جاوے۔ اور نطفہ رحم میں نہ پہنچ سکے یا آتشک کے سبب جسم میں سمیت پھیل کر نطفہ کا جوہر خراب ہو جاوے۔ یا عضو چھوٹا اور ٹیڑھا ہو۔ اس لئے نطفہ فم رحم میں پہنچ نہ سکے عورتوں میں منی کے علاوہ رحم کی دیگر خرابیاں یہ ہوا کرتی ہیں :-

(۱) رحم کا منہ پھر گیا ہو جس کی علامت یہ ہے۔ کہ مقاربت کے بعد شکم درد کرے علاج دائی سے ملوا کر رحم کا منہ سیدھا کروا دیں۔ اور حیض کے بعد ۳ دن یہ شافہ نہ کریں مغز بنہ دانہ

وتلخہ مرغابی ہر دو برابر ملا کر ٭

(۲) رحم میں سردی اور ریح کا غلبہ ہو **علامت** بعد مجامعت اندام نہانی دور کرے ٭

علاج بیلنگ - روغن کنجد سے ملا کر شافہ کریں ٭

(۳) رحم میں حدت اور گرمی بہت ہو۔ اور نطفہ سٹر جاتا ہے **علامت** بعد مجامعت کرد رد کرے

علاج خشخاش - پوست ہلیلہ زرد۔ صندل سفید ملا کر شافہ کریں۔

(۴) رحم میں گوشت زاید یا چربی زاید پیدا ہو گئی ہو۔ **علامت** - بعد مجامعت کمر درد کرے ٭

علاج - فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ نمک سنگ۔ روغن بنفشہ میں ملا کر شافہ کریں۔ یا مصری چھ ماشہ سجی ایک ماشہ ملا کر شافہ رکھیں۔ یا رحم میں رسولی ہو پس اسکو نکلوائیں۔ یا اس پر دوائیں لگا کر دیا

(۵) رحم میں کرم پڑا ہوا ہو۔ **علامت** - بعد مقاربت ساق پا درد کرے ٭

علاج - آب صابن۔ آب سجی۔ فلفل دراز ملا کر شافہ کریں۔ یا برگ شفتالو کے شیرہ میں روئی تر کر کے شافہ کریں ٭

(۶) رحم کے اندر زخم ہوں یا ناسور ہو۔ **علامت** - رحم میں ہر وقت درد رہے۔ اور پیپ وغیرہ اندر سے نکلے **علاج** - مرہموں کے شافے رکھیں۔ مرہموں کا ذکر پہلے آچکا ہے ٭ روغن کنجد اور موم ملا کر مرہم بنالیں۔ یا مکھن میں سہاگہ ملالیں۔ جو عمدہ مرہم ہے ٭

(۷) سوءمزاج سرد رحم میں عارض ہو کر منی سرد و خشک ہو جائے اس کی علامت یہ کہ خون حیض دیر میں کم اور سرخ رقیق آئے۔ جب خون آنے لگے۔ اگرچہ کم ہو۔ مگر کئی دن برابر آئے۔ کیونکہ خون بلغمی جلد دفع نہیں ہوتا۔ اس صورت میں اگر سوءمزاج سادہ ہو تو گرم دواؤں سے علاج کریں۔ زعفران۔ سنبل۔ اکلیل۔ تیتر یات تر دمانا۔ بطخ۔ مرغی کی چربی۔ زردی بیضہ مرغ یہ سب ادویات ملا کر سفوف اسمیں بھر کر فرزجہ کرنا اور حیض سے پاک ہونے کے بعد زرنیخ سرخ۔ مر۔ جوز سرد۔ سلہارس قطارسب کی دھوتی نلکی سے

ذریعہ سے رحم میں پہنچانا مجرب ہے۔ اور زردی بیضہ مرغ نیم گرم شب وا زینی یا تخم الجبرہ باریک پیس کر اس پر چھڑک کر کھانا۔ اور ساتھ اس نسخہ کا چند روز پینا بھی مجرب ہے نسخہ گاؤزبان ۶ ماشہ تخم کسنبہ ۶ ماشہ۔ تخم خربوزہ ۶ ماشہ قند سیاہ ۴ تولہ ان دواؤں کا گاڑھا کر کے بوقت صبح چند روز برابر استعمال کریں۔ خدا چاہے ایام ماہواری باقاعدہ آنے لگ جائیں گے۔ اگر پہلے ماہ نہ آئیں تو دوسرے ماہ پلائیں ؛

(۴) سوء مزاج گرم رحم میں آجائے۔ اور منی کو جلد فاسد کر ڈالے۔ اس کی علامت یہ ہے۔ کہ خون حیض میں گرمی و غلاظت اور سیاہی ہو۔ اور عانہ پر بال زیادہ ہوں علاج اس وقت تبرید کیلئے شربت بنفشہ یا نیلوفر یا خشخاش۔ سیب۔ صندل۔ لیموں پلائیں اور روغن بنفشہ کا فرزجہ کریں۔ اور اگر صفرا ہی غالب ہو۔ تو اس کے تنقیہ میں کوشش کریں ؛

(۵) سوء مزاج خشک رحم میں عارض ہوا اور منی کو خشک کر دے۔ اس کی علامت یہ ہے۔ کہ حیض نہ آئے۔ اگر آئے تو بہت کم۔ اور خشکی عام ہو۔ اور بدن دبلا۔ اور ناتوان رہے۔ عموماً جوڑوں میں درد ہو۔ علاج۔ تربیت کیلئے چکنی چکنی چیزیں کھانا تازہ دودھ و انڈا کھلانا۔ اور شربت بنفشہ۔ نیلوفر پلانا اور روغن بنفشہ و روغن کدو و مغز کدو۔ روغن نیلوفر و چربی بطخ و مرغی کا مثانہ پر اور فرج پر ملنا اور روغن گاؤ وغیرہ کا فرزجہ مفید ہے (۶) سوء مزاج تر رحم میں پیدا ہو اور اُسکی قوت ماسکہ کو ضعیف کر ڈالے۔ اور اسمیں ایک صفائی آجائے۔ اسی سبب سے اکثر اسمیں منی نہ ٹھہر سکے۔ اور اسکی علامت یہ ہو کہ ہمیشہ رحم سے رطوبت بہے اور اگر حمل بھی ہو جائے۔ تو جلد ساقط ہو جائے۔ اور اکثر بتیس مہینے سے زیادہ نہ ٹھہر سکے ؛

علاج تنقیہ۔ رتوبت کریں۔ اور قے کرانی اسوقت بہت نفع دیتی ہے اور خشک غذائیں۔ جیسے کباب گرم اور خشک مصالحہ ملا کر کھلانا اور شحم حنظل انزروت تخمینا سماق مرمکی زعفران۔ عود باریک پیس کر شہد میں ملائیں۔ اور صورت اس میں بھر کر فرزجہ کریں۔

۱۰ سبب یہ کہ خلط بلغمی یا صفراوی یا سوداوی رحم پر گرے۔ اور رحم منی کو فاسد کرے تو اُسکی علامت یہ ہے۔ کہ بلغمی میں رطوبت سفید یا سوداوی میں زرد۔ سوداوی میں سیاہ۔ اس کا علاج تنقیہ عام پینے کی چیزوں سے رحم پاک کرنے کیلئے حقنہ کریں۔ تاکہ رحم کو قوت حاصل ہو۔ اور پھر نئے مادہ کو قبول نہ کرے ٭

(۱۱) عورت حد سے زیادہ موٹی ہو۔ اور بدن و رحم میں چربی آجائے۔ اُسکی یہ علامت ہے۔ کہ شکم جیسا چاہیے۔ اس سے بڑا اور اونچا ہو۔ اور اُٹھنے بیٹھنے میں سانس تنگ ہو۔ تھوڑی ریح اور براز شکم میں جمع ہوکر ایذا دے۔ اور فرج تنگ رہے **علاج** بدن دبلا کرنے کیلئے فصد کھولیں۔ اور مسہل دیں۔ اور غذا بہت کم کردیں۔ اور دوائے لک یا جوارش کمونی کھائیں ٭

نسخہ دوا لک لاکھ دھوئی ہوئی ۲ درم۔ زیرہ سیاہ اجوائن ہر ایک ۴ درم سب کو ملا لیں۔ خوراک ایکدرم کھاکر اوپر سے ۲ تولہ سکنجبین پیئں ٭

(۱۲) یہ کہ عورت نہایت دُبلی ہو۔ **علاج** فربھی کیلئے مسمن غذائیں اور دوائیں کھلائیں مثلاً باقلا مقشر۔ مغز کدو شیریں۔ دونوں کو باریک کرکے روغن بادام۔ اور آب انار شیریں میں مویز منقی ابیں پکاکے کھلانا مفید ہے۔ نشاستہ کے لڈو۔ حریرہ۔ دودھ انڈے مسمن اشیا ہیں ٭

نسخہ۔ اس نسخہ سے بہتر کوئی نسخہ نہیں۔ تودری سرخ۔ تخم خشخاش سفید۔ ہر ایک پانچ درم جوز جنگلی انار دانہ جس کو حب قلقل کہتے ہیں۔ ہر ایکدرم۔ زعفران دس درم۔ مغز بادام ایک سیر۔ فندق مقشر ڈھائی سیر۔ مغز اخروٹ ۱۰ عدد چاول ایک سیر شہد کف گرفتہ دو سیر۔ قند سفید ایک سیر کتیرا گوند آدھ سیر۔ آرد باقلا۔ آرد نخود ہر ایک ساڑھے ۱۳ تولہ اول قند کوٹ کر شہد میں ملاکر آگ میں رکھیں پھر سوائے زعفران کے باقی کل دواؤں کا سفوف اس میں ملائیں۔ پھر زعفران کو عرق گلاب میں حل کرکے قدرے شکر ملاکر نرم آنچ پر قدرے

روغن کنجد ڈال کر حلوا بنائیں۔ پھر ادویات مذکورہ میں ملا کر ایک جان کریں خوراک ہر روز بوقت صبح پانچ درم کھانا بہتر ہے۔ یہی دوا دبلے آدمی کو موٹا اور مضبوط کرتی ہے +

(۱۳) وہ ہے۔ کہ جنین کی غذا یعنی خون حیض کسی وجہ سے بند ہو۔ **علاج**۔ مدر طمث ہے وہاں پر نسخہ پینے کا اور حمول کا استعمال کریں۔ مدر حیض اشیا پہلے حصہ میں اسانی دوائیں لکھی جا چکی ہیں

(۱۴) یہ کہ رحم میں ورم گرم یا قروح ردیہ عارض ہو۔ اس سبب سے حمل نہ ٹھہر سکے۔ حکما کا قول ہے۔ کہ حمل جب رہتا ہے۔ کہ جب رحم صحیح اور اس کے افعال سالم ہوں +

(۱۵) باد غلیظ رحم میں پیدا ہو جائے۔ اور نطفہ کو نہ ٹھہرنے دے۔ **علامت**۔ اس کی پیڑ و ہمیشہ پھولی ہوئی ہو۔ **علاج**۔ ریاح توڑنیوالی دوائیں استعمال کرائیں۔ اور ذیل کی جوارش بنا کر کھلانی ریاح کو دفع کرتی ہے +

نسخہ جوارش دافع ریاح۔ زرنجور۔ درونج۔ جائفل۔ الائچی کلاں۔ اقاقیہ۔ لونگ اجوائن تخم کرفس۔ زنجبیل ہر ایک دو درم۔ زیرہ سیاہ سرکہ میں مدبر کیا ہوا پانچ درم تخم ارنڈ نصف درم سب کو کوٹ کر قند یا شہد میں ملائیں۔ خوراک ایک مثقال ہمراہ گرم پانی کے ساتھ کھلانا مفید ہے

۱۶ جرم رحم میں ورم ہو جائے **علاج**۔ مکو کا عرق شہد میں ملا کر شافہ کریں۔ یا تخم کنوچہ میتھی السی تخم خطمی وغیرہ کا لعاب نکال کر شافہ کریں +

۱۷ فم رحم فرج کے مقابل سے پھر جائے اس سبب سے اسمیں منی نہ پہنچے **علامت** اسکی یہ ہے۔ کہ جماع کے وقت رحم میں درد ہو پس اسکا علاج اسطرح کریں۔ کہ تنقیہ کے بعد جو دائی عمدہ تدبیر سے واقف ہوشیار ہو وہ اپنے ہاتھوں کو روغن کنجد سے تر کر کے اسوقت رحم سیدھا کرنے کی کوشش کرے۔ اور رگوں کو کھینچے۔ اسی طرح چند روز عمل کرنے سے درست ہوگا +

بیان حیض

یہ یاد رہے۔ کہ جس عورت کے ماہواری خون میں خرابی ہوگی۔ اُسکو حمل بالکل نہ ہوگا۔

اگر بر تقدیر ہو بھی تو جلد گر جاتا ہے +

ایام حیض میں عورتوں کو کس طرح رہنا چاہیئے

ایام حیض میں ایک تو مرد کے نزدیک نہ جائے۔ دوسرے زود ہضم اور لطیف غذا کم مقدار میں کھائے۔ تیسرے زیادہ گرم یا سرد کوئی چیز نہ کھائے۔ تیل اور خوشبویات سر میں بھی لگانا بہتر نہیں ہے +

ایام حیض کے بعد غسل کر کے پھر کیا کرنا چاہیئے؟

تیسرے یا پانچویں یا چھٹے دن جب خون بند ہو جائے۔ تو غسل کرنا چاہیے۔ اور چوتھے چھٹے۔ آٹھویں دسویں۔ بارہویں روز شب کو مقاربت کرے تو بہتر ہے۔ اگر ان تاریخوں کیخلاف کرو گے۔ تو اچھا نہیں ہے۔ اور طاق تاریخوں میں یعنی حیض کے بعد سے شمار کر کے ہمبستری کرنے سے لڑکی عموماً پیدا ہوتی ہے +

حیض عمدہ کی شناخت

جو حیض کا خون لاکھ دھونے پانی کی طرح یا خرگوش کے خون کے رنگ جیسا پھیکے رنگ کا سرخی لئے ہوئے ہو۔ اور اگر سفید کپڑے پر لگا کر پانی میں دھو ڈالنے کے بعد کوئی داغ نہ رہے۔ اور کسی قسم کا درد نہ ہو اور سوزش جلن بھی نہ ہو اور ۲۸ یا ۲۹ یا ۳۰ روز کے بعد دوبارہ جاری ہو جائے تو بہتر ہے +

حیض کی بیماریوں کا علاج

حیض کو جاری کرے۔ کپاس کے پھول مع پتے آدھ پاؤ لیکر ایک سیر پانی میں پکائیں جب چہارم رہے۔ چھان کر ہم دام گڑ ملا کر پلادیں۔ **دیگر** سوپ میتھی۔ کلونجی۔ گاجر

کے بیج۔بنفشہ۔املتاس کا چھلکاسب چھ چھ ماشہ لیکر پانی میں پکا کر چھان کر دیں۔دیگر
تخم گاجر۔تخم مولی میتھی سب برابر ملا کر کوٹ کر سفوف کریں۔اور ایک کفِ دست پھانکیں
دیگر۔سیاہ تل میٹھے تیل میں ملا کر نیم گرم ناف کے نیچے ضماد کریں۔دیگر ورم رحم کو مفید
ہے۔ہلدی پیس کر گھی میں ملا کر شافہ کریں دیگر۔شہد کا شافہ رحم کے زخم کو پیپ سے
صاف کرتا ہے +

بیان و علاج کثرت خون حیض

اگر خون حیض معمولی دنوں سے بڑھ کر آنے لگے تو اس کا سبب دیکھیں۔اگر چہرہ کا رنگ
زرد نہ ہو۔اور قوت بدن خوب ہو۔تو زیادتی خون کا باعث ہے۔علاج کی ضرورت نہیں
ہے۔اگر تغیر رنگ اور ضعفِ بدن ظاہر ہو۔تو اسوقت پستانوں کو باندھنا مفید ہے۔
اور ذیل کے نسخوں میں کسی کا استعمال کریں۔انشاء اللہ فائدہ ہوگا +
نسخہ دیگر۔جو خون کو روکے سنگ جراحت۔گیرو مساوی الوزن لیکر سفوف چند روز بوقت
صبح ۶ ماشہ ہمراہ پانی کے کھلانا مفید ہے +
نسخہ دیگر۔تخم کاہو بقدر دو دام ہمراہ شربت انار کے کھلائیں۔خون حیض و سیلان
رطوبات ہر قسم کو بفضل خدا روکے +
نسخہ دیگر۔سنگجراحت ۲ دام گوند ڈھاک ایک دام۔مائیں خورد نصف دام مصری
سفید دو دام سب کا سفوف بنا کر بقدر ایک تولہ ہمراہ شیر بادہ گاؤ کے کھلائیں +
دیگر۔بکائن کی کونپل ایک تولہ بھنگ کیطرح رگڑ کر پئیں۔یا چیڑ لاکھ دکھاند برابر ملا کر
ایک کفِ دست پھانکیں +

علاج دردِ رحم

اگر رحم میں کسی سبب سے درد ہو۔تو اس کو پیس کر ضماد کریں۔فوراً درد موقوف ہو۔زعفران افیون
اجوائن ہر ایک دو دو ماشہ۔تخم خطمی۔السی ہر ایک پانچ ماشہ زردی بیضہ مرغ نیمبرشت

یک عدد ملاکر پیڑو پر لیپ کرد مجرب ہے +

نسخہ دیگر۔ درد رحم جو ایام حیض میں ہو۔ اسکو مفید ہے۔ ریوند خطائی مصری وزن برابر سفوف کرکے ۶ ماشہ حیض سے پیشتر کھانی شروع کردیں +

نسخہ دیگر۔ درد رحم جو بعد جماع یا ولادت یا حیض کے ہو برگ نیم برتن پر رکھ کر گرم کر کے عانہ کے اُوپر باندھے۔ درد موقوف ہو +

نسخہ دیگر۔ درد رحم جو بعد نفاس کے ظاہر ہو۔ گوکنار قدرے پانی میں تر کرکے نیمگرم قدرے ملاکر پینا او رفضلہ سے پیڑوں کو سینک دینا مفید ہے +

نسخہ دیگر۔ درد رحم و درد پشت جو قبل حیض کے ظاہر ہوتا ہے۔ دفع کرے تخم ایک دام میتھی ۲ تولہ تخم خیارین نیمکوفتہ چودہ ماشہ۔ بادیان نیمکوفتہ۔ انیسوں۔ تخم شبت مجیٹھ ہر ایک سات ماشہ لیکر سب کو جوش دے کر ساڑھے ۱۸ تولہ قند سیاہ میں قوام کریں۔ یہ دوا سات روز پیکر ختم کریں مجرب ہے +

علاج ورم رحم

نسخہ۔ تخم خطمی۔ تخم کتان کا لعاب ساتھ شہد کے ملاکر شافہ رکھیں۔ **نسخہ دیگر**۔ ضماد برائے درد رحم۔ مغز املتاس ۶ ماشہ۔ تخم خطمی۔ رسوت۔ گلسرخ۔ گل بنفشہ۔ مکو ہر ایک تین ماشہ تخم کاسنی ۴ ماشہ۔ آب گلو سبز کے ساتھ پیسکر روغن گل و سرکہ ہر ایک ۶ ماشہ ملاکر نیمگرم ضماد کریں فوراً ورم دور ہو۔ **دیگر**۔ شہد۔ عرق مکو نکال کر شافہ اُٹھاویں

علاج شقاقِ رحم و قروح رحم

نسخہ۔ موم سفید چربی گردہ بز تولہ لیکر پگھلا کر آپس میں ملائیں اور سنگجراحت ۶ ماشہ مردار سنگ ۳ ماشہ پیسکر اس میں ملائیں۔ اور ایک مدت تک اس مرہم کو اوپر شقاق کے رکھیں۔ بفضل خدا اچھا ہوگا +

نسخہ۔ قروح رحم۔ شہد کو شیر گاؤ دو چند میں پکائیں جب شیر جلجائے۔ پھر اس میں روئی آلودہ کرکے حمول کئی دن کریں۔ قرحہ بالکل صاف ہو جائیگا + **دیگر۔** مغز تخم خیارین گھوٹ کر لگادیں +

علاج خارش وسیلان رحم

نسخہ دافع خارش رحم بھیم سینی کافور گلاب کے عرق میں پیس کر مقام مخصوص پر ضماد کریں۔ **دیگر۔** تخم خطمی۔ ملتانی مٹی ہر ایک برابر عرق گلاب میں ملا کر ضماد کریں +

نسخہ دیگر سرب قدرے پانی کاسنی میں پیسکر تخم کاہو قدرے قدرے گلاب کا عرق ملا کر اندر یا اندام کے طلا کریں۔ خارش کو مفید +

سیلان الرحم۔ ببول کی پھلی نرم اور ببول کے پتے نرم ملا کر سفوف بنالیں اور ہر روز ایک کف دست پھانک کر اوپر سے عرق نیلوفر یا شربت نیلوفر پیئیں۔ **دیگر۔** گوکھرو تولہ پانی آدھ پاؤ میں بھگو دیں۔ صبح مائیں ۳ ماشہ پھانک کر یہ زلال پیئیں +

فائدہ یہ یاد رکھیں کہ اگر مذکورہ بالا مرضوں سے حمل نہ ہوتا ہو۔ تو اُن کا حال دیکھ کر علاج عورت کا کریں۔ اگر مرد کی طرف سے کچھ کسر ہووے۔ تو اس مرض کا علاج کریں اگر کوتاہی آلہ مرد ہے۔ تو وقت خاص کے عورت کی کمر کے نیچے تکیہ رکھ دینا اور قطرے عطریات عورت کی رانوں اور مقام خاص میں لگانا مفید ہے۔ اس لئے کہ خوشبو سے رحم قریب ہو جاتا ہے +

مددگار حمل

اگر کوئی مرض عورت کو نہ ہو۔ تو براده دندان فیل اصلی شہد میں ملا کر عورت چند روز کھائے یا اجوائن کف دست چند روز بعد حیض کے کھائے اور باز کی بیٹھ شہد فتیلہ بنا کر فرزجہ کریں۔ **دیگر۔** سرسوں قدرے پیس کر حیض کے بعد ۳ دن تک نشافہ کرے ایسا ہی زہرہ کی سینگی کا خاصہ ہے +

علامتِ حمل

جب عورت کو حمل ٹھہرتا ہے۔ اس وقت عورت کے بدن میں سستی اور بوجھ ظاہر ہوتا ہے۔ بعد جماع کے حواس کا سست ہونا اور قدرے متلی اور ڈکار ترش آنا اور رونگٹے کھڑے اور درد سر ہونا۔ اور آنکھوں کے نیچے اندھیرا آنا اور دل پر گھبراہٹ دھبوک کم ہو جانا۔ اور پیشانی پر پسینہ آنا۔ اور درمیان ناف اور اندام نہانی کے کسی قدر درد کا ہونا اور رحم کا منہ اور حیض بند ہو جانا۔ اور بعد رہنے حمل کے ہر چیز سے نفرت کرنا۔ اور پیشاب دشواری سے آنا یہ علامات حمل کی ہیں۔ بقراط کا تجربہ ہے۔ کہ اگر حمل معلوم کرنا ہو۔ تو شہد ۲ تولہ ہموزن آب باراں میں حل کر کے رات کو سوتے وقت عورت کو پلائیں۔ اگر درد پیچ ناف کے پیدا ہو گیا تو معلوم کریں۔ کہ عورت حاملہ ہے۔ ورنہ حاملہ نہیں ہے +

تجربہ دیگر۔ عورت نہار منہ لہسن کی پوتھی تا بت رحم میں رکھ کر سو رہے۔ اگر مزہ اور بو لہسن کی منہ میں ظاہر ہو۔ تو حاملہ نہیں۔ اگر معلوم نہ ہو۔ تو حاملہ ہے +

شناخت حمل لڑکا یا لڑکی

اگر دریافت کرنا ہو کہ عورت حاملہ پسر کی ہے۔ یا دختر کی تو ایک جوں ہاتھ پر رکھ کر اس پر دودھ عورت کا ڈالیں۔ اگر وہ جوں اس دودھ سے نکل جائے۔ تو معلوم کریں کہ اس کو حمل دختر ہے۔ اگر نہ نکلے تو حمل پسر کا ہے۔ نیز اگر داہنے طرف بوجھ ہو اور داہنی چھاتی بھاری اور چھاتی کا سر اسرخ اُبھرا ہوا ہو۔ دوران سر درد اور متلی کچھ نہ ہو۔ اور چہرہ بشاش اور خوش ہو۔ تو غالباً لڑکا پیدا ہوگا۔ ورنہ لڑکی؛

حاملہ عورتوں کے لئے احتیاط

اوّل اپنے بدن کو صاف ستھرا رکھنا۔ دوم قبض اور پیشاب رکنے نہ دینا۔ سوم کسی

قسم کا غم نہ رکھنا چہارم قے اور دست لانیوالی چیز کا استعمال کرنا۔ پنجم زیادہ محنت کا کام نہ کرنا۔ نہ اونچی جگہ سے کودنا۔ ششم چار مہینے حمل ہونے پر جماع نہ کرنا۔ نہ بھاری بوجھ اُٹھانا۔ کیونکہ اس سے حمل گر جانے کا اندیشہ ہے۔ ہفتم زیادہ اشیائے نہ کھانا +

بچہ پیدا ہوتے وقت تکلیف نہ ہو۔ اگر اسوقت درد کی شکایت معلوم ہو تو سم خر جلا کر دھونی دیں۔ یا پوست خشخاش پانی میں بھگو کر تھوڑا سا پلائیں۔ یا مکنڈہ بوٹی کا پودا معہ برگ و بیخ کے خشک کر کے اس سفوف کی ایک پوٹلی بنا کر جسم کو خوشبو اس کی دیں۔ اس سے بھی فوراً بند خلاص ہو جاتی ہے۔ یا مقناطیس بائیں ران پر باندھیں یا ایک تولہ زعفران داہنے ہاتھ میں دیدیں۔ یا آدمی کے سر کے بالوں کی دھونی دیں +

ترکیب اخراج مشیمہ و مردہ بچہ

ایسے وقت میں چھینک لانیوالی دوائیں استعمال کرائیں۔ اور ناک منہ کو چھینک کے وقت بند کر کے زور لگائیں اور عود بلستاں واپھل لہسن کے پتوں کا بندق بنا کر بخور کریں +

نسخہ دیگر۔ نوشادر ۳ تولہ اشق ۱۰ ماشہ پانی میں فتیلہ بنا کر عورت کے جسم میں رکھے اور ہمراہ قدرے کنجد سیاہ کے ایک رات دن پانی میں بھگو کر صبح ملکر اُس کا پانی دو تین دن پینا مفید ہے۔ یا سانپ کی کینچلی اور سرگین کبوتر کا دھواں رحم میں پہنچانا بھی کام کر دیتا ہے۔ یا پوست درخت پیپل ۱۰ ماشہ کوٹ کر چاولوں کی پیچھ سے ملا کر کھانا مفید ہے۔ کلونجی اجوائن وزن برابر لے کر قند سیاہ میں ملا کر کھائے یا بیخ چرچرہ پنجدرم گھسکر صبح کو پینا فوراً اسقاط ہوتا ہے۔ تخم سویہ ایک مثقال کو جوش دیکر قند سیاہ ملا کر پلا دیں۔ فوراً حیض جاری ہو۔ اور مردہ بچہ باہر آوے۔ یا مرچھا و شیر خربق سفید برابر کوٹ چھان کر ساتھ زہرا گاؤ کے فرزجہ کریں۔ یا تخم بھقوا ڈیڑھ تولہ۔ بھم سیر بخته پانی میں جوش دیں۔ جب نصف پانی باقی رہ جائے۔ تو چھان کر پلائیں۔ مجرب ہے +

نسخہ مانع حمل

بعض ایسے سبب ہیں۔ کہ جن سے اگر حمل ہو جائے۔ تو مرنے کا خوف ہوتا ہے۔ اسلئے صحبت کیوقت بڑا خیال رکھنا چاہیے۔ کہ نطفہ نہ ٹھہرے۔ اس کے لئے روغن سرسوں یا چنبیلی وغیرہ عضو پر لگاکر استعمال کرنا بہتر ہے۔ یا روغن بنولہ کا پھایا حیض کیوقت پانچ روز اپنے جسم میں رکھیں۔ اس سے بھی حمل قرار نہ پائیگا۔

نسخہ دیگر۔ اگر سرگین فیل خشک ۲ ماشہ۔ کاکنج ۴ ماشہ شہد ۵ ماشہ باہم ملاکر عورت کھلائے حاملہ نہ ہو۔ یا ایک مثقال تل کھائیں۔ یا سرمہ کی پوٹلی کا حمول کریں۔

نسخہ دیگر۔ قدرے پنجال کبوتر جنگلی کو رات بھر پانی میں بھگو کر صبح جو عورت پی لیوے بانجھ ہو جاوے۔ یعنی پھر حمل نہ ہوگا۔ یا چند روز لونگ ایک ایک کھانا بھی مفید ہے یا رسوت۔ ہڑ۔ آملہ یہ تینوں ہموزن پیسکر بقدر ۵ ماشہ بعد غسل حیض کے سرد پانی سے کھلائیں گھونگچی سفید اگر ایک نگل لے تو ایک سال تک حاملہ نہ ہو۔ اگر دو نگل لے تو ۲ سال علیٰ ہذا القیاس۔ اگر ملتانی مٹی پانی میں گھول کر پی لے۔ تو پھر حاملہ نہ ہو۔

نسخہ جات مضیق

نسخہ مضیق۔ خواہ کسی طرح سے پیدا ہوئی ہو۔ اس کیلئے نہایت مفید ہے۔ کونپل درخت ڈھاک سایہ میں خشک کر کے برابر شکر ملاکر ہر روز ۶ درم کھائیں گیارہ روز تک۔

نسخہ دوم۔ ماجو۔ کافور۔ ہر سہ کو خوب ملاکر جائے مخصوص میں لگانا بہتر ہے۔

نسخہ سوم۔ برگ بیخ ثمر انار کی لے کر پانی میں خوب پیس کر روغن گنجد میں پکا کر وہ روغن استعمال کرے۔

دیگر۔ لسپال۔ پھٹکڑی۔ سپاری۔ سب برابر ملاکر سفوف کر کے پوٹلیاں بنا دیں حمول کریں۔

دربیان امراض بچوں میں

یہ یاد رکھنا چاہیے۔ کہ جو بیماریاں بچہ کو پیدا ہوتی ہیں۔ وہ دایہ یعنی ماں کے تعلق اور

سخت چیز کے کھانے سے ہوتی ہیں۔ بچہ دودھ پیتا ہو۔ تو اس صورت میں دوا دایہ کو پلانی چاہیے۔ اور جبتک بچہ کے دانت نہ نکل آئیں اسوقت تک کوئی غذا بلکہ غیر دودھ بھی بچہ کو نہ دینا چاہیئے۔ اگر خدانخواستہ دودھ گاؤ یا بکری کے دینے کی ضرورت ہو۔ تو دو حصہ دودھ گاؤ یا بکری میں ایک حصہ پانی گرم اور ذراسی مصری ملاکر شیر گرم پلانا چاہیئے اگر دودھ پلانے سے قبض ہو۔ اور پیٹ میں درد۔ اور دودھ گرائے اور دست آنے لگیں۔ تو اسصورت میں ایک حصہ گرم پانی اور ایک چمچہ چونے کا پانی اور دو حصہ دودھ اس میں قدرے مصری ملاکر پلائیں۔ اگر گدھی کا دودھ مل جائے۔ تو سب سے بہتر ہے اگر ایک یا دو چمچہ عرق مرکب ملا کر دیا کریں۔ تو سب سے بہتر عرق مرکب یہ ہے ۳ عرق سونف ۲ حصہ عرق اجوائن ایک حصہ عرق کیوڑہ آدھ حصہ +

چونے کا پانی بنانا۔ ایک بڑی بوتل میں سوا سیر پختہ پانی ڈالکر ۱ تولہ چونہ قلعی خشک یعنی پتھر کا چونہ ڈالیں۔ اور اس بوتل کو ڈاٹ لگا کر خوب ہلا کر رکھیں۔ بعد ازیں چار پہر کے اس بوتل میں نتھرا ہوا پانی باآہستہ کسی میں ڈال لیں۔ پس یہی چونے کا پانی ہے +

احتیاط۔ دایہ کو چاہیئے۔ کہ دودھ بچہ کو باری باری دونوں پستانوں کا دے۔ تاکہ ہر دو پستان میں دودھ برابر پیدا ہو۔ اگر زچہ کو دودھ نہ اترے۔ تو اس صورت میں چار پانچ برگ ارنڈ پانی میں جوش دے کہ اس پانی سے پستانوں کو دھو کر اوپر سے وہی برگ گرم باندھ دینے مفید ہیں۔ اگر پستان میں دنبل ہو جائے تو قدرے صابن گوگل گھسکر لگا کریں

زچہ یا دایہ کو چاہیے۔ کہ بار بار دودھ نہ پلائے اس کیلئے وقت مقرر کرنا بہتر ہے۔ اور اسی طرح پاخانہ پھرانے کی بھی عادت ڈلوانی چاہیے۔ جو بچے تندرست ہوتے ہیں۔ وہ دن بھر میں دو یا تین دفعہ پاخانے اور دو دو گھنٹہ بعد پیشاب کرتے ہیں۔ اگر بیمار یعنی پیٹ میں کچھ خرابی ہوگی۔ تو اس کے برعکس پاخانہ ہوگا +

اگر بچہ کو قبض ہو جائے۔ تو عرق گلاب میں تھوڑا سا شہد حل کر کے دن بھر میں

دو یا تین دفعہ پلائیں۔ یا کسٹرائیل کا جلاب دیں یا عرق سونف میں قدرے املتاس ڈال
کر بچوں کے جب دانت نکلتے ہیں۔ ان کو سخت تکلیف ہوتی ہے۔ اور علامات ذیل ظاہر ہوتے
ہیں۔ پیاس کا زیادہ لگنا۔ منہ سے رال کا بہنا۔ مسوڑوں کا گرم و سرخ ہونا دست اور
قے لگنے۔ اپنی انگلیاں چبانا۔ دودھ بسبب درد کے نہ پی سکنا۔ رخساروں پر سرخی آجانا
پس جب یہ علامتیں ہوں۔ تو اسوقت شہد و نمک لاہوری ملا کر مسوڑوں پر دوسرے تیسرے
دن ملنا چاہیے۔ اور ملٹھی مقشر چوسنے کو دینی چاہیے۔ تیل کسٹرائیل ایک مہینے کے بچے
تک ۴ ماشہ اور دو مہینے کے بچے تک ساڑھے سات ماشہ۔ اگر اس سے دست نہ آئیں
تو قدرے پیٹ پر مالش کر دینی چاہیے۔ سر میں مکھن لگا دیں۔ کانوں میں بادام روغن ڈالیں
جب دانت نکلنے شروع ہوں ان دنوں میں سر کو سرد رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ ان دنوں
میں خون کا میلان سر کی طرف زیادہ ہوتا ہے۔ اسلئے سر کا سرد رکھنا ضروری ہے۔ اگر
بچہ کو پاخانہ زرد اور بدبودار آئے۔ تو اس صورت میں اسکو ریوند چینی قدرے دیدینی
چاہیے۔ تاکہ ایک دو دست آجائیں۔ اس سے پیٹ صاف ہو جائیگا۔

اگر چہ بچہ کا پاخانہ سفید ہو۔ تو بدہضمی کی علامت ہے۔ اسوقت دودھ میں چونا کا
پانی ضرور ملا کر دیں۔ اور عرق الائچی خورد۔ عرق پودینہ۔ عرق کیوڑہ۔ عرق سونف عرق اجوائن
ہموزن ملا کر تھوڑا تھوڑا دیں۔

اگر چہ بچہ پیچش ہو جائے اور بار بار پاخانہ آئے تو اس صورت میں جلاب دیں قدرے
سونف پانی میں باریک پیس کر چھان کر ایک چمچہ ذرا گرم کر کے پلائیں۔ یا انار کی کلی
چونہ۔ کتھ۔ گڑ سب کو ہموزن لیکر مونگ کے برابر گولیاں بنا کر بچہ کو ایک گولی دیں۔

اگر بچوں کے پیٹ میں چونے یعنی چھوٹے کرم پیدا ہو جائیں۔ تو قدرے اندر جو پیس
کر پلائیں۔ یا کسٹرائیل اور تارپین کے تیل کے بوندیں ملا کر پلائیں یا عرق لونی گندرولدہ
لڑکے کی مقعد میں لگائیں۔ یا عرق برگ شفتا لو کو کڑوے تیل میں ملا کر مقعد میں ملیں۔

اگر بچہ کو کھانسی بہت ہو۔ اور چھاتی جم جائے۔ تو ہلیلہ خورد فلفل دراز۔ کاکڑا سنگی قدرے پیس کر شہد میں ملا کر بچہ کو ذرا ذرا چٹاویں۔ اور دایہ دو تولہ سپستان پانی میں جوش دے کر پیئے۔ یا سہاگہ کھیلیں کر کے شہد میں ملا کر چٹاویں مجرب ہے۔ اگر کھانسی بھی ہو۔ تو عرق موئلف قدرے ملا کر بچہ کو دینا مفید ہے ؛

مرض پسلی۔ جب یہ مرض شروع ہو۔ تو فوراً جلاب دیں۔ اور قدرے پارہ سنگا اور دو چار سیاہ مرچ رگڑ کر لیپ کریں۔ اور اس پر سینک دیں۔ یا خون خرگوش یا کستوری قدرے شہد میں ملا کر چٹائیں۔ اور مقام درد پر گرم کپڑا باندھنا مفید ہے ؛

اگر بچہ کے منہ پر چھالے پڑ جائیں۔ تو سہاگہ اور شہد لگائیں۔ یا الائچی خورد رطب اشیر کتھ سفید۔ مازو ہموزن سفوف بنا کر قدرے منہ میں لگائیں۔ یا کھنب کا سفوف چھڑکیں ؛

اگر بچہ کی آنکھیں دکھنے لگ جائیں۔ تو کشتہ جست آنکھ میں ڈالکر بالائی کا پھاہا اوپر باندھ دیں۔ جب کان میں درد ہو۔ تو بچے کے کان میں انگلی ڈالتے ہیں۔ اسوقت قدرے تیل سرسوں یا بادام روغن نیم گرم ڈالنا چاہیئے۔ اگر پھنسی کان میں ہو۔ تو نیم گرم پانی میں پھٹکڑی ملا کر پچکاری کرائیں۔ اگر پیپ جاتی ہو۔ تو شہد کان میں ڈالیں۔ یا بوٹی گل زندی کا پتہ نیم گرم کر کے پانی اس کا ڈالیں۔ اگر بچہ سوتا ہوا چونک پڑتا ہو۔ تو ٹکڑا ابلو کا گلے میں لٹکا دیں نیز جلاب دیں۔ اگر ہچکی آتی ہو تو جوز ہندی اور شکر ملا کر چٹائیں۔ اور اگر روتا ہو۔ تو کسی فقیر سے تعویز بنوا لیں۔ اگر چیچک نکل آئے۔ تو سرمہ کان اور ناک میں پھونکیں۔ اور مروارید خورد چند عدد کھلائیں گدھے کی لید کی دھونی دیں۔ اور جب نکل چکیں۔ تو اسوقت میٹھا پلا دیں ؛

اگر بچوں کے سر پر خارش یا پھنسیاں وغیرہ ہو جائیں۔ تو پارہ گندھک نیلا تھوتھا نوشادر۔ روغن گاؤ پہلے روغن گاؤ کو ایک پانی میں دھو کر گندھک۔ پارہ کو کھرل کر کے پھر سب کو کھرل میں ڈالکر روغن میں ملا کر تین گھنٹہ کھرل کر کے جسم پر ملیں اور ایک لمحہ کے بعد دھو ڈالیں۔ اس دوا سے ہر قسم کا داد بھی دور ہوتا ہے۔ لیکن لگا کر دیر تک رکھنا

چاہیے۔ اگر سر میں پھوڑے ہوں۔ تو سر کو صابون کاربالک سے دھو کر سندھور سہاگہ بریاں۔ الائچی کلاں پیسکر لگائیں ؛

اگر کسی کے بچے سوکھ کر مر جاتے ہوں۔ یعنی وہ مرض جسکو سوکھیا مسان کہتے ہیں۔ اس کیلئے یہ گولیاں بقدر نخود بنا کر قدرے شیر دایہ میں بچہ کو دیں۔ اور دو گولی صبح اور شام دایہ خود کھائے۔ انشاءاللہ برابر چالیس روز میں بچہ فربہ ہو۔ نسخہ یہ ہے۔ دانہ الائچی کلاں ۲ تولہ مرچ سیاہ ۵ ماشہ۔ چاول۔ زیرہ سفید۔ عود صلیب جدوار خطائی۔ پوست انار دین شگفتہ۔ مرغ۔ اندر جو تلخ۔ صندل سرخ و سفید۔ دارچینی درخت ببیل ہر ایک ۴ ماشہ سہاگہ بریاں۔ گلسرخ۔ زعفران ہر ایک ۱ ماشہ سب کو عرق گلاب ۱ تولہ میں کھرل کر کے پھر گولیاں بمقدار نخود بنا کر استعمال کریں ؛

اگر بچہ کی گردن سوکھ جاوے کان کی لو باریک ہو جاوے۔ بدن پر جھریاں پڑ جائیں تو سیندھور ۱ تیل میں ملا کر کانوں میں ڈالے ؛

اگر بچہ کا کوا گر پڑے۔ تو نیم کی شاخ کو چیر کر پھندا بنا کر اوپر کو اٹھاوے اور طباشیر الائچی سفید کا سفوف منہ کے اندر کوے پر چھڑکیں ؛

اگر بچہ کو پیاس بہت لگے۔ تو گل نیلوفر تخم کاسنی۔ طباشیر۔ دھانوں کی کھیلیں کنول ڈوڈا۔ دریا کا ریت ایک برتن میں ڈالکر تازہ سرد پانی بھر کر رکھ دیں۔ جب بچہ کو پیاس لگے۔ تو اس میں سے پلا دیں۔ اگر بچہ کا تالو ہو جاوے تو ہیچ کا لیپ کریں ؛

ہر مرض کے چیدہ چیدہ مجرب نسخے

دردِ سر

دردِ سر۔ مولی کا گٹھا پٹیوں پر چند لمحہ گھسنے سے درد کو آرام ہو جاتا ہے ؛

دیگر۔ نیوسارک ایکسٹریکٹ پر درد کے مقام پر لگانے سے پسینہ آکر آرام ہو جاتا ہے

دیگر۔ ریٹھی پیسکر ضماد کرنے سے آرام ہو جاتا ہے ؛

دردِ شقیقہ۔ میدہ۔ سونف۔ کوری ٹھیکری پر گھسکر جس طرف سر میں درد ہو اسکے مخالف سمت میں نسوار لیں۔ **دیگر**۔ ہلیلہ زرد ۸ ماشہ اندر جو ۸ ماشہ۔ کوٹھا میٹھا ۸ ماشہ مصری ۲ تولہ سب کو ملا کر سفوف کر لیں۔ اور مریض کو ہر روز ۱۰ ماشہ کھلایا کریں ۞

ضعفِ سر۔ جس کے باعث سر درد رہتا ہو۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا ہو جاتا ہو غایت مفید ہے۔ ۞ مغز بادام ۳ تولہ طباشیر ۲ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ الائچی خورد ۲ ماشہ گلسرخ زعفران دھنیا ہر ایک ۲ ماشہ۔ مصری ۲۰ تولہ پہلے مغز بادام کا شیرہ نکالکر مصری ملاکر قوام کریں۔ پھر باقی اشیا ملا کر معجون بنالیں۔ اور صبح ایک تولہ کھایا کریں ۞ **دیگر**۔ گاؤزبان ۱۱ ماشہ گل گاؤ زبان خشخاش سفید۔ دھنیا۔ بادرنجبویہ۔ ابریشم خام۔ مقرض۔ تخم کاہو۔ گل نیلوفر۔ تخم سیاہ تخم فرنجمشک ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ شہد ۵ تولہ۔ ورق نقرہ ۱۴ عدد۔ مصری ۳۰ تولہ سب ادویہ کو کوٹ کر رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح خوب جوش دیں۔ پھر ملکر چھان کر مصری ملا کر قوام کریں۔ اور آخیر کو ۵ تولہ شہد ملا کر نیچے اتار لیویں۔ اور ایک ایک ورق ڈالتے جائیں۔ اور لکڑی کے ڈنڈے سے گھوٹتے جاویں۔ جب گھٹتی گھٹتی سفید ہو جاوے۔ تب بس کریں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ گاؤزبان ۵ تولہ بوقت صبح ۞

مرگی۔ چکور کی بیٹھ ہرن کے پیشاب میں کھرل کر کے نسوار دیں ۞

دیگر۔ برگ عشق پیچہ کے عرق سے سفید گھونگچی کھرل کر کے سفوف کر لیں۔ مریض ۲-۳ روز نسوار دیں۔ وہ کیڑے ناک سے گر کر ہمیشہ کیلئے آرام ہو جاوے گا ۞

نزلہ و زکام

زعفران ایک ماشہ۔ لونگ ۷ عدد۔ افیون آدھ ماشہ۔ تخم املی آدھ ماشہ نیلا تھوتھا ۱۴ عدد جوز بوا ۲ عدد۔ اجوائن آدھ ماشہ۔ زردی بیضہ سب سے نصف سب کو دھوپ ملا کر گھوٹ کر کاغذ پر لیپ کر کے پیشانی پر لیپ کریں۔ ۲-۳ لیپ سے بالکل آرام ہو جاوے گا۔ پرانا نزلہ جاتا رہیگا ۞ **دیگر**۔ شکر سفید کا بخور کرنے سے زکام کو آرام ہو جاتا ہے۔

دیگر۔ سفید کنیر کے پھول۔ کچور۔ کشمیری پٹھہ۔ بالچھڑ۔ اسطوخودوس۔ رب السوس ہر ایک ایک تولہ کٹیلی کے پھل ۲ تولہ۔ کافور ۶ ماشہ سب کو ملا کر نسوار لیں۔ اگر کٹیلی کے پھل نہ ملیں تو تخم سرس ۲ ماشہ ملا لیں۔ اس نسوار میں خوبی یہ ہے۔ کہ چھینکیں تو بہت کم آتی ہیں۔ لیکن مواد تمام خارج ہو جاتا ہے۔ عطیہ بابو مول چند پوسٹل پنشنر ؛

امراض چشم

آنکھ دکھنے کا علاج۔ مصطگی گھس کر لگاویں۔ **دیگر**۔ رسوت پھٹکڑی سفید مصری کوزہ۔ شورہ افیون سب برابر نوشادر فی جز کا تہائی حصہ۔ نیلا تھوتھا فی جز کا تہائی چوتھائی حصہ سب کو عرق لیموں یا عرق انار میں کھرل کر کے شیشی میں رکھیں سلائی سے لگا دیں۔ ۲ روز میں آرام ہوگا۔ انشاءاللہ **دیگر**۔ پوٹلی کا نسخہ۔ رسوت ۶ ماشہ پھٹکڑی سفید ۳ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ ہلدی ۳ ماشہ پوست خشخاش ۴ ماشہ نیلا تھوتھا ۲ چاول سکو دردرا کرے۔ پوٹلی میں باندھیں۔ اور پانی میں تر کر کے آنکھ پر پھیریں۔ اگر ہو سکے تو چند قطرے اندر بھی ڈال لیں **دیگر** شنگرف سرخ آدمی کے پیشاب میں تر کر کے آنکھ میں لگا دیں **دیگر** مہندی کے پتے گھوٹ کر ٹکیہ بنا کر مقعد پر رکھ کر باندھیں

خارش چشم۔ کڑوا تیل سلائی سے آنکھ میں لگا دیں۔ یا حقہ کی نلی کی میل لگا دیں ؛ **دیگر**۔ صندل سفید پانی میں گھس کر مٹی کے پیالے میں لیپ کریں۔ جب سوکھ جاوے تب سرسوں کے تیل سے چراغ جلا کر اس پیالہ میں کاجل اوپاڑیں۔ اور برگ بکائن کے عرق میں حل کر کے لگا دیں ؛

شبکوری۔ چڑیا کی بیٹھ گھس کر آنکھ میں لگا دیں۔ یا بکری کی کلیجی آگ پر بھونیں۔ اور اُس کا پانی سلائی کے ذریعہ لگا دیں ؛

ڈھلکا۔ سیسہ ۶ ماشہ۔ پارہ ایک تولہ۔ دونوں کو جمبل بید میں کھرل کر ڈالیں۔ اور ۱۲ عدد چاندی کے ورق ایک ایک کر کے اسمیں ملا کر رگڑیں۔ تب سرمہ ۲ تولہ باریک کر کے

ملا کر عرق گلاب یا عرق سونف سے کھرل کر لیں اور لگا دیں۔ آنکھوں سے پانی جانا بند ہو

مرض باہمنی۔ یعنی پلکوں کا غلیظ ہونا۔ سانپ کی کینچلی روئی لپیٹ کر سرسوں کے تیل سے کاجل اپاڑیں۔ اور لگاویں۔ یا ایک تولہ تانبا آگ پر چرخ دیں۔ اور عین گواز میں سرمہ سیاہ باریک کر کے چٹکیاں دیتے جاویں۔ تانبہ کشتہ ہو جاوے۔ اسکو باریک پیسکر سرمہ میں ملا کر لگایا کریں۔ چند روز میں آرام ہو جائیگا۔

پھولا۔ سفید موصلی عورت کے دودھ میں گھسکر لگا دیں۔ **دیگر** تخم پیاز لطور سرمہ لگائیں **دیگر**۔ پارہ ایک تولہ کو تیزاب گندھک سے آگ پر کشتہ کر لو۔ پانی سے دھوکر تیزاب نکال دو کشتہ زرد رنگ ہو جائیگا۔ اس کی ایک سلائی لگایا کرو۔ اگرچہ لگیگا لیکن چند روز میں پھولا صاف ہو جائیگا۔

رتوندا۔ جالا۔ پھولا۔ دھند۔ غبار۔ سیندھا نمک پیسکر لطور سرمہ لگا دیں۔ رتوندا پہلے روز دھند غبار ۳ روز میں پھولا ۱۳ روز میں بالکل زائل ہو۔ عطیہ بادا ستیانند گری سنیاسی **مقوی بصیر** کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے خزانہ میں تھا۔ توتیائے کرمانی ایکدرم۔ سرمہ اصفہانی ۲ درم۔ نمک اندرانی چہار مثقال۔ زعفران آدھا قیراط۔ کافور ایک رتی پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ ہر یک ۵ دانگ۔ آخرالذکر چھلکوں کو اسقدر پانی میں بھگو دیں۔ کہ پانی اوپر تیر آوے۔ پھر آگ پر اسقدر جوش دیں کہ چہارم حصہ پانی رہے۔ تب چھانکر باقی ادویہ ملا کر حل کر لیں۔ اور بوقت غروب آفتاب لگا دیں۔

موتیابند۔ افیون خام خالص۔ عرق پوست مگر گاڑھا سب برابر۔ گاؤ دٹ کا آٹا سب اشیا برابر ملا کر ۷ روز تک خوب کھرل کریں۔ پھر سلائی سے لطور سرمہ لگا دیں۔ آنکھ بند رکھیں کھولیں نہیں۔ اگر خود بخود پانی بھر آوے۔ اور آنکھ کھل جاوے۔ تو مضائقہ نہیں۔ اوّل ہی روز آرام ہو گا۔

دیگر موتیابند و جالا۔ موتیا بیل کا جھاڑ جو قریب ڈیڑھ پاؤ کے ہو ایک مٹی کے

نئے حقہ میں ڈالکر اس پر موافق انداز پانی ڈالیں۔ مگر نیا بچہ لگاکر دس پندرہ روز تک حقہ پیتے رہیں۔ پانی ہرگز نہ بدلیں اس عرصہ میں جو میل کے اندر بھرجائے۔ اسکو الگ رکھیں پس میل کا نصف حصہ نوشادر ملاکر جوہر اڑالیں ایک سلائی سے آرام ہوگا۔

دیگر۔ تمباکو پوربیہ درجہ اول ایک تولہ شیشہ لون ۶ ماشہ ہر دو کو ملاکر ۲۴ روز برابر کھرل کرلیں۔ تب سلائی سے بہت تھوڑا لگادیں۔ مگر ے روز سے زیادہ نہ لگادیں۔ ورنہ نقصان دے گا۔ بہت خشک ہے۔

آنکھ کو سنکھیا کا دھواں لگا ہو تو شہد سلائی سے لگایا کرو۔ یا سرسوں کا تیل سلائی سے لگایا کرو۔ کان کا میل انگلی سے لگاؤ۔

آنکھ میں پتھر کا کوئلہ۔ شہد سلائی سے لگاؤ۔

امراض کان

کان کا درد۔ گھوڑے کی لید کا عصارہ نیم گرم ڈالیں۔ **دیگر۔** روغن بادام ایک حصہ روغن گل دو حصہ گل زنبق کا پانی ۳ حصہ۔ نیم کے پتوں کا پانی ۲ حصہ رسوت ایک حصہ رسوت کو ہر دو پانیوں میں حل کرلو۔ پھر دونوں تیل ملاکر نرم آگ پر اسقدر پکاویں کہ پانی سڑ جائے۔ صرف تیل رہجائے۔ تب کان میں ڈالا کرو۔ زخم شہد اور انزروت ملا کر ان میں بتی تر کرکے اندر رکھو۔ **دیگر۔** کافور کا تیل پھوہا پر لگاکر اندر لگاؤ۔ کافور کا تیل اس طرح بنتا ہے۔ کافور باریک پیس کر ایک شیشی میں ڈالیں۔ اس پر کاربالک ایسڈ اسقدر ڈالیں۔ کہ وہ بخوبی تر ہوجاوے۔ تب شیشی بند کرکے دھوپ میں رکھ دیں۔ تھوڑی دیر میں تمام کافور تیل ہوجائیگا۔ **کرم۔** برگ اس میں تھوڑا کافور پسا ہوا اندر ڈالدیں۔ وہ بھی حل ہوجاویگی۔ **کرم۔** برگ شفتالو کا عرق ڈالیں۔ **بہرا پن۔** اگر خشکی کے سبب ہو۔ تو روغن بادام ڈالیں۔ اگر بادی کے سبب ہو تو میٹھے تیل میں ہینگ حل کرکے ڈالیں۔

نکسیر۔ برف کا ٹکڑا سر پر رکھیں یا پھٹکڑی کی نسوار لیں یا گدھے کی لید کا عرق سونگھیں۔ یا نشاستہ سرکہ میں ملا کر پیشانی پر ضماد کریں۔ **زیادہ چھینک آنا۔** دھنیا کا عرق صندل ملا کر سونگھیں یا لہسن یا روغن بادام سونگھیں۔

پینس کی بیماری۔ گنگنا کے مرض کو کہتے ہیں جس کے سبب مریض ناک میں بولنے لگتا ہے۔ مرچ سیاہ پیپل۔ ناگ کیسر۔ سماق۔ املبید۔ چوک۔ زیرہ ہر ایک ۴ درم۔ قاقلہ تج پترج۔ ہر ایک ۳ درم۔ پرانا گڑ سوا سیر۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر قند سیاہ ملا کر گولیاں بنا لیں۔ ۴ درم سے شروع کر کے ۶ درم تک پہنچا دیں۔ بعد کھانے دوا کے دو ایک مرتبہ سرد پانی بھی پیلیں۔

امراض دانت

منجن عجیب۔ چاروں قسم کے نمک۔ بنولہ کوفتہ۔ سونٹھ۔ کوٹھ۔ مرچ سیاہ زیرہ سفید مصطگی۔ کوئلہ چوب نیم۔ سب برابر ملا کر سفوف کر کے دانتوں پر ملیں۔

دیگر۔ مونگا جلا کر چونہ بنا لیں اس میں قدرے کتھ ملا کر ملا کریں۔

دانتوں کے زخم۔ کپاس کے پھل کا چھلکا جلا کر دانتوں کے زخم پر رکھیں۔

منجن اعلیٰ درجہ۔ کرنڈ پتھر ایک تولہ۔ کانچ بلوری پسا ہوا ایک تولہ چینی کا برتن کا ٹکڑا پسا ہوا ایک تولہ۔ نمک بریاں ایک تولہ پھٹکڑی بریاں ۶ ماشہ سجی بریاں۔ زنگار ایک ماشہ نوشادر ۲ ماشہ۔ مونگا کی جڑ ایک تولہ عقرقرحا ۶ ماشہ۔ ناگر موتھا۔ بالچھڑ ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر منجن کرو۔

دانتوں کا ہلنا۔ تخم ریٹھ۔ ادر پھٹکڑی مساوی الوزن کوٹ ملا کر ایک مٹی کے برتن میں بند کر کے ۲ سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر سرد کر کے سفوف کر لیں۔ اور دن میں ۴ مرتبہ دانتوں پر ملیں۔

ہلتے ہوئے دانت اور گوشت خورہ کو مفید۔ سپاری ایک مازو ۲ بھلادہ ۴ عدد

سپاری اور بھلاوہ کو کلیا میں بند کر کے کوئلہ کر لو۔ تب ملاؤ پیس کر ملا کر۔ ملا کر دو +

کھوکھلی ڈاڑھ اور دانت۔ منہ دیکھنے والے آئینہ کے پیچھے جو پانی چڑھا ہوا ہوتا ہے وہ پرانے آئینہ سے کھرچ کر نکال لو۔ اس میں برابر کا چونہ پان میں کھانیوالا اور قدرے افیون ملا کر خوب کوٹو جب سیمنٹ کی طرح ہو جاوے۔ تب پھل میں بھر لو۔ جم کر لوہے کی مانند سخت ہو جائے گا +

دانت کا کرم۔ سکار بالک السڈ سے پھاہا تر کر کے دانت میں دیدو۔ **دیگر** پیاز کے بیجوں کا دھواں دانت کو دیں۔ کیڑے تمام باہر آویں +

مسوڑھوں کا ورم۔ گھی گرم کر کے انگلی سے ملیں۔ **دیگر**۔ پھلانوہ کا ایک ٹکڑا بطور سپاری سادہ پان کے ہمراہ پان میں رکھیں۔ تاکہ لعاب اس کا درد والی جگہ لگے اور منہ کا لعاب نیچے گراتے جاویں نگلیں نہیں تاکید ہے۔ ورنہ گلا سوج جائیگا بس چند منٹ میں آرام آجائیگا۔ **دیگر**۔ کیکر کی چھال چنبیلی کے پتے دونوں ۲-۲ تولہ لیں۔ پھٹکڑی ۶ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ایک رتی سب پاؤ بھر پانی میں اُبال کر غرارہ کریں +

کھانسی دمہ

بلغمی کھانسی۔ ناگ کیسر ایک درم۔ مرچ ۱ درم۔ سپیند رومک ۳ درم۔ فلفل ۳ درم طباشیر ۵ درم۔ دارچینی۔ پترج۔ الائچی۔ لونگ ہر ایک ۲ درم۔ مصری سب کے برابر سفوف بنا کر ہر روز ۲ درم کھاویں۔ کھانسی دمہ وغیرہ دور ہوں +

خشک کھانسی۔ سپستان ۵۰۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ خطمی ۶ ماشہ ہر سہ اشیاء کو کچل کر ڈیڑھ پاؤ پانی میں رات بھر بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر سوا پاؤ مصری ملا کر قوام کر لیں تب ادویہ ذیل ملا کر ایک تولہ صبح شام کھایا کریں۔ رب السوس کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۶ ماشہ۔ **دیگر**۔ گولر کی چٹنی دمہ کھانسی کیلئے مجرب ہے گولر عمدہ لیکر آگ پر ہلکا جوش دیں پھر گھوٹ کر شہد ملا دیں **دیگر**۔ خراطین کو روغن کنجد میں پکا لو وہ تیل چھاتی پر ملنا مفید ہے +

ہر قسم کی کھانسی کو مفید۔ تخم دھتورہ ۹ ماشہ۔ ربوند چینی ۳ ماشہ۔ جائفل ۲ ماشہ سونٹھ ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر شہد میں ملاکر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی خواہ دودھ سے خواہ پانی سے دیں نہایت مفید ہے۔ مگر صفراوی مزاج کو نہ دیں دیگر۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ رب السوس۔ نشاستہ۔ ملٹھی۔ پوست عناب۔ شکر تیغال۔ تخم باقلا مقشر تخم خشخاس سیاہ وسفید۔ پان بنگلہ سوختہ۔ سریشم ماہی۔ کاکڑا سینگی۔ گل بیٹھ سوختہ۔ افیون خالص زعفران کشمیری۔ سب برابر سب سے پہلے ڈوڈا پانی میں بھگو کر جوش دیں۔ پھر مل کر چھانکر اس عرق میں باقی ادویہ کو ملاکر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور ہر روز صبح وشام ایک ایک گولی کھلادیں۔ ہر قسم کی کھانسی کو آرام ہوگا ÷

منہ سے خون تھوکنا۔ گوبھی کے پتے ایک دانگ لیکر پانی سے دگر کر دیں۔ منہ سے خون جانا بند ہوگا +

دمہ اور ضیق النفس۔ جنگلی کبوتر کی ہڈیوں کی راکھ بقدر دو سرخ خالی پانی میں رکھ کر دونوں وقت کھلایا کریں۔ چند روز میں آرام ہو دیگر۔ کسی قدر چنوں کی دال کلیا میں ڈالکر آگ کے دودھ سے ترکر دو۔ جب وہ دودھ پڑا پڑا خشک ہوجاوے۔ تب اور ڈال دو۔ اسیطرح بہم روز تک تر کرتے رہا کرو۔ بعدہٗ سکھا کر رکھ لو۔ مریض کو نصف چنا یعنی دال کی ایک پھانک دو تے خوب کھل کر آوے گی اور تمام بلغم نکل جاویگا۔ عطیہ بادامی گرسینا سی دیگر۔ برائے دمہ پارہ۔ سیسہ میٹھا تیلیا۔ گندھک۔ ہریک ایک درم۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ سہاگہ کوڑی سوختہ ہر یک ۵ درم فلفل دراز ۵ درم۔ پہلے سیسہ کو آگ پر گلا کر اس میں پارہ دو۔ پھر میٹھا تیلیا اور گندھک ملاکر خوب کھرل کرو۔ پھر سونٹھ مرچ سیاہ۔ سہاگہ اور کوڑی سوختہ ملاکر کھرل کرو۔ بعدازاں فلفل دراز ثابت ایک گرہ ڈالتے اور کھرل کرتے جاؤ۔ جب سب کچھ اچھی طرح کھرل ہوچکے۔ تب شیشی میں رکھو خوراک ۲ چاول شام پانی سے کھاوے دق۔ دمہ۔ کھانسی ہر قسم دور ہو ÷

کالی کھانسی - پستہ کا پھول ایک عدد لیکر پانی میں پیسکر بچہ کو پلاوے **دیگر** - نہایت کڑوا تمباکو اور بہت پرانا گڑ دونوں ہموزن ملاکر کھرل کریں اور دو پیالوں میں رکھ کر آگ دیں - کچھ جوہر اوپر جالگیں گے اور کچھ راکھ نیچے رہ جاویگی - اوپر والے جوہر نزول الماء اور نیچے والی راکھ کالی کھانسی کو مفید ہے - **دیگر** - کالی کھانسی ایک چھوٹا پتاشہ لیکر اس میں سوراخ کریں اور بڑ کا دودھ اس میں بھر کر بچہ کو کھلاویں - اس طرح دن میں ۳ بار دیں دو روز میں آرام ہو جاویگا +

سل کا علاج

شربت سپستان - عرق گاؤزبان ملاکر دینا مجرب ہے - چند عرصہ میں آرام ہو جاتا ہے گدھی کا دودھ پینا اور بارسنگ پھانکنا ایک چلہ میں آرام کر دیتا ہے - **دیگر** - ۵ تولہ گیرو اور ۷ پتے پیپل کے رگڑ کر پلادو - خون دوسرے روز بند ہو جاویگا - مگر کچھ عرصہ تک یہ عمل برابر جاری رکھیں + **دیگر** - ایک تولہ تانبا لیکر اس پر ۱ ماشہ قلعی کا پترہ چڑھادو تب پان کی جڑوں کے پاؤ بھر نگدہ میں دیکر ۸ سیر آگ دیدو - سفید کشتہ ہو - خوراک ایک رتی منقیٰ میں رکھ کر دیں - چند روز کے استعمال سے زخم بھر جاویگا +

ڈبہ اطفال - بچوں کی پسلی کے درد کو آرام دے سفیدہ گھونگچی والدہ کے دودھ میں گھسکر بچہ کو ہمراہ شیر مادر پلادیں فوراً آرام ہو - ایک گھونگچی لیکر تھوڑی سی گھس لیں **دیگر** - بارہ سنگا پانی میں گھس اُس میں قدرے ہینگ ملاکر لیپ کریں اور اوپر سے سینکیں گرم روئی سے +

سوکھے کا علاج - جو بچہ دن بدن سوکھا جاتا ہو - اُس کے والدین جماع سے بالکل پرہیز کریں - اور یہ گولیاں بناکر استعمال کریں - کچھوے کی ہڈی کا بالائی حصہ ایک چکنے پتھر پر رگڑ کر مونگ کے برابر گولیاں بنالیں - ایک گولی شیر مادر سے دیں

امراضِ معدہ

ہیضہ کا علاج۔ نوشادر کے جوہر اور پودینہ کا سوکھا ست جو شورہ کی مانند ہوتا ہے
دونوں ہموزن ملالیں۔ خوراک آدھ رتی فوراً آرام آتا ہے۔ **دیگر۔** لیکرا مونیا فورٹ ۱۰
بوند آدھ پاؤ پانی میں ملاکر پلانے سے اسی دم بخار ہوکر آرام ہوجاتا ہے۔ **دیگر۔** مدار کے
پھولوں کے غنچے اور سیاہ مرچ دہینگ برابر وزن گھوٹ کر گولیاں مرچ سیاہ کے برابر
بناکر ایک یا دو گولیاں مریض کو دیں ہیضہ دور ہو +
دیگر۔ شورہ۔ نوشادر۔ نمک۔ سہاگہ سب برابر ملاکر ان کا تیزاب نکال لیں پس مریض
ہیضہ کو ۳۔۴ قطرے پانی میں ملاکر دیں +
چورن ہاضم۔ سوہاگہ ۲ تولہ جوکھار ۳ تولہ۔ نمک سانبھر آدھ پاؤ۔ نوشادر ۳ تولہ۔ سونٹھ ۵ تولہ
مرچ سیاہ ۳ تولہ۔ فلفل دراز ۳ تولہ۔ آملہ ۵ تولہ۔ اجوائن ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۴ تولہ۔ تربد سفید کا
آٹا ۲ تولہ۔ پھری ۲ تولہ۔ نرکچور ۳ تولہ۔ زیرہ سیاہ وسفید ہر یک ۲ تولہ۔ سونف ۵ تولہ۔ پودینہ
۲ تولہ۔ سماق ۵ تولہ۔ زرشک ۲ تولہ۔ انار دانہ ۵ تولہ۔ نمک لاہوری ونمک سیاہ ہر یک ۵ تولہ سب
کو کوٹ کر عرق لیموں سے کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بنالیں +
دیگر چورن نعمانی۔ محلل ریاح۔ ہاضم دافع۔ قبض وبلغم۔ ترپھلہ ۳ تولہ۔ ترکٹا ۳ تولہ۔ تربد مقشر
ایک تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ الائچی سفید وکلاں۔ اجوائن۔ چیتہ۔ دھنیا۔ سونچر نمک منار۔
انار دانہ۔ ملٹھی۔ زیرہ سیاہ وسفید ہر یک ایک تولہ سب کو کوٹ کر چورن بنائیں خوراک ۶ ماشہ
قے اور متلی کیلئے مفید۔ شربت شہتوت سیاہ قے کو مفید ہے لیموں چوسنا۔ انار دانہ اور
پودینہ رگڑ کر تھوڑا تھوڑا کھانا مفید ہے چولھے کی مٹی سوختہ پانی میں گھول کر اسکا زلال لیکر پلادیں۔
مقوی معدہ سہل اور عجیب۔ رومی مصطگی باریک پیسکر چہار چند شہد میں ملاکر ہر روز
رات کو سوتے وقت بقدر ۶ ماشہ یا تولہ بھر کھالیا کرو۔ ریاح کو تحلیل کریگا۔ بلغم کو تمام جسم سے
نکالکر دور کریگا۔ معدہ اور سر کو طاقت بخشیگا۔ **دیگر۔** انار دانہ۔ مصطگی۔ پودینہ۔ عود ہندی
زرشک ہر یک ۳ ماشہ سب کو تھوڑے سے پانی میں پکاکر چھان کر مصری ملاکر پی لو۔

خوب کھل کر بھوک لگیگی اور معدہ کو بڑی طاقت پہنچے گی +
مقوی دل- کیلے کے گوبھہ کا پانی آدھ پاؤ- پانی تازہ پاؤبھر- مصری حسب حاجت ملا کر پیو سر روز میں خفقان دور ہوگا +
ہول دل- ہاتھی دانت دل پر لٹکائے یا ہاتھی دانت کی چوڑی ہاتھ میں پہننے سے بالکل آرام ہوجاویگا- مگر اُس طرح سے لٹکادیں- کہ بدن سے ملا رہے +
ضعفِ دل اور غشی- یشم- یاقوت- بسد ہر یک برابر سب کو عورت کے دودھ سے کھرل کرکے ٹکیہ بنالے- پھر گل گاؤزبان کے ۲ تولہ نغدہ میں بند کرکے ۲ سیر آگ دو- کشتہ ہوگا- خوراک ایک رتی ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ +
ضعفِ جگر- سیسہ اور سرو چینی برابر ملاکر اس قدر کھرل کریں- کہ ہر دو سفوف ہوجاویں تب ایک رتی سے شروع کریں اور ہر روز ایک رتی بڑھاتے رہیں- حتےٰ کہ ایک ماشہ تک مقدار پہنچ جاوے- مگر کالی بکری کے دودھ سے پھانکا کریں- ۱۱ روز کے استعمال سے بالکل آرام ہوجاویگا- **دیگر**- فولاد یا منور کا کشتہ جو کشتوں کے باب میں درج ہیں کھلاویں- **دیگر**- رومی مصطگی ۲ ماشہ گلقند ۲ تولہ میں ملاکر ہر روز کھایا کریں- چند روز میں دل و دماغ جگر کو طاقت پہنچے گی +
درد جگر- ہلیلہ زرد- خرمائے ہندی- گل صدبرگ سب برابر ملاکر بقدر ۲ تولہ لے کر پانی میں جوش دیں اور چھان کر پلادیں مریض کو صحت ہو +
صلابت طحال- سرکہ- شہد- شیرہ گھیکوار ہر سہ برابر ملاکر ہر روز ۲ ماشہ کھاویں +
ضعف جگر- سیسہ گلاکر سہنجنہ کی لکڑی پھراکر کشتہ کرلو- پھر لعاب گھیکوار سے کھرل کرکے ٹکیہ بنالیں اور کلیا میں بند کرکے ۵ سیر آگ دیں خوراک ایک رتی- **دیگر**- شربت انار اور عرق کاسنی کثرت سے پینے سے ضعف جگر و معدہ کو بالکل آرام ہوجاتا ہے +
تلی کی دوا- زقوم- تدھارا کی دو بوند قدرے میدہ میں ملاکر گرم پانی سے کھلائیں ۲ روز کے

عمل سے بالکل آرام ہوگا۔ **دیگر** عرق بہار یعنی کنا کا عرق ۱۲ اوقیہ مصر ۲ درم مصری ملا کر پینا
۷ روز میں تلی کو دور کر دیتا ہے۔ **دیگر** کوڑی جلا کر راکھ کر لیں اور بقدر ایک رتی صبح و شام کھائیں
دافع سدہ و قبض ۔ بیج اگو نہ ہذ بیہ مغز تخم النلہ۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۷ ماشہ۔ جو کھار
سہاگہ۔ برماں۔ ہلدی فلفل گرد ہر یک ۳ ماشہ۔ سب ملا کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالو۔ قبض کو
ایک گولی گرم پانی سے دو۔ درد شکم اور ہیضہ کو دو گولی عرق سونف سے دست لانے کو ۷ گولیاں
عرق گلاب سے دو۔ **دیگر** ۔ روغن بیدا نجیر ۲ تولہ۔ لعاب صمغ عربی ۶ ماشہ۔ روغن بادام ۵ ماشہ
عرق پودینہ ۵ تولہ سب کو ملا کر رات کو پلادیں۔ صبح تک تمام سدے آرام سے نکل جاویں گے
خونی اور بلغمی دست ۔ مغز تخم انبہ۔ مال۔ شکر سفید سب برابر ملا کر سفوف کریں پھر سب
کے برابر اسبغول ملا کر ہر روز ایک کف دست دیں۔ **دیگر** ۔ بلغمی اسہال کو سفید چونہ دافیون ملا کر
موٹھ کے برابر غلولہ بنالیں۔ ہر روز ایک گولی کھلائیں۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو دو دو وقت
کھایا کریں۔ **دیگر** ۔ بدہضمی کے دستوں کو مفید۔ فلفل دراز ایک تولہ باریک کر کے ۷ حصہ کر
لیں۔ ہر روز ایک حصہ کھایا کریں۔ یا تخم دھتورا جلا کر نے اور ایک درم راکھ ۲ درم
شہد میں ملا کر قدرے نمک سنگ اضافہ کر کے کھاوے +
خونی اسہال کیلئے ۔ رسوت۔ ہلیلہ سیاہ۔ زنخ انجبار۔ شنگرف۔ افیون۔ سہاگہ۔ زردشک
مصطگی سب برابر ملا کر کھرل کریں اور گولی بقدر مٹر بنا کر ایک گولی عرق بادیان سے کھلاویں۔
سنگرہنی ۔ کہربا اور گلاب کا زیرہ ہر دو برابر ملا کر سفوف کر لیں اور ہر روز آدھ ماشہ
کھلاویں۔ سنگرہنی اور خونی دستوں کو مفید ہے +
اسہال اور پیچش ۔ سفوف مغز انبہ ایک عدد۔ مویز منقے ۱۷ عدد۔ افیون رتی سب
کو ملا کر ۷ گولیاں بنالیں۔ ہر روز ایک گولی کھاویں +
پیچش ہر قسم عطیہ نواب محمد اکرام الدین صاحب از حیدرآباد دکن۔ سفید رال۔ سفید کتھ
مصطگی رومی۔ مغز بیل سب برابر ملا کر بذریعہ پانی گولیاں بقدر نخود بنالیں مریض کو ایک گولی

صبح اور ایک شام سرد پانی سے دیں +

دوائی مسہل عجیب - حب الملوک مدبر ڈیڑھ تولہ - الائچی خورد ایک تولہ - زعفران ۳ ماشہ سناء مکی ۶ ماشہ - تربد ۶ ماشہ - خرما ۴ عدد - مغز بادام ۵ تولہ - منقی ۳ تولہ - فلفل دراز ایک تولہ فلفل گرد ایک تولہ - سب اجزاء کو کوٹ کر ملالو - خوراک ایک رتی سے ۲-۳ دست آویں گے ۴ رتی سے زیادہ کسی کو مت دوا دیں - دوا پانی سے کھلاویں اور جب عمل شروع ہو جائے تب گائے کا دودھ پلا دیں - **دیگر** - آرد مونگ ۴ تولہ کو خمیر روم سے خمیر کر کے ۴ ٹکیہ بنا لیں اور گھی میں تل لیں - جب ٹکیہ سرخ ہو جاویں تب نکال کر پونچھ ڈالیں - خوراک رتی گرم مزاج کو سرد پانی سے - سرد مزاج کو گرم پانی سے - خشک مزاج کو دودھ سے ایک رتی سے ۵ دست آویں گے +

نسخہ جلاب کشا - اگر کسی نے جلاب کھایا ہو - اور جلاب بند ہو گیا ہو - دست نہ آتے ہوں - پیٹ درد کرتا ہو - تو سناء - سونف ہر ایک ۹ ماشہ - پانی آدھ سیر میں اس قدر پکاویں کہ آدھا رہے - تب اس میں ۵ تولہ املی اور آدھ پاؤ گڑ ملا کر چھان کر ملاویں - جلاب کھل جاوے گا اور دست خوب آویں گے +

اچھیا بھیدی جلاب - یعنی جتنے دست لینے ہوں - اتنے آویں - سونٹھ مرچ سیاہ سہاگہ - پارہ - گندھک ہر ایک ۴ ماشہ - مغز جمالگوٹہ مدبر ایک تولہ سب کو ملا کر سفوف کر لو - خوراک رتی سے ۴ رتی تک اسکو کھا کر جتنے گھونٹ پانی پیو گے اتنے ہی دست آئینگے +

مسہل عجیب - پارہ صاف گندھک مدبر ہر ایک ایک تولہ دونوں کو ملا کر کجلی کر لو پھر برابر کا مغز جمالگوٹہ مدبر ملا کر سحق کر ڈالو پھر سب کے برابر سنگ مصری ملا کر ایک روز اور سحق کر لو پھر کوری کلیاں میں ڈالکر کھرل ہو کر پانی اس قدر اوپر ڈالے کہ ۲ انگل تک اوپر پانی رہے اور نرم آگ پر پکالو - جب پانی تمام سوکھ جاوے تب سفوف کر لو - خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک اوپر دودھ پیو - دست بلا ضرورت آویں گے اور ہر قسم کا مواد خارج ہو

آتشک کا علاج۔ مینڈک کا گوشت قیمہ کرکے بھون کر کھلاویں۔ سخت سے سخت آتشک ہمیشہ کے لئے دور ہو جاویگا مجرب ہے +

دیگر آتشک کا علاج۔ رسکپور ۲ ۱ ار چکنہ شنگرف۔ سم الفار ہر یک ایک تولہ پیسکر کسی بڑے مینڈک کا پیٹ چاک کرکے اس میں بھر کر اوپر گل حکمت کرکے ۲ سیر آگ دیں۔ سرد ہونے پر سب کچھ معہ مینڈک کھرل کرکے رکھ لیں خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک حسب مزاج۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ اس سب کے جوہر اڑا لیں اور تین روز تک شراب برانڈی سے کھرل کرکے رکھیں خوراک آدھ رتی۔ عد چاول بے نمک عتیبہ بابو کنول نین صاحب مرحوم

دیگر۔ آتشک۔ جست ایک تولہ آگ پر گلا کر ریت کرلو۔ اس میں ایک تولہ کافور۔ ایک تولہ رسکپور کھرل کرکے دو پیالوں میں بند کرکے جوہر اڑالو۔ خوراک چاول بھر بالائی ۲ ۳ دن میں بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ از سائیں محکم الدین صاحب +

برائے جذام۔ ہڑتال طبقی ایک تولہ راکھ سفید استخوان بز ایک تولہ دونوں کو باریک کرکے ملالیں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈالکر بند کرکے بالو جنتر کریں۔ اور چراغ کی آگ چار پہر دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکالیں۔ دوا چرخ کھا کر بیٹھی ہوگی پھر اس میں اور راکھ ملا کر دوبارہ چرخ دیں۔ اس طرح سے ۷ بار عمل کریں خوراک ایک رتی ہمراہ پان۔ غذا بیسنی روٹی گھی کے ساتھ اور کچھ نہیں +

فساد خون۔ چوب چینی اور شہد برابر ملا کر ہر روز ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک کھایا کریں۔ ایک ماہ میں خون صاف ہو جاوے گا +

سفوف برائے زخم آتشک۔ گیرو ایک چھٹانک۔ نیلا تھوتھا ۴ ماشہ ہر دو کو ملا کر سفوف کرلو۔ زخم کو نیم کے پانی سے دھو کر یہ سفوف ترشی دہی کے پانی میں گھول کر لگاؤ۔ بہت جلد آرام ہو جاوے گا +

نسخہ فساد خون وغیرہ۔ از حکیم محمد انور صاحب لاہوری۔ ہلیلہ زنگی ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا

ایک تولہ ہیرود کو باریک کر کے اسم لیموں کے عرق سے کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں ہر روز ایک گولی کھاویں۔ غذا چکنی دیں۔ چالیس روز میں کلیہ آرام ہوگا +

دیگر آتشک وغیرہ۔ ایک تولہ سم الفار سفید کو بہ لیموں کے عرق سے کھرل کر لو۔ پھر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا کر ہر روز ایک گولی بالائی سے دو۔ لیکن نہار منہ نہ کھلاؤ۔ بلکہ پہلے کچھ حلوہ وغیرہ مرغن اشیاء کھلاؤ۔ چند روز میں کلی آرام ہوگا +

سوزاک

بگلہ جانور کی ہڈیاں باریک سفوف کر لیں۔ ہر روز ۶ ماشہ پھانک کر اوپر سے آب کیلہ ۵-۶ تولہ پیا کرے ۲ دن میں آرام ہو۔ **دیگر**۔ چرس کا سلفہ یعنی چرس پینے والے چرس پیکر جو گل پھینکتے ہیں۔ وہ جلا ہوا چرس۔ طباشیر کبود۔ چولھے کی مٹی ہر سہ برابر ملا کر سفوف کر لیں۔ پھر ایک ماشہ صبح اور ایک ماشہ شام دودھ خام تازہ سے کھلاویں ۳ روز میں کلیہ آرام ہو +

دیگر۔ از پنڈت نرسنگھ داس صاحب لاہوری۔ تپال۔ رال سفید۔ ست بروزہ۔ طباشیر۔ شورہ قلمی۔ جوکھار۔ گیرو۔ سنگجراحت پھٹکڑی۔ سرد چینی۔ سب برابر ملا کر ۳ ماشہ کھا کر اوپر سے کچی لسی پیوے ۷ روز میں کلیہ آرام ہوگا۔ **دیگر**۔ از خدا بخش لاہوری نیلا تھوتھا ۶ رتی۔ سفید پھٹکڑی ۱۲ رتی۔ دونوں کو باریک پیسکر سفوف کو لو اور چار حصہ کر لو۔ ہر روز ایک حصہ بالائی میں لپیٹ کر صبح کھاویں۔ اور اسی وقت اوپر سے تازہ بتازہ بھینس کا دودھ آدھ سیر مگر اس میں ایک لیموں نچوڑ کر پی جاویں اسی طرح ۴ روز کریں کیسا ہی پرانا مرض ہو جاتا رہیگا

پچکاری۔ رسوت ایک تولہ۔ پھٹکڑی ۴ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ مائی ایک تولہ گل مختوم ۶ ماشہ بقم یعنی پتنگ کی لکڑی ۶ ماشہ۔ راکھ سمندر سوک ۴ ماشہ۔ ایلوا ۶ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ سب کو پاؤ بھر یا آدھ سیر پانی میں بھگو کر اور خوب پکا کر چھان لیں پھر پچکاری کریں ہر دفعہ پچکاری کرنے کے بعد قضیب کا منہ اوپر سے پکڑ لیا کریں تا کہ عرق

کچھ عرصہ احلیل کے اندر بیٹھے اور رحم میں اثر کرے اس دوا سے زخم گو چھرا ہیگا۔
لیکن بہت جلد بھر جاوے گا +

امراض جریان

نسخہ اُس جریان کو مفید ہے۔ جو حرارت کی وجہ سے ہوم گوکھرو پاؤ بھر ثعلب ایک تولہ۔ اسبغول کی بھُسی ۶ ماشہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ مصری آدھ سیر سب کو ملاکر سفوف بنالے اور ہر روز صبح کو ایک کفِ دست پھانک کر اوپر سے پاؤ بھر دودھ پیا کرے۔
دیگر۔ شیرہ دال ماش۔ شیرہ پستہ مغز بادام ہر ایک ۲ تولہ۔ شکر سفید۔ روغن زرد ہر یک ۲ تولہ۔ سب کا حریرہ تیار کریں اسکو کھایا کریں ۷ روز یا ۱۱ روز میں کلی آرام ہو گا +
دیگر۔ قلعی۔ جست۔ سیسہ ہر یک ایک تولہ سب کو بذریعہ آگ ملاکر کڑچھے میں گلادے جب پانی کی طرح ہو جاویں۔ تب گائے کے گھی میں سرد کریں کہ صاف ہو جاویں دوبارہ پھر کڑاہی میں گلاکر ۲ سیر سیاہی پوست خشخاش کے سفوف کی چٹکی دیتا جاوے۔ اور جیسے پوست سڑتا جاوے۔ برگد کی شاخ سے پھراتا جاوے۔ چند عرصہ میں تینوں دھاتیں کشتہ ہو کر سیاہ راکھ ہو جاوینگے۔ اس وقت پھونک مار کر پوست کی راکھ اوپر سے اڑادے دھاتوں کی راکھ بسبب بھاری ہونیکے نیچے رہ جاویگی۔ تب اس راکھ کو ترش دہی کے پانی سے کھرل کر کے ٹکیہ بناکر کوری ٹھیکری پر رکھ کر تیز کوئلوں کی آگ میں رکھ دیں۔ جب رنگ بسنتی ہو جاوے۔ تب دوا کو باریک پیسکر شیشی میں ڈال دے خوراک ایک چریان کو اکسیر ہے +
دیگر۔ لونگ ببول یعنی نرم برگ۔ شیر برگد۔ زعفران۔ بیخ کنیر۔ افیون۔ چھوہارا برابر ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنالے۔ ہر روز ایک گولی دودھ سے کھاوے۔ اکسیر ہے۔ امساک بھی کرتی ہے +
دیگر۔ نک چھکنی ۳ رتی۔ افیون ۶ چاول سب کو ملاکر ۱۱ گولیاں بنالے ہر روز ایک گولی

چاندی کا ورق اوپر لپیٹ کر کھادیں اوپر سے دودھ پی لیا کریں۔ جریان کو مفید ہونے کے علاوہ امساک بھی خاطر خواہ پیدا کرتی ہے +

احتلام۔ کھانڈ ۴ تولہ۔ خشخاش ۲ تولہ۔ دھنیا ۲ تولہ۔ پوست ۲ تولہ سب کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔ خوراک ۵ ماشہ صبح اور ۵ ماشہ شام دودھ یا پانی کیساتھ ۱۷ روز میں قطعی آرام ہوگا

ادویہ مقوی باہ

نسخہ مقوی۔ لونگ۔ شنگرف۔ کیسں۔ افیون۔ دارچینی۔ مصطگی سب برابر ملاکر پانی یا شیر برگد سے کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ ہر روز ایک گولی کھاکر اوپر سے دودھ پی لیں۔ دودھ سب ہضم ہوجاتا ہے اور طاقت بے اندازہ پیدا ہوتی ہے +

دیگر۔ اگر بعد مباشرت کھایا کریں تو اصلی طاقت قائم گویا جماع کیا ہی نہیں برادہ عود ہندی مصطگی ہر یک ۳ درم۔ تخم بینگن ایک درم سب کو ملاکر فرنج سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں بعد فراغت ۲ یا ۴ گولیاں حسب مزاج کھادیں +

دیگر۔ کیمیائے عشرت۔ نک چھکنی ایک رتی۔ کائفل ۲ رتی۔ لونگ ۴ رتی۔ زعفران ایک رتی شنگرف سرخ ۴ رتی۔ دارچینی ایک ماشہ۔ مازو ۴ ماشہ۔ افیون ۲ چاول۔ ورق طلا ۴ سرخ ورق نقرہ ۷ سرخ مشک خالص ایک ماشہ۔ ریگ ماہی ایک ماشہ سب کو ملاکر ۲ ماشہ دوا کھاکر اوپر سے آدھ سیر دودھ پی لیویں۔ اور پاؤ گھنٹہ بعد مشغول ہوں۔ بعد فراغت تھوڑی دیر بعد سینہ میں ایک قسم کی سوزش پیدا ہوگی۔ تب آدھ سیر دودھ اور پی کر پھر مشغول ہو اسی طرح تمام رات ہر مباشرت کے بعد آدھ سیر دودھ پیتا رہے اور جماع کرتا رہے صبح کو بالکل تھکان نہ ہوگا۔ نہ کوئی تکلیف معلوم ہوگی۔ ایسا لاثانی نسخہ ہے کہ اس کا نظیر مشرق سے مغرب تک نہیں +

دیگر۔ منی کو بڑھاتا ہے اور باہ کو از حد طاقت بخشتا ہے ٭ ایک انڈا مرغی کا لیکر اس میں سوراخ کرکے اور ۵ ماشہ تخم اسپند اس میں ڈالکر آگ پر رکھ کر گرم کرے اور موسم بھر ایسی سات روز

تک اسی طرح کرے۔ دیگر اکسیر قالباہ بعدیل از مفتی محمد انور صاحب لاہوری ۔ سفید پیاز کا عرق ۵ سیر مقطر کرکے ۲ تولہ شنگرف پر چوبا دیں۔ پھر لہسن کے پاؤ بھر نگدہ میں رکھے کر ۲ سیر آگ دیں اسی طرح تین بار میں ۲ پاؤ لہسن خرچ کریں۔ سفید ہو۔ خوراک آدھ چاول اوپر سے پاؤ بھر مکھن کھاویں۔ غذا مرغن ۷ خوراک کافی ہیں +

نسخہ باہ۔ جو بہی طاقت بخشتا ہے لغوظ پیدا کرتا ہے اور باہ بے اندازہ بڑھاتا ہے۔ سفید کیکر کے بیج جو درخت پر پک گئے ہوں۔ سایہ میں سکھا کر باریک پیس لے پہلے روز آدھ رتی دوسرے روز ایک رتی تیسرے روز ڈیڑھ رتی اسیطرح ہر روز آدھ رتی بڑھاتا جاوے ۷ رتی تک بڑھا کر پھر نہ بڑھاوے۔ دوا مکھن کے ساتھ کھایا کرے۔ رات کو دودھ پیا کرے ترشی سے پرہیز +

ممسک و ملذذ

مالکنگنی آدھ سیر۔ تخم دھتورا آدھ سیر۔ کچلہ پاؤ بھر کو رگڑ کر باریک کریں پھر باقی ادویہ ملا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لیں۔ پھر اس میں ۲ عدد جائفل ملا لیویں۔ پس ایک جائفل سے ایک گھنٹہ لغف سے آدھ گھنٹہ چوتھائی سے پاؤ گھنٹہ امساک رہیگا +

دیگر۔ دھتورا کے بیج کی آدھ کچی راکھ ایک تولہ شنگرف ایک تولہ ادرک آگ میں بھلبھلا کر چھیلا ہوا ایک تولہ۔ موم خالص زرد ایک تولہ سب کو شام تلسی کے عرق سے کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی سے ایک گھنٹہ سے ۲ گھنٹہ تک امساک رہیگا۔

دیگر۔ پارہ ایک تولہ تک چھکنی کے عرق سے پھر کھرل کرے جب کھرل میں پارہ غائب ہوجاوے تو ایک تولہ سونٹھ اس میں ڈال کر عرق تک چھکنی سے پھر کھرل کرے اس کو الگ رکھیں پھر ایک چھوہارا میں ایک رتی افیون اور قدرے خراسانی اجوائن ڈالکر چھوہارا کو آٹے میں لپیٹ کو آگ میں پکادیں۔ جب آٹا پک کر سرخ ہوجاوے۔ تب اندر سے چھوہارا نکال کر پیس کر پہلا مرکب دوائی کا اس میں ملا کر عرق تک چھکنی سے پھر کھرل کرکے مٹر

کے برابر گولیاں بنالے ایک گولی منہ میں رکھا ایک گھنٹہ پہلے اُسکا عرق چوسنا شروع کرے

دیگر۔ تخم دھتورا ۱۰ تولہ تخم کسنبہ ۵ تولہ پارہ ۵ ماشہ میٹھا تیلیا ۲ ماشہ سب کو بکری کے دودھ میں کھرل کرکے گولیاں بناکر سکھالیں اور پتال جنتر سے تیل نکالیں استعمال کیوقت کمر کے پچھلی طرف ناف کے مقابل سے لیکر چوتڑ کے اخیر ہڈی تواکدار تک طلا کرلو سخت امساک ہوگا +

دیگر۔ تخم دھتورہ۔ تخم کسنبہ ہر یک آدھ پاؤ ہر دو کا تیل نکال لو۔ پھر اگر ۲ تولہ تیل ہو تو اس میں بیخ کنیر سفید آدھ ماشہ۔ افیون آدھ ماشہ حل کرکے دوا کو شیشی میں بھر کر توڑی میں ۱۰ روز کے بعد نکال کر رکھو۔ وقت حاجت پاؤں کے تلے میں لگالو جب تک زمین پر پاؤں نہ رکھوگے انزال نہ ہوگا +

ملذذ۔ پیاز نرگس۔ گائے کا پتہ۔ دارچینی۔ عقرقرحا سب برابر سوڑ منقی قدرے ملاکر گولیاں بنالیں۔ اور بوقت حاجت لعاب دہن سے گھسکر طلا کریں اور مشغول ہوں +

دیگر ملذذ۔ دارچینی ڈیڑھ ماشہ۔ پیچابل کبوتر سفید ۳ ماشہ۔ نمک سنگ ۲ ماشہ۔ شہد ۶ ماشہ۔ سب کو کھرل کرکے ایک جان کرلیں اور آلہ تناسل کے سر پر طلاء کریں +

دیگر۔ بیطر عطیہ جناب شہاب الدین لاہوری۔ زنبور کی بیٹھ خشک شدہ ایک سیر لیکر تیل نکالو اس میں قدرے روغن دارچینی ملاکر رکھو۔ بوقت ضرورت طلا کرو اور تماشا دیکھو

دیگر۔ عنبر کستوری۔ دارچینی ہر ایک ایک ماشہ سفید مرغ کے پتہ سے کھرل کرکے شیشی میں ڈال دو۔ اور پلاؤ پکا کر اُس میں دم پخت کرلو سب تیل ہوجاویگا۔ بوقت ضرورت لگاؤ اور لذت اٹھاؤ +

دیگر لاثانی۔ جنگلی یا گھر الو بلے کے دونوں خصیے جلا کر کوئلہ کرلو۔ برابر کا لوبان کا جوہر ملاکر لعاب دہن سے حشفہ پر لگاؤ +

طلاہائے برائے نامردی

روغن چنبیلی آدھ پاؤ ایک شیشی میں ڈال کر سو چیونٹے قبرستان کے موٹے موٹے اسمیں

ڈال کر چند روز دھوپ میں رکھیں +

دیگر طلاء - پھٹکری۔ سیاہ چرب۔ عقرقرحا۔ سیندھور ہر یک ایک تولہ شیر مدار ۴ تولہ مسکہ گاؤ ۱۰ تولہ سب کو کوٹ کر ملالیں اور ایک ڈنڈے میں پیسہ لگا لو لوہے کے برتن میں ڈال کر ۴ روز تک کھرل کریں۔ بوقت ضرورت تھوڑا سا لیپ کر کے اوپر سے پان باندھیں۔ اسی طرح چند روز کریں +

دیگر - یہ طلاء نہایت مقوی باہ ہے۔ کئی سال سے میرے تجربہ میں آرہا ہے۔ کھانے اور لگانے دونوں طرح سے کام آتا ہے۔ علاوہ ازیں گنٹھیا کو بھی مفید ہے۔ سیماب مصفیٰ۔ سم الفار سفید۔ شنگرف رومی۔ میٹھا تیلیا۔ ہڑتال ورقی ہر ایک نو ماشہ سب کو ایک ہفتہ شیر مدار سے کھرل کریں۔ پھر زعفران۔ جائفل۔ جاوتری۔ عقرقرحا۔ لونگ۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ جوہر لوبان ۵ ماشہ مشک اصلی ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ۲۔ ماشہ۔ روغن زرد ۵ تولہ روغن مالکنگنی ۳ تولہ۔ اول گھی گرم کریں۔ اور لہسن کے دس جوے (پوتھیاں) چھیل کر ڈالدیویں جب وہ سرخ ہو جاویں۔ تب باقی ادویہ ملا کر خوب گھوٹ لیں۔ ہر روز رات کو سر اور سیون چھوڑ کر عضو پر بقدر ایک رتی مالش کرلیا کریں اوپر سے بنگلہ پان باندھ کر کپڑا نیم گرم لپیٹ کر کچا دھاگا لپیٹ دیا کریں اور صبح کھولدیا کریں۔ جب دانے نمودار ہوں۔ تو طلاء ترک کر کے روغن چنبیلی کی مالش کیا کریں۔ اور کھانے کیلئے آدھ رتی سے شروع کریں۔ مکھن ملائی یا حلوا میں لپیٹ کر کھاویں۔ جب مزاج کے موافق آجاوے تب ہر رتی تک بڑھاویں۔ ترشی۔ بادی۔ لال مرچ اور تیل کے پکوان سے پرہیز کریں۔

لیپ - جس کے لگانے سے آلہ تناسل سخت اور فربہ ہو۔ مادہ بینگن لیکر بھرتہ کر کے عرق نکالے اور خشک شدہ گھنب اس عرق میں رگڑ کر پھر سکھائے پس شہد میں ملا کر عضو پر لیپ کریں +

طلاء عمدہ - از شہاب الدین لاہوری۔ بیر بہوٹی۔ سم الفار۔ پارہ ہر یک ایک تولہ سب کو

۸ انڈوں کی زردی سے کھرل کریں۔ مگر اس طرح کہ جب ایک زردی کھرل ہو گئی۔ تب دوسری ڈالیں۔ اسی طرح ۸ انڈوں کی زردی ملا کر کھرل کرکے گولیاں بنا کر پتال جنتر سے تیل نکال لو۔ اور مالش کرو۔ کوئی تکلیف نہ ہوگی اور آرام ہو جاویگا۔ اگر یہ عمل ایک سال کا پرانا ہو۔ تو پھر ایک بوند کھلا بھی دو ٭

لیپ عجیب۔ شہد ۲ تولہ ہیرا ہینگ ایک تولہ باہم کھرل کرکے حشفہ چھوڑ کر عضو پر لیپ کریں۔ خوب پسینہ آویگا۔ اور تمام گندہ پانی نکل کر طاقت آجاویگی سستی جاتی رہیگی

جلق زدہ کا علاج۔ اگر عضو ٹیڑھا یا کہیں سے پتلا ہو گیا ہو۔ تو اسکے لئے یہ پٹی نہایت ہی عمدہ ہے۔ عقرقرحا پیس کر باریک کرلیں اور سفید پیاز کے عرق سے خمیر کرکے باریک پٹی لگا کر اوپر سے کچا سوت لپیٹ دیں۔ رات کو لگا دیں۔ صبح کھول کر ۱۵ منٹ کے وقفہ سے دوسری پٹی لگا دیں۔ اسی طرح ہر روز کیا کریں۔ یعنی ایک پٹی رات کو لگایا کریں اور صبح کھول دیا کریں۔ دوسری صبح لگا کر رات کو کھول دیا کریں۔ ۳۔۴ روز میں کلی آرام ہو جاویگا۔ خون سب جگہ یکساں بھر کر ہموار ہو جائیگا ٭

اگر رگوں میں خون بھرا ہوا ہو۔ اور اس وجہ سے رگیں خراب ہوں اور سستی ہو۔ تو اسکا یہ علاج ہے کہ بطخ کا انڈا آیا لکر چھیل ڈالیں۔ پھر برابر کا میٹھا تیلیا اور نصف وزن مغز تخم جمالگوٹہ ملا کر پتال جنتر سے تیل نکال لیں۔ اور سر سپول چھوڑ کر لگایا کریں۔ شور نکل کر زخم ہو جاویں گے جب ان میں سے زرد پانی اچھی طرح نکل چکے۔ تب مکھن لگانا شروع کریں۔ چند عرصہ میں زخم ہموار ہو جاویگا۔ اور رگیں درست ہو جاویں گی ٭

بواسیر کا علاج

بواسیر خونی۔ بکائن کا مغز ۲ تولہ۔ رسوت ۲ تولہ۔ مولی کے بیج ایک تولہ تینوں باریک کر کے ایک برتن میں ڈالکر کوکھ ڈی جس کو ککروندہ کہتے ہیں اُس کا عرق اس قدر ڈالو۔

کہ اوپر تک نیتر جاوے ۷ روز کے بعد کھرل کر کے گولیاں بقدر سے کو گن بیر بنالو۔ ہر روز ایک گولی پانی سے کھلاؤ ۷ روز میں بالکل آرام ہو گا +

دیگر۔ چاکسو ایک تولہ۔ طباشیر۔ الائچی۔ تخم مولی۔ کتھ۔ رسوت ہر یک ۲ ماشہ پوست سماق ۵ تولہ سب کو ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالو اور ہر روز ایک گولی تازہ پانی سے کھلاؤ۔

دیگر۔ بارتنگ بقدر ۲ ماشہ اگو ہر روز کھادیں تو ۲۱ روز کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے آرام ہو گا ÷

بواسیر بادی۔ کلتھی پکا کر گھوٹ کر لیپ کریں بادی بواسیر کو اکسیر ہے ÷

دیگر۔ جنگلی کریلوں کی دہونی سے مسے گر جاتے ہیں ÷

بواسیر ہر قسم۔ ترپھلا۔ گوگل۔ ہلدی۔ موم سفید ہر یک ہموزن ملا کر خوب ہی اچھی طرح کوٹ کر مٹر کے برابر گولیاں بنالیں خونی کو گھی سے بادی کو سیاہ مرچ سے ایک گولی روز دیں چند روز میں بالکل آرام ہو جاویگا۔ پرہیز دال مونگ کا +

دیگر ہر قسم۔ مغز کرنجوہ سفوف کر لو۔ خوراک ۳ رتی دو۔ مگر غذا میں آدھ پاؤ بالائی اور آدھ پاؤ گھی ہر روز ضرور دو۔ سات روز میں قطعی آرام ہو جاویگا۔ اگر غذا مذکور نہ کھائیگا۔ تو تکلیف ہو گی۔ کیونکہ خشکی بہت محسوس ہو گی +

دیگر۔ لال مرچوں کا تیل نکالکر مسوں پر لگاؤ۔ جلن تو ضرور ہو گی۔ مگر چند روز میں سے تمام گر جاینگے +

وجع المفاصل

درد گنٹھیا۔ کسی پیتل کے گہرے اور تنگ گردن برتن میں قدرے سفید رال پیسکر بچھا دو۔ اس پر ایکتولہ سم الفار کی ڈلی رکھکر اوپر ۱ تولہ رال کا سفوف ڈھک دو۔ اس پر آدھ پاؤ ارنڈ کا تیل چھوڑ دو اور نیچے بیری کی لکڑی جلاؤ آدھ گھنٹہ یا پون گھنٹہ کے بعد ایک سلائی لوہے کی اُس رال میں ڈالکر دیکھو۔ اگر سم الفار پک کر موسیا ہو گیا ہو گا۔ تو سلائی اندر تک چلی جاویگی ورنہ تھوڑی دیر اور پکانا پڑے گا۔ الغرض جب سم الفار پک کر نرم ہو جاوے

تب سم الفار نکال کر کسی پٹڑے پر رکھ کر بیل کر چوڑا کر دیں۔ سوکھ کر سخت اور خستہ ہو جائیگا۔ پس مریض کو ایک ایک چاول کھلا دیں۔ بلکہ کچھ تھوڑا سا حلوا پہلے کھلا کر پھر دیا کریں ؛

دیگر۔ ناوں۔ اجائن۔ کلونجی۔ میتھی۔ تخم اسپند سب برابر ملا کر ثابت ہی رکھو۔ کوٹو مت ہر روز ۳ ماشہ نگلوا دیا کرو۔ ریح اور بلغم کو دور کرے گا۔ درد کھووے گا ؛

دیگر۔ لانی جس کا پتہ چھتری کی طرح گول ہوتا ہے۔ لا کر اُس کا عرق ۲ سیر نکال کر اسمیں آدھ سیر شورہ قلمی حل کر کے مقطر کر لو۔ پھر نرم آگ پر خشک کر لو۔ شورہ جم جائے گا۔ تب اس شورہ میں سنکھیا پکا لو۔ اور مریض کو دو چاول کھلایا کرو۔ مگر اول کوئی مرغن غذا کھلا کر دیا کرو۔ عطیہ بابو کنول بین صاحب مرحوم لاہوری ؛

دیگر۔ مالش کے واسطے تیل سریع الاثر عطیہ لالہ بھگتو ل صاحب دیدویلوی چمگادڑ کا تیل پتال جنتر سے نکال لو۔ اس میں تخم اسپند کا سفوف ملا کر آگ پر پکا لو۔ کہ سفوف حل ہو جاوے اسکی مالش فوراً درد کو آرام دیتی ہے۔ پاؤ بھر تیل میں ۔ تولہ سفوف کافی ہے ؛

لقوہ۔ فالج۔ رعشہ

سیاہ تیتر کا خون۔ سیاہ کبوتر کا خون۔ برابر ملا کر برابر کے میٹھے تیل میں پکا دیں۔ جب خون سڑ جاوے۔ اور تیل رہ جاوے۔ تب چھان کر صاف کر لیں۔ اس کی مالش کریں۔ لقوہ اور فالج کو مفید ہے ؛

رعشہ کا مجرب علاج۔ عطیہ پنڈت اوتم چند مدرس باکھتر علاقہ اٹک گیدڑ تمباکو کی جڑ چھیل کر شہد میں مربا ڈال لیں۔ اور سات روز استعمال کریں۔ ہر روز بقدر ۳۔ ۴ ماشہ کھلا دیں۔ اور اسکے ہمراہ ایک رتی کشتہ بارہ سنگا بھی کھلا دیں۔ کشتہ اسطرح بنا دیں۔ کہ برگ مدار کا نگدہ آدھ پاؤ کر کے درمیان ۲ تولہ بارہ سنگا دیکر کلیا میں بند کریں۔ اور ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ عمدہ ہو جاوے گا ؛

نوٹ:۔ وجع المفاصل میں جتنی قسم کے سم الفار کے کشتے درج ہیں وہ سب رعشہ کیلئے مفید ہیں

داد چنبل خارش وغیرہ

مغز تخم خربزہ گھوٹ کر مکھن سا بنا کر چند روز لگادیں۔ مجرب ہے۔ ہر قسم کے داد مع تکلیف اور دور ہو جاویں گے۔

دیگر برائے داد۔ دیودار کی لکڑی کا تیل بذریعہ پتال جنتر نکال لیں۔ اور لگادیں مجرب علاج ہے **دیگر۔** صندل سرخ۔ سہاگہ۔ تیلیا۔ افیون ہر ایک ۶ ماشہ سب کو عرق لیموں سے کھرل کر کے پلستر بنالو۔ اور مقام کو کھجا کر لگاؤ۔ پھر آگ سے سینک دو دو روز میں ہمیشہ کیلئے آرام ہوگا۔ مگر شرط یہ کہ پانی وہاں نہ لگے۔

چنبل۔ اونٹ کی خشک مینگنی۔ گیہوں پرانا۔ ناریل۔ شیشم کی چھال سب برابر ملا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ اور لگاؤ۔ چند روز میں کلی آرام ہوگا۔ **دیگر** گھی آدھ پاؤ۔ رسکپور ۴ ماشہ دونوں کو آگ پر رکھ کر سڑالو۔ جب گھی کا رنگ زرد ہو جاوے تب اتار لو۔ سرد کر کے پھر رکھ دو۔ اسی طرح ۳ بار کرلو۔ پھر چنبل کی جگہ کو اوپلہ سے کھجا کر یہ دوا لگادو۔ بالکل آرام ہو جاوے گا۔ مجرب ہے۔

خارش۔ گندھک۔ سہاگہ۔ پارہ۔ گیرو۔ سب برابر ملا کر کھرل کرلیں۔ اور مکھن میں ملا کر آگ پر گرم کریں۔ اور نیم گرم حالت میں خارش پر لگادیں۔ ۳ روز میں آرام ہو مگر اخیر کو گائے کا گوبر مل کر دھوپ دکھا کر گرم پانی سے دھوڈالیں۔ **دیگر** مہتابی کا بارود لے کر اسمیں تھوڑا پارہ اور تھوڑا نیلہ تھوتھا ملا کر تارامیرا کے تیل میں خوب حل کرو۔ پھر بدن پر ملکر دھوپ لگاؤ۔ تب گرم پانی سے دھوڈالو۔ ۳ روز میں بالکل آرام ہو جائیگا۔ اگر بارود ۲ تولہ ہو تو اس میں ۴ ماشہ پارہ اور ایک تولہ نیلا تھوتھا اور ۵ تولہ تیل کافی ہے۔ تارامیرا کا دوسرا نام تورا ہے۔ دیودار کا تیل بھی خارش کو مفید ہے۔

بدھ کیلئے مجرب دوا۔ بھلاوہ ۶ عدد لیکر ان کی ٹوپیاں اتار دو۔ اور رات بھر پانی

میں بھگو دو۔ صبح تک وہ پھول جاویں گے۔ ان کو کوٹ کر ٹکیہ بنا کر بدھ پر باندھ دو۔ فوراً دب جاوے گی۔ مجرب ہے۔

تپ ہر قسم

صدف کو جلا کر چونہ کر لیں۔ اور بقدر ۴ رتی لے کر پوڑیہ بنا لیں۔ اسی پوڑیہ باری کے دن کھلا دیں۔ ایک پوڑیہ ڈیڑھ گھنٹہ پہلے۔ دوسری ایک گھنٹہ۔ تیسری آدھ گھنٹہ پہلے دیں۔ اول تو ایک ہی روز میں آرام ہو جاوے گا۔ ورنہ ۳ باریوں میں دینے سے بالکل آرام ہو گا۔ جو تھیہ بخار کو ۱۲ پوڑیہ کافی ہیں۔ نزلہ کو شربت بزوری سے کھانسی کو سکنجبین سے قبض کو گلقند سے دیں۔ صفراوی اور سوداوی بخار کو اکسیر دولب ہے۔

ہر قسم کے بخار کو مفید۔ چرایتہ۔ سونڈیا۔ اجوائن ہر یک دو تولہ پانی ایک سیر رات بھر تر رکھ کر صبح جوش دے کر نصف پانی اڑا دو۔ تب ۲۵ بوند تیزاب گندھک ملا کر ایک تولہ نوشادر بھی ملا دو جب سب حل جاوے۔ تب چھان کر رکھو۔ خوراک ایک چمچہ صبح ایک دوپہر ایک شام پلاویں۔ اس سے پرانا بخار بھی دور ہو جاتا ہے۔

بلغمی بخار کو مفید۔ زرد ہڑتال شیر مدار میں ۴ پہر کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں۔ پھر پیتل کی لکڑی کی راکھ اندر تے ۴ پہر لکڑیوں کی آگ جلاؤ۔ پھر سرد کر کے نکالو۔ ہڑتال سفید ہو گئی ہو گی۔ خوراک ایک چاول بالائی میں دینے سے چند روز میں آرام ہو جاتا ہے۔

دیگر۔ پھٹکڑی سفید کر کھیل کر لو۔ اور بخار چڑھنے کے وقت سے آدھ گھنٹہ پہلے ایک پوڑیہ کھلا دو۔ پوڑیہ کا وزن آدھ ماشہ ہو۔ مناسب بدرقہ سے کھلانا چاہیئے۔ گرم بخار کو شربت نیلوفر سے۔ بلغمی کو عرق سونف سے چند روز میں کلی آرام ہو گا۔

دق کا علاج۔ خالص کافور ایک حصہ۔ چکنی مٹی ۲ حصہ۔ دونوں کو ملا کر پانی کے ذریعہ کھرل کر کے گولیاں بنا کر سکھا لو۔ پھر بذریعہ پتال جنتر کشید کرو۔ عرق اور تیل آوے گا۔ تیل اوپر سے جدا کر لو۔ مریض کو ۲۰۲ بوند شربت صندل سے ملا کر پلاؤ

دیگر۔ چاندی کو مائیں میں کشتہ کرلو۔ وہ پھیک ہو جاوے گی۔ تب ابرق سفید کو آگ پر تپا تپا کر عرق آملہ میں لا بار بجھائیں۔ وہ بے جان ہو جاوے گا۔ تب دونوں اشیاء کو عرق آملہ سے کھرل کرکے کلیا میں بند کرکے ۱۲ سیر آگ دو۔ اسی طرح ۳ بار کرو۔ دونوں کا کشتہ ہو جاوے گا۔ دق کو عجیب الاثر ہے۔

دیگر۔ مذکورہ بالا کشتہ میں مردار سنگ ناسفتہ۔ ورق طلا ہر یک ۳ ماشہ ملا کر کھرل کرلیں۔ اور مریض کو شیر مادہ خر سے دیں۔ چند ہی روز میں حالت درست ہو جاوے گی۔

خضاب

مازو تولہ۔ سنگ رابخ ۳ تولہ۔ نوشادر ایک ماشہ۔ پھٹکڑی ایک ماشہ بیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ مازو کو بھون کر سرخ کریں سب ادویہ ملا کر سفوف کرلیں۔ پانی سے لگادیں۔ اور چند عرصہ بعد دھو کر صاف کرلیں۔

دیگر۔ مردار سنگ۔ برگ ماشہ۔ برادہ آہن ہر یک ۴ تولہ آب بداز شہتوت پاؤ بھر سب ادویہ کو کوٹ کر عرق بدانہ سے کھرل کرکے ٹکیہ بنالیں۔ اور روغن کنجد پاؤ بھر میں ملا کر زمین میں دبا دیں۔ ۴ روز بعد نکالیں اور لگادیں۔

دیگر۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ ملتانی مٹی ۲ تولہ اور چونہ چھ ماشہ ملا کر خضاب کرو۔ سیاہی تو عمدہ ہوگی۔ مگر دل سخت ہو جاتے ہیں۔ **دیگر** برادہ آہن نوشادر۔ میدہ۔ جوہر سہ اشیاء برابر ملا کر خمیر کرکے لگاؤ۔ جب خشک ہو جاوے جھاڑو رنگ عمدہ ہو جاوے گا۔

دیگر کاسٹک آدھ رتی۔ پارہ چھ ماشہ۔ مردار سنگ ایک تولہ۔ تینوں کو کھرل کرکے ملالیں پھر وسمہ ۲ تولہ۔ ملتانی مٹی ایک تولہ بذریعہ پانی خمیر کرکے سب اشیاء ملالیں۔ اور لگادیں۔ منٹ کے بعد جھاڑ دیں۔ عمدہ رنگ آجاتا ہے۔

امراض عورات

مدر حیض۔ کنجد سیاہ ۹ ماشہ پانی میں بھگو دے۔ رات بھر کے بعد ان کا آب زلال صبح کو لیکر پلادیں ۳ دن میں حیض کھل جائیگا۔ لیکن گرم موسم کا خیال رکھیں۔ زیادہ گرم موسم میں ایسا نسخہ دیں۔ مبادا سر کو گرمی چڑھ جاوے۔ دیگر ریوند خطائی ۳ ماشہ پھنکا کر اوپر سے شربت بزوری معتدل پلادیں۔ دیگر کھٹمل آدھا کاٹ کر نچلا حصہ کھلادیں۔

خون کا بہت جانا بند ہو۔ نمدہ کا ٹکڑا گول مول کر کے گولا بنا کر توا آہنی پر رکھیں اوپر سر پوش دیکر تلے آگ جلادیں تھوڑی دیر میں نمدہ جل کر راکھ بن جائیگی۔ تب راکھ سے نصف وزن کھانڈ ملالیں۔ خوراک ۶ ماشہ ایک خوراک صبح ایک شام دودھ سے دیں۔ ۳ خوراک میں بالکل آرام ہو جاوے گا۔

اسقاط حمل۔ بیخ حنظل کا سر چھیل کر رحم کے منہ سے لگادیں۔ بلا تکلیف وضع ہو۔

دیگر۔ تبرال ڈوڈا۔ ایلوا۔ لونگ ہر یک ۶ ماشہ سب کو باریک کر کے بسکھپرہ کی جڑ کے پانی سے خمیر کر کے شافہ بنالیں۔ اور اندر رکھیں۔ وضع حمل بآسانی ہو۔

دردزہ۔ بسکھپرہ کی جڑ تازہ لیکر پانی میں ملا کر پلادو۔ فوراً آرام ہو۔

مضیق۔ جو فرج کو باکرہ کی مانند کرے۔ چھالیہ۔ نسپال ادھ پھٹکڑی برابر ملا کر شافہ کریں۔ دیگر اسفنج اندر رکھیں تنگ ہو۔

حمل نہ رہے۔ اگر مرد آب پیاز حشفہ پر لگا کر مجامعت کرے۔ تو حمل نہ رہے ایسا ہی اگر تیل لگا کر کرے۔ تو بھی نہ رہے۔ اگر عورت تخم بیدانجیر مقشر ایک تولہ ثابت نگل لے تو ایک سال تک حاملہ نہ ہو۔ اگر دو نگل لے تو دو سال تک نہ ہو۔ اسی طرح جتنے تخم نگلے۔ اتنے سال تک حمل نہ رہے۔ اگر عورت بعد حیض ملتانی مٹی پانی سے گھول کر پی لے یا ۳ ماشہ سرمہ کی پوٹلی کا حمول کرے۔ تو بھی حاملہ نہ ہو۔

نسخہ معین حمل۔ جس کے استعمال سے حمل ضرور رہتا ہے۔ زعفران۔ جائفل۔ سنبل الطیب اکلیل الملک ہر یک سہ و نیم وزن پیسہ ادرک۔ زردی تخم مرغ۔ روغن نار دین ہر ایک

نیم اوقیہ سب ملا کر کپڑے سے روز حمول کریں۔ ہر شب تازہ حمول کریں ایسا مجرب نسخہ ہے۔ کہ کبھی خطا نہیں کرتا۔

دیگر معین حمل۔ برادہ ہاتھی دانت ۴ تولہ عورت کے دودھ سے کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر ۱۰ اوپلوں کی آگ دے پھر اس میں ناگ کیسر ۱ تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ ملا کر اس دودھ سے کھرل کریں۔ جو خرگوش کے بچوں نے پیا ہو۔ اسی وقت اُس کا پیٹ چاک کرکے نکالا ہو۔ پس بعد کھرل شیشی میں ڈال دو۔ خوراک ۳ ماشہ بعد از فراغت حیض

معجون کہ عورات کو بعد ولادت فائدہ بخشے۔ سیلان آب بند کرے۔ فرج کو تنگ کرے معدہ اور کمر کو طاقت دے ۲ جاوتری۔ زعفران۔ الائچی خورد ہر ایک ۶ ماشہ جوز بوا ۳ ماشہ۔ لونگ۔ فلفل۔ جلیتہ۔ گل سپاری۔ گل پستہ ہر یک یک تولہ خرما بار جیل ہر یک بارہ درم مغز بادام گھی ہر ایک آدھ پاؤ۔ مشک ۳ ماشہ۔ شہد سب سے سہ چند ورق نقرہ ۲۵ عدد سب کو ملا کر معجون بنا لے۔ اور ہر روز ۶ ماشہ کھایا کریں۔

نسخہ حافظ حمل۔ ایام حمل میں حاملہ کو خون آنے لگے اور اسقاط حمل کا خوف ہو تو یہ نسخہ پلاوے۔ بیخ بید انجیر۔ بیخ اذخر۔ گوکھرو خورد ہر ایک ماشہ سب کو دردرا کرکے ۳ پاؤ دودھ میں پکالیں۔ جب آدھ سیر رہے۔ تب مل کر چھان کر پلادیں۔

اسقاط حمل کے بعد احتیاط۔ عورت کو بادام اور کھانڈ چٹادیں اور یہ پانی دو روز تک پلاویں۔ اور کوئی پانی نہ دیں۔ سونف ۵ تولہ۔ منقیٰ ۹ عدد گاؤزبان ایک تولہ پلیہ ۴ عدد برگ بانس ۴ ماشہ پانی ایک سیر اسقدر پکادیں۔ کہ آدھا پانی جل جاوے پھر چھان کر تھوڑا تھوڑا دیں۔ اگر پیاس زیادہ غلبہ کرے تو عرق گاؤزبان ایک حصہ عرق سونف دو حصہ ملا کر تھوڑا پلا دیں۔ غذا پہلے روز دال موٹھ بالکل پتلی دیں۔ دوسرے روز کھچڑی مسور کی تیسرے روز گھی کیساتھ ڈبل روٹی دیں پھر جو چاہیں دیں۔

اسقاط کی عادت دور کرنا۔ تعلب مصری کوٹ کر برابر کی چینی ملا کر ہر روز ۶ ماشہ

دودھ سے کھلاویں۔ برابر ۳ ماہ اسی طرح کھلاویں۔

متفرقات

علاج چیچک۔ ایک اونس کریم آف ٹارٹار کو ایک شیشہ گرم پانی میں ملا کر مریض کو بتدریج پلاویں۔ مرض تمام زائل ہو۔

آواز درست رہے۔ ایک رتی یا ڈیڑھ رتی سہاگہ منہ میں لے کر لعاب چوسیں

نسخہ تیل خوشبودار۔ ناگرموتھا۔ پانڑی ہر یک ۵ تولہ چھیل چھبیلڑا۔ بالچھڑ ایک آدھ پاؤ۔ لونگ ایک تولہ سب کو جوکوب کر کے ۲ سیر تیل سرسوں میں ڈالکر ۶ روز دھوپ میں رکھیں پھر نصف جوش دے کر چھان لیں۔

اگر تھوہر کا کانٹا کہیں لگ جاوے۔ تو ایک **قطرہ میٹھے** تیل کا ڈالدیں۔ فوراً باہر نکل جاوے گا۔ **نسخہ برائے مہاسہ**۔ گھونگچی سفید کا مغز گھوٹ کر روغن کنجد میں ملا کر رات کو منہ کے مہاسوں پر مل دیا کریں۔ اور صبح کو گرم پانی سے دھوڈالیں۔

مرہم سریع الاثر۔ پھٹکڑی سفید ڈیڑھ تولہ نیل تھوتھا ۱۱ ماشہ۔ کبھی لال میٹھا تیل آب پلاہ ہر ایک ۵ تولہ اول تیل اور پانی کو باہم حل کرو۔ کہ سکہ ہو جاوے بعد ازاں دیگر ادویہ ملا کر مرہم بنا کر استعمال کریں۔

مرہم برائے زخم آتشک و سرطان وغیرہ۔ گندھک ۳ ماشہ پارہ ۳ ماشہ شنگرف ۴ ماشہ۔ ہڑتال ۱ ماشہ سفیدہ ۱۰ ماشہ موم تولہ تیل میٹھا ۵ تولہ پہلے گندھک اور پارہ کی کجلی کرلیں۔ پھر باقی ادویہ پیسکر ملاویں۔ بعد ازاں موم کو آگ پگلا کر تیل ملادو۔ پھر باقی ادویہ ملا کر گھوٹ ڈالو۔ یہ مرہم ناقص اور گندے گوشت کو دور کرتا ہے اور اچھے گوشت کو اگاتا ہے۔ **بال گرنے کی دوا**۔ تیل میں عرق ادرک ملا کر پکالیں جب عرق سڑ جاوے تب مالش کریں۔ تو بال نہ گریں گے۔

علاج ناروا۔ جب تک ناروا نہ نکلے۔ اور آملہ سا ہو۔ تو اس کو بالکل نہ چھیڑیں

بلکہ مور کی دم کے پروں میں ٹکیہ گول نکالکر ۲۔۵ کوٹ کر گڑ میں ملا کر چھ گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی صبح اور گولی شام کھلا دیں۔ نارو ا پانی ہو کر بہ جاویگا۔ اگر وہ سر نکال لے۔ تو ایک لیموں کاٹ کر اُس کے دو حصے کر لے۔ اور ایک حصہ پر سیندھور چھڑک کر گرم کر کے زخم پر باندھے **ازالہ بال**۔ اگر کسی جگہ کے بال اُکھاڑ کر چھوے کا خون یا خون مینڈک صحرائی یا خاکستر جونک لگا دیں۔ تو پھر وہاں بال پیدا نہ ہونگے **ڈبہ اطفال**۔ جوک اور لونگ دونوں ۲ رتی بچہ کو پلا دیں۔ تو درد جاتا رہیگا ؛ **گنج کا نسخہ**۔ کمیلا۔ مہندی۔ آرد کھنب۔ کوئلہ۔ تسپال۔ ہر ایک پاؤ بھر۔ مردار سنگ نیلہ تھوتھا۔ ہر یک ۵ تولہ سب کو سفوف کر کے مکھن میں ملا دیں۔ اور لگا دیں ۳ دفعہ لگانے سے بالکل آرام ہو گا۔ **برائے درد ذات الجنب**۔ کشمیری زہر سیاہ صاف شدہ ۴ ماشہ سے لیکر ۶ تک حسب مزاج مریض کو پھنکا کر اُوپر سے ۳ تولہ شہد کا گرم شربت بطور قہوہ پلا دو۔ اسیطرح بلغم تحلیل ہو کر آرام ہو جائے گا ؛

برائے خنازیر۔ رسکپور۔ دارچکنا۔ فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ ملا کر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا لو ایک گولی صبح ایک شام شربت عناب یا شربت آنبوس سے دیں۔ ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔ عطیہ حکیم غلام مصطفےٰ شاہ صاحب لاہوری ؛

افیون چھوڑانا۔ جائفل ایک حصہ کونپل درخت ارنڈ ۲ حصہ ملا کر مٹر کے برابر گولیاں بنالیں جسقدر افیون کھاتا ہو اور جس وقت کھاتا ہو اسیقدر او راسیوقت یہ دوا کھایا کرے چند روز میں افیون چھوٹ جاویگی **سر کے بال گرنے بند ہوں**۔ استعمال شدہ چائے خشک کر لو۔ پھر دو پا تین لھنٹہ پانی میں جوش دیکر سر دھو لیا کرے۔ ۵۔۶ بار کے عمل سے بالکل آرام ہو جاوے گا ؛

ہچکی کا علاج۔ ببول کی پھلی کوئلہ کر لیں۔ پھر برابر کا شہد ملا کر مریض کو تولہ بھر یا قدرے کم و بیش چٹا دیں۔ کہنہ مرض بھی جاتا رہے گا۔

پاؤں میں خارش شلغم کو بہت سے پانی میں اُبالکر نیم گرم پانی میں پاؤں رکھیں

تھوڑی دیر بعد آرد مسور اور سرکہ ملا کر کف پا میں لیپ کریں - ۲-۳ دفعہ کے عمل سے بالکل آرام ہو گا - بٹنہ چہرہ سرخ کرتا ہے - نک چھکنی - زعفران - مجیٹھ - بول - مصطگی سب برابر پیاز کے عرق سے خمیر کر کے طلا کریں - اور صبح منہ دھو ڈالیں ؛
قولنج کالاثانی علاج - ایک سالم بچھو مار کر سکھا کر باریک کر لو - مریض کو ایک تنکا بھر گلقند میں کھلا دو (تنکا بھر سے مراد چاول بھر ہے)
پلیگ کا علاج - پان میں کھانے کا چونہ گلٹی پر لگا دو - اور اسے سوکھنے نہ دو - گلٹی اندر ہی اندر بیٹھ جاوے گی - اگر گلٹی پھوٹ جاوے - تو گندھک اور پارہ دونوں ہموزن ملا کر کجلی کر لیں اور مکھن میں ملا کر زخم پر لگا دیں - مکھن کی جگہ اگر روغن تارپین یا کاربالک کا تیل شامل کریں - تو اور اچھا بھی ہے - اور مریض کے کھانیکو یہ دوا دیں ۴ آدھ پاؤ دہی میٹھا لیکر اسمیں تھوڑا پانی ملا کر پتلی لسی بنا دیں - اور کپڑے میں چھان کر مریض کو پیٹ بھر کر پلا دیں - بارہا دفعہ کا مجرب ہے ؛
نسخہ شتبیہ عورتوں کیواسطے - زچہ کے کل امراض کو مفید درد کمر کو دور کرے ۵ مازو مائیں - لودھ - بابڑنگ - سنبل - سمندرسوک - پوست اندرون درخت مولسری گوند ڈھاک یا کھنب گل دھاوا - گوکھرو - کلاں و خورد - گل سپاری - چکنی ڈلی - موسلے - الائچی خورد مع پوست مجیٹھ - پلنگ توڑ - کمرکس ہریک ایک تولہ - سنگ جراحت ۲ تولہ گوند بول بریاں و روغن زرد ۷ تولہ سب کو کوٹ چھان لیں - میدہ برنج ساٹھی - آدھ سیر شکر سفید ۳ پاؤ - گری چھوہارا چرونجی ہر ایک ۵ تولہ گھی ۲ پاؤ ملا کر پنجیری بنا لیں اور کھا دیں ؛

زہروں کا علاج

سنگ گزیدہ - ایک تیلن مکھی اور ایک زیرہ کا پھول کھلا دو - پلا تحاشا پیشاب آویگا - اور تمام زہر نکل جاویگا - دیگر - مریض کو ۳ دن تک برگ ببول کا عرق پلا دیں - دن میں ۳ بار دیا کریں - اور مریض جب عرق پی لے تو اُسے چاول دہی کھویہ نمک نہ دیں - اس سے قے آنے لگتی ہے ؛

بچھو کاٹے کا علاج۔ ڈنگ کے مقام پر شہد لگادیں۔ چند منٹ میں ٹھنڈک پڑ جاویگی یا روغن دارچینی لگادیں۔ فوراً ٹھنڈک پڑ جاوے گی ؛

مار گزیدہ۔ سنکھ جو ایک قسم کی سمندر کی پیدائش ہے۔ جسکو ہندو پوجا میں بجایا کرتے ہیں پاؤ بھر لیکر ٹکڑے ٹکڑے کرلیں۔ اور ایک برتن میں بوٹی گرنڈ کا سیر عرق ڈالکر یہ ٹکڑے اس میں ڈالدیں۔ اور ۶ سیر آگ دیں۔ جب عرق خشک ہو جاوے۔ تب ایک بوتل شراب برانڈی ڈال کر منہ بند کرکے بھر ۱۲ سیر اوپلوں کی آگ گڑھے میں۔ کشتہ ہو۔ خوراک آدھ رتی پتاشہ میں ڈال کر پانی سے کہلادو۔ ۳ روز کے استعمال سے کلیۃً آرام ہو جاویگا۔ غلبہ گندم بریاں باقی کل شئے کا پرہیز ؛

سنکھیا کا علاج۔ جس قدر کسی نے سنکھیا کہایا ہو۔ اسی قدر برگ بلیل گھوٹ کر ہووے۔ اور یا پھٹکڑی سفید پھانک لے ؛ ہڑتال کھائی ہو۔ تو سر پھوکہ۔ برگ بیخ بار سمیت گھوٹ کر پلادو۔ برگ نیم پلادو۔ افیون خوردہ جس قدر افیون کہائی ہو۔ اسی قدر جند بید ستر کہانا مفید ہے یا کبوتر کی بیٹ گرم پانی سے دو۔ دھتورہ خوردہ۔ جس قدر دھتورہ کے درخت کی کوئی شئے کہائی ہو۔ اسی طرح کپاس کے درخت کی وہی شئے کہاؤ۔ بالکل آرام ہو گا۔ مثلاً اگر ۲ ماشہ دھتورہ کا پھول کہایا ہو۔ تو ۶ ماشہ کپاس کا پھول کہاؤ۔ اگر پتے کہائے ہوں۔ تو پتے کھالو۔ علیٰ ہذا القیاس ؛

اسبغول کوفتہ خوردہ۔ اگر کوئی شخص اسبغول کوٹ کر کہالے تو سویا۔ شہد۔ نمک بورہ ارمنی سب ملا کر پانی میں جوش دیں۔ اور پلا کر قے کرادیں۔ پھر فلفل۔ نمک۔ زردی بیضہ مرغ۔ نیم برشت ملا کر کہلادیں۔ خوراک شوربا مرغن دیں ؛

اگر بھڑ کاٹے۔ تو فوراً گمٹی کا تیل یا کافور کا تیل لگادیں۔ اور اگر فاسفورس یا دیا سلائی کا مصالحہ کہایا جاوے۔ تو بہت سا پانی پلادو۔ اور قے کرادو۔ اور قے کے بعد بہت سا پانی پلادو۔ اگر تیزاب پیا جاوے تو انڈوں کی سفیدی یا چاک پانی میں گھول کر

پلادیں۔ اگر سنبلا تھوتھا کھایا ہو۔ تو عرق لیموں بہت سا پلادیں ؛

دفعیہ جانوران موذی

چیونٹیاں۔ چمگادڑ کی بیٹ سے بھاگتی ہیں۔ اگر روغن ارنڈ کا حلقہ ان کی بل کے گرد بنادیں تو اس سے باہر نہیں نکلتیں۔ ہلدی اور دیودار کی لکڑی کا سفوف اگر بل پر ڈالدیں۔ تو بہت کم باہر نکلتی ہیں۔ پسّو۔ کنیر کے پتوں کی بو سے ہلاک ہو جاتا ہے ؛

مچھر۔ چنپا کا پھول یا سنگترہ کے چھلکوں کی بُو سے بھاگتا ہے۔ اگر لوبان سرد کی لکڑی جلاویں۔ تو مچھر کوسوں بھاگیں اگر روغن سنگترہ ہاتھوں اور منہ کو مل لیویں۔ تو امن میں رہیں۔ ٹڈی۔ اگر ایک چمگادڑ کسی گاؤں میں لٹکا دیں۔ تو تمام ٹڈیاں وہاں سے بھاگ جاویں ؛

مکھی۔ چونہ اور نوشادر کے مرکّب کی بو سے بھاگتی ہے ؛

چوہا۔ اگر ان کی بلوں میں کانچ کی تیز دہار دار ٹکڑے ڈالدیں۔ تو پھر باہر نہیں نکلتا۔ کیونکہ زخمی ہو جاتا ہے۔ اگر آٹے میں سنکھیا یا دیا سلائی کا مصالحہ یا زنگار بہت سا چونہ اَن بجھ ملا کر ڈالدیں۔ تو کھا کر مرجاویں گے۔ بشرطیکہ ان کو پانی نہ ملے ؛

عقرب۔ اگر مولی کا ٹکڑا لگادیں۔ تو بھاگ جاتا ہے۔ اور مرجاتا ہے ؛

کنکھجورا۔ اگر مٹی کا تیل اس پر ڈالدیں۔ تو ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے ؛

سانپ۔ نوشادر اور رائی کی بُو سے نفرت کرتا ہے۔ تمباکو اور حقہ کی میل سے ڈرتا ہے۔ اگر روغن کا پتہ خشک کر کے پیس کر جگہ زمیں ڈالے۔ تو جو سانپ اس پاس سے گذریگا فوراً ہلاک ہوگا۔ نیولا۔ مور اور بندر سے ڈر کر بھاگتا ہے ؛

شیر۔ سفید رنگ کے مرغ سے ڈرتا ہے۔ ہاتھی بلّی سے خوف کھاتا ہے ؛

قواعد متعلق حفظانِ صحت

(۱) گوشت اور سبزی دونوں انسان کی غذا ہیں۔ اگر سبزی نہ کھاویں۔ تو مرض گوشت خورہ

ہو جاتا ہے:۔

(۲) جب خوب بھوک لگے۔ تب کھاؤ اور ابھی کچھ اشتہا باقی ہو۔ نوش کرو۔ صحت قائم رہیگی۔

(۳) زیادہ گرم مت کھاؤ۔ گرم کھانا کھا کر فوراً سرد پانی پینا دانتوں کو مضر ہے +

(۴) زیادہ محنت کرنیوالے کو زیادہ خوراک چاہیئے۔ سردیوں میں غذا زیادہ ہضم ہوتی ہے

(۵) ہنسی معدہ۔ ہاضمہ اور دل کو طاقت دیتی ہے۔ لیکن غم غصہ اور فکر سے معدہ کمزور ہوتا ہے +

(۶) مصالحہ سے قوت ہاضمہ بڑھتی ہے۔ لیکن زیادہ مصالحہ مضر ہے۔

(۷) شراب نوشی۔ کثرت عیاشی اور کاہل و سست پڑا رہنا صحت کو خراب کرتے ہیں۔

(۸) زیادہ مرغن غذا کھانا۔ حد سے زیادہ کھانا۔ بے وقت کھانا۔ اور بہا چبائے جلدی جلدی کھانا مضر معدہ ہے +

(۹) تمباکو۔ چاء۔ کافی۔ نسوار۔ شراب۔ افیون۔ بھنگ۔ چرس۔ پوست۔ گانجہ وغیرہ سب مضر ہے:۔

(۱۰) بہت ہلکے یا بہت بھاری کپڑے پہننا مضر صحت ہیں۔

(۱۱) بھیگے کپڑے پہننا۔ یا پسینہ میں ہوا میں چلے آنا یا گرمائے ہوئے بدن پر سرد پانی ڈالنا یا پینا سخت مضر ہے +

(۱۲) زیادہ دماغی محنت سے معدہ۔ سر اور آنکھیں خراب ہو جاتی ہیں۔

(۱۳) سرخ روشنی سے آنکھیں خراب لیکن گہری سبز اور دودیا روشنی سے درست ہوتی ہیں

(۱۴) زیادہ سردی اور زیادہ گرمی کے دنوں میں بھاری کپڑا پہنیں +

(۱۵) ایک آدمی کے لئے ۱۰۰ فٹ مربع چاہیئے۔ روزن اور کھڑکیاں اوپر ہونی چاہیئے۔

(۱۶) صحت کیلئے ہوا۔ پانی۔ غذا۔ مکان۔ ریاضت۔ نکاح وغیرہ کا ضروری لحاظ چاہیئے۔

(۱۷) بچوں کو کھیل کود سے نہ روکیں۔ کاہل بچے جلد بیمار ہو جاتے ہیں۔ تنگ تاریا

نمناک مکان میں رہنے والے بچوں کو زکام بہت جلد ہو جاتا ہے ÷

(۱۸) بچوں کو زیادہ مٹھائی نہ دیں۔ معدہ اور امعا خراب ہو جاتے ہیں۔ زیادہ کھٹائی نہ دیں۔ اعصاب پر برا اثر پڑتا ہے بچے زیادہ تر اسہال۔ ہیضہ۔ بخار اور خرابی خون سے مرتے ہیں

(۱۹) جب تک ایک دو دانت نہ نکلیں سوائے شیر مادر کچھ نہ دیں۔ اگر والدہ بیمار ہو جاوے تو گائے یا بکری کا دودھ قدرے میٹھا اور عرق سونف ملا کر دیا کریں۔

(۲۰) بڑے بچوں کی بسنی میں بھوسی بھی ملا دیا کریں۔ اس سے غذا جلد ہضم ہوتی ہے۔

(۲۱) کم سن بچے آدھ گھنٹہ تعلیم پائیں۔ تو آدھ گھنٹہ ضرور کھیلیں ÷

(۲۲) میدان میں نہ پھرنے والے آدمی بے اعتدالی سے بیمار ہو جاتے ہیں ÷

(۲۳) دس برس کے اندر بچے ۳ گھنٹہ سے زیادہ دماغی محنت نہ کریں +

(۲۴) والدین اگر قریب کے رشتہ کے ہوں۔ تو ان کی اولاد کمزور ہوا کرتی ہے +

(۲۵) چھوٹے بچوں کو ماں کے دودھ کے برابر کوئی غذا نہیں۔ پیدائش سے ۱۰ روز تک بچہ جب دودھ مانگے۔ تب ہی دینا چاہیئے۔ بعدہٗ ایک ماہ تک چار چار گھنٹہ بعد دودھ پلائے ایک ماہ بعد ۱۰ بجے رات کے دودھ پلا کر صبح کے ۴ بجے پلا دیں +

(۲۶) بچے کے جب دودھ کے دانت نکل آویں۔ تب غذا دینی شروع کریں۔ ہلکی غذا دیں۔ جو جلد ہضم ہو جایا کرے ÷

اقوال متعلق تشریح جسم انسان

(۱) انسان کے بدن میں کل ۲۴۸ ہڈیاں ہیں۔

(۲) شرائین میں ارغوانی رنگ کا خون رہتا ہے۔

(۳) انسان کے بدن میں کسی قسم کی چربی ہوا کرتی ہے۔ چربی کا بڑا حصہ تیل کی مانند رقیق ہو کر کیسوں میں بھرا رہتا ہے +

(۴) کھوپری کے جوف میں بالکل چربی نہیں ہوتی +

(۵) انسان کے بدن کا بیسواں حصّہ چربی ہوتی ہے۔ عورت کے مقابلے میں مرد کی نسبت زیادہ چربی ہوتی ہے +

(۶) ہڈیوں کے اندر گودا ہوتا ہے۔ مگر چہرہ و کھوپری کی ہڈیوں میں ہوا بھری رہتی ہے۔

(۷) شرائین اور وریدوں کے درمیان جو باریک عروق کا جال ہے۔ اسے کیپلریز کہتے ہیں +

(۸) کیپلیریز میں ہو کر شرائین کا خون وریدوں میں جاتا ہے۔

(۹) جلد کہیں چوبیسواں کہیں بارہواں اور کہیں ایک انچ کا $\frac{1}{12}$ حصّہ موٹی ہے۔

(۱۰) ریڑھ کا ستون سب اعضا سے پہلے بنتا ہے۔ جو قریباً ۲۸ انچ لمبا ہوتا ہے۔

(۱۱) قد کی طوالت لاتوں کی لمبائی پر ہے۔

(۱۲) آنتیں دو قسم کی ہیں۔ بڑی اور چھوٹی۔ بڑی آنتیں ۵۔۶ فٹ طویل اور چھوٹی آنتیں قریباً ۲۰ فٹ طویل ہوتی ہیں۔

(۱۳) دل سینہ کے وسط میں۔ جگر دہنے طرف پسلی کے نیچے اور طحال بائیں طرف پسلی کے نیچے ہے۔

(۱۴) دو پھیپھڑے دل کے اوپر دونوں طرف ہوتے ہیں۔ جو ہوا پہنچاتے ہیں۔ اور دایاں حصّہ بایاں سے چوڑا ہوتا ہے۔ پھیپھڑے خون کثافت سے صاف کرتے ہیں۔ ان کے خانوں کی تعداد ۶ لاکھ ہے +

(۱۵) معدہ غذا ہضم کرتا ہے۔ جگر قوام کے اخلاط پیدا کرتا ہے۔ دل خون پھینکتا ہے۔ طحال جگر سے سودا۔ مرارہ۔ صفرا جذب کرتا ہے +

(۱۶) انسان کی بند مٹھی کے برابر دل کی جسامت ہوا کرتی ہے۔ دل کا وزن

جسم کے ۱/۱۶ کے برابر ہوا کرتا ہے ؛

(۱۷) حرام مغز ۱۵ سے ۱۸ انچ لمبا ہوتا ہے ؛

(۱۸) متوسط قد کے جسم کی سطح ۲۵۰۰ مربع انچ ہوتا ہے ؛

(۱۹) شرائین کی نسبت وریدوں میں خون زیادہ آسکتا ہے ؛

(۲۰) ایک دن میں ایک پونڈ سے ۲ پونڈ تک تھوک پیدا ہوتا ہے ؛

(۲۱) دماغی یا جسمانی محنت سے بدن کے اجزاء تحلیل ہوتے ہیں۔ اور غذا اسی کا بدل ہوتا ہے۔

(۲۲) قریب سوا سیر کے پانی روز داخل جسم ہوتا ہے ؛

(۲۳) خون کے وزن متناسبہ ۱٫۰۵۲ سے ۱٫۰۵۷ تک ہے ؛

(۲۴) خون کا ذائقہ نمکین اور بو خاص قسم کی ہوتی ہے۔ عروق سے نکلنے کے بعد ۸-۹ منٹ میں جم جاتا ہے ؛

(۲۵) خون کے ایک ہزار حصّہ میں ۷۹۰ حصہ پانی ہوتا ہے ؛

(۲۶) آنکھ کی پتلی کی سیاہی روشنی کو جذب کر کے آنکھ کو صدمہ سے بچاتی ہے ؛

(۲۷) حبشیوں کو ان کی جلد کا سیاہ رنگ آفتاب کی تپش سے بچاتا ہے ؛

(۲۸) چربی سے بدن کی پرورش اور حرارت غریزی کا قیام ہے۔ مرض یا فاقہ سے غذا ملے یا نہ ملے۔ تو بلغم اور چربی غذا کا کام دیتی ہیں ؛

(۲۹) جسم کی حرارت بذریعہ عضلات ظہور میں آتی ہیں۔ اور ارادہ سے کام کرنے کی تحریک دماغ سے پیدا ہوتی ہے ؛

(۳۰) زیادہ کام کرنے والے اعضاء میں زیادہ خون آتا ہے ؛

(۳۱) ابتدا عمر میں افزائش بدن کے لئے زیادہ غذا کی ضرورت ہے ؛

(۳۲) ۱۴ سے ۱۷ پونڈ تک معدہ کا ہاضم عرق روز پیدا کرتا ہے ؛

(۳۳) جوان آدمی کو ایک چھٹانک سے ۵ چھٹانک تک براز آتا ہے ؛

(۳۴) کام کرنے سے دماغ تھک جاوے۔ تو نیند آجاتی ہے :۔

(۳۵) جسم میں دو قسم کی حرکات ہیں۔ ایک بارادہ دوسری بلاارادہ۔ بلاارادہ جیسی معدہ کی حرکت برائے ہضم طعام بارادہ حرکت جیسے چلنے پھرنے کی حرکت :۔

جسم کے اعضائے مرکب

دماغ۔ حرام مغز۔ آنکھ۔ کان۔ ناک۔ دہن واعضائے اندرون دہن۔ حنجرہ قصبہ۔ پھیپھڑے۔ دل۔ مری۔ معدہ۔ آنتیں۔ جگر۔ پتہ۔ طحال۔ گردہ۔ مثانہ۔ آلات تناسل مرد و زن :۔

جسم کے مفرد اعضاء

ہڈی۔ مرکنی ہڈی۔ رباط۔ عضلہ وتر عصب۔ شریان۔ ورید۔ غشا۔ لحم۔ شحم جلد۔ شعر۔ ناخن :۔

نقشہ اخلاط

نام اخلاط	خون	بلغم	صفرا	سودا
مزاج	گرم تر	سرد تر	گرم خشک	سرد خشک
معدن	اوردہ	معدہ	جگر	جگر
مخزن	تمام جسم	تمام جسم	مرہ صفرا	طحال

نقشہ مزاج اعضائے جسم انسان

نمبر	الف	ب	ج	د
	گرم	سرد	تر	خشک
۱	روح	بلغم	بلغم	بال
۲	دل	بال	خون	ہڈی

نمبر	گرم	سرد	تر	خشک
۳	خون	ہڈی	سمین	کری
۴	جگر	کری	چربی	رباط
۵	پھیپھڑہ	رباط	دماغ	وتر
۶	گوشت	وتر	حرام مغز	جھلی
۷	عضلہ	ردہ	گوشت پستان و انثیین	شرائین
۸	طحال	جھلی	پھیپھڑہ	وردہ
۹	گردہ	عصب	جگر	عصاب حرکات
۱۰	گوشت پستان و انثیین	حرام مغز	طحال	دل
۱۱	شرائین کے پردے	دماغ	گردہ	اعصاب حس
۱۲	ورید کے پردے	چربی	عضلہ	جلد
۱۳	جلد	سمن	کرخمی	•
۱۴	•	جلد	جلد	•

نوٹ - جس عضو کا جیسا مزاج ہے - وہ اسی خانہ میں لکھا گیا ہے۔ مثلاً بلغم کا مزاج سرد تر ہے - اسلئے پہلے نمبر کے ب اور ج خانہ میں درج ہے - خون کا مزاج گرم تر ہے اس لئے دوسرے نمبر کے خانہ ج اور تیسرے نمبر کے خانہ الف میں درج ہے ◆

شربت اطریفل و معجون بنانے کے معتبر نسخے

جس کا شربت بنانا ہو - اس دوا کو ۲۴ گھنٹے پیشتر پانی میں بھگو کر عرق نکال کر اسمیں سفید چینی کا قوام کریں - ہر ایک شربت کی تاثیر علیحدہ علیحدہ ہے ◆

شربت بنفشہ - ذات الجنب - ذات الریہ - درد سر وغیرہ کو مفید ہے - برگ بنفشہ آدھ پاؤ

سیر بھر پانی میں تر کرکے جوش دیں۔ جب سوم حصہ پانی باقی رہے۔ تو ۱ سیر شکر سفید ملا کر قوام شکر تیار کریں۔ **شربت نیلوفر**۔ تپ صفراوی و حرارت جگر کو مفید مرطب دماغ سفید پتے گل نیلوفر تازہ ایک سیر اگر خشک ہو۔ تو ۱۲ تولہ۔ اس کو ایک سیر پانی میں جوش دیں جب سوم حصہ باقی رہے۔ تو شکر سفید ملا کر قوام کریں +

شربت فریادرس۔ تپ و کھانسی و نزلہ کو دفع کرے۔ برگ گاؤزبان۔ صندل سفید اور پرسیاوشاں ہر ایک ۲ تولہ۔ اصل السوس۔ بادیان۔ تخم خطمی۔ گلسرخ۔ پوست۔ تخم خشخاش ہر ایک ایک تولہ مویز منقی ۲۰ دانہ ان سب کا قوام ۳ پاؤ شکر سفید ملا کر بنائیں +

شربت اعجاز۔ واسطے اسہال کھانسی و تپدق کو مفید عناب ۳۰ دانہ سپستان ۶۰ دانہ اصل السوس مقشر۔ تخم خبازی۔ تخم خطمی گل نیلوفر۔ گل بنفشہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ بہیدانہ ۱ تولہ گوندکیکر ۹ ماشہ سیر بھر پانی میں جوشاندہ خیساندہ بنا کر ۳ پاؤ شکر میں قوام کرکے ۶ ماشہ کتیرا گوند کا سفوف ڈالیں۔

شربت زوفا۔ تپ و کھانسی بلغمی ضیق النفس کو دفع کرے زوفا۔ اصل السوس ڈیڑھ تولہ۔ پرسیاوشاں۔ کرفس پانچ پانچ ماشہ۔ انجیر زرد ۱۰ دانہ۔ مویز منقی ۴ دانہ جلبہ ۹ ماشہ۔ کاقند آفتابی ۱ تولہ بیخ کاسنی آدھ سیر حسب دستور شربت بنائیں۔

شربت بزوری معتدل۔ حمیات و امراض جگر و گردہ کو مفید اور مواد کو ساتھ ادرار بول کے دفع کرے۔ تخم کاسنی۔ بادیان۔ تخم خربوزہ ایک ایک تولہ۔ بیخ کاسنی بیخ بادیان ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ شکر سفید پاؤ سیر بدستور قوام شربت تیار کریں +

شربت بزوری بارد۔ امراض جگر گرم کو دفع کرے گرم و امراض گردہ و مثانہ کو مفید پوست بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ تخم خربوزہ۔ تخم خیارین ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ اڑھائی پاؤ شکر سفید کیساتھ بدستور قوام بنائیں۔ اور اثنائے قوام میں مغز تربز۔ مغز تخم پیٹھا۔ ان کا شیرہ بنا کر داخل کریں۔

شربت دینار۔ ملین طبع۔ دافع عفونت۔ اخلاط و درد جگر و رحم و رشتہ و مدر بول ہے۔ تخم

کاسنی۔ گلسرخ دو دو تولہ۔ پوست بیخ کاسنی ۴ تولہ ریوند چینی ۱ تولہ تخم کشوث ڈیڑھ تولہ قند
سفید ۳ پاؤ میں بدستور شربت بنائیں۔

شربت ورد۔ ملین بیخ مسہل صفرا نکالے۔ دافع حرکت خون۔ گلسرخ۔ تازہ ۲۰ تولہ
کو دریا کے پانی میں جوش کریں۔ جب چہارم حصہ پانی جل جاوے۔ تو ملکر چھان لیں۔ ۴۰
تولہ شکر سفید ملا کر قوام شربت تیار کریں۔

شربت انجبار۔ خون کے روکنے اور خون کی قے کرنے اور زیادتی حیض و بواسیر کو
دفع کرے۔ بیخ انجبار ۲ تولہ۔ پوست انار شیرین ایک تولہ۔ برادہ صندل سفید ۹ ماشہ
جوش و صاف کرکے شکر سفید آدھ سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت۔ تپہائے کہنہ کو مفید خواہ کہیں سے ہو۔ گلو سبز نیم کوفتہ ۲ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ
شکر سفید ۳ پاؤ بدستور شربت بنائیں۔

شربت صندل۔ صندل کی لکڑی پانی میں گھسکر اس کا چندن بنائیں۔ اس میں
عرق گلاب کا ملا کر سیاہ کریں۔ پھر مصری ملا کر قوام کرلیں۔ دیگر۔ برادہ صندل سفید ۵ تولہ کو
آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف پانی رہے۔ چھان کر آدھ سیر مصری ملا کر قوام کریں۔
خفقان گرمی اور ضعف دل کو مفید ہے۔

شربت شہتوت۔ امراض گلو اور نیز کیواسطے مفید۔ سیاہ شہتوتوں کو ملکر عرق نکال لیں
اس میں بحساب مندرجہ صدر مصری ملا کر قوام کرلیں۔

شربت عناب۔ گرمی خون اور احتراق کو مفید۔ عناب ۲۰ دانہ آلو بخارا ۷ دانہ۔
تمر ہندی ۴ تولہ۔ گلسرخ۔ صندلین۔ گل نیلوفر ہر ایک ۴ تولہ آدھ سیر پختہ شکر سفید ڈالکر بنائیں

سکنجبین سادہ۔ غلبہ صفرا و حرارت جگر و تشنگی و تلخی دہن دور کرے۔ اور ادرار بول کرے
سرکہ خالص پاؤ سیر۔ شکر سفید اڑھائی پاؤ آگ پر رکھکر صاف کریں۔ اور قوام بنائیں۔ اگر
زیادہ تیز بنانی ہو۔ تو سرکہ زیادہ کریں۔ فائدہ جس شربت میں سرکہ ملایا جائے۔ اس کا

نام سکنجبین سے تبدیل ہو جاتا ہے۔ مثلاً شربت بزوری بارد میں سرکہ ملایا۔ تو سکنجبین بزوری ہو گی۔ یہ امراض پیٹ کے لئے مفید ہے ؛

نسخہ جات اطریفل

اطریفل کشنیزی۔ سر اور آنکھ اور کان کے درد کو جو نزلہ سے ہو۔ اور ضعف بصر اور ہر قسم کی بواسیر کے لئے مفید ہے۔ کشنیز خشک ۳ تولہ ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ و ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ آملہ ایک ایک تولہ سب کا سفوف کر کے روغن گاؤ یا روغن بادام میں چرب کر کے ۱۸ تولہ شہد و شکر کے قوام میں اطریفل بنائیں ؛

اطریفل اسطوخودوسی۔ امراض دماغی و جلدی کو مفید۔ ہلیلہ کابلی۔ بلیلہ۔ آملہ تین تین تولہ اور اسطوخودوس گل سرخ دو دو تولہ افتیمون۔ افیون۔ بلادر مجوبہ۔ شیطرج ہندی ایک ایک تولہ شہد سہ چند میں تیار کریں۔ اور سنبھال کر رکھیں ؛

اطریفل صغیر۔ دماغ کو قوت بخشے۔ سر اور آنکھوں کی مرضوں کو مفید۔ انجرہ کو دماغ کیطرف جانے سے روکے۔ ترپھلہ یعنی ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ برابر لے کر گھی میں بھون کر کوٹ ڈالیں تب انہیں مصری یا شہد دواؤں کے دو چند ملا کر اطریفل بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک ؛

اطریفل کبیر۔ دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ سودا کی اصلاح کرتا ہے۔ بواسیر کی ریاح۔ معدہ کا ابھار۔ پھلبہری اور عارش کو مفید ہے۔ ہڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ پہاڑی کرفس کے بیج ہر ایک ۲ درم۔ جلیبہ۔ اجوائن۔ عصبر ہر ایک دو اوقیہ۔ بالچھڑ۔ جاوتری۔ ہیڑ۔ ورج ہر ایک ۳ درم دارچینی ۳ درم فلفل سفید و سیاہ۔ نارمشک۔ نمک لاہوری ہر ایک اوقیہ۔ نوشادر آدھا درم سب کو کوٹ کر روغن بادام سے چرب کر لیں ساویسہ چند مصری کے قوام سے تیار کریں ؛

اطریفل زمانی۔ دماغ کو صاف کرتا ہے۔ تینوں خلطوں کو دست کی راہ نکالے۔ بخار کو دماغ کیطرف جانے نہیں دیتا۔ مالیخولیا مراقی اور قولنج کو مفید ہے۔ معدہ کو پاک کرتا اور فائدہ بخشتا ہے۔ اس کی قوت دو سال تک رہتی ہے۔ دستوں کے لئے ۱۸ سے ۲ متقال

تک کھایا جاتا ہے سب مزاج کے موافق آجاتا ہے۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ گل بنفشہ۔ محمودہ ہو یا ہوا ہر ایک ۱ مثقال۔ ترب موصوف۔ دھنیا خشک ہر ایک ۲۰ مثقال۔ پوست ہلیلہ و آملہ۔ گلسرخ۔ طباشیر۔ گل نیلوفر ہر ایک ۵ مثقال۔ صندل سفید۔ کتیرا ہر ایک ۳ مثقال۔ روغن بادام ۱۲ مثقال سکو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر لیں۔ پھر عناب ۳۰ عدد سپستان۔ ۱۰ عدد۔ گل بنفشہ ۱۰ مثقال۔ موافق انداز پانی میں جوش دیکر پھر اس میں کل ادویہ کے برابر شہد ملا کر قوام کر کے کل ادویہ ملائیں اور آخر کو اس میں مشک۔ ورق نقرہ و طلا ملا کر استعمال کریں +

نسخہ جات جوارش

جوارش مصطگی دافع برودت معدہ و جگر و سیلان۔ لعاب دہن و مقوی معدہ و ہاضمہ ہے۔ رومی مصطگی ایک جز و سفوف کر کے قوام شکر سفید سولہ جز میں کہ عرق گلاب سے بنایا ہو ملا دیں۔

جوارش دارچینی۔ تمام اعضا و باہ کو قوت دے اور درد سر و سعال بلغمی۔ بواسیر بادی و سنگ گردہ کو مفید۔ دارچینی۔ خولنجان۔ قرنفل۔ دانہ الائچی خورد۔ بسباسہ۔ موتھہ۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ دارفلفل۔ اسارون۔ قسط شیریں ہر ایک تولہ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ مصطگی ۲½ تولہ۔ شکر برابر مجموعہ اور شہد بموزن دونوں کے جوارش تیار کریں +

جوارش جالینوس۔ کل اعضا کو طاقت بخشے۔ منہ کو خوشبودار کرے۔ ریاح نکالے۔ مثانہ کی سردی سے بار بار پیشاب آنا بند کرے۔ بواسیر۔ داد۔ نقرس۔ بہق۔ مثانہ۔ گردہ کا ریت دور کرے۔ بالچھڑ۔ الائچی۔ تج۔ دارچینی۔ خولنجان۔ لونگ۔ سعد۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ دار فلفل۔ کوٹھ۔ عود بلسان۔ مگر۔ تخم مورد۔ چرائتہ۔ زعفران ہر ایک دو درم۔ مصطگی ۱۰ درم۔ سفید مصری سب کے برابر۔ شہد سب سے دو چند ملا کر جوارش بنا لیں۔ خوراک ۲ یا ۳ مثقال غذا کھانے سے بعد اور پہلے

جوارش عود ترش مقوی معدہ اور ہاضم طعام۔ عود پانچ تولہ۔ قرنفل۔ سنبل الطیب زرشک ایک ایک تولہ سفوف کر کے ۱۲ تولہ شکر سفید کے قوام میں جس میں دس تولہ عرق

کاغذی لیموں یا بارہ تولہ عرق انار ترش داخل کریں +

جوارش خاص ۔ معدہ ۔ جگر ۔ روح کی حفاظت کرے ۔ اور طاقت بخشے ۔ خفقان بارد جلد سے دور ہو ۔ بدن موٹا ہو ۔ بدن کے پسینہ کی بدبو دور ہو ۔ تیزپات کوٹ کر چھان کر دس درم لیں ۔ اور پاؤ بھر شکر کا قوام کر کے ملالیں ۔ اور آنار کر دارچینی ایک تولہ ملا کر چند روز ۹ یا ۱۰ ماشہ کھائیں ۔ **دوائے لک** ۔ لک مغسول ۔ جنگلی گاجر ۔ تخم کرفس کوہی ۔ زیرہ کرمانی ۔ زنجبیل ہر ایک ۴۲ ماشہ ۔ کنگر ندہ ۔ زوفا خشک ہر ایک ۱۴ ماشہ ۔ جنطیانہ ۔ زراوند ہر ایک ماشہ ۔ حب بنبل ہر ایک ۲۷ ماشہ ۔ حب بلسان ۔ سلیخہ ۔ مصطگی ۔ چرائتہ ۔ اسارون ۔ مقل ہر ایک ۱۸ ماشہ ۔ کندر ایک تولہ دار فلفل ۔ زراوند طویل ۔ قسط ہر ایک ۹ ماشہ ۔ رب السوس ۷ تولہ ۔ ریوند ۔ عنبر ۔ بیدادخربہ ہر ایک ۲ ماشہ ۔ فلفل ۔ قسط ہر ایک ۳ ماشہ سب کو باریک کر کے دو چند شہد میں ملائیں ۔ مقدار خوراک ساڑھے تین ماشہ ۔ جوارش آملہ ۔ تقویت دل و معدہ کو مفید ہے +

نسخہ جات معجون و خمیرہ و لعوق و سپستان وغیرہ

معجون فلاسفہ ۔ اسے مادۃ الحیات بھی کہتے ہیں ۔ ہاضمہ کو قوت دے ۔ اسہالات بلغم نسیان ۔ درد پشت ۔ درد گردہ ۔ درد مفاصل کو دور کرے ۔ اور منی کو زیادہ کرے ۔ باہ کو بڑھا دے ۔ زنجبیل ۔ دارچینی ۔ آملہ ۔ مویز منقیٰ ۔ دار فلفل ۔ فلفل گرد ۔ ہلیلہ ۔ شطرنج ہندی زراوند ۔ ثعلب مصری ۔ مغز چلغوزہ ۔ عرق بابونہ ۔ نارجیل تازہ ہر ایک دس درم ۔ تخم بابونہ ۵ درم ۔ مویز منقیٰ ۔ عسل خالص وزن ادویہ سے دو چند لیکر معجون بناویں ۔ اس سے بہتر کوئی معجون نہیں ۔ **معجون مصطگی** ۔ معدہ اور امراض جگر کو مفید رومی مصطگی ۹ ماشہ دارچینی ۱۵ ماشہ ۔ ببسکرہ ۲۸ ماشہ شکر سفید کو گلاب میں حل کر کے دوائیں مذکور پیسکر ڈالیں ۔ اگر قبض کی زیادہ شکایت ہو ۔ تو دارچینی کی بجائے تربد سفید مدبر اس کے وزن کے برابر ڈالیں +

معجون لہسن ۔ سیر منقیٰ لہسن آدھ سیر گھیل کر ایک سیر دودھ گاؤ میں پکا کر کھوہ کریں پھر دو دیا

سہ چند شہد اور تیس درم روغن گاؤ ڈالیں۔ اور آہستہ آہستہ نرم آگ پر پکا کر نیچے اتاریں بعدہٗ لونگ۔ جونتری۔ جائفل۔ سیاہ مرچ۔ مصطگی۔ الائچی خورد و کلان۔ ہلیلہ کابلی دارچینی۔ زنجبیل ۷ ماشہ۔ رعشا۔ فالج۔ صرع۔ لقوہ کو مفید ہے۔ اس سے بہتر اور کوئی معجون نہیں ہے۔

معجون تربد۔ قولنج سخت کو کھولتی ہے۔ اور اس کے نفع بہت ہیں۔ تربد صاف۔ شکر سفید۔ ہر ایک ۱۰۰ مثقال۔ سقمونیا ۱۰ درم۔ الائچی خورد و کلاں۔ سونٹھ۔ دارچینی قرفہ ناگ کیسر۔ لونگ مصطگی۔ فلفل ہر ایک ۵ درم۔ شہد صاف بقدر حاجت سب کو ملا کر معجون بنائیں خوراک ۲ درم +

معجون نبوب۔ مغلظ منی۔ مغز بادام شیریں۔ چار مغز۔ مغز نبولہ۔ مغز چلغوزہ۔ حب الزلم مغز فندق۔ مغز پستہ۔ تخم ہلیون۔ خولنجان سب ہموزن سفوف کر کے سہ چند شہد ملا کر معجون بنائیں

زرعونی۔ معدہ کو طاقت دیتی۔ بھوک لگاوے۔ بلغم دفع کرے۔ منہ کو خوشبودار کرے۔ منہ سے پانی جاری ہونا بند کرے۔ سنگ مثانہ دور ہو۔ ریح دفعہ کرے۔ تخم کرفس۔ تخم گزر و شلغم و سویہ۔ اجوائین۔ سونف۔ مغز خربزہ۔ مغز تخم کھیرا۔ بیخ کرفس ہر ایک ۵ مثقال۔ عقرقرحا مصطگی۔ سعد سام ہر یہ ۵ درم۔ جاوتری۔ لونگ کباب چینی۔ فلفلموبہ ہر ایک ۲ درم عنبر یا شہب ایک مثقال۔ شہد سب سے تگنا۔ عنبر کو شہد کف گرفتہ میں حل کریں پھر باقی ادویہ کو کوٹ کر ملا دیں +

معجون مقل۔ واسطے بند کرنے خون بواسیر آملہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ تخم سپنداں سفید۔ تخم گندنا اجوائین ہر ایک ۵ مثقال۔ مقل یعنی گوگل ۵۰ درم اس کو گندنا کے پانی میں حل کر کے کل دوائیں ملیں +

خمیرہ گاؤزبان۔ مقوی اعضاء رئیسہ و معدہ ہے۔ گاؤزبان ڈیڑھ تولہ۔ گل گاؤزبان۔ تخم کاہو۔ گل نیلوفر۔ ابریشم۔ کشنیز خشک۔ بادرنجبویہ۔ خرفہ سیاہ۔ تخم فرنجمشک ہر ایک ۶ ماشہ

اسکو عرق گلاب میں تر کریں۔ اور صبح جوش کر کے قند سفید دو چند وزن قوام کریں ۵ تولہ شہد اور ۴ تولہ ورق نقرہ ملائیں۔ خوراک ایکتولہ یا جیسا مناسب عمر دیکھ کر ⁂

خمیرہ خشخاش۔ نافع بیخوابی و نزلہ و درد سینہ و معدہ وغیرہ۔ کوکنار معہ تخم ایک سو عدد نیم کوب کر کے ڈہائی سیر بارش کے پانی میں پکا کر جب تہائی پانی رہے۔ تو آدھ سیر شکر سفید ملائیں مجرب ہے۔ **خمیرہ بنفشہ**۔ امراض صدر و ذات الجنب ذات الریہ کو مفید و خلط صفرا خارج کرے گل بنفشہ گل سرخ گل گاؤزبان تین تین تولہ۔ قند سفید ڈیڑھ پاؤ۔ عرق گلاب آدھ سیر داخل کر کے پکائیں **لعوق سپستان** کہانسی بلغمی و نزلہ کو مفید۔ سپستان پختہ ۵۰ عدد۔ عناب ۲۰ عدد۔ انجیر ۱۰ دانہ۔ اصل السوس۔ مویز منقا ہر ایک ۵ درم خشخاش ۷ درم بہیدانہ۔ پرسیاؤشان تخم خطمی کتیرا ہر ایک ۵ درم سونف کی جڑ ۳ درم۔ جو مقشر ۳ درم جن ادویہ کو کوٹنا ہو۔ ان کو کوٹ کر پھر سبکو چار رطل پانی میں بھگوویں۔ اور ایک رات دن کے بعد جوش دے کر مل کر صاف کریں۔ پھر قند سفید نیم رطل ملا کر اس قدر پکا دیں۔ کہ غلیظ ہو جاوے۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایکتولہ تک ⁂

لعوق خشخاش گرم کہانسی و نزلہ کو مفید ہے۔ تخم خشخاش ۱۰ درم نشاستہ کتیرا صمغ عربی ہر ایک ۴ درم۔ مغز تخم کدو۔ مغز بہیدانہ ہر ایک ۳ درم سب کو کوٹ کر عرق گلاب سے خمیر کر کے مصری ملا کر لعوق بنالیں ⁂

نسخہ حلواجات

حلوا مقوی باہ۔ اس حلوہ سے بہتر کوئی حلوہ نہ ہوگا۔ طاقت کے لئے ۲ تولہ صبح سفید چنوں کی آٹا اور گیہوں کا آٹا ہر ایک ایک اوقیہ لے کر گائے کے گھی سے بھون لیں۔ پھر نیم رطل جلاب قند سفید ملا کر حلوا تیار کریں۔ مغز بادام ربع من زعفران ایک مثقال مشک تبتی ایک دانگ گلاب ملا کر حلوا تیار کریں۔ اگر زیادہ قوی کرنا ہو۔ تو کہجوروں کا میٹھا ڈالیں ⁂

دیگر حلوائے گوشت۔ جوان مرغ کے سینہ کا گوشت ابال کر خوب باریک قیمہ کر لیں۔ پھر اسمیں دودھ ملا کر اس قدر پکا دیں۔ کہ گلجاوے۔ تب شہد اور کہجوروں کا میٹھا ڈیوڑھا ملا کر حلوا

بنادیں۔ اور آدھ سیر انڈوں کی زردی گھی میں بھون کر ملا دیں۔ پھر اس میں مشک۔ زعفران
گلاب۔ الائچی۔ اور مغزیات ملا کر تیار کر لیں۔ تولہ یا ۲ تولہ ہر روز کھا لیا کریں ۔

حلوا گزر۔ نہایت مقوی۔ مقوی طبع۔ گزر مصفیٰ ۲ سیر ہموزن شیر گاؤ میں پکا کر معہ شیرہ
مذکور ایک سیر روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ کہ رطوبت خشک ہوجاوے۔ تب شکر سفید ڈیڑھ
سیر ڈالکر حلوا بنائیں۔ خوراک صبح وشام ۲-۳ تولہ دودھ سے بہتر ہے۔ مغزیات بھی ملا دیں

حلوا بیضہ مرغ۔ تقویت باہ وتفریح طبع ۲۰ عدد انڈوں کی زردی لیکر خوب حل کرکے
روغن زرد ڈیڑھ پاؤ پاؤ میں نرم آنچ پر پکا دیں۔ اور پھر پاؤ شکر کا قوام کرکے انڈوں
میں داخل کریں۔ اور ساتھ ہی سفوف جاوتری۔ زعفران۔ دانہ الائچی سفید ہر ایک ۲ ماشہ
بہمن سرخ۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ ایک ایک تولہ ملائیں۔ اور طبیعت کے موافق کھائیں۔

حلوا مغلظ منی۔ شیر گاؤ ۴ سیر شکر سفید ایک سیر ملا کر مثل کھویہ پکائیں۔ پھر انکا سفوف
ملا کر ڈیڑھ تولہ صبح کو کھائیں۔ ثعلب۔ ستاور۔ شقاقل۔ اسگند۔ موصلی سفید ایک ایک تولہ
خرما۔ تولہ مکھانہ ایک تولہ۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ ہر ایک تولہ ڈالیں ۔

نسخہ جات حبوب

حب الشفاء۔ امراض نزلہ اور تبہلے کے بلغمی وسوداوی کو مفید ہے تخم دھتورہ ۳ ماشہ
ریوند چینی ۲ ماشہ زنجبیل ۱ ماشہ سفوف کرکے گوند کے پانی میں گولیاں بقدر نخود بنائیں ایک صبح ایک شام کھا لیں

حب شبیار۔ سر اور دل کو اس سودا سے پاک کرتی ہے۔ جو بلغم سے پیدا ہو۔ افتیمون۔ تربد
غاریقون۔ اسطوخودوس۔ ہلیلہ کابلی ہر ایک ایک جزو ایارج فیقرا ڈیڑھ جزو عود ہندی۔
نصف جزو خوراک ایک سے ۲ مثقال تک ۔

اگر سودا صفرا سے پیدا ہوا ہو۔ تو اسکے لئے حب شبیار کا نسخہ یہ ہے۔ تربد۔ افتیمون سنا مکی
شاہترہ ہر ایک ایک جزو ایلوا ۲ جزو۔ لاجورد مغسول ½ جزو مصطگی۔ پوست ہلیلہ زرد ہر
یک ایک جزو۔ گولیاں بنالیں۔ خوراک ۴ درم ۔

اگر محض سودا ہو۔ تو پھر اس گولی کے اجزا یہ ہونگے۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ افتیمون۔ شحم حنظل ایک ایک جزء۔ قیقو ڈیڑھ جزء۔ اسطوخودوس ۲/۱ جزء۔ گنگی سیاہ ۴/۱ جزء۔ مصطگی۔ عود بادتری ہر یک ایک جزء۔ حجر ارمنی۔ معنول ۴/۱ جزء سب کو کوٹ کر سیب شیریں کے پانی سے گولیاں بنالیں۔ خوراک ۲ درم ‫.

حب جالینوس۔ درد سر و درم چشم کو مفید ہے۔ غلیظ فضلوں کو بدن سے باہر نکالتی ہے۔ صبر سقوطری۔ غصارہ۔ افسنتین۔ مصطگی ہر ایک ایک مثقال سقمونیا دھوئی ہوئی۔ شحم حنظل ہر یک نیم درم سب کو کوٹ کر کرفس کے پانی سے گولیاں بنالیں خوراک ایک مثقال

حب نشاط۔ سوداوی مزاج کو بدلتی ہے۔ سل گرم کھانسی اور نزلہ کو فائدہ بخشتی ہے ہاضمہ کو طاقت دیتی ہے گرم مزاج کی باہ بڑھاتی ہے۔ خوشی لاتی ہے۔ دست بند کرتی ہے ۔ ۳۔ کتیرا۔ کیکر کا گوند۔ رب السوس۔ نشاستہ ہر ایک ۵ مثقال۔ افیون ۷ مثقال۔ تخم کھیونی موتی۔ کہربا۔ یاقوت ہر یک ایک مثقال مشک ایک دانگ۔ بہیدانہ کے لعاب سے گولیاں بنا کر استعمال کریں ‫.

حب الملوک۔ اگر کوئی شخص بدبودار مسہل سے کراہیت کرتا ہو۔ اور قے کر دیتا ہو۔ اسکے لیے یہ گولیاں مفید ہیں ۔ ربدائیدرم ۴ دانگ غاریقوں ۴ دانگ پوست ہلیلہ زرد مصطگی۔ ہلیلہ سیاہ ہر یک ڈیڑھ دانگ۔ افتیمون نیم درم۔ گاؤزبان۔ طباشیر۔ فرنجمشک۔ بادرنجبویہ۔ سقمونیا۔ زعفران۔ گلسرخ ہر یک ایک دانگ گلاب سے گولیاں بنالو۔ خوراک ایک یا دو گولیاں ‫.

حب گھوڑا چالی جسکو دھونتر بید نے ایجاد کیا تھا۔ جو ایک ہی دوا بہت سے مختلف امراض پر مختلف انوپان (بدرقہ) سے استعمال کی جاتی ہے۔ ہندی ویدوں نے اس گولی کی بہت تعریف کی ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ پارہ گندھک آملہ سار۔ ہڑتال طبقی۔ سینٹھا تیلیا۔ ہڑ بہیڑہ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ زرد۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ جمال گوٹہ۔ تخم دہتورہ

لونگ۔ ترید۔ سہاگہ۔ چوکیا۔ بابڑ رنگ۔ اجوائن خراسانی۔ اجوائن دیسی۔ عقرقرحا۔ نرلسی سب برابر جمالگوٹہ مدبر کر لیں۔ پارہ سودہ لیں۔ گندھا۔ صاف لیں۔ تب سب کو کوٹ کر ملا کر لوہے کے برتن میں لوہے کے دستہ سے ۴ روز تک عرق بھنگرہ سے کھرل کرکے سیاہ مرچ برابر گولیاں بنالیں۔ جمالگوٹہ مدبر یہ ہے۔ جمالگوٹہ چھیل کر چیر ڈالیں۔ اندر سے پتہ نکال دیں۔ گندھک باریک سفوف کرلیں۔ ایک برتن میں گائے کا دودھ ڈالکر باریک کپڑا منہ پر باندھیں۔ اس پر گندھک بچھا کر چاروں طرف خمیر شدہ آٹے یا مٹی کی دیوار کا حلقہ بنادیں۔ اس پر آگ کا توا رکھیں۔ آگ کے سینک سے گندھک نکل کر کپڑے کے اندر سے چھن کر دودھ میں چلی جاویگی۔ یہ ایک نوبت ہوئی۔ اسی طرح ۷ بار کرے ہر بار دودھ نیا ہو۔ گندھک صاف ہو گئی۔ پارہ اسی طرح سودھا جاتا ہے۔ کہ کھرل میں پارہ ڈالکر اسمیں اینٹوں کا سفوف ڈالدیا۔ اور دن بھر کھرل کیا۔ پھر پارہ نکالکر ہلدی کا سفوف ڈالدیا۔ اور ۴ پہر کھرل کرلیا۔ ہلدی سیاہ ہو جاویگی۔ اور پارہ صاف ہو جاوے گا۔ اب اس دوا کو ذیل کے امراض پر مندرجہ ذیل بدرقوں سے استعمال کرتے ہیں۔

نام مرض	طریق استعمال
سنگرہنی	ایک گولی موچرس اور چھاچھ سے ۷ روز تک کھاویں ÷
درد شکم	ہلیلہ کی پھنکی سے ملا کر ایک گولی کھاوے ÷
گرانی شکم	ایک گولی گرم پانی سے ÷
سول	۱۲ درم قند۔ آدھا درم موچرس ملا کر ایک گولی کھایا کرے۔ ۷ روز
قراقر	ہینگ سے ملا کر کھاوے ÷
باد گولہ	لاہوری نمک سے ملا کر کھاوے ÷
خونی دست	۱۲ درم مصری اور آدھا درم موچرس ملا کر اس سے ایک گولی کھایا کرے
مار گزیدہ	زخم پر پچھنے لگا کر ایک گولی گھس کر لیپ کردو ÷

نام مرض	طریق استعمال
کرم شکم	دو پلاس پاپڑہ اور قدرے ادرک سے ملا کر کھاؤ
عقرب گزیدہ	۴ مرچ سیاہ قدرے سونٹھ اور ایک گولی ملا کر کھاؤ
سوزاک	اگر سوزاک ہلدیہ ہو۔ یعنی ہلدی کے رنگ کی سی دھات جاتی ہو۔ تو سنبھالو کے عرق سے ایک گولی کھالو اور اگر سوزاک چھاچھیہ ہو۔ تو دودھ بکری سے گولی کھاؤ ۷ روز تک ہر روز ایک گولی
بدنظر و خلل آسیب	عرق لیموں سے ایک گولی ہر روز کھاؤ۔ اور آنکھ میں بھی لگاؤ
بدبو دہن	مصری سے ملا کر ۷ روز تک مضمضہ کرو
دق	فلفل دراز سے ملا کر ایک گولی ہر روز کھاؤ۔ اور آنکھ میں بھی لگاؤ
سستی و کاہلی	تخم پنواڑ سے ملا کر ایک گولی روز کھاؤ
درد سر	۲ دام ترپھلا اور روغن تلخ ملا کر سر پہ ملو
کایا کلپ	۴۰ روز تک ہر روز ایک گولی دارچینی سے کھاؤ
ناصور	استخوان سوختہ سے ملا کر لگاؤ
ناخنہ	گھس کر آنکھ میں لگاؤ
درد کان	نیم درم سونٹھ اور قدرے دودھ عورت سے ملا کر کان میں پچکاری کرو
درد دانت	بیخ کھٹ کٹیا سے ملا کر دانت کے تلے رکھو
رتوندا	لعاب دہن میں گھس کر آنکھ میں لگاؤ
کدو دانہ	تخم چرچٹہ اور تخم ہلہل سے ملا کر ہر روز ایک گولی ۲۰ روز تک کھاؤ اور اوپر سے پان لگاؤ
ادرار حیض	انڈوں سے ملا کر ہر روز ایک گولی کھاؤ
درد چشم	آب زیرہ سفید اور آب آملہ میں ایک گولی گھس کر آنکھ میں لگاؤ

نام مرض	طریق استعمال
پھولا	روغن کنجد سے گھسکر آنکھ میں لگاؤ ÷
شبکوری	" " " " " "
ضعفِ بصر	عرق سولف سے ایک گولی روز کھایا کرو ÷
آتشک و فسادِ خون	ایک گولی درم برگ نیم سے ملاکر کھاؤ دیم روز تک ÷
حبسی بول	سونٹھ سے ملاکر چند روز کھاؤ
بانجھ پن	ایک گولی چہارم حصہ کافور سے ملادے ۲ ماہ تک ÷
مرگی	مرچ سیاہ یا بیخ مدار سے ملاکر ایک گولی کی نسوار لے ÷
ہوا کھبر لگ جاوے	ایک گولی کھلا کر اوپر سے چائے یا گرم دودھ پیے ÷
قوتِ باہ	شہد سے ملاکر ایک گولی روز کھاوے۔ دودھ پیے ÷
لذت	سفیدی بیضہ مرغ سے ملاکر لیپ کرے ÷
برص	تخم کوبچ اور تخم دھتورہ سے ملاکر ایک گولی لیپ کیا کرے ÷
چھایاں	سنگترہ کے چھلکے کے عرق سے ایک گولی گھسکر ضماد کرے ÷
بواسیر	عرق گکرونده سے ایک گولی روز کھایا کرے ÷
خفتِ عقل	ایک گولی لعاب گھیکوار سے ملاکر کھایا کرے ÷
بال خورہ	برگ درخت کنگنی سے ملاکر کھایا کرے ÷
گینٹھیا	غنچہ مدار سے ملاکر ہر روز ایک گولی کھایا کرے ÷
زہر خوردہ	گلو یا گھی سے ملاکر دو ÷
رعشہ	عرق برگ دھتورہ سے ملاکر مالش کرو ÷
لقوہ	عرق لہسن و عرق ادرک سے ملاکر ایک گولی کھاوے ÷
استسقاء	عرق کچنار سے ملاکر ایک گولی کھاوے ÷

نام مرض	طریق استعمال
طحال	عرق گھیکوار سے کھاوے ؛
کھانسی	پان میں ایک گولی کھایا کرے ؛
شیر ملینگ گیلڑ کے بچہ پر	عرق گکروندہ سے ملاکر زخم پر لیپ کرے ؛
سینہ کی جلن	بھنگ سے ملاکر زخم پر لیپ کریں ؛
اکوتہ	ترپھلہ سے ملاکر ۴ روز تک کھاوے ؛
ضیق النفس	جائیفل سے ملاکر دو ؛
یرقان	عرق بتدرل سے گھسکر نسوار دو۔
جریان	ایک گولی عرق گلو سے کھایا کرو ؛
سستی قضیب	روغن کچلہ میں ملاکر لیپ کرو۔ ۷ روز تک ؛
ڈبہ اطفال	اگر ایک گولی دیکر اوپر زیرہ سیاہ بقدر ڈیڑھ ماشہ پھنکادو ؛
جوانی برقرار	اگر ہر روز ایک گولی کھالیا کرو۔ تو کوئی مرض پاس نہ آوے ؛

نسخہ جات سفوف ہاضمہ و مقوی معدہ و نسخہ جات روغن

بارہا تجربہ سے ثابت ہے۔ کہ ذیل کے نسخہ کا استعمال کرنیوالا کبھی ہیضہ میں مبتلا نہ ہوگا نسخہ خاص اکسیر ہے۔ خوراک جوان کو ایک ماشہ اور شیر خوار بچہ کو ایک رتی یا دو رتی ہر امراض معدہ میں۔ بدہضمی۔ ہیضہ۔ عظم طحال۔ وغیرہ کے لیے مفید ہے ؛

نسخہ۔ زنجبیل۔ سونف۔ پودینہ۔ اجوائن۔ کالی مرچ۔ لونگ شیطرج ہندی۔ دار چینی زیرہ سیاہ۔ عود سا الائچی کلاں۔ نکھ۔ پیپل۔ سہاگہ خام۔ نمک دیسی سونچر۔ ہر ایک ایک تولہ نوشادر ۲ تولہ سب کو سفوف کرکے باریک چھانکر سنبھال رکھو ؛

نسخہ مقوی ہاضمہ۔ نمک لاہوری ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ پیپل۔ پودینہ چینی

پوست سماق۔ انار دانہ۔ سونٹھ۔ نوشادر۔ زرنجور۔ تج۔ پوست بیروں پستہ۔ عود خام۔ سونف
اجوائن دیسی۔ رومی مصطگی۔ زیرہ سیاہ و سفید ہر ایک آٹھ ماشہ۔

نسخہ سفوف دافع بواسیر خونی و بادی۔ مغز تخم بکائن۔ مغز تخم نیم۔ رسوت۔ ہلیلہ سیاہ بوزن۔ مساوی سفوف کر کے ہر روز ۳ ماشہ آب سرد کے ساتھ کھاویں۔ اور اسپر قدرے دانہ نخود بریاں چبائیں۔ مجرب ہے۔ اور گھی کا خوب استعمال رکھیں۔

سفوف مبارک۔ دماغ کا تنقیہ کرے۔ تینوں خلطوں خصوصاً بلغم کو دست کی راہ نکالے۔ سناءمکی۔ گل بنفشہ۔ بسفائج۔ تربد۔ ہلیلہ سیاہ ہر یک ایک درم۔ سونٹھ۔ چھینی گوگل۔ انیسوں۔ ملٹھی ہر ایک ۱/۲ درم شکر سب کے برابر سب کو ملا کر بقدر ۴ ماشہ عرق گاؤزبان نیم گرم سے پھانکیں۔ اگر سقمونیا ایک دانگ اور صبر سقوطری نیم درم زیادہ مقوی ہو۔

سفوف یہودی۔ سنگرہنی کو مفید اور مجرب ہے۔ تخم ترہ تیزک بھونا ہوا۔ اسبغول بھونا ہوا۔ ابھل بھونا ہوا۔ ہر ایک ۲ درم۔ زیرہ کرمانی۔ تخم گندنا۔ سویا۔ خشخاس سفید۔ انیسوں تخم کرفس۔ اجوائن خراسانی ہر ایک اڑھائی درم۔ افیون ۳ درم ایک دانگ۔ سب کو کوٹ کر سفوف کر لیں۔ خوراک ۲ ماشہ اس سے زیادہ ہرگز نہ دیں۔

سفوف ماسک البول۔ بار بار پیشاب آنیکو اور خواب میں پیشاب کرنے کو مفید ہے۔ بلوط ۵۰ درم۔ کندر ۳۰ درم۔ کشنیز خشک بریاں۔ صمغ عربی۔ گل ارمنی ہر ایک ۱۰ درم۔ گلنار۔ چھاؤ ہر یک ۵ درم سب کو کوٹ کر ۳ درم کھایا کریں۔

روغن لبوب سبع۔ نہایت تر ہے۔ دماغ کی خشکی۔ مالیخولیا۔ جذام کو فائدہ دیتا ہے۔ پستہ بادام۔ فندق کا مغز۔ تل۔ چلغوزہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز اخروٹ سب برابر ملا کر تیل نکالیں اور لگاویں

روغن مبارک۔ لقوہ۔ فالج۔ کزاز۔ رینگن عرق کو مفید۔ ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ بھوک اور باہ پیدا کرتا ہے۔ رحم کی ہر مرض کو مفید ہے۔ میتھی۔ کلونجی ہموزن لے کر کسی نئے یا کورے برتن میں ڈال کر آگ پر بھونیں جب ان کی رنگت بدلنے لگے تب تھوڑا تھوڑا

روغن زیتون ڈالے جاویں۔ جب اپنے سے تگنا روغن جذب کر لیں۔ تو بذریعہ قرع انبیق تیل الگ کریں ÷

روغن محلل۔ معدہ اور جگر کی ریح کو حل کرنے اور معدہ کو طاقت دینے میں بے نظیر گوگل بھینسیا۔ بالچھڑ۔ مصطگی۔ بطم کا گوند۔ ہر یک ۳ مثقال کندر۔ اسارون۔ چرائتہ۔ اذخر ہر یک ۲ مثقال۔ روغن بابونہ۔ روغن گل ہر یک درم۔ دواؤں کو کوٹ کر تیلوں میں ڈالکر دھوپ میں ایک ہفتہ رکھو۔ ہر روز ایک یا دو دفعہ ہلا دیا کرو ÷

روغن مورچہ۔ مالش کرنے سے قضیب کو موٹا اور دراز کرے۔ ایک بوتل میں روغن زنبق یا زیتون ڈالکر قبرستان کے موٹے اور سیاہ کیڑے اسمیں ۱۰۰ ڈال دیں۔ پھر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھو ÷

نوش دارو۔ دماغ اور تمام اعضاء کو طاقت بخشے۔ خفقان اور غم دور کرے۔ باہ اور بھوک بڑھاوے۔ سردرد پیدا کرے۔ جگر کو طاقت بخشے۔ خوراک ایک درم سے ۳ درم تک گلسرخ عمدہ ۱۲ درم۔ سعد کوفی ۵ درم۔ لونگ۔ مصطگی۔ اسارون۔ بالچھڑ ہر ایک ۳ درم۔ کچور جاوتری۔ الائچی کلاں وخورد۔ جائفل۔ زعفران۔ تج ہر ایک ۲ درم۔ آملہ ایک رطل۔ شہد ومصری ہر دو رطل۔ آملوں کو وہ خشک ہو۔ تو ۲ رات اور اگر تر ہوں تو ایک رات دودھ میں تر رکھیں۔ پھر نکالکر دھوکر صاف کرلو۔ اور ۹ رطل پانی میں اسقدر پکاؤ۔ کہ گھل جاوے۔ پھر اسمیں مصری اور شہد کا قوام کرکے ملاکر باقی ادویہ ملاویں ÷

ایارج فیقرا۔ دماغ کو فضلات سے پاک کرتا ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ استرخاء پٹھوں کا ڈھیلا پن۔ ثقل زبان۔ قولنج۔ وجع المفاصل کو مفید ہے۔ معدہ کے طبقات کو بلغم سے صاف کرتا ہے۔ گردہ کو نقصان معلوم ہو۔ تو عناب سے اصلاح کریں ÷

بالچھڑ۔ دارچینی۔ تج۔ حب عود۔ ملتان۔ مصطگی۔ زعفران ہر یک ایک حصہ صبر سقوطری دو چند۔ بعض اخراج بلغم کیلئے شحم حنظل شامل کرتے ہیں۔ اگر کسی شخص کی امعاء

بہت کمزور ہوں۔ اسلئے ایوا کے سبب سروٹ لگ جاویں۔ تو اذخر کا استعمال کریں؛
برشش۔ ہر مزاج کیموافق آجاتا ہے۔ زکام۔ نزلہ۔ سر کا چکرانا۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ کانوں میں بھنبھناہٹ۔ لقوہ۔ فالج۔ مرگی۔ رعشہ۔ بیخوابی۔ نسیان۔ مالیخولیا۔ وسواس۔ جنون۔ غم۔ غصہ۔ رنج۔ ہذیان۔ کمزوری اعصاب۔ ذہن کا بگڑنا۔ لعاب کا منہ سے جانا۔ خون نکلنا۔ قولنج۔ مروڑ۔ معدہ اور جگر کا درد اور ضعف سدہ۔ بدن کا کمزور اور خشک ہونا۔ پسینہ بدبودار آنا۔ دل کا ضعف۔ خفقان۔ تھکان۔ انگڑائی جمائی۔ سرعت انزال۔ مثانہ کی پتھری سب کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کھولکر لاتا ہے بھوک پیدا کرتا ہے بخار کو دور کرتا ہے۔ کھانسی۔ سل۔ دمہ ہر قسم کا دور کرتا ہے۔ **نسخہ**۔ یہ ہے فلفل سیاہ و سفید بزرالبنج سفید ہر یک ۲۰ مثقال۔ افیون مصری۔ ۱۰ مثقال۔ زعفران ۵ مثقال سنبل عقرقرحا فرفیون ہر یک ایک مثقال سب دواؤں کو الگ الگ کوٹ کر سہ چند شہد میں ملاکر معجون بنالیں اور ۳ ماہ تک دفن رکھ کر پھر استعمال کریں۔ مقدار خوراک کم از کم ایک دانگ اس کی قوت ۵ سال تک رہتی ہے؛

تریاق اربعہ۔ صرع کو مفید۔ حمل اسقاط کرتا ہے بچھو کے کاٹے کو مفید۔ خوراک ۳ ماشہ پکھان بید۔ حب الغار۔ مر۔ زراوند طویل۔ سب برابر وزن کوٹ کر شہد میں ملادیں

تریاق نزلہ۔ کھانسی دور کرتا ہے۔ مواد کو پاک کرتا ہے۔ نزلہ اور زکام کو آرام دیتا ہے تخم کاہو ۱۰ درم۔ بزرالبنج سفید۔ پوست خشخاش ہر یک ۵ درم۔ تخم خشخاش سفید ۳ درم گل گاؤزبان۔ تخم مورد۔ کشنیز خشک ہر یک ۵ درم اسطوخودوس اڑھائی درم سب کو پانی میں بھگو کر جوش دیکر صاف کرلیں۔ پھر سفید مصری ڈیڑھ سو درم کا قوام کر کے گلسرخ۔ دھنیا خشک۔ نشاستہ۔ کیکر کا گوند۔ کتیرا۔ ربّ السوس۔ ہر یک اڑھائی درم۔ نرم پیسکر ملاکر معجون بنائیں۔

حلوا سوہن سرد مزاج کو مفید۔ کثیر الغذا۔ مولد خون۔ مغلظ۔ مقوی باہ اور اعصاب

سفید درد کمر۔ گیہوں کو پانی میں تر کرکے تھیلی میں بھر کر دھوپ میں رکھو۔ اور ہر روز اُسپر پانی چھڑکتے رہو۔ جب سبز ہو کر بڑھنے لگے دھوپ میں سکھا کر باریک پیس لو۔ اور برابر کا گیہوں کا آٹا ملالو۔ تب پانیکو جوش دیکر پاس رکھ لو۔ تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاوُ۔ اور ہلاتے جاوُ جب گاڑھا ہو جاوے۔ تب گھی تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاوُ جب بھن کر گھی جو اسمیں جذب ہو جاوے۔ تب شربت یا کوئی اور میٹھا ڈالکر اسقدر پکاوُ۔ کہ گھی جو اسمیں جذب ہو گیا تھا۔ وہ پھر چھوڑ دے۔ اُسوقت میوہ جات ملا کر سرد کر لو۔

دیاقوزا خشک کھانسی کو مفید نزلہ کو روکے ۱ پوست خشخاش ۲۰ عدد تخم خطمی۔ کتیرا۔ کیکر کا گوند۔ تخم خبازی۔ بہیدانہ ہر یک ۵ درم۔ ملٹھی ۲۰ درم۔ اسبغول ۶۰ درم سب کو ۶ رطل پانی میں پکادیں۔ نرم آگ پر جب نصف رہے۔ صاف کریں۔ اور ایک من مصری ملادیں۔

دوالمسک۔ باہ کو طاقت دینے میں بینظیر۔ خسک سوکھا ہوا کوٹ کر کپڑچھان کر لیں۔ سبز خسک کے پانی میں تر کرکے دھوپ میں رکھیں۔ اِسیطرح ۳ دن کریں ہر روز خسک سبز کا نیا پانی ڈالیں۔ بعدہٗ سکھا کر باریک کر لیں۔ پس ۳ درم یہ دوا ۱۰ درم تازہ دودھ ۱۰ درم مصری پیسکر ملالیں۔ جس کا مزاج سرد ہو۔ وہ اسمیں قدرے سونٹھ ملالے۔

ذرور ملکایا۔ آنکھ کے درد اور ابتدائی رمد کو مفید ہے ۲ انزروت۔ گدھی کے دودھ میں تر کرکے۔ نشاستہ۔ کیکر کا گوند اور مصری سب برابر۔ ملا کر کھرل کر ڈالو۔

فیروز نوش

نسیان۔ قولنج۔ پیچش۔ ریحی۔ اور حاملہ عورتوں کے سرد امراض کو مفید غلیظ ریح کو دور کرتی ہے ۲ فرفیون۔ عاقرقرحا۔ سنبل۔ زعفران ہر یک درم افیون خراسانی اجوائن ہر یک ۲۰ درم کوٹ کر شہد میں ملادیں۔ اور ۶ ماہ بعد استعمال کریں۔

کحل الجواہر۔ نظر کو قوت دیتا ہے ۲ سرمہ اصفہانی ۷ درم۔ ردیا ماکھی ۵ درم سونیکا

میں ایک درم۔ مرواریدہ ۳ درم۔ زعفران نیم درم۔ ساذج ہندی ۳ عدد سب کو کھرل کر کے سرمہ بنالیں۔

مرہم باسلیقون

جو زخم گہرے ہوں ان میں گوشت بھرتا ہے۔ موم سفید ۲ جز۔ زفت۔ راتینج ہر یک ایک جز۔ روغن زیتون کہنہ سہ چند سب کو ملا کر مرہم بنالیں۔

مرہم داخلیون

ورم کو پکاتی ہے۔ درد کو ہٹاتی ہے۔ گرم ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ خنازیر۔ رسولی اور پھوڑوں کی گلٹیوں کو نرم کرتی ہے۔ تخمہ کاریاح تحلیل کرتی ہے۔ ۲ مردار سنگ ۲ درم روغن زیت کہنہ ۳۰ درم۔ تخم خطمی۔ اسبغول۔ تخم کنوچہ۔ میتھی۔ السی ہر یک ۵ درم۔ ان سب کو رات کو پانی میں تر کر کے لعاب نکال لیں۔ اور مردار سنگ کو روغن زیت میں نرم آگ پر پکا کر گلادیں۔ جب حل ہو جاوے۔ تب اسمیں لعاب ملا کر پھینٹ لیں۔

مرہم اخضر۔ فاسد گوشت کو کھا جاتی ہے۔ زنگار ۳ ماشہ۔ پارہ ۶ ماشہ بہروزہ خام ۳ تولہ سب کو ملا کر چند بار پانی سے دھو ڈالیں۔

مرہم اعجاز۔ بندوق وغیرہ کے زخم کو مفید ہے۔ اس کے ہوتے پھر کسی مرہم کی ضرورت نہیں۔ سرخ کتھہ۔ رال۔ روغن کنجد۔ کنوئیں کا پانی ہر یک ۵ تولہ پھٹکڑی توتیا ہر ایک تولہ پانی اور تیل ملا کر پھینٹیں۔ پھر باقی اجزاء کو ملادیں۔

کشتہ جات ہر قسم

کشتہ سونا۔ جولائی خاردار کی آدھ پاؤ لگدی میں سونے کا پترہ رکھکر ۲ سیر آگ دیں۔ اسی طرح ۱۱ بار کریں۔

دیگر۔ برادہ طلا کو عرق اورک ڈیکھے عرق میں کھرل کریں پھر ادرک کے نگدہ میں رکھکر

سیر آگ دیں۔ اسیطرح ۹ بار کریں۔ دیگر سونا مکھی یا ردیا مکھی ایک تولہ باریک کرکے پھولائی خاردار کے عرق سے ترکرکے طلا کے پترے پر لیپ کریں۔ پھر کوٹکر چھیدی کے نگدہ میں رکھکرہ سیر آگ دیں ۲ آگ میں عمدہ کشتہ ہوگا۔ **فوائد** دردسر کہنہ۔ درد شقیقہ۔ خفقان۔ مالیخولیا۔ وسواس۔ ضعف دماغ۔ خون دل کو دور کرتا ہے۔ خوراک ایک رتی یا آدھ رتی بالائی وغیرہ میں لپیٹ کر دے۔

کشتہ چاندی سکا کفل ۳ تولہ۔ سپاری ۴ تولہ۔ جنگلی سن کے بیج دگھنڈ ۸ تولہ پہلے ایکروپیہ کو آدھ پاؤ مالیں کے نگدہ میں رکھکرہ سیر آگ دو پھر گھنڈ میں لگا کر اسقدر آگ دو تین آگ میں عمدہ کشتہ ہو جاویگا۔ **دیگر**۔ برگد کی ڈھاڑی نرم پاؤ بھر اوٹ سٹ کی جڑیں پاؤ بھر دونوں کو ملاکر نگدہ بناکر درمیان روپیہ رکھکرہ سیر آگ دو۔ اسی طرح ۸ بار کریں۔ **دیگر** برنا کی چھال ایک سیر نگدہ کرکے راجہ شاہی روپیہ رکھکر پاؤ بھر کپڑ الپیٹ کر ۱۲ سیر آگ دو ۱۲ آنچ میں کشتہ ہو۔ **دیگر** درخت پیپل کے پھل آدھ سیر نگدہ بناکر درمیان روپیہ دیکر دو سیر کپڑ الپیٹ کر ۱۲ سیر آگ دو۔ **دیگر** لٹی لاجونتی جس کے پتے چنے کی مانند ہوتے ہیں۔ لاکرہ تولہ کا نگدہ کریں درمیان روپیہ دیکر ۱۲ سیر آگ دیں۔ **دیگر** چاندی اجوائن ملاکر رکھ لیں۔ ہر دفعہ ایک روپیہ پر پارہ ملکر آدھ اجوائن رکھ کر ۲ سیر اوپلوں میں آگ دو۔ اسی طرح کرتے جاؤ ۲۱ آنچ میں پھول جاویگا۔ **فوائد** دل اور دماغ کو طاقت بخشے۔ سرعت اور جریان کو دور کرے دق اور گرم بخار کو مفید۔ صفرا کے جوش کو کم کرے۔ معدہ کو طاقت بخشے خوراک آدھ رتی سے ایک رتی تک۔

کشتہ تانبا۔ بوٹی ٹوملک کلاں جسکی گرہ دور دور ہوتی ہے۔ اور شاخ موٹی ہوتی ہے لیکر آدھ پاؤ نگدہ کرے۔ درمیان تانبے کا پتر رکھ کر ۱۲ سیر آگ دیں۔ **دیگر**۔ رائی ملتانی یا انگریزی جو بہت تیز ہو۔ پاؤ بھر لیکر شیر مدار سے گھوٹ کر ٹکڑی بنالیں۔ برادہ تانبہ ۵ ۶ تولہ اس ٹکڑی میں ملاکر اوپر ۱۰ سیر کپڑ الپیٹ دیں اور ۵ سیر آگ دیں۔ ایک آنچ میں

ہو جاویگا۔ تب پھونک مار کر روائی کی راکھ اڑا دیں۔ ٹکڑے کی راکھ نیچے رہ جاویگی۔ جو مٹیالے رنگ کی ہوگی۔ دیگر۔ ایک چھٹانک سبز و تازہ لونی آدھ پاؤ لیکر نگدہ کریں۔ درمیان روپیہ رکھکر اوپر قلعی کے پترے دیکر ڈھک دیں۔ اوپر کپڑا لپیٹ کر ۸ سیر آنچ دیں سفید کشتہ ہوگا۔ دیگر۔ ارنڈ کے پتوں کا عرق ۴ تولہ کسی برتن میں ڈالیں۔ ایک تولہ تانبا چرخ ہو کر اسمیں ڈالدیں۔ سرخ رنگ کشتہ ہوگا۔ مگر برتن پر ڈھکنا دیکر اسمیں باریک سوراخ رکھیں اور اس سوراخ کی راہ بنا ڈالیں۔ ورنہ چٹک کر اڑجائیگا۔ عرق ایسے درخت ارنڈ کا ہو جس کا چھال چھوٹا اور ڈنڈی سرخ ہو۔ دیگر جنگلی کستبہ کا نگدہ آدھ پاؤ کر کے تانبے کا پترہ رکھکر ۱۲ سیر آگ دیں۔ سرخ رنگ کشتہ ہوگا۔ فوائد) مقوی اعضائے رئیسہ مصفی خون۔ مانع فساد آتشک حرارت غریزی کے بڑھانیوالا۔ سرمہ میں ملاکر آنکھ میں ڈالنے سے جالا پھولا نزول اور ضعف بصر کو مفید ہے۔

کشتہ فولاد۔ برادہ فولاد کو گھیکوار کے پتے میں بھر کر دھوپ میں رکھ جب پتا خشک ہو جاوے گا۔ اگر اس کشتہ کو کھرل کر کے دو پیالیوں میں بند کر کے ۴ سیر آگ دیں۔ تو سرخ کشتہ ہو جاویگا۔ دیگر۔ جامن کے پتوں کا عرق نکالکر پیالہ میں ڈالیں۔ اسی میں برادہ فولاد ڈالکر دھوپ میں رکھدیں۔ جب عرق خشک ہو جاوے۔ تو اسکو کھرل کر دیں۔ اگر کشتہ عمدہ ہوگیا تو بہتر ورنہ اور عرق ڈالکر رکھدیں۔ جب برادہ کی رنگت مرجاوے۔ تب آگ دیں اسی طرح بوٹی ہاتھی سنڈی کے عرق میں کشتہ ہو جاتا ہے۔ دیگر کسی چینی کے برتن میں ایک تولہ برادہ فولاد اور ۳ تولہ تیزاب غندقی ڈالکر نرم آگ پر رکھدیں۔ چند عرصہ میں عمدہ کشتہ ہوگا جو سیندوری مائل ہوگا۔ دیگر۔ برادہ فولاد ۴ تولہ ایک روز برابر شیر مدار میں کھرل کر کے لمبی بتی بنالیں۔ اور مادہ گاؤ کی نلی میں بھر کر منہ بند کر کے اوپر گل حکمت کر دیں۔ اور ۱۲ سیر اوپلوں کی آگ دیدیں۔ اول تو ایک ہی آگ میں ورنہ دو میں ضرور کشتہ سفید ہوگا فوائد۔ مقوی جگر و طحال مانع ورم طحال۔ خون صالح بکثرت پیدا کرتا ہے۔ دماغ کو

لیسدار فضلات سے پاک کرتا ہے۔ درد سر و شقیقہ و جریان و سرعت کو غایت مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ خوراک ایک رتی بالائی میں اوپر دودھ بہت پئیں ٭

کشتہ منور۔ لوہے کی میل جسقدر پرانی ہو۔ مفید ہوا کرتی ہے۔ کیونکہ حرارت خرما ہو گئی ہوتی ہے۔ اسلئے جو منور کھنڈرات سے دبا ہوا نکلتا ہے۔ وہ بہتر ہوا کرتا ہے الغرض منور آدھ پاؤ لے کر کوٹ کر باریک چورا کریں۔ اور کڑاہی میں ڈالکر سرکہ ستا اسمیں ڈالکر تلے آگ جلادیں۔ جب سرکہ جذب ہو جاوے۔ تب دہی ترش یا اس کا پانی اوپر تک ڈالکر دوبارہ آگ جلا کر جذب کردیں پھر برتن کا منہ بند کرکے ۱۲ سیر آگ دیں سفید یا بادامی کشتہ ہو۔ ضعف جگر کو غایت مفید ہے ٭

دیگر۔ منور آگ میں تپا کر بول مادہ گاؤ میں ۷ بار بجھادیں۔ پھر باریک کوٹ کر لعاب گھیکوار سے کھرل کرکے ٹکیہ بنالیں۔ اور برتن میں بند کرکے ۲۵ سیر آگ دیں ٭

کشتہ سیسہ۔ (سکہ) سیسہ ۲ تولہ کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھیں جب وہ پگل جاوے۔ تب ۲ تولہ ھمبگٹ ۱ تولہ قلمی شورہ ملا کر سفوف کرکے اس کی چٹکیاں دیتے جاویں۔ اور لوہے کی سیخ سے ہلاتا جاوے۔ جب سب دوا چرخ ہو چکیگی۔ سیسہ سیندھور کی مانند سرخ ہو جاوے گا خوراک ایک رتی مکھن سے سوزاک بالکل دور ہو ٭

دیگر۔ کسیقدر سیسہ آگ پر گلا کر اسمیں گرچوہ کی لکڑی پھراتے جاؤ جب سیسہ راکھ ہو جاوے۔ تب برگد کی داڑھی کا پانی نکالکر کشتہ سیسہ اسمیں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر ۲ سیر اپلوں کی آگ دو۔ اسیطرح ۲ بار کھرل کرکے آگ دو سرخ رنگ کشتہ ہوگا اسے ناگ رس کہتے ہیں۔ سوزاک اور جریان کو ایک رتی بالائی میں دینے سے چند روز میں بالکل دور کرتا ہے

کشتہ جست۔ جست کو کڑاہی میں ڈالکر تیز آنچ پر رکھیں۔ اور جست کے برابر ترپھلا جوکوب کردہ یعنی ہرڑ بہیڑہ آملہ ڈال دیں۔ اور لوہے کی سیخ سے ہلاتے رہیں۔ جب

دوا جلجاوے۔ تب اُسیقدر اور دوا ڈالیں جب یہ بھی جل جاوے۔ تب برگ نیم جست کے برابر کوٹ کر ڈالیں۔ جب وہ بھی جل جاوے جست کا کشتہ الگ کرلیں اور ادویہ کی راکھ پھونک مارکر اڑادیں یہ کشتہ آنکھ کے امراض کو مفید ہے۔ دیگر جست کڑاہی میں ڈالکر آگ پر گلادیں۔ اور شورہ کی چٹکیاں دیتے جادیں۔ اور بیچ بیچ میں افیون بھی ڈالتے جادیں۔ چند عرصہ میں جست کا سفید کشتہ ہو جاویگا۔ آنکھ کیلئے مفید ہے

کشتہ قلعی۔ قلعی کو کوٹ کر اور قینچی سے کاٹ کر جَو کے برابر ٹکڑے کرلیں پھر لونی لگر ڈھیڈی آدھ پاؤ کوٹ کرکے دو ٹکیہ بنالیں: بیچ میں قلعی کے ٹکڑے رکھکر اُوپر ایک باریک کپڑا دیکر ۳۰، ۴۰ سیر آگ دیں۔ دیگر جنگلی کبوتر کی بینچال گدہ بنا کر پرانے ٹاٹ پر رکھیں۔ اسمیں قلعی کے ٹکڑے ڈالکر گولا بنا کر ۳۰ سیر آگ دیں۔ دیگر بنولہ آدھ پاؤ کوٹ کر درمیان قلعی کے پترے دیکر ۴۰ سیر آگ دو۔ سب کشتہ ہو۔ فوائد جریان اور سوزاک کو مفید خوراک ایک رتی باہ بھی پیدا کرتی ہے +

کشتہ سہ دھاتہ۔ سیسہ۔ قلعی اور جست تینوں دھاتیں برابر وزن لیکر بذریعہ آگ کڑاہی میں گلالیں۔ یعنے پہلے سیسہ گلادیں۔ پھر اسمیں قلعی ڈالیں۔ جب وہ بھی مل جاوے تب جست ملادیں۔ پھر پوست ڈوڈا اور کاہو ہموزن ملاکر اسپر چٹکیاں دیتے جادیں۔ اور برگد کی شاخ سے پھراتے جادیں۔ جب دھاتوں سے چہار چند دوا خرچ ہو جاوے گی۔ تب دھاتیں کشتہ ہو جاوینگی۔ اُسوقت پھونک مارکر دواؤں کی راکھ اڑادو۔ اور دھاتوں کے کشتہ میں دہی ترش ملاکر کھرل کرکے ٹکیہ بنالو۔ اور کوری ٹھیکری پر رکھکر تیز آنچ کوئلہ میں رکھدو۔ تھوڑی دیر میں وہ زرد ہو جاویگی۔ جریان اور سوزاک کیلئے اکسیر ہے۔ خوراک آدھ رتی اس پر دودھ اور گھی زیادہ استعمال کرنا چاہیے۔ کیونکہ یہ خشک بہت ہوتی ہے

کشتہ پارہ۔ ایک تولہ پارہ پر سیر بھر عرق برگ نیل آگ پر جذب کریں۔ پھر ۵ تولہ

وسمہ کے نگدہ میں رکھکر خوب گل حکمت کرکے اڑھائی سیر آگ دیں۔ سفید کشتہ ہو

دیگر۔ پارہ ایک تولہ مولی کے عرق سے ۲ پہر کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر زمین قند ۲ سیر ڈلی میں بھر کر اوپر گل حکمت کر کے ۵-۶ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید کشتہ ہو۔ دیگر۔ ایکتولہ پارہ شیر گو سے کھرل کرو۔ جب وہ کھرل سے راکھ ہو جاوے۔ تب ۲ تولہ ہیراہینگ کا نگدہ کرکے اسمیں بھر کر اوپر کپروٹی کرکے ۳ پاؤ بکری کی مینگنوں کی آگ دو۔ **فوائد** پارہ کا کشتہ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ طبیعت میں سرور پیدا کرتا ہے۔ باہ بڑھاتا ہے آتشک اور جذام کے امراض کو دور کرتا ہے۔ ممسک اور مغلظ منی خوراک ۲ چاول سے آدھ رتی تک

کشتہ شنگرف۔ ایک تولہ شنگرف کی ڈلی ایک تربوز میں جو وزن میں ۲ سیر ہو بھر دیں۔ اور کپروٹی کرکے ۵-۶ سیر آگ ہوا سے بچا کر گڑھے میں دیں۔ عنابی رنگ نکلیگا دوبارہ پھر اسی طرح کریں۔ سفید ہو جاویگا۔ دیگر۔ شنگرف ایک تولہ زخم حیات کے آدھ پاؤ نگدہ میں رکھکر کلیا میں ڈالیں۔ اوپر عرق لیموں اسقدر ڈالیں کہ کلیا پر ہو جاوے تب اوپر ڈھکنا دیں۔ اور اسمیں ایک باریک سوراخ کردیں۔ پھر ۲ سیر آگ دیں۔ سفید ہو۔ دیگر۔ شنگرف ایک تولہ کو سورج مکھی کے ایک پھول کے نگدہ میں رکھ کر پاؤ بھر آگ دو۔ **فوائد**۔ مقوی باہ ہاضم مولد خون خوراک ایک چاول سے ایک رتی تک

کشتہ ہڑتال۔ ۵ تولہ نمک لاہوری باریک کرکے بچھا دیں۔ ۱ سیر ۲ ماشہ لاجونتی کا نگدہ رکھکر اوپر ۵ تولہ نمک کا سفوف دیکر کلیا کا منہ بند کر دیں۔ ایک سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید ہو۔ دیگر۔ دریا کا صدف منہ بند کر دیں۔ جن کے اندر زندہ موجود ہو۔ تب ایک صدف میں ۳-۴ ماشہ ہڑتال بھر کر منہ بند کرکے اوپر ماش کا آٹا لگا دیں۔ اور ۳ سیر کوئلہ کی آگ پر رکھ دیں۔ سفید کشتہ ہو۔ دیگر۔ ہڑتال کو شیر بدار سے ۴ پہر کھرل کرکے ٹکیہ بنا لیں۔ اور ڈھاک کی لکڑیوں کی راکھ سفید رنگ میں رکھ کر تلے ۴ پہر آگ ......

جلا دیں۔ سفید کشتہ ہو۔ فوائد۔ برائے بخار۔ کھانسی اور فالج کو مفید ہے۔

کشتہ سم الفار۔ ایک تولہ سم الفار کو ایک بڑے شلغم میں بھر کر اس پر گل حکمت کر کے ۲ سیر آگ دیں۔ **دیگر۔** سجی سفید آدھ پاؤ باریک سفوف کر لیں۔ تب ایک کڑاہی میں کاغذ کے برابر سفوف بچھا کر اس پر ایک تولہ سم الفار کی ڈلی رکھ کر اوپر سجی کا سفوف ڈھک دیں۔ نیچے آگ جلا دیں۔ چند عرصہ سم الفار پھولنا شروع ہوگا۔ اگر کہیں سے سجی پھٹے تو وہاں سجی کا سفوف ڈالکر ڈھک دیں۔ تاکہ دھواں باہر نہ نکلے۔ اسیطرح یہاں تک پکاتے رہیں کہ سم الفار پھولنا بند ہو۔ تب سرد کر کے اندر سے نکالیں کھیل ہو کر نکلیگا قائم الفار ہوگا۔ **دیگر۔** ایک تولہ سم الفار کو ۳ سیر مغز تخم ارنڈ کے نغدہ میں دیکر گل حکمت کر کے ۵ سیر آگ دیں۔ **دیگر۔** آتشک جذام۔ فساد خون۔ مرگی۔ بخار بلغمی ترسنہ۔ رعشہ۔ لقوہ۔ فالج۔ برص ہذر ضعف باہ و اعصاب کو غایت مفید ہے۔ خوراک ایک چاول سے تین چاول سے لیکن اسے نہار نہ کھاویں۔ بلکہ کچھ مرغن غذا کھا کر تب کھاویں۔

کشتہ ابرک سفید۔ سفید ابرک کو آگ میں تپا کر ۷ بار مولی کے عرق میں بجھا لو۔ پھر مولیوں کے عرق سے شورہ کھرل کر کے ابرک سے دو چند نیچے اوپر دے کر برتن کا منہ بند کر کے ۶ سیر اوپلیوں کی آگ دیں۔ اگر ایک میں نہ ہو۔ تو دو آگ دیں۔ اگر ایک میں نہ ہو۔ تو دو آگ میں ضرور ہوگا۔ **دیگر۔** آملہ سبز تازہ کوٹ کر ان کا عرق نکال لیں ابرک آگ میں تپا تپا کر اسمیں بجھا لیں ۷ بار پھر اسی عرق سے گھوٹ کر ٹکیہ بنا کر برتن میں بند کر کے ۸ سیر آگ دیں۔ بادامی رنگ کا کشتہ ہوگا۔ فوائد۔ سوزاک۔ جریان۔ بخار کہنہ کو از حد مفید ہے۔ خوراک ایک رتی

کشتہ ابرک سیاہ۔ ترپھلا یعنی ہرڑ۔ بہیڑا۔ آملہ تینوں برابر لیکر پانی میں ۲۴ گھنٹے بھگو دیں۔ پھر جوش دیکر پانی نکال لیں۔ اسمیں حسب طریق ابرک سفید بجھائیں۔ رکھ کر کھرل کریں۔ اور ہوا سے بچا کر ۸ سیر آگ گڑھے میں دیں۔ سرخ رنگ کشتہ ہو۔ فوائد جریان۔ سرعت۔ رقت۔ ضعف باہ۔ کھانسی۔ بخار کہنہ۔ دق۔ سل اور نواسیر خونی

از حد مفید ہے۔ خوراک ایک رتی۔

کشتہ بارہ سنگا۔ بارہ سنگا ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک برتن میں ڈالیں اوپر گندھک کا عرق اسقدر ڈالیں۔ کہ برتن کا منہ بھر جاوے تب منہ بند کر کے دس سیر آگ دیں۔ دیگر بارہ سنگا کے ٹکڑوں کو زرد بینڈک کے پیٹ میں بھر کر منہ بند کر کے کپڑ وٹی کر کے ۱۲ سیر آگ دو۔ سرد کر کے کشتہ نکال لو۔ **فوائد**۔ سانپ کاٹے کو مفید کھانسی۔ دمہ۔ درد گنٹھیا ورم جگر کو مفید خوراک ایک رتی +

کشتہ سنکھ۔ ناگ کیسر۔ ہلدی۔ رائی۔ لسن سب برابر لے کر کھرل کر کے سنکھ پر لیپ کریں اور ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ مفید برائے گنٹھیا دمہ۔ سر دردی۔ رطوبت ورم جگر۔ خوراک ایک رتی۔ دیگر سنکھ کے ٹکڑے کر کے ایک برتن میں ڈال دیں۔ اور اس کو گندھک کے عرق سے بھر دیں۔ پھر منہ بند کر کے ۱۲ سیر آگ دیں۔ سانپ کو کٹنے کے کاٹے کی اکسیر دوا ہے۔

کشتہ موتی۔ مروارید ناسفتہ۔ لیکر عرق لیموں سے ۲۴ پہر کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں + پھر پوست ترنج کے چھلکوں کے آدھ پاؤ نگدہ میں رکھکر ۳-۴ سیر آگ دیں۔ خوراک آدھ رتی چیچک۔ دق۔ بخار صفراوی۔ مالیخولیا۔ سوزاک کو مفید ہے +

کشتہ مونگا۔ کنول ڈوڈا کا مغز آدھ پاؤ عرق گلاب سے گھوٹ کر نگدہ کر کے درمیان مونگا ایک تولہ دیکر ۵ سیر آگ دیں۔ **فوائد** مغلظ منی۔ مقوی باہ۔ بواسیر خونی کو مفید

کشتہ عقیق۔ برگ سرس کا نگدہ آدھ پاؤ۔ درمیان ایک تولہ عقیق دیکر ۲ سیر آگ دیں۔ سفید کشتہ ہو۔ مفید کمزور ناتھیں ؟

کشتہ ریشم۔ ریشم کو عورت کے دودھ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں۔ پھر گلقند کے آدھ پاؤ نگدہ میں دیکر کلیا بلند کریں۔ ۵ سیر آگ دیں۔ مفید برائے خفقان وسواس خول دل خوراک آدھ رتی ورق نقرہ ہے۔ ملا کر +

کشتہ مرجان - ۵ تولہ مرجان کو گلو کے پانی میں اچھی طرح سے کھرل کریں۔ جب خوب کھرل ہو جائے۔ تب ٹکیہ بنا کر کسی آبخورے میں ڈالکر گل حکمت کر کے بیس سیر بجنۃ اوپلوں کی آگ دیدیں۔ فوائد - مقوی دل ودماغ۔ دافع جریان وسوزاک وغیرہ خوراک ۴ رتی ہے۔ مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھانا مفید ہے؛

کشتہ موتی - موتی خورد ۶ ماشہ یا تولہ کو لیموں کے رس میں چھ روز تک تر رکھیں۔ پھر جب پانی خشک ہو جاوے۔ تو کسی چھوٹی سی کلیا میں ڈال کر گل حکمت کر کے دس سیر بجنۃ آگ اوپلوں کی دیں عمدہ کشتہ ہو جائیگا۔ فوائد - ضعف دل ودماغ وجگر کو مفید۔ مفرح درجہ اول مقوی بدن دافع سوزاک جریان وسرعت انزال وغیرہ خوراک ایک رتی مکھن یا ملائی میں بہتر ہے

کشتہ پوست بیضہ مرغ - پوست بیضہ مرغ چارسو عدد لیکر باریک کر کے آب نوشادر ونمک تلخ میں تین شبانہ روز تلخ کر کے صاف اسقدر کریں۔ کہ جھلی دور ہو جائے پھر کوزہ گلی میں ڈالکر گل حکمت کر کے کمہاروں کے آوے میں آگ دیویں۔ اسطرح ۵ - ۷ آگ دیکر سنبھال رکھیں۔ فوائد بیشمار ہیں۔ ہر قسم کے تپ اور سوزاک۔ جریان کثرت احتلام کو مفید نیز مقوی باہ بدن ایک دو رتی ہمک پان یا ملائی یا حلوا وغیرہ میں کھانا نہایت مفید ہے؛

نسخہ جوہر رسکپور - رسکپور ۲ تولہ تخم پنوار ۱۰ تولہ نیم کوفتہ کر کے ایک رات بھر شیر مادہ گاؤ میں تر رکھیں۔ بوقت صبح تخم نکالکر خشک کریں۔ پھر ایک پیالہ گلی آب نارسیدہ میں تخم مذکور ڈالکر اسپر رسکپور جو کوب کر کے ڈالکر اوپر سے دوسرا پیالہ منہ جوڑ کر رکھدیں۔ اور پیالہ پر ایک کپڑا پانی سے تر کر کے رکھ دیں۔ اور نیچے ایک پہر تک نرم آنچ جلائیں۔ اوپر کے پیالہ پر تمام جوہر آجائیگا۔ فوائد - آتشک خواہ پندرہ سالہ ہو۔ ایک ہفتہ میں آرام ہو۔ لیکن اول بدن کا تنقیہ کرالیویں۔ بعدہٗ الائچی خورد ایک ماشہ باریک پیس کر ایک رتی جوہر ڈالکر مکھن یا ملائی میں رکھکر نگل لیویں۔ صرف ۴ روز استعمال کرا کر چھوڑ دینا چاہیئے پرہیز ترشی۔ بادی۔ نمک وغیرہ؛

دھاتوں کے جوہر اڑانے میں

جو دوائی دھات کیساتھ لکھی ہے۔ اُس کے ساتھ کھرل کر کے دو پیالوں میں رکھکر آگ دو جوہر نکل آدینگے شنگرف کو کوار گندل اور عرق کیلہ کیساتھ کھرل کر کے ہڑتال کو انار یا بیر زرش کے پانی میں گندھک کو نوشادر اور برادہ آہن سے سم الفار کو عرق حنل یا پیاز میں پارہ کو تیز آب میں کھرل کر کے کافور یا رسکپور کو گھی میں۔ لیکن اس بات کا خیال رہے۔ کہ نیچے آگ کسی قدر تیز ہو۔ اُوپر والے برتن کے اُوپر کپڑا پانی سے تر کر کے رکھتے ہیں۔ دو برتنوں کو جب حسب ذیل ملا کر جوہر اُڑاتے ہیں۔ تو اسے دو و جنتر بولتے ہیں۔

دھاتوں کے تیل نکالنے کی ترکیب

فائدہ عمدہ آسان تو یہ ہے۔ کہ جس دہات کا تیل نکالنا ہو۔ تو اسی دھات کو پیسکر روغن کنجد یا روغن السی میں جوش دیں۔ جب خوب سرخ ہو جائے۔ تو اسی دھات کی لو آنے لگ جائے تو وہ تیل امراض ذیل کیلئے مفید ہے۔

تیل گندھک۔ خارش۔ کرم دنداں۔ زہر خوردہ کو تدارے خوراک ہیضہ والے کو مفید ہے۔

تیل ہڑتال۔ گوشت فاسد۔ ناسور اور جذام والے کو مفید۔

تیل سنکھیا۔ گنٹھیا۔ اُدھرنگ۔ سردی بدن۔ تشنج۔ آتشک والے کو مفید۔

تیل کافور۔ درد۔ لذت جماع۔ مرہم زخم۔ آتشک کو نافع ہے۔

تیل شنگرف۔ قروح خبیثہ۔ زخم جلے ہوئے۔ مقوی باہ۔

۱ آدھے بدن کا نکارہ جانا ۲ تشنج۔ بدن کا کھچ جانا۔
۳ قروح خبیثہ گہرے زخم خراب کو کہتے ہیں۔

نقشہ پتال جنتر

پتال جنتر کے ذریعہ تیل اگر نکالنا ہو تو خواہ مٹی ہانڈی لیلو۔ خواہ بوتل یہ اپنی خوشی ہے ہر طرح سے عمدہ نکلیگا ؛

نقشہ ڈول جنتر

ڈول جنتر میں دھاگہ یا تار پوٹلی میں باندھ کر ہانڈی میں لٹکائی جاتی ہے جسمیں عرق یا پانی یا تیل ڈالا ہوا ہوتا ہے ؛

بالو جنتر۔ دوا کو گل حکمت شدہ آتشی شیشی میں بھر کر کڑاہی یا ہنڈیا میں رکھیں اور اسکے اردگرد نیچے اور اوپر ریت بھر کر تلے آگ جلادیں۔ کہ جب کڑاہی یا ہنڈیا گرم ہو۔ تو ریت تپے اور شیشہ کے اندر کی دوا پکے ؛

گل حکمت۔ شیشہ یا دوا کے برتن پر مٹی لگانیکو کہتے ہیں۔ مضبوطی کیلئے چکنی مٹی میں سن یا روئی ملا کر لگاتے ہیں۔ کھریا مٹی یا روئی ملا کر لگانی بہت مضبوط کردیتی ہے ؛

کپروٹی۔ کپڑے پر مٹی لگا کر شیشہ یا برتن پر چڑھانا۔ اکثر کھریا مٹی یا ملتانی مٹی اس کام میں بہت آتی ہے ؛

مہر سلیمانی۔ بوتل یا شیشی کے منہ کو مٹی کا ڈاٹ لگا کر بند کرنا یا بذریعہ آگ تپا کر گلا کر مروڑ کر بند کر دینا ؛

کشتوں کی شناخت اور زندہ کرنیکی ترکیب جلمندرہ وگٹکہ پارہ

کشتوں کی شناخت

ایک عام شناخت یہ ہے۔ کہ اگر کشتہ کو آگ پر ڈالیں۔ تو دھواں نہ دے۔ تو عمدہ ہے یعنی پختہ ہے۔ بادیل کے طریقہ سے ہر کشتہ کی شناخت کریں یہ بھی طریقہ نہایت بہتر ہے

(۱) کشتہ طلا۔ عرق لیموں میں کھرل کریں۔ اگر سرخ ہو جاوے۔ تو بہتر ہے ؛

(۲) کشتہ چاندی۔ لونگ کیساتھ کھرل کرو۔ اگر سیاہ ہو جائے تو بہتر ہے ؛

(۳) کشتہ تانبا۔ اگر دہی میں ملانے سے زنگار نہ دیوے تو بہتر ہے ؛

(۴) کشتہ لوہا۔ پانی پر تیرے تو بہتر ہے اگر ڈوب جائے تو خام ہے ؛

(۵) کشتہ رانگ یعنی قلعی آگ پر ڈالنے سے زرد رنگ ہو جائے تو بہتر ہے ؛

(۶) کشتہ جست کھانے سے قبض ہو۔ اور پاخانہ نہ آئے تو بہتر ہے ؛

(۷) کشتہ ابرک۔ بیتہ سے ملا کر۔ تپا کر اگر اصلی حالت پر نہ آئے تو بہتر ہے ؛

(۸) کشتہ ہڑتال } کشتے سفید ہوں۔ اور آگ پر دھواں نہ دیں تو بہتر ہیں۔ ورنہ
کشتہ سم الفار } وہ خام ہیں۔ ان کا کھانا سخت نقصان دہ ہے ؛
کشتہ پارہ } نوٹ:۔ چاندی۔ سونا۔ قلعی کا کشتہ زندہ کر کے بھی دیکھ سکتے ہیں ؛

کشتوں کے زندہ کرنے کی ترکیب

الحیات میں اسقدر کشتہ جات ملاؤ۔ کہ گولی بندھ جائے۔ تب کو ٹھالی میں ڈال کر خوب ہی دھونکو جو دھات ہوگی۔ جگر کھا کر وہی نکل آویگی ؛

نوٹ:۔ واضح ہو کہ صرف وہی دھاتیں زندہ ہو سکتی ہیں۔ جو آگ پر خرخ کھا سکتی ہیں۔ دوسری نہیں ؛

نسخہ ماء الحیات شہد۔ سہاگہ۔ گھی یہ تینوں چیزیں برابر ہوں۔ تو ماء الحیات کہلاتا ہے

دواؤں کے مدبر اور بعض بوٹیوں کے نمک بنانے کی ترکیب

مدبر جمالگوٹہ۔ اوّل ان کو چھیل کر اندر کا پتہ نکال لیں اور ایک تھیلی میں ڈالکر گوبر میں قدرے پانی ملاکر اسمیں خوب اُبال کر دھوئیں۔ پھر دودھ میں جوش کرکے صاف کریں ؛

تدبیر گندھک و بروزہ۔ ان دونوں کی ایک ہی ترکیب ہے۔ کہ کسی برتن میں دودھ بھر کر اس کے منہ پر باریک کپڑا باندھیں۔ اور اسپر گندھک خواہ بروزہ یعنی جو صاف کرنا ہو پیس کر ڈالدیں۔ اور اوپر ایک ایک کا ٹکڑا رکھ کر اس پر آگ کریں۔ تاکہ اوپر کا مادہ آگ کے سینک سے پگل کر دودھ میں گر پڑے۔ تب دودھ میں سے نکال کر کام میں لائیں مگر سات بار ایسا کریں ؛

تدبیر سرمہ۔ سرمہ کو بکری کی چربی میں ملاکر کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھدیں جب چربی جلجائے۔ تب سرمہ سے دھوکر کام میں لائیں **تدبیر چاکسو۔** چاکسو قدرے لیکر پوٹلی بناکر سونف کے پانی میں لٹکا کر چھیل ڈالیں اور خشک کرکے کام میں لائیں ؛

بوٹیوں سے نمک بنانے کی ترکیب

یہ یاد رکھو۔ کہ اگر کسی بوٹی کا نمک نکالنا ہو۔ تو اول بوٹی کو جلا کر اس راکھ کو پانی میں خوب گھول کر آب مقطر اس کا کریں پھر اس آب مقطر کو کسی برتن میں ڈالکر آگ پر خشک کریں پس خشک ہونے پر جو رہ جائیگا وہی نمک ہے۔ سنبھال رکھیں۔ اور کام میں لائیں ؛

اصلاح لاجورد۔ سنگ لاجورد کو چند بار پانی سے دھوکر صاف کریں تب استعمال کرو

اصلاح تربد۔ نسوت جسکو تربی بھی کہتے ہیں پہلے اوپر سے چھیل ڈالو۔ مگر بہت ہی باریک چھیلو۔ پھر آہستہ آہستہ کوٹو۔ اندر سے ریشہ دار لکڑیاں جدا ہو جاویں اور اس کے اوپر کا میدہ الگ ہو جاوے۔ کیونکہ یہ ریشہ کھانے میں مضر ہے۔ آنتوں میں چپک جاتا ہے پھر دست آنے بند نہیں ہوتے۔ تربد کے سفوف کو بادام روغن سے ضرور چکنا کرکے استعمال

کرنا چاہیے۔ **ملٹھی** ہمیشہ اوپر سے چھیل کر استعمال کرنی چاہیے۔ کیونکہ اسپر سانپ عاشق ہے۔ اکثر لپٹ جایا کرتا ہے **سقمونیا** کو سیب یا بہی میں بھر کر اوپر مٹی لگا کر آگ میں پکائیں۔ تب استعمال کریں ؛

کالا دانہ جس کا جلاب لیتے ہیں۔ اکو آگ پر بھون لیں۔ کہ پھٹ جاوے۔ تب استعمال کریں

شعبدات و اعمال عجیبہ یعنی علم سیمیا

شعبدات

نسخہ شعبدہ۔ ٹکڑا کافور کا روشن کر کے پانی میں ڈال دیں۔ تو برابر جلتا رہے گا **دیگر** شیشہ پر اگر پانی تھوڑا ڈالیں۔ کہ وہ کھڑا رہے۔ اسپر پوٹاش کا ٹکڑا ڈالدیں۔ تو وہ خود بخود روشن ہو جاوے گا۔ **دیگر**۔ بتاشہ کو تیل میں تل لیں۔ تو وہ پانی میں نہیں گھلیگا **دیگر** کتیرا۔ مصری۔ ہر دو برابر وزن ملا کر پوڑیہ بنالیں۔ اور خفیہ طور پر کٹورہ بہ آب میں ڈالدیں تو چند عرصہ میں فالودہ جم جائیگا **دیگر** گھموچی سفید پانی میں گھسکر کھڑاؤں پر طلا کریں اور خشک کر کے پاؤں اپنے دھو کر اس پر رکھیں۔ بغیر کھونٹیوں کے چلنے لگے گا۔

دیگر۔ سفیدی بیضہ مرغ اور شب یمانی اور خطمی سب کو حل کر کے کپڑے پر لیں۔ اور پھر اس میں آگ کے انگارے اٹھائیں۔ کپڑا نہ جلے گا۔ **دیگر** منہ میں آگ رکھیں اور منہ نہ جلے پہلے نوشادر۔ عقرقرحا۔ کافور قدرے چبا کر آگ منہ میں رکھیں آگ کا کچھ اثر نہ ہوگا ؛ **دیگر**۔ مرغی کو زمین پر لٹا کر اس کے گلے پر جوتی اگر رکھیں۔ تو وہ اسیطرح پڑی ہوئی چلائے گی **دیگر**۔ اگر گندھک اور ہڑتال اور اجوائن ان کو شیر آک میں بھگو کر اسمیں کوئی اناج تر کر کے جس کسی جانور کو کھلائیں بیہوش ہو جائیگا۔ **دیگر** خراطین یعنی کینچوا مٹی سے صاف کر کے اسمیں سیندور بھر کر روئی لپیٹ کر بتی بنا کر روشن کریں۔ پس اس مکانمیں زردی زرد روشنی ہوگی۔ **دیگر** اتوار کو جس جگہ گدھا لیٹے۔ اس جگہ کی مٹی لیکر اگر کسی دسترخوان کے نیچے

رکھ دیں خوب ہنسی ہوگی۔ دیگر۔ اگر جلے ہوئے کاغذ کو پڑھنا ہو۔ تو اس پر سلفیورک ایسڈ ڈالیں۔ تمام حروف پڑھے جائینگے دیگر۔ اگر بلی کا منہ کالا کر کے شیشہ دکھائیں۔ تو وہ پھر اسجگہ نہ آئے گی۔ دیگر۔ آندھی میں چراغ گل نہ ہو۔ باریک کپڑا لیکر اسمیں قدرے گندھک پیسٹ کر چراغ میں ڈالدیں اس میں تیل تار ہیں اور پھر ان کے گرد سفوف پھٹکری سفید و گندھک زرد بھی ڈالدیں چراغ ہوا میں نہ بجھیگا۔ دیگر۔ اگر درخت عناب کے ہرے پتے کسی کو چبادیں۔ تو پھر اسکو میٹھا ذائقہ ہرگز معلوم نہ ہوگا۔ یعنی اگر پیڑا یا برفی وغیرہ کھلادیں۔ تو پھیکا اور بدمزہ معلوم ہوگا۔ دیگر کاغذ کا ڈونا بنا کر اسمیں تیل بھردیں۔ اور انگاروں کے سینک پر ذرا اونچا کر کے رکھ دیں۔ تھوڑی دیر بعد جب تیل گرم ہو جاوے تو اسمیں بڑے تل لیں۔ کاغذ نہیں جلے گا۔ دیگر۔ نمک پانی کے ذریعہ ایسا پیسیں کہ لیسدار ہو جاوے۔ اسکو کسی ڈورے پر بطور مانجھا لگادیں اور سکھالیں۔ تب اس ڈورے سے ہلکی شئے مثل کاک یا چھلا وغیرہ باندھ کر لٹکا دیں۔ اور جب ڈورا ہلنے سے رک جاوے۔ تب اس کو آگ لگادیں۔ باوجودیکہ تمام ڈورا جل کر راکھ ہو جاوے گا مگر کاک یا چھلا نہیں گرے گا۔ دیگر۔ اگر سرخ رنگ کے پھول کو گندھک کا دھواں دیں تو سفید ہو جاویگا۔ اور جب گڑ کا بخور کریں۔ تو پھر سرخ ہو جاویگا۔ دیگر مغز تخم ارنڈ اور ہینگ گھوٹ کر کسی کلیا کے اندر لیپ کردیں۔ اس میں پانی بھرنے سے برنگ دودھ نظر آویگا۔ دیگر رات کو سوتے وقت ۳ دفعہ اپنا نام لے کر یہ کہدیں کہ مجھے فلاں وقت جگا دینا۔ اسی وقت جگا دیگا۔ دیگر خشخاش کو ۲۴ گھنٹہ دودھ میں تر رکھیں وہ اس قدر پھول جاوے گی۔ کہ ڈوریں پرو لو۔ دیگر دارچینی قدرے پیسکر آٹے میں ملا کر کتے کو کھلادو۔ وہ ناچ کرنے لگے گا +

اَعمالِ عجیبہ

تجربہ اوّل۔ واسطے جب کے مکرر سہ کرر تجربہ میں آچکا ہے۔ کافور اور موافق مرتب

سے کے ترکیب کریں۔ ایک عدد اُس وقت میں لیں۔ کہ آفتاب گہن میں ہو۔ تالاب یا حوض یا دریا میں اُسی وقت غوطہ لگا کر نگل لیں۔ اور پھر کھڑے رہیں۔ اور آفتاب کو دیکھتے رہیں جب گہن لگ جائے۔ تو گھر آکر برابر اس کا خیال رکھیں۔ اُسمیں سے وہ ثمر مذکور نکالکر سنبھال رکھیں۔ جس کسی کو وہ قدرے مٹھائی میں کھلائیں۔ وہ تابعدار ہو جائے۔ اور اگر یہ عمل عورت نے کرنا ہو۔ تو اُسکو تالاب وغیرہ پر نہیں جانا چاہیے۔ صرف اسوقت میں وہ ثمر کو اپنے جسم میں رکھے۔ اور ختم ہونے پر نکالکر کام میں لائے نہایت مجرب ہے۔

تجربہ دوم۔ جو محبت کیلئے اکسیر ہے۔ اتوار کے دن کتیا کا دودھ ایک پیالہ میں لے کر اُسمیں کچھ چاول ساٹھی کے ڈالکر خشک کریں۔ جب سب دودھ خشک ہو جائے۔ تو ان چاولوں کو لیکر کسی حیض آلودہ کپڑا میں ڈالکر وہی آدھا کپڑا اوپر رکھیں۔ جب دانے بالکل خشک ہو جائیں۔ تو اُن کو سنبھال کر رکھیں۔ پس جس شخص کو اپنا تابعدار بنانا ہو۔ تو ایک چاول مٹھائی میں رکھ کر کھلادیں۔ اُس سے وہ شخص محبت کرے گا۔

تجربہ سوم۔ عداوت اور محبت کیلئے **ترکیب عمل** چاول لے کر اُس کا چھلکا کسی کنواری نابالغ لڑکی کے ناخنوں سے چھلوائیں۔ جب اُوپر کا چھلکا اتر جائے۔ تو چاند یا سورج گہن کے وقت مسان میں درخت پیپل کے نیچے انسان کی کھوپری میں سیاہ جانوروں کے دودھ میں خواہ گائے ہو یا بھینس یا بکری لیکن پہلی دفعہ بچہ جنی ہو۔ اُسمیں وہ چاول پکائیں۔ مگر نیچے وہ مسواکیں جلادیں۔ جن کو ہندو لوگ ہر روز کر کے پھینک دیتے ہیں اور پھر اُسی درخت کی جڑ حد پہ اُن چاولوں والی کھوپری کو اوندھا ماریں۔ دیکھئے جو دانے اُس درخت پر چمٹے ہوں۔ اُن کو علیحدہ۔ اور جو نیچے گرے ہوں انکو علیحدہ رکھیں۔ پس چمٹے ہوئے دانوں میں سے دو تین دانے اور قدرے اپنے بدن کی میل ملاکر شیرینی میں جسکو چاہتا ہے کھلائے۔ تو وہ محبت اُس سے کرے۔ اور نیچے گرنے والے اگر کھلائیں۔ تو وہ عداوت کرے۔ یہ نہایت اسرار میں سے مجرب عمل ہے۔

تجربہ چہارم۔ کچا سوت جوکہ نا کتخدا لڑکی کا کاتا ہوا ہو۔ اتوار یا منگل کے دور ہیں اوتنی شکل جفتی جتنی دفعہ ہوتا ہو۔ اسمیں گرہ دیں۔ پھر اُسکو سنبھال کر رکھیں۔ اگر کسی عورت سے زیادہ محبت کرنی ہو۔ تو کسی طرح اُس کے بازو پر باندھ دو۔ بہت محبت کریگی ❊

تجربہ پنجم۔ عداوت کیلئے پورا کام دیتاہے۔ چاند کے آخری منگل کے دن چاول اور رال برابر کی لے کر کھچڑی کی دہی ڈالکر قبرستان میں لے جائیں۔ اور ہر قبر پر ایک ایک لقمہ ڈال کر ایک کنکری اُس پر سے اٹھالیں۔ یہانتک کہ ۲۱ کنکریاں ہو جائیں پھر اُن کو تھیلی میں بھر کر دشمن کے گھر کے صحن میں دبائیں۔ تھوڑے ہی روز میں وہ نہایت خراب ہوجائے گا۔ اگر دیر ہوجائے تو اسی عمل کو دوبارہ کریں۔ نہایت آزمودہ ہے ❊

تجربہ ششم سہیکا تکلا جس گھر یا محلہ میں گاڑدیں۔ وہاں لڑائی فساد پیدا ہو۔ **دیگر** مسان کی راکھ پرانی ویرانی مسجد کی مٹی مہتر کی قبر کی مٹی ملاکر جس کے گھر ڈالدیں بربادی ہو ❊

حب کیلئے۔ اپنے ہاتھ اور پاؤں کے ناخن کترا کر جلا کر راکھ کرلیں اسمیں جسم کا میل تھوڑا ملاکر جسکو کھلادیں۔ وہ محبت کرے۔ **تجاری بخار**۔ تیل اور لہسن برابر ملاکر گھوٹ کر بتی بنا لیں۔ باری کے روز مریض کا منہ آفتاب کی طرف کرکے بیٹھ کی ہڈی پر اوپر سے لے کر نیچے تک ایک خط کھینچیں جوکہ کہیں نہ ٹوٹے۔ پس بخار سے آرام رہیگا۔ **دیگر**۔ اگر گلا دکھتا ہو تو پانی کو انگلی شہادت سے + کاٹ کر پلادے آرام ہو ❊

عملیات کا بیان

عمل کشایش رزق۔ خواجہ بہاؤالدین قدس سرہٗ سے منقول ہے کہ جو کوئی سورہ الم ترکیف کو بعد نماز کے ۲۱ مرتبہ پڑھا کرے کشایش رزق ہو **دیگر**۔ اگر کوئی اسم کو ایک ہزار بار بعد نماز کے پڑھے غنی ہو جائے ۔ اور یا استغفار پڑھے ہر طرح کا فضل ہو ❊

عمل قرض ادا ہونے کا۔ یہ دعا واسطے قرض کے بعد نماز صبح تین سو مرتبہ اُسی قدر بعد

نماز عشاء کے اوّل و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ درود شریف جو یاد ہو۔ دعا یہ ہے
اَللّٰھُمَّ خَلِّصْ بَدَنِیْ بِحَقِّ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ ؛

ہر کام کیواسطے۔ اگر صدق دل سے بعد نماز عشاء اور فجر تو چندے دو شنبہ سے ہر روز بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط بارہ سو مرتبہ پڑھے۔ یا سات سو چھیاسی دفعہ تو خدا چاہے کامیابی ہو ؛

عمل ہر مراد کیلئے۔ جو کوئی اس آیت کو اوپر ایک سو مرچ سیاہ کے اوپر سو سو بار پڑھ کر دم کرکے کوئلوں کی آگ میں ایک ایک کرکے ڈالے۔ چالیس روز میں دلی مراد حاصل ہو۔ ناغہ کسی روز نہ کریں۔ آیت یہ ہے۔ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ط

عمل واسطے عداوت۔ اگر پارہ سنگ سرخ پر یَا قَھَّارُ یَا جَبَّارُ لکھکر دفن کرے۔ اور اس پر آگ جلادے۔ مگر جنمیں عداوت ڈالنی منظور ہو۔ بغض فلاں علی فلاں ضرور لکھو۔

دیگر تجربہ۔ اگر دشمن کو ضروری پریشان کرنا ہو۔ تو بیضہ مرغ لیکن گندہ ہو اس پر الٹی سورۃ تَبَّتْ لکھے۔ اور اسکو پرانی قبر میں دبائے اور خود بھی اس قبر کے درمیان میں بیٹھ کر ہر روز دو سو اسی دفعہ سورۃ مذکور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن تین ہفتہ میں ضرور خراب پریشان ہوگا۔ دیگر بغض کے لئے ایک تعویذ لکھ کر قبر میں دفن کردو۔ اور دوسرے کو پانی میں گھول کر دونوں کو پلادو ؛

یہ قبر میں دفن کردو۔

نام دشمن جس کے ساتھ عداوت ڈالنی ہو۔ معہ اس کی ماں کے نام کے



ہر دو پر لکھو



اسجگہ اس کا نام اور اس کے باپ کا نام لکھو۔ اسجگہ بھی نام معہ باپ کے اوپر بھی اسی طرح سی لکھو

دیگر۔ کشائش رزق کے لئے ہر روز بعد س کو ۹ دفعہ پڑھو۔ نہایت ہی مجرب ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اللّٰہُ - یَا لَطِیْفُ یَا فَتَّاحُ - یَا وَهَّابُ یَا بَاسِطُ یَا رَزَّاقُ یَا غَنِیُّ یَا مُنْعِمُ - دیگر - عمل ہر کام کیلئے نیت کرکے شروع کرو بہت جلد مراد حاصل ہو - ہر روز ایک یا دو سو بار صبح یا شام کو پڑھو - اوّل آخر درود شریف یا مصطفےٰ محمدؐ یا مرتضیٰ علیؑ - حاجت روا محمدؐ مشکل کشا علیؑ - دیگر - حُب کے لئے نہایت مجرب عمل ہے - اس عمل کو چالیس دن برابر ہر روز ۱۱ کوڑیوں پر ایک ایک سو بار پڑھکر دم کرکے ہر روز کنوئیں میں ڈالدیا کرو جہاں سے مطلوب پانی پیتا ہو - اول و آخر درود شریف پانچ پانچ سو بار ضرور پڑھنا چاہیئے اسم یہ ہے - یَا عَزِیْزُ یَا سَلَامُ یَا حَبُّ ہمیشہ عمل عروج ماہ پیر یا جمعہ کی شب سے شروع کرو - دیگر - یہ تعویذ جس عورت کے پاس ہوگا - اس کا خاوند اس سے محبت کرے گا - یہ پانی میں گھول کر پلانا بھی عمدہ ہے - کئی روز عورت پلائے -

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ب ب[له]

ج ج

۸	۱	۶	۱۰	۲	۸
۳	۵	۷	۴	۷	۹
۴	۹	۲	۵ ۹	۱۱	۳

دیگر - اگر کسی کا لڑکا بہت روتا ہو - تو ذیل کے اسم لکھ کر تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈالدیں بفضل خدا کبھی نہ روئیگا - بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم - یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا غفور یا غفور یا غفور یا غفور یا غفور یا غفور ط ط ط ط ط ط لا لا لا لا لا لا ھ ھ ھ ھ ھ ھ برحمتک یا الرحیم الرحمٰن - دیگر جس کا حمل گر پڑتا ہو - اس کو ہر روز ۹ ماہ برابر یا اللہ یا محمد کاغذ پر لکھ کر پلاؤ اور نقش کو لکھکر گلے میں ڈالو - بفضل خدا حمل نہ گریگا مجرب ہے - بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم یا علی ۱۰ دفعہ لکھو - یا حلیم ۷ دفعہ لکھو - یا محمد ۷ دفعہ لکھو - یا حامد سات بار لکھو - دیگر - اگر کسی کا آدھا سر درد کرتا ہو - تو اسکے سر کو پکڑ کر دم کرو -

اللہ	یا اللہ	یا محمد
اللہ	یا اللہ	یا محمد
اللہ	یا اللہ	یا محمد

له یہ حرف ہر ایک اکیس اکیس ہیں - لیکن ہر ایک کے نیچے چاروں حرف ہونے چاہئیں -

سات دفعہ پڑھے سے آرام ہوگا کالا چڑا اکل سرا کلے بن کو جلئے آئے محمدؐ جاپ دے آدھے سر کا درد جا۔ دیگر ہر مشکل کیلئے اس کو بعد نماز فجر یا بعد نماز عشا غسل کر کے ہر روز کم از کم چھ سو دفعہ ضرور پڑھو مشکل آسان ہوگی۔ ترقی ہر کام میں ہوگی اسم یہ ہے۔ انّہ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ان سب عملوں کی اجازت عام ہے۔

واسطے دفعہ درد نیم سر پہلے نوچندی جمعرات کو ایک سو مرتبہ پڑھ لے۔ اور لوبان آگ پر ڈالتا جاوے تب یہ عمل بس ہوگا۔ پھر حاجت کیوقت ۷ مرتبہ پڑھ لے۔ اور دم کرے اور جب تک پڑھتا رہے۔ درد کی جگہ ہاتھ سے پکڑے رہے منتر یہ ہے۔ بن بیں جاوے بندری آدھا پھل توڑ کھاوے سکھڑے محمدؐ بانگ دیں آدھا سیسی جاوے +

واسطے بواسیر خونی وبادی۔ کہ خواہ کوئی بواسیر ہو منتر ذیل کو تیں بار پڑھکر پانی پر دم کرے اور آبدست کے منتر یہ ہے خراسان کے ٹیلنی شاہ خونی بادی دونوں جاویں +

بچوں کی پسلی کا درد۔ سوا بالشت سرکنڈہ پسلی کے ساتھ چھوا چھوا کر بادتا جاوے سات دفعہ پڑھے اور دم کرے اور سرکنڈہ کو ناپ کر دیکھے جسقدر بڑھ گیا ہو اُس کو کاٹ دے اسی طرح کرتا جاوے۔ جب سرکنڈا بڑھنا بند ہو جاوے گا تب درد کو آرام ہوگا منتر یہ ہے کالے سمندر میں کالی گلے کا کالا بچھڑا کالے بچھڑے کا کالا کلیجہ دکھ گھٹکا نا بڑھے۔ لونا چماری کے کنڈ میں پڑے کام وہ جو اللہ اور محمد سا سچا پیر کرے +

تجاری کا تعویذ۔ جس شخص کو باری کا بخار سردی سے چڑھتا ہو + اس کو ذیل کے دونوں تعویذ دے بخار چڑھنے سے ۱۵ منٹ پہلے ایک تعویذ گلے میں ڈال لے اور دوسرے تعویذ کی دھونی سے بدن کے اردگرد چادر اوڑھ کر دھونی لے تاکہ دھواں تمام بدن کو اچھی طرح لگے تعویذ یہ ہے۔ فرعون او فرعون بے فرعون۔ اسی طرح کے

دردزہ کیلئے - ۱۱ مرتبہ پڑھکر گز پر دم کر کے عورت کو کھلاویں - درد موقوف ہوگا - اور بچہ سہولت سے پیدا ہوگا - دعا یہ ہے مرجائے وہ خرمرجائے وہ ادزائے زمانہ زائد

واسطے دردِ اعضاء کے ایک کاغذ پر یاسمعونی وہ لمطاتی لکھ کر درخت نیم یا انار پر چسپاں کرے - اور موافق نشان وہی اشعار ذیل کے جس عضو میں درد ہو اُس کے متعلقہ حرف پر میخ ٹھوک دے مگر عمل کے وقت مریض سے مدت کا اقرار کروائے جتنی مدت کا اقرار کروائیگا - اتنی دیر درد سے آرام رہے گا - اللہ عاد

دردِ سر دریا بزن درزاں پیسین   سیم را درحلق زن اے ہمنشین
نیم سر در حلین زن درد ادکوش   مہر تپ در طا بزن فارغ نشین

دیگر - اگر کسی مریض کو دوا اثر نہ کرتی ہو - تو یہ نقش لکھ کر اُس کے گلے میں باندھے دوا اثر کرنے لگے گی ؛

ضمیمہ خاص

خواص اک بن بوٹی

یہ بوٹی اک بن کے نام سے عام مشہور ہے پنجاب ہندوستان میں عام باغوں پہاڑوں کھیتوں کی باڑیں ہوتی ہے - ایک ایک گز تک بلند ہو جاتی ہے اپنے اس کے مثل لبھوڑہ کے مزاج تلخ بولنے وسونگنے سے کرخت اس لئے اس کو دلیسی اسگندھ کہتے ہیں بہت شاخیں اور ہر شاخ پر کثرت سے ڈوڈیاں مثل گھونگچی لیکن سب پر خول غلاف کے طور پر چڑھا ہوا ہوتا ہے - فوائد اس بوٹی کے یہ ہیں ؛

اوّل - اس کی جڑ نکال کر سایہ میں خشک کر کے پیسکر وزن برابر کھانڈ ملا کر سنبھال رکھو اگر چہ کوئی وجہ مفاصل سے جفت شدہ کیوں نہ ہو چند روز ایک کف دست پھنکا کر اوپر سے دودھ گائے یا بکری کا جسقدر گرم پیا جائے پلاوو اُسی روز پسینہ آکر فائدہ دکھاتا ہے - اور جسقدر

ہیں تو بالکل بفضل خدا آرام ہوجاتا ہے ÷

دوم۔ رعشہ۔ فالج۔ لقوہ ومرض اعصابی ہیں مثل اکسیر ہے جسب ترکیب بالا استعمال کریں
سوم۔ وجع الورک یعنی درد پیٹ ہیں ذیل کی ادویات کا حلوا بناکر استعمال کرائیں۔ تین
چار روز ہیں کلی آرام ہوگا۔ جڑھ بوٹی مذکور ۳ ماشہ۔ آرد گندم۔ روغن زرد و شکر سفید ہر ایک
دو دو ماشہ تولہ میوہ جات ہو دل چاہے۔ یہ سب ایک دن ہیں کھالیں ÷

چہارم۔ جڑھ بوٹی مذکور شکر سفید کونپل برگد سایہ ہیں خشک کی ہوئی ہر ایک ماشہ لیکر
سفوف کرکے پھانک کر اوپر سے دودھ پلینا مولدی اعلیٰ درجہ ہے۔

پنجم۔ جڑھ بوٹی مذکور ۲ ماشہ ایک تولہ شہد ہیں ملاکر اسی مقدار سے چالیس روز تک کھانے
دافع نسیان ومقوی حافظہ ہے۔

ششم۔ ضماد محلل اورام خصوصاً انثیین کو بیحد فائدہ دیتا ہے +

ہفتم۔ جڑ بوٹی مذکور کی دودھ مادہ گاؤ ہیں گھسکر کچھ دنوں تک لگانا پستان نرم کو سخت کرتا ہے
ہشتم۔ شروع حیض سے جڑھ بوٹی مذکور ۲ ماشہ ایک تولہ شہد ہیں ملاکر عورت کو روز کھلانا
اور غذا شیر برنج کھلانا اور شوہر سے مقاربت کرنا معین حمل ہے۔ اور بھی ہزاروں خوبیاں
خدا نے اس کو دی ہیں۔ جن کو لکھنے ہیں حجم کتاب بڑھتا ہے +

خواص آک یعنی مدار عرف نہوک یا زاحل

یہ درخت پنجاب ہندوستان ہیں ہر جگہ عام پیدا ہوتا ہے اسکی زیادہ تشریح کی ضرورت نہیں
کیونکہ کوئی بشر ایسا نہین جو اسکی شکل سے واقف نہ ہو فوائد اسکے بیشمار ہیں۔ لیکن یہاں چند ضروری
درج کیئے جاتے ہیں جس سے عام لوگ فائدہ اٹھاکر دعاء خیر سے یاد فرمائیں گے ÷

(۱) جڑھ آک کی ۴ تولہ اندر سیاہ مرچ ایک تولہ نمک سونچر ایک تولہ انکو باریک پیسکر گولیاں بقدر
نخود بنا رکھو۔ وقت ضرورت ایک گولی صبح ایک شام ۱۲ ماشہ روغن زرد کے ساتھ کھلاؤ چند

روز کھانے سے آرام ہوگا (۲) ہیضہ والے کو ایک یا دو گولی کھلاؤ۔ فوراً بفضلِ خدا صحت ہو (۳) ہاضمہ اور بھوک کیواسطے عمدہ ہے بعد کھانا کھانے کے ایک نگل لینا مفید ہے (۴) اگر اس کے پھول میں سے لونگ نکال کر اس کے برابر نمک لاہوری اور فلفل دراز ڈالکر پیسکر گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنالو۔ اور کھانسی والے کو ایک گولی حلت کو کھلاؤ کھانسی بالکل نہ رہیگی۔ اور بچوں کو ذرا چھوٹی گولی کھلاؤ۔ (۵) لونگ پھولوں کے بیچ سے ایک تولہ۔ لیکر اُس میں سیاہ مرچ تولہ ادرک ڈیڑھ تولہ سب کو ملاکر گولیاں نخود برابر بناکر جسکو ہیضہ ہو۔ ایک گولی دینے سے فی الفور صحت ہو۔ درد پیٹ وغیرہ کو بھی مفید ہے (۶) پھول جس کا منہ بند ہووے بقدر آدھ سیر اجوائن پاؤ۔ قند سیاہ پاؤ۔ سب کو باہم پیسکر سایہ میں خشک کریں اور صبح کو ایک کفِ دست عمر کا لحاظ کر کے کھلائیں۔ ترشی وبادی اشیاء سے پرہیز نہیں جو دل چاہے کھاوے۔ کھانسی دمہ۔ باؤ گولہ بلکہ سب امراض شکم وسینہ کو دور کرے (۷) برگ پاؤ پختہ تیل کنجد میں جلاکر خوب پیسکر مرہم بناؤ اور جس کو مرض فوطوں کے چھوٹے بڑے ہو جانے سے درد فتق ہو اس مرہم کو چیڑ کر لنگوٹ باندھ لیں۔ فوراً آرام ہوتا ہے۔ (۸) اس کی جڑ اور پوست۔ جڑھ کنیر سفید دونوں باریک پیسکر قدرے شہد ڈال کر غلولہ بنا رکھیں۔ قوت باہ کے لئے اس غلولہ کو قدرے شیر میش میں صندل کیطرح سے گھسکر عضو تناسل پر رات کو ضماد کریں۔ اور صبح کپڑے سے صاف کیا کریں۔ اور پھر گرم پانی سے دھوڈالیں۔ اسی طرح چند روز میں بفضلِ خدا تندی وتیزی پیدا ہو جاتی ہے۔ (۹) کسی عضو پر جز یہ یا سقطہ سے ورم معروف بلم دوڑ جائے جس سے اکثر انسان کو زندگی کی امید نہیں رہتی۔ پس ایسی حالت میں اس کی شاخیں بغیر پتوں کے کوٹ کر اُوپر کا چھلکا یعنی اس کی سن ۴ تولہ لیکر اسکو خوب باریک رگڑ دیں۔ اور ٹکی بنائیں۔ اور پھر ۲ تولہ گھی کڑچھی میں ڈال کر اس گھی میں ٹکی کو دونوں طرف سے سرخ کر کے نیم گرم ورم کے منہ پر باندھ دیں۔ اور پھر دیکھیں کہ کتنی جلد مادہ بیکر ورم اور درد پھوڑوں میں دور ہو جاتا ہے۔ پس اسی طرح دو تین ٹکیاں باندھنی کافی ہیں (۱۰) اسکے پتوں کا

پاؤ بھر پانی لیکر اس میں ۱۰ تولہ روغن کنجد ڈال کر پکائیں۔ جب تیل رہ جائے۔ اُتار کر رکھیں جوڑوں کے
دردوں پر اس کا ملنا نہایت مفید ہے (۱۱) اس کام درخت جلاکر راکھ کرکے نمک بناویں۔ پھر ۴
تولہ یہ نمک ایک مٹی کے برتن میں ڈال کر اس میں ایک تولہ پترا تانبا ڈال کر بند کرکے گلحکمت
کرکے برتنوں کے آدے میں ایک برتن کے اندر اس کو رکھدیں۔ یا علیحدہ گڑھا میں سیر ڈیڑھ
سیر اوپلہ کی آگ دیدیں۔ سرد ہونے پر نکالیں کشتہ آسمانی رنگ ہوتا ہے یہ کشتہ پارہ نوس ہے
(۱۲) اگر اس کے ساتھ ۵ تولہ دو شیدہ نمک ۵ تولہ ملاکر ایک کوزہ میں بند کرکے آگ ۵ سیر اوپلوں
کے گڑھے میں دیدیں۔ اور اس نمک کو پیسکر رکھ چھوڑیں۔ درد دندان کے وقت جہاں ملا
فوراً آرام ہوگا۔ (۱۳) شیر آک کا اس قدر لیں کہ جسمیں ڈھائی تولہ سم الفار سفید کی ڈلی ڈوب
جائے۔ شیر میں ڈلی سات روز رکھیں۔ پھر سات روز کے بعد نکال کر اس سم الفار کو مسکہ
گاؤ میں تین روز خوب کھرل کریں۔ پھر ایک چینی کی رکابی میں ایک طرف رکھکر ذرا خمدار کر
کے دھوپ میں رکھدیں کہ صاف گھی بہکر الگ ہو جائے۔ یہ احتیاط رکھنا ضروری ہے۔ کہ
سم الفار کی زہر جسقدر گھی نکلے بحساب فی تولہ ۲ رتی زعفران۔ ۲ رتی مشک اور
جاوتری۔ لونگ۔ عقر قرحا۔ جائفل۔ بیر بہوٹی ہر ایک ماشہ سب باریک کرکے گھی میں ملاکر
رکھ چھوڑیں۔ اگر کوئی شخص بالکل نامرد ہو۔ اُس کے حشفہ و نیچے کے حصے کو چھوڑکر باقی
سب طرف دو تین قطروں سے چپڑ کر ایک تہ بھوج پترہ اور اُس پر پارچہ لپیٹ دیں۔
اسی طرح بعد آٹھ پہر کے پھر لگائیں۔ اور دھونے کی ضرورت نہیں۔ اس کے استعمال
سے بعض کو تیسرے چوتھے بعض کو ہفتہ بعد بلا درد ذرہ ذرہ سرخ پتی نکلتی ہے۔ جب
یہ معلوم ہو۔ اُس دن ہی لگائیں۔ پھر نہ لگائیں۔ پھر جلا ہوا گھی ہی تا صحت لگاتے
رہیں۔ یہ احتیاط ضروری رکھیں۔ کہ فوطوں میں طلا نہ لگے۔ یہ طلاء اکسیر اعظم ہے پانی سرد
اور چھاچھ۔ ترشی۔ دال ماش اور برف سرد اشیاء اور ہوا سرد سے پرہیز ضروری ہے
اگر پندرہ روز دوائی کے استعمال کو گذر گئے ہوں تو ایک دفعہ پھر عمل کریں۔

تو سالہا سال تک اعصاب مثل جوان بیس برس کے قایم رہیں گے۔ گھی۔ دودھ گوشت بیضہ مرغ یہ استعمال رکھیں۔ (۱۴) ہر ایک دھات کو مثلاً شنگرف۔ زرنیخ۔ سم الفار۔ یا جس کو چاہو۔ اس کے دودھ میں رکھ کر اور حل کر کے قدرے قدرے آگ دیکر قایم اور کشتہ کر لو۔ (۱۵) مس یا ابرک سیاہ یا نقرہ یا طلاء یا آہن یا سکہ یا قلعی یا جست جو مطلوب ہو اُس کا برادہ کر کے اس کے شیر میں آٹھ پہر خوب کھرل کر کے آگ دے دیں کشتہ ہو جاتا ہے اگر ڈلی مارنی ہو۔ تو پہلے دودھ میں ڈلی رکھ دودھ کو خشک کرو۔ پھر اس کی جڑ کے نگدہ میں رکھ کر چند خفیف خفیف آگ دو۔ کشتہ ہو جائے گا۔ (۱۶) استسقالحمی یعنی ورم تمام بدن کو دور کرنے میں بے نظیر ہے۔ برگ آک سبز پاؤ پختہ ہلدی ڈیڑھ تولہ ہر دو کو خوب گھوٹ کر دانہ مونگ کے برابر گولی بنادیں اور چار گولی ہر روز عرق مکو سے کھلائیں۔ اور ہر روز ایک گولی زیادہ کرتے جائیں۔ یہانتک کہ سات گولی تک نوبت پہنچ جائے پھر سات گولی ایک ہفتہ کھلا کر پھر ایک ایک سے کم کریں بفضل خدا جلد آرام ہوگا + غذا بہت کم کھائیں۔ یعنی آٹھواں حصہ خوراک سے زیادہ نہ کھائیں۔ اور پکا کر مکو کھانا مفید ہے۔ اور پانی کی جگہ عرق مکو پلائیں۔ مجرب اس مرض کیلئے دوا ہے۔ یا پوست سرس کا جوشاندہ عمدہ ہے۔ جس کا مفصل حال خواص درخت سرس میں لکھا گیا ہے

خواص درخت نیم

(۱) نیم کے پتے آنکھ کے درد کو آرام دینے والے ہیں (۲) کیڑوں کے ہلاک کرنے والے ہیں (۳) قوت ہاضمہ کو مدد دینے والے ہیں۔ (۴) کوڑھ اور بدہضمی کو رفع کرنیوالے ہیں (۵) پوست نیم امراض جلد اور صفراء اور قے کو دور کرتا ہے اگر ۲ ماشہ کی مقدار میں بیکر بخار اور تشنگی کی حالت میں دیا جاوے تو نہایت مجرب ہے (۶) نیم کے تازہ پتوں کا رس تین ماشہ۔ رس ہلیلہ ۳ ماشہ۔ روغن زرد تین ماشہ۔ سب کو ملا کر کھلانا ہر قسم کے پھوڑے ا

پھلبہری خارش وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے (۷) اس کے پتے اُبال کر زخموں کو دھونا یا باندھنا نہایت عمدہ ہے اس سے زخم صاف ہو جاتے ہیں۔ (۸) پھل اس کا گرم اور دست لاتا ہے۔ بواسیر۔ جذام۔ خارش۔ آتشک وغیرہ کو مفید ہے (۹) اگر اس کے تخم کا تیل اور سرسوں کا تیل ملا کر طاعون کے ایام میں بدن پر ملا جائے۔ تو بفضلِ خداوہ شخص اس نامراد مرض کے حملہ سے محفوظ رہے گا (۱۰) اگر اس کے تخم کی بدن پر مالش کی جائے تو جلد کی تمام بیماریوں کو فائدہ ہو (۱۱) اگر اس کے تخم کا تیل کان میں ڈالا جائے تو ہر کان کے مرض کو مفید بلکہ بہرا پن کو بھی دور کرے (۱۲) اس کا پھول دماغی سُدوں کو دور کرے۔ (۱۳) اس کا پھول پیس کر ناف پر لیپ کریں سے قے دور ہو (۱۴) اور اسکی ناف کے نیچے مالش کریں سے شکم کے کیڑے مر جاتے ہیں۔ (۱۵) تازہ پتوں کا رس حیض و پیشاب لاتا ہے۔ پتھری و قولنج کو دور کرے۔ (۱۶) اگر تازہ چند پتے آب ادرک کیساتھ پیس کر عورت پیئے تو درد رحم اور درد حیض وغیرہ کو مفید ہے۔ (۱۷) اس کے پتے جلانے سے وبائی ہوا صاف ہوتی ہے۔ مچھر وغیرہ سب جانور مر جاتے ہیں۔ (۱۸) اگر پتوں کا پانی نکال کر اس میں سرمہ درست کر کے باریک کیا جائے۔ تو ہر امراض آنکھ کو مفید ہے۔ (۱۹) اگر اس کے تخم کا مغز اور اس کے برابر رسوت عمدہ لیکر باریک کر کے گولیاں بقدر بیر خورد بواسیر والے کو کھلائی جائیں۔ تو چند روز میں بواسیر دور ہو۔ (۲۰) اگر اس کے پتوں کے پانی سے بال دھوئے جائیں۔ تو بال سیاہ اور دراز ہوتے ہیں۔ (۲۱) اگر اس کے پتوں کو ہانڈی میں ڈال کر نیچے آنچ جلا کر راکھ بنالیں۔ اور پھر خاکستر برگِ نیم کو لیموں کے رس میں کھرل اور خشک کر کے آنکھ میں لگانا مجرب و خارش اور سفیدی جالا وغیرہ کو دفع کرے۔ (۲۲) اگر نیم کے پتے نیم گرم کر کے ناف کے نیچے باندھ دیئے جائیں تو دردِ ایام حیض یا بعد جماع یا بعد نفاس کو دور کرتا ہے۔ (۲۳) اگر پتوں کا شیرہ نکال کر اسمیں شہد ملا کر غرغرا کرائے تو درد گلو کو مفید ہے (۲۴) اگر اس کا پھل کھایا جائے۔ تو اسہال کہنہ

کو فائدہ دے۔ (۲۵) اگر نیم کی مستی آتشک اور جذام والے کو قدرے قدرے چند روز کھلائی جائے تو نہایت عمدہ مفید ہے۔ (۲۶) اگر نیم کے آدھ سیر پتّے کے نگدہ میں ہرتال گئودنتی ایک تولہ رکھ کر گیروٹی کر کے خشک ہونے پر پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیدیں۔ کشتہ ہو جائیگی بخار سوئمی اور چوتھیہ کو کافور ایک ماشہ کے ساتھ ایک رتی کشتہ مذکور کھلانا مفید ہے (۲۷) اگر بتوں کا رس ایک سیر کو ہرتال ورقی ایک تولہ پر چوبہ دیکر پھر نیم کے ہی ایک سیر بتوں کے نگدے میں رکھ کر ڈیڑھ سیر پیسماں کی آنچ دیں۔ بفضل خدا کشتہ مفید رنگ نکلیگا (۲۸) اگر سیماب مصفیٰ ایک تولہ پر تین سیر نیم کے رس کا چوبہ دیا جائے۔ تو سیماب غلیظ اور قابل عقد کے ہو جاتا ہے۔ (۲۹) اگر نیم کے پتوں کا پانی مقطر کیا ہوا لیکر اس میں ہرتال ورقی ایک تولہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ پھر خاکستر پیپل میں ویکر پہنچے چار پہر کی آنچ کریں۔ تو ہرتال کشتہ ہو۔ اور بخار۔ استسقاء۔ دمہ۔ نامردی وغیرہ سب کے لئے مفید ہے۔ خوراک ایک یا ڈیڑھ چاول۔ پرہیز ترشی و بادی سے اور گھی خوب کھانا چاہیئے +

خواص درخت سرس یعنی جسکو سہرین بھی کہتے ہیں

یہ عام بڑا درخت ہے اسکو پھلیاں بالشت بالشت کی باریک لگا کرتی ہیں۔ اور یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ہندوستان میں تخم باریک سیاہ اور پنجاب میں تخم کلاں سفید۔ خواص سیاہ تخم کے تو صرف یہ میرے تجربے میں آئے ہیں کہ اس کو سرمہ میں پیس کر ملالیں ہر مرض کو وہ سرمہ مفید ہو اور پنجاب والے کے خواص جس کا تخم کلاں اور سفید ہے بہ تفصیل ذیل لکھے ہیں۔ (۱) اس کے تخم کا سفوف کر کے اس کو ذرا ذرا سونگھا جائے تو اس سے درد سر رفع ہو۔ اور دماغ سے مادہ ریزش خوب نکلے۔ (۲) اگر اس کے تخم کا مغز ۲ ماشہ چند روز پاؤ بھر دودھ گاؤ سے صبح کو نہار کھایا جائے تو قوت باہ اور منی کو گاڑھا

کرتا ہے (۳) یا اس کو گوشت میں پکا کر کھانا بھی مفید ہے۔ اور یہی فائدہ دیتا ہے۔ (۴)
اگر اسی کے تخموں کا سفوف ۳ رتی صبح شام دو تین روز کھائیں۔ بواسیر خونی کو بند کرے
(۵) اس کے تخم کے سفوف میں دو چند شہد ملا کر اکتالیس روز غلہ گندم میں دبا کر پھر ایک ماشہ
سے لے کر تین یا چار ماشہ تک رات کو کھانا دافع و مانع خنازیر ہے۔ (۶) اگر اس کے تخم
کا تیل تپال جنتر سے نکال کر وقت ضرورت ایک گھنٹہ پہلے کف پاء کو قریب ماشہ
خوب ملا جائے۔ تو نہایت ممسک ہے۔ (۷) اگر اس کا ۹ ماشہ پوست تین چھٹانک پانی
میں جوش دیکر جب آدھ پاؤ رہ جائے چھان کر پلائیں تو ہر قسم کے ورم معدہ و چہرہ
وغیرہ کو چند روز میں فائدہ دیتا ہے۔ (۸) اگر کوری ہانڈی میں اس کے پتوں کا عرق
خوب ڈال کر اس میں پاؤ پختہ نمک لاہوری و پھٹکڑی و نوشادر و شورہ قلمی و لوٹا سجی سب
پیسکر اس میں ڈال کر منہ ڈھانک کر رکھ دیں۔ پھر تیسرے چوتھے روز اس ہانڈی کے
باہر کچھ پھوٹ کر سفید سفید نکلیگا۔ اسے کسی تنکے سے اتار اتار کر کسی شیشی میں ڈالتے
جاؤ۔ اور شیشی کو کاک سے بند رکھو۔ کیونکہ یہ جوہر زیادہ ہوا لگنے سے پانی ہو جاتے ہیں
یہ دوا آنکھ کے پھولا دور کرنے کے لئے نہایت عمدہ ہے اور دھند غبار کے لئے بھی بہتر
ہے ایک سلائی میں ذرا لب لگا کر اس میں دو چاول کے قریب دوا لگا کر پھولا پر لگا دو
چند روز میں فضل ہو گا۔ (۹) اگر یہی جوہر ایک رتی ماشہ بھر کھانڈ میں ملا کر دو تولہ سکنجبین
اور دس تولہ پانی ملا کر اس سے پھانکنا طحال کو دور کرتا ہے۔ مجرب ہے (۱۰) اگر اس کے
بیجوں کو پانی میں پیسکر اس مقام پر لگائیں۔ جہاں بچھو کا ڈنگ لگا ہو فوراً آرام ہو (۱۱) اگر اس کے
پتے پانی میں پیسکر جلے ہوئے مقام پر لیپ کریں۔ فوراً جلن دور ہو۔ اور چند روز کے
استعمال سے شفا ہو (۱۲) اگر اس کے بیج دو تولہ اور سیاہ مرچ تولہ دونوں کو باریک کر کے
دانتوں پر ملیں۔ تو درد کو دفع کرے۔ (۱۳) دافع مہاسہ اگر پوست درخت مذکور اور
سیاہ تل دونوں پیسکر مہاسہ پر چند روز لگائیں۔ مہاسہ دور ہو۔ (۱۴) اگر اس

کے پھول پیسکر سر میں لگائے جائیں تو درد سر دُور ہو (۱۵) پھول اس کا پکا کر کھانا دافع تبور دو ماہ میل ہے (۱۶) شب کوری کے لئے برگ تازہ کھانا یا شیرہ آنکھوں میں لگانا مفید ہے (۱۷) شیرہ برگ کے دو چار قطرے کان میں ڈالنا درد گوش حار کو سید ہے (۱۸) برگ نیم - برگ آم - برگ ارنڈ - برگ سرس سب کو پیسکر عرق نکال کر کان میں نیمگرم ڈالنا درد کو مفید ہے (۱۹) پوست سیاہ سرس کو پانی میں ابال کر ناک کو دھونا مفید ہے - اگر خون آتا ہو (۲۰) اس کے عرق میں رُوئی تر اور خشک کر کے چنبیلی کے تیل میں کاجل بنا کر لگانا خارش چشم و ضعف بصارت کو مفید ہے (۲۱) اس کے پوست کو جلا کر اسکا نمک بنا کر جسکا جگر خراب ہو گیا ہو پارہ پانی میں ڈال کر ایک رتی کے قریب چند روز صبح پئے بفضل خدا جگر کی کلی بیماری کو دور کرے +

حنظل عرف تمّہ و اندرائن

یہ عام ہوتا ہے - اور ہند والے اِس کو اندرائن کہتے ہیں - اس کے خواص بہت ہیں مختصر ذیل میں درج ہیں - (۱) ایک سبز حنظل یعنی تمّہ لیکر اُس میں تولہ یا ڈیڑھ تولہ سرمہ سیاہ ڈال کر رکھ چھوڑیں - جب تک وہ خشک نہ ہو جائے پھر اُسمیں سے نکال کر دوسرے میں وہ سرمہ ڈال کر خشک کریں - پھر تیسرے میں پھر نکال کر پیسکر سنبھال رکھیں جسکے پڑبال پڑتے ہوں اُن کو اُکھاڑ کر وہ سرمہ اُسجگہ خدا کا نام لیکر لگاویں - اسیطرح دو چار دفعہ اکھاڑ کر لگانیسے آرام ہوگا - (۲) ایک بڑا تمّہ لیکر اُس میں دس تولہ نمک لاہوری باریک کر کے بھر کر منہ اسی سے بند کر کے اُس پر آٹا لگا کر تنور میں رکھ کر آٹے کو پکالیں جب اوپر سے آٹا سرخ ہو جائے تو اُس آٹے کو دور کر کے گرا دیں - اور اُس تمّہ کو معہ نمک کے خوب باریک کوٹ کر سفوف بنا رکھیں - اگر کسی کو طحال ہو یا اور کسی مرض سے پیٹ بھر گیا ہو تو ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہر روز بوقت صبح پانی سے پھانگیں

بفضل خدا چند روز میں آرام ہوگا۔ بادی اشیاء سے اور دودھ سے پرہیز (۳) اگر اسکی جڑھ خشک کرکے سفوف قدرے پانی میں ملاکر درد مقعد جو بواسیر سے ہو اس پر لگائیں فوراً درد کو تسکین ہوگی (۴) اس کی جڑھ ۲ تولہ لیکر آدھ سیر پختہ پانی میں جوش دو۔ جب آدھ پاؤ پختہ پانی رہے تو ۲ تولہ شکر سفید ڈالکر چھان کر پلائیں۔ اور بعد اس کے ۲ تولہ دال مونگ آدھ پاؤ پختہ گھی ڈالکر نمکین یعنی کھچڑی بناکر کھلادو۔ بفضل خدا درد اعصاب اور مواد آتشک کو بذریعہ دستوں کے نکالے یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ جب یہ جوشاندہ پلایا جائے۔ تو اول مٹھائی یعنی یا مربہ گاجر یا پیڑہ دودھ کا کھانا چاہیئے۔ (۵) قبض کشا کے لئے یہ گولیاں نہایت عمدہ ہیں ایک گولی بوقت شب دودھ سے کھا لینی چاہیئے۔ اسکا پانی پانچ سیر نکال کر اسمیں ترید ۲ تولہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زردہ تولہ ملاکر پکاؤ۔ جب قوام سخت ہوجائے۔ گولیاں بقدر نخود بناکر روغن بادام میں چرب کرکے رکھ چھوڑد۔ (۶) یہ گولیاں قبض کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ عصارہ ریوند ۴ تولہ۔ شحم حنظل یعنی گودا تمہ ۴ تولہ پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ بنفشہ عمدہ ۳ تولہ ایلوا زرد ۴ تولہ۔ گوگل ایک تولہ۔ تہد ۱۰ تولہ پہلے گوگل کو پانی میں گھول کو پھر تمام باریک دواؤں کو اسمیں ملاکر گولیان بقدر جنگلی بیر بناکر بوقت رات ایک یا دو گولی پانی یا دودھ سے کھائیں۔ قبض رفع ہو (۷) اس کے پتوں کے پانی کا عرق گھروں میں چھڑکنا واسطے مارنے دیمک وغیرہ کے مفید ہے (۸) اسکی دہونی دینی اور اوحیض کو مفید ہے (۹) اسکی جڑھ لے کر دانتوں پر ملنا ہر قسم کے مرض دانت کو مفید ہے۔ اور درد اگر ہو تو اُسے رفع کرتا ہے۔ (۱۰) اور اگر حنظل کو لیکر اس کا فرزجہ کیا جائے۔ تو قاطع جنین ہے +

خواص بوٹی جل نیب

یہ بھی بوٹی عام ترجگہ میں پیدا ہوتی ہے۔ اور عموماً ہر موسم میں ملجاتی ہے خاصیت: مصفیٰ الملاط۔ دافع سوداوی۔ خصوصاً جذام و آتشک اسکو روغن میں پکا کر لگانا دفع حکہ و جرب و

ثبورات ہے۔ **نسخہ دافع خارش خشک و گنج سر**۔ بوٹی جل تازہ ۵ تولہ۔ روغن کنجد سفید ۲۰ تولہ اول بوٹی کو پیسکر پانی نکال کر تیل میں ڈالکر پکائیں۔ جب پانی جل جلئے صرف تیل ہی تیل باقی رہے تو اسکو تا صحت لگائیں مجرب ہے۔ اگر اسکے تیل میں روغن گلسرین ۲ تولہ وجو عام انگریزی دوا فروشوں سے ملسکتا ہے، شامل کرکے کان میں ڈالا کریں تو ثقل سماعت کو دافع کرے۔ **نسخہ دافع آتشک**۔ بوٹی جل نیب ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۷ عدد آدھ پانی میں پیسکر روزانہ تا صحت استعمال کریں اگر آدمی کمزور ہے تو کم مقدار پلائیں۔ **نسخہ مصفی خون** بوٹی مذکور ۲ ماشہ۔ برگ سرپھونکہ چار ماشہ مرچ سیاہ سات عدد آدھ پانی میں پیسکر روزانہ پلادیں۔

خواص رتن جوت بوٹی

یہ ایک خوبصورت بوٹی درخت کریر اور جنڈ کے نیچے بیساکھ۔ جیٹھ میں اکثر اضلاع پنجاب میں ہوتی ہے۔ شکل اس کی بعینہ مثل پنجہ کنجشک کے ہوتی ہے زمین پر بچھی ہوئی۔ شاخیں سُرخی مائل برگ خورد خورد مشابہ برگ کاہو کے دانہا خورد ایک بالشت کے اندر اندر پھیلتی ہے اوکھاڑ کر اگر رکھا جائے۔ تو تین ماہ تک خشک نہیں ہوتی۔ جز الزجدار چپکا۔ یہ یاد رہے۔ کہ جن لوگوں کے سر کا تالو جلتا رہتا ہے اور پگڑی نہ رکھ سکتے ہوں یا جسکو گرمی کا سخت دھڑکا ہو یا پیشاب میں جلن ہو یا خاص سوزاک اور کسی طرح سے نہ جاوے ان چار عارضوں کیلئے میرا خاص تجربہ ہے کہ اسکو ۲ ماشہ آدھ پاؤ پانی سے پیسکر اور دو تولہ مصری ملاکر ایک ہفتہ پینے سے مرض دور ہوتا ہے اور ریاح و رطوبت کو تحلیل کرنے والی ہے۔ دستوں کو بند کرے۔ حیض کو جاری یرقان و تپ کہنہ کو دور کرے اور پیس کر لگانا ورم طحال و ختنار کو تحلیل کرے اور سرکہ کے ساتھ لگانا۔ بہق۔ کلف و درد نقرس کو دور کرے اور سرمہ میں ملاکر ہر امراض چشم کو مفید ہے ۱۲

خواص ستیاناسی

یہ ایک خودرو بوٹی ہے جسکو شجرۃ النشرک ششم شوتی۔ بھیکنٹری۔ کہاٹرہ۔ ہیم سکھا۔ کیموں ح تھل۔ بھی کہتے ہیں۔ پنجاب و ہندوستان میں ماہ جیٹھ۔ ہاڑ۔ ساون میں بکثرت پانی والی جگہ کے قریب قریب ملتی ہے۔ قد میں آدھ گز سے بھی اونچی۔ پتوں پر کانٹے اور ریشے ہوتے ہیں۔ شاخ توڑنے سے زرد رنگ کا دودھ (زرد آب) نکلتا ہے۔ اور پھول نازک زرد رنگ کا اور اسکے ڈوڈہ میں چار خانے جس میں سے (رباردر کے مشابہ) سیاہ رنگ کے دانے نکلتے ہیں۔ مزاج اس کا درجہ دوم یا سوم میں گرم خشک ہے۔ اوّل تو اس کا نام ہی بتلاتا ہے کہ یہ جمیع امراض کے ستیاناس کرنے والی ہے۔ اس کے پھل۔ پھول۔ بیج۔ تخم۔ پوست۔ شاخ۔ برگ۔ دودھ۔ جڑھ وغیرہ میں عجیب و غریب تاثیرات و خواص ہیں۔ منجملہ ان کے تقویت باہ۔ بدن۔ کمر۔ پشت تولید و مغلظ منی۔ امساک۔ رفع سیلان۔ جریان۔ اوجاع مفاصل اورام بدن میں تو بہت ہی مفید ہے۔ جن کے فوائد معہ ترکیب استعمال وغیرہ آگے لکھے جاتے ہیں +

فوائد تخم ستیاناسی

(۱) کتنا ہی پرانا پھوڑا کسی جگہ ہو اسکے تخموں کو باریک کرکے پانی ملاکر بطور مرہم لگائیں فوراً آرام ہو (۲) تخم باریک کرکے پانی ملاکر نخود کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام اللہ تعالیٰ کا نام لیکر پانی سے نگلو۔ اول درجہ مصفی خون۔ دافع خارش۔ پھوڑا پھنسی ہے (۳) تخم ستیاناسی و سیاہ مرچ ہموزن پیسکر پانی سے سگ گزیدہ کو پلاؤ فوراً ایک دو دستے آکر آرام ہوگا (۴) نیلگر اسکے تخموں کو بجائے اپیکاکوانا کے استعمال کرتے ہیں (۵) بچے ان کو آگ پر ڈال کر پٹاخے بجاکر خوش ہوتے ہیں۔ (۶) کشتہ سم الفار اسطرح سے عمدہ اس سے بنتا ہے ایک کڑاہی میں سم الفار کی ایک تولہ کی ڈلی رکھکر تھوڑے تھوڑے تخم ستیاناسی کو اس پر ڈالتے جائیں اور نیچے نرم آنچ رکھیں۔ جب تیل نکلنے پر آئے تو فوراً آنچ کو بند کردیں۔

اور ہونے پر چولھے سے اُتار کر دیکھیں کہ عمدہ سفید براق کشتہ ہوگیا ہے یا نہیں اور پھر اسکو کسی حکیم کی رائے سے استعمال کریں (۷) تخم ستیاناسی آتشک - خارش - پورانے زخموں کیلئے نہائت مفید ہے تخم کے برابر حب الفیل اور ان دونوں کے برابر مصری ملا کر باریک کر کے سات سات ماشہ ہمراہ آب استعمال کریں - (۸) قے دست اور زرد پانی کے نکالنے ورم شکم اور درد جوڑوں اور استسقاء کے دور کرنے میں اسکے تخموں کو بڑا کمال حاصل ہے صرف تخم اور ہموزن کھانڈ ملا کر سات سات ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھائیں مجرب ہے +

فوائد روغن تخم ستیاناسی

روغن عمدہ طرح سے نکالنے کی دو ترکیبیں ہیں جو ذیل میں درج ہیں (۱) کسی استاد تیلی سے کولھو میں تیل نکلواؤ (۲) تخم ستیاناسی کو باریک کر کے دیگچی میں پانی ڈالکر خوب ملو اور چولھے پر چڑھا کر آگ روشن کر دو - تھوڑی دیر میں تیل اوپر تیر آئیگا - اسکو آہستہ پانی پر سے اُتار لو تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ ایک سیر پختہ تخموں میں سے ۵ چھٹانک تیل نکلتا ہے - ہیضہ والے کو تین تین چار چار قطرے دو دو گھنٹے بعد دینے سے نیند آجاتی ہے اگر کسی کو قے کرانی ہو - تو زیادہ مقدار میں دینے سے فوراً قے ہو جائیگی - درد شکم - پیچش - کھانسی - کالی کھانسی کیلئے نہائت مفید ہے - خارش والے کو اور وجع مفاصل کو تیل کا ملنا مفید ہے - بخار کی بیچینی بھی رفع کرتا ہے بعض ملکوں میں اسکو چراغوں میں جلاتے ہیں اور بعض اس سے اکسیر کا بھی کام لیتے ہیں

فوائد گل ستیاناسی

مقوی باہ - دافع کثرت احتلام - محافظ منی - دافع جریان سوزاک ہے - گل ستیاناسی کو سایہ میں خشک کر کے ایکے برابر طباشیر تیلگوں - دانہ الائچی خورد خوب پیسکر ملائیے گل ستیاناسی سے چوتھائی زعفران کو کیوڑہ میں کھرل کر کے حسب ضرورت شہد ڈالکر گولیاں بمقدار نخود بنائیں اور پھر ایک

گولی صبح اور ایک دوپہر اور ایک شام ہمراہ دودھ خدا کا نام لیکر کھائیں۔ بفضلِ خدا ایک ہفتہ میں جس مرض کے لئے کھائی ہے۔ دیکھیں +

فوائد برگ وشاخ

(۱) ترکیب کشتہ ہڑتال ورقی۔ ایک کڑاہی میں پانچ سیر پختہ نگدہ برگ ستیاناسی میں ایکتولہ ہڑتال رکھکر کسی برتن سے ڈھانپ دیں اور گرداگرد مٹی وغیرہ سے بند کردیں نیچے اسکے ۱۲ گھنٹے برابر نرم آنچ جلائیں سرد ہونیپر نکالکر دیکھیں کشتہ ہوجائیگا (۲) عرق برگ ستیاناسی آشوب سرخی خارش چشم کیلئے مفید ہے (۳) شاخ کو مقشر کرکے گوشت میں پکانے سے بڑی لذیذ ہوتی ہے (۴) ذیل کے نسخے کا حلوا مقوی بدن وباہ مولد مغلظ منی دافع جریان وسرعت انزال ہے) تازہ شاخ ستیاناسی کو مقشر کرکے سایہ میں خشک کریں پھر آرد نخود مقشر۔ اور آرد گندم۔ آرد غلہ کنگنی۔ ہر چہار آرد پاؤ پاؤ پختہ آرد مغز پنبہ دانہ آدھ پاؤ پختہ ان سب کو آدھ سیر پختہ روغن گاؤ میں بریان کرکے پھر شیر گاؤ سوا سیر پختہ شہد ڈیڑھ سیر پختہ مصری حسب ضرورت اور بریاں کیا ہوا آٹا ڈالکر حلوا بنائیں اور پھر سرد ہونے پر دانہ الائچی خورد بسباسہ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ کیوڑہ میں پیسکر دانہ الائچی کلاں ایکتولہ ڈالکر خوب حل کریں اگر زیادہ مقوی کرنا ہو تو مغز بادام مقشر۔ مغز نارجیل مقشر۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ حسب مزاج یہ چیزیں داخل کریں اور پھر صبح شام سات سات ماشہ دودھ سے کھائیں اور موافق مزاج کے خوراک زیادہ کرتے جائیں یہ نسخہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے اس سے بہتر نہیں (۵) فوائد زرد آب جو بوٹی سے نکلتا ہے قدرے زبان پر ملنے سے چند یوم میں لکنت کو آرام ہوجاتا ہے (۶) دودھ کو گھی میں ملا کر جالا دھند۔ ڈھلکہ۔ خارش۔ سرخی چشم کو دور کرتا ہے (۷) برگ ستیاناسی کی حب کی نخود برابر گولیاں بنائیں درد شکم۔ درد سر۔ اسہال کہنہ۔ دمہ۔ کھانسی والے کو بدرقہ مناسب کے ساتھ دینے فائدہ ظاہر ہوتا ہے (۸) ستیاناسی کے پتوں کا دودھ ۲ تولہ کے قریب پینے سے جذام آتشک مایوس العلاج کو ایک چلہ میں بالکل فائدہ ہوجاتا ہے (۹) برگ ستیاناسی کے نگدہ کو زخم حیوانات پر

باندھنے سے بہت جلدی فائدہ ہوتا ہے (۱۰) کشتہ فلوس جو کہ مقوی باہ ممسک مولد منی دافع درد کمر و پشت اوجاع مفاصل کیلئے اکسیر ہے اسکے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ سم الفار سفید ۱۲ ماشہ ہڑتال ورقی ۱۲ ماشہ کو باریک کرکے فلوس مونٹا کے زیر و زبر رکھکر آدھ سیر بچھئہ نگدہ برگ ستیاناسی میں رکھکر ایک سیر بچھئہ پارچہ لپیٹ کر گجپٹ کی بند آنچ صحرائی اوپلوں کی دیں۔ سرد ہونے پر نکالکر نیم چاول سے ایک چاول تک مسکہ یا ملائی تازہ میں رکھ کر کھلائیں۔ ایک ہفتہ میں بفضل خدا کامل فائدہ ہوگا۔ پرہیز ترش و بادی اشیاء سے ضروری ہے +

فوائد جڑھ ستیاناسی

اسکی جڑھ کا پوست لیکر سایہ میں خشک کرکے اسکے ہموزن شکر ملا کر پانچ یا سات ماشہ ہر روز ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ تقویت باہ تغلیظ منی۔ سرعت انزال وغیرہ کیلئے مفید ہے اور یہ یاد رہے کہ یہ بوٹی ہر جگہ دستیاب ہو جاتی ہے۔ عموماً جہاں سیلاب ہوتا ہے وہاں بکثرت ملتی ہے اور اس بوٹی سے بعض بعض کاریگر اکسیر بھی بناتے ہیں۔ اسلئے یہ بوٹی بدن کیلئے بھی اکسیر ہے۔

میچکا

جسکو کربخوہ۔ کرنج۔ کرنجکا۔ اور کرنجن کہتے ہیں۔ مغز فندق کے مشابہ مشہور خانہ دار پھل ہے دو قسم کا بڑا اور چھوٹا۔ عورتوں کے رحم کے امراض کیلئے بالخاصیت مفید ہے اگر اسکا ایک دانہ پہلے داہنی ران پر پھر بائیں ران پر باندھیں تو بچہ سہولت سے پیدا ہو اگر اسکا مغز کوٹ کر عورتوں کے دودھ میں گوندھ کر حمول کریں۔ تو حمل قرار پاوے اگر اس کو سرخ رنگ ڈورے میں پرو کر حاملہ کے گلے میں ڈالیں تو اسقاط حمل سے محفوظ ہے اگر اس کو شیر عورت میں گھسکر پشم کے ٹکڑے میں آلودہ کرکے حمول کریں تو جو بانجھ ہو اسکو حمل ہو جاوے اور جس کا حمل ساقط ہو جاتا ہو اس کا حمل محفوظ ہے۔ دافع بواسیر۔ قاتل کرم شکم۔ نافع جذام مغز اسکا زود ہضم۔ مسہل مشتہی دافع شکم

وبائی امراض کے دور کرنے میں تاثیر رکھتا ہے۔ اگر اس کا مغز نصف عدد مع ۷ عدد سیاہ مرچ
کے کوٹ کر ملا کر استعمال کرائیں تو قولنج ریحی کو فوراً آرام دے۔ اگر اس کا مغز و پلاس۔ پاپڑہ و
نرم برگ ببول مساوی ملا کر حبوب بنالیں تو چوتھیا بخار دور ہو۔ نیز اس کا مغز سفوف شدہ استسقاء
اور ورم جگر کو مفید ہے اگر اسکو آگ میں ڈالیں اور جب اوپر کا چھلکا جل جاوے تب اندر مغز
پیسکر سفوف ضیق النفس والے مریض کو دیں تو شدت کی کھانسی کو تسکین دیتا ہے تشنج اور ورم
خصیہ کو مفید ہے اگر خصیوں میں پانی اتر آیا ہو تو برگ بید انجیر پر اس کا سفوف چھڑک کر
باندھنے سے پانی سوخت یا کسی طرف سے خارج کر دیتا ہے۔ اس کا تیل بدن پر ملنا جلد کو جلا
دیتا ہے اگر پیسکر سفوف کرلیں اور سیاہ مرچ و فلفل دراز برابر برابر ملا کر سفوف مرکب بنا
لیں تو بلغمی بخار کو نہایت مفید ہے۔ اگر میٹھے تیل میں کرنجوہ جلا کر تیل صاف کرلیا جائے تو وہ
تیل دنبلوں اور زخموں کو جلد بھر لاتا ہے۔ اس کے درخت کے پتے "بمقدار ایک مشت
لیکر عرق نکالیں اور چند دانہ مرچ سیاہ ملا کر قبل از حیض دیں تو درد رحم کو بالکل زائل کر دیتا
ہے یرقان والے کو اسکے درخت کے پتے بھنگ کی طرح گھوٹ کر دیں۔ اگر مغز تخم کرنجوہ
فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ برگ درخت مغیلاں در سایہ خشک کردہ۔ سب برابر ملا کر
سفوف کرلیں اور گلو سبز ۵ تولہ۔ چرائتہ مونڈھا ایک تولہ۔ اجوائن ۶ ماشہ سب کو آدھ سیر
پانی میں پکائیں۔ جب تھوڑا پانی رہ جائے۔ تب چھان کر سفوف مذکور اس میں ملا کر
گولیاں بقدر سیاہ مرچ بنالیں تو کیسا ہی پورانا بخار ہو ایک گولی پانی سے کھلا دیں دن
میں تین بار گولیاں کھلانے سے جلد آرام ہو جاتا ہے۔ قولنج درد معدہ درد شکم میں بھی بہت
مفید ہے چنانچہ پھٹکڑی بریاں۔ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ۔ مغز تخم کرنجوہ۔ بابڑنگ۔ صبر
سقوطری۔ نمک سیاہ سب برابر لیکر مساوی عرق اور ادرک سے گولیاں بنالیں بقدر
نخود اور موافق ضرورت کے تین چار گولیاں دیں +

سنگ گردہ نکالنے میں بھی از حد مجرب ہے۔ چنانچہ کرنجوہ کا سفوف ایک ماشہ شہد

تین ماشہ ملاکر پھر روز مریض کو کھلاویں اور ہر روز ایک ماشہ کر کے زیادہ کرتے جاویں۔ اسی طرح ۱۱ دن تک بڑھاکر پھر روز ایک ماشہ کم کرنا شروع کر دیں اور تین ماشہ پر آویں تو بالکل آرام ہوگا

کاگ جنگھا کے فوائد

اسے کاگ جنگھا۔ پائے زاغاں۔ تخم جاروب۔ رجل الغراب کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ کوے کے مشابہ ہوا کرتی ہے۔ پتے شہدیوی کے پتوں کے مشابہ۔ جڑیں شعبہ دار شاخیں باریک مسدد اور گرہ دار۔ شاخوں میں سے بہت سے پھول باریک باریک بنفشی رنگ۔ گل گاؤزبان کے مشابہ۔ اسکے پھل غلاف میں لپٹے ہوئے سونف کی مانند ہوتے ہیں اسکی شاخیں چیرنے پر اندر سے کرم نکلتے ہیں جن کو بلبلیں شوق سے کھاتی ہیں اور مست ہو کر خوب گاتی ہیں۔ ہرن بھی کمال شوق سے چرتے ہیں۔ **فوائد**۔ پارہ نیم کشتہ سے اگر نقصان پہنچا ہو۔ تو ایک تولہ یہ بوٹی مرچ سیاہ ۳ عدد کیساتھ پانی میں پیسکر پلانے سے ایک ہفتہ میں آرام ہوتا ہے نیز برگ و شاخ پانی میں گھوٹ کر پلانے سے سوزاک بہت جلد آرام ہوتا ہے اگر اس کا نگدہ گرم کر کے باندھیں تو دنبل تحلیل ہو جاتا ہے۔ گاؤں کے لوگ مویشیوں کے زخم پر اس کا استعمال کرتے ہیں تو زخموں کو بہت جلد اچھا کر دیتا ہے نہایت گہرے زخم اس سے جلد بھر جاتے ہیں۔ جذام کیلئے نہائیت سریع الاثر ہے مگر طریق استعمال اس طرح پر ہے کہ مریض کو پہلے جمالگوٹہ کے تین جلاب دیں۔ پھر ۲ تولہ بوٹی مذکور میں پیس کر چھان کر پلاویں اور ہر روز بوٹی بڑھاتے جاویں۔ حتے کہ آدھ پاؤ پتوں کی مقدار پہنچ جاوے پس دو ہفتہ تک شیرہ پلانا کافی ہے۔ مگر اثنائے عمل میں اسی بوٹی کا ساگ بھی کھلاویں نمک کم کر دیں بعد ازاں تخم مالکنگنی پاؤ بھر۔ نیم آدھ پاؤ۔ تخم کاگ جنگھا آدھ پاؤ تینوں کا تیل بذریعہ پتال جنتر نکالیں۔ اور ہر روز ایک برگ پان سادہ پر تیل چپڑ کر بغیر کتھ و چونہ لگا کر کھلا دیا کریں۔ ۴۰ دن میں بالکل آرام ہوگا۔

مگر غذا بیسنی روٹی دیں +

فوائد بانسہ

اسے اڑوسہ بھی کہتے ہیں یہ پہاڑی پودا جھاڑ دار ہوا کرتا ہے دو قسم کا ہوتا ہے ایک پھول سفید دوسرے کے سرخ جو فوائد میں زیادہ قوی ہے۔ یہ پودا کھانسی۔ بخار۔ قے۔ ہچکی۔ پربیو۔ پیاس۔ یرقان خونی امراض دمہ وغیرہ کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ آواز کو کھولتا ہے۔ برگ بانسہ جو درخت پر زرد ہو کر گر گئے ہوں توا پر رکھکر اوپر پیالہ ڈھک کر نیچے آگ جلاویں۔ کہ خاکستر ہو جاوے۔ تو برابر کی منگر تری ملاکر تھوڑا تھوڑا بچوں کو چٹاویں۔ تو پرانی کھانسی کو آرام دے اسکے پتوں کا جوشاندہ بنا کر غرغرہ کرنیسے دانتوں کے درد کو آرام ہو جاتا ہے۔ شہد ملا کر پلانے سے بخار اور کھانسی کو آرام ہو جاتا ہے آدھ سیر پتے گھوٹ کر ایک تولہ سم الفار کے نیچے اوپر دیکر کلیا میں بند کر کے نیچے چار پہر لکڑیاں جلادیں بعدہٗ سرد کر کے نکالیں سم الفار کا کشتہ ہو گیا ہوگا خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک بالائی میں دیں۔ غذا مرغن دیں تو پورانا بخار۔ کھانسی۔ دمہ اور رعشہ دور ہو۔ لیکن نہار منہ نہ دیں بلکہ کچھ غذا پہلے کھلادیں تب یہ دوا دیں جب کشتہ بنادیں تو ہنڈیا منہ تک تمام پتوں سے بھر دیں جگہ خالی نہ چھوڑیں۔ اسکے پتوں کا عرق آدھ سیر نکالیں اور ایک جست آگ پر گلادیں۔ تب اس کا عرق چوپادیں جب تمام عرق جذب ہو جاویگا۔ تو جست کشتہ ہو گا۔ تو جریان اور نزلہ حار کو اکسیر اور مقوی باہ بھی ہے۔ اگر آدھ سیر برگ بانسہ اور آدھ سیر برگ پھولاہی ۵ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ۲ سیر پانی رہے تب ملکر چھان لیں اور دوبارہ آگ پر اسقدر پکاویں کہ قوام افیون کی مانند گاڑھا ہو جاوے تب جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی گرم پانی کے ہمراہ دیں درد شکم کو فوراً آرام ہو نفخ اور ریاح جرائل ہو بانسہ کے پھولوں کا گلقند سل کے واسطے عجیب الاثر ہے سناء مکی ۵ تولہ سونٹھ ستوہ ۷ تولہ۔ برگ بانسہ ۱۲ عدد مغز بادام مقشر ۲۰ عدد کھانڈ طوسی ۵ تولہ پہلے دونوں پہلی دواؤں کو

الگ الگ پیس لیں پھر سونٹھ باریک شدہ شیر بز میں گوندھکر ٹکیہ بنا دیں۔ اور روغن زرد میں سُرخ کرلیں اور کھانڈ ملا کر نگاہ رکھیں خوراک ۴ ماشہ ہمراہ آب سرد صفرادی اور مزمنہ بخار کو مفید ہے قبض رفع کرتا ہے۔ بانسہ مصفی خون بھی اعلیٰ درجہ کا ہے پوست بیخ بالنہ ۱ تولہ کچور ۵ تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ مرچ سیاہ اور کچور کو قدرے کوٹ کر معہ پوست درخت بانسہ اڑھائی سیر پانی میں اسقدر جوش دیں کہ ایک بوتل رہے۔ پس ایکتولہ صبح اور ایک تولہ شام پلاویں۔ زرنیخ ورقیہ شیر مدار میں ۴ پہر کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر سایہ میں خشک کرلیں پھر ایک ہنڈیا میں ایک سیر خاکستر درخت بانسہ کے درمیان رکھکر اوپر چار دانہ گندم ڈالدیں اور چولہے پر چڑھا کر تلے اسقدر آگ جلاویں کہ دانہ گندم بھُن جاویں۔ تب آگ بند کریں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ سفید کشتہ ہو خوراک ایک چاول سے ایک رتی تک شہد میں۔ دمہ۔ کھانسی و سوجن کو ازحد مفید ہے۔ برادہ فولاد کو چینی کے برتن میں ڈال کر اوپر عرق برگ بانسہ اسقدر ڈالیں کہ ۱/۲ انگل اوپر ہو جاوے۔ جب دہوپ میں سوکھ جاوے۔ تب اور عرق نکالیں۔ اسی طرح ۷ روز تک بھیگا رہنے دیں۔ پس فولاد کشتہ ہو جاویگا۔ خشک کرکے پیس لیں۔ خوراک ایک رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ مصری و شہد و روغن زرد۔ دق کی کھانسی کو مفید ہے سرطان آب برگ بانسہ میں صلایہ کرکے گل بانسہ کے نگدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ اور گرم تنور میں رکھیں سرد ہونے پر نکالکر پیس لیں خوراک ایک ماشہ ہمراہ شربت خشخاش۔ سل اور دق کو ازحد مفید ہے ❖

فوائد درخت برگد

اسے بڑ کا درخت بھی کہتے ہیں۔ اس کا دودھ دنبل پر لگادیں اگر مواد کم ہوگا تو دنبل تحلیل ہو جاویگا اور اگر مواد زیادہ ہوا تو چند بار کے لگانیسے پھوٹ جاویگا۔ اگر کسی زخم پر دو چار زم پتے گرم کرکے کس کر باندھیں اور تین چار دن تک نہ کھولیں تو زخم برابر ہو جاویگا اور نشان تک باقی نہ رہیگا اور اسکا دودھ بقدر ایک ماشہ ہر روز قدرے کھانڈ میں ملا کر کھاویں اور ہر روز ایک ایک ماشہ بڑھاتے جاویں

حتی کہ ۱۲ ماشہ کی نوبت پہنچ جائے پھر ایک ایک ماشہ کم کرنا شروع کریں اور ایک ماشہ اخیر پر لے آویں ہر ایک قسم کی بواسیر۔ جریان۔ سرعت۔ رقت۔ ضعف باہ۔ احتلام کو مفید ہے۔ اگر درخت برگد کا خشک ریشہ ڈیڑھ ماشہ پیسکر روزانہ پیا جاوے تو بھی امساک و سرعت کیلئے ازحد مفید ہے۔ اگر اسکے دودھ کو ہر روز مسوڑوں پر ملیں تو وہ مضبوط ہو جاویں اگر سلائی سے آنکھوں میں لگادیں۔ تو ضعف نظر اور یرقان کو بہت ہی مفید ہے اسکے پتے بہت سے ایک گھڑے میں بھر کر پانی ڈالکر نرم نرم آگ پر پکادیں۔ جب پانی گاڑھا ہو جاوے تو چھانکر پکا کر قوام کرلیں۔ جو افیون کی مانند ہو جاویگا۔ اسکے کھانے سے بواسیر۔ سرعت اور جریان بالکل جاتا رہتا ہے۔ اگر پلہ کو ہاتھ پر رکھکر برگد کا دودھ ڈالکر ملیں تو گولی بن جاویگا۔ برگد کے پھل اگر گھوٹ کر نگندہ کریں۔ اور درمیان ایک روپیہ رکھکر اسپر آگ دیں تو وہ بیک ہو جاویگا اور سوزاک و جریان کو مفید ہوگا۔ اگر برگد کی ڈاڑھی کا سفوف اسی کے دودھ میں گوندھکر خمیر کرلیں اور سکھ کر برابر کے تعلب ملاکر سفوف بنالیں اور ہر روز ۳ ماشہ کھایا کریں تو دردکمر کو جو جریان کے باعث سے ہو نہایت مفید ہے۔

فوائد درخت نیم

یہ درخت سوائے ملک ہند کے اور کہیں نہیں ہوتا اس کے فوائد بیشمار ہیں (۱) اگر اسکے پتوں کو برتن میں پکا کر اسکا بھپارہ لیں تو کان کے درد کو بالکل آرام ہوگا۔ اگر پلا کھوکھا ۳ ماشہ برگ نیم ۲ تولہ کوٹ کر ٹکیہ بناکر روغن کنجد میں تل لیں تا کہ ٹکیہ سیاہ ہو جاویں تو وہ تیل قطرہ گوش کو انعد فائدہ بخشیگا (۲) اگر آنکھ درد کرے تو اسکے پتوں کا عصارہ مخالف سمت کان میں ڈالیں چند بار کے عمل سے کلی آرام ہو جاویگا (۳) اگر پتوں کا بھرتہ کرکے دنبل بار منہ پر باندھیں تو ان کو فوراً پکا کر پھوڑ دیتے ہیں۔ اگر زخم ہو اور لندرا دہو۔ تو صاف کر دیتا ہے۔ اگر جعق نے پاپان لگاتا ہو تو تیل چیڑ کر نیم کے پتے جلاکر وہاں چھڑک دیں۔ اگر نیم کے پتوں کے عرق سے تین بار چورنہ کو تر اور خشک کریں پھر باسور میں بھریں۔ تو اسکو فوراً اچھا کر دیتا ہے۔ ہو مدیر السنہ درخت

ہے دودھ کی مانند خود بخود ٹپکتا ہے۔ اگر اسکو مجذوم روز پیا کرے تو ۲ ماہ میں اچھا ہو جاوے
اسکا عرق فساد خون کو از حد مفید ہے اگر پتوں کو جلا کر عرق سرس سے سرمہ سا کر لیں تو خارش
چشم و بیاض کو فائدہ دیتا ہے۔ اگر چند لونگ نیم کے اندر بھر دیں اور ۶ ماہ تک نہ نکالیں اور
سرمہ میں ملا کر آنکھوں میں لگاویں تو نزول الماء۔ دھند اور جالا کو مفید ہے۔ اگر اسکی کونپلوں کو
آگ میں جھلسا کر پانی نکالیں اور پلاویں تو درد پہلو کو از حد فائدہ بخشتا ہے۔ اگر تولہ پوست درخت
نیم ۴ ماشہ۔ سونٹھ ۴ تولہ بھنگرہ سیاہ ملا کر جوش دیں تو پلانے سے ادرار حیض بخوبی ہو۔ نیم کا معجون
جوانی برقرار رکھتا ہے جس کا نسخہ یہ ہے۔ کہ ہلیلہ سیاہ ۲ سیر بھلانوہ ۱ سیر پارہ ۱ سیر گندھک ۴ سیر
سب کو باہم ملا کر نیم صد سالہ کے اندر بھر دیں۔ دو سال کے بعد درخت کے اندر سے نکال کر
شہد خالص ۲۰ سیر ملا کر معجون بنا دیں اور ۴ سال تک ہر روز ساڑھے ۴ ماشہ کھایا کریں کایا
کلپ ہو اگر نیم کے پانچوں رنگ یعنی پھل۔ پھول پتے۔ چھال اور جڑ کو سفوف بنا کر ہر روز
بلا ناغہ ایک کف دست کھاویں اور دس ماہ تک یہ عمل کریں تو دو سو سال کی عمر ہو اگر ایام
وبا میں اسکی مسواک کریں اور پتے کھاویں۔ تو امن میں رہیں۔ نیم کی گولیاں جو بطور حفظ ماتقدم
کے بہت ہی مفید ہیں ۲ برگ نیم ایک جز۔ مرچ سیاہ نصف جز دونوں کو نیم کے ڈنڈے
سے گھوٹ کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا لو۔ ایام وبا میں ہر روز دو تین گولیاں کھا
لیا کرو۔ طاعون سے امن رہیگا۔ نیم کے بنولی کا تیل بھی ہندوستان میں بکثرت
نکالا جاتا ہے۔ جب اسے چراغ میں جلاتے ہیں۔ تو صاف روشنی دیتا ہے اور کوئی جانور
پروانہ وغیرہ چراغ پر نہیں آتا۔ اگر سر میں لگاویں تو جوئیں نہیں پڑتیں اگر ۵ بوند روزانہ یہ تیل
کھاویں تو فساد خون۔ بواسیر اور ہر قسم کی وبا کو از حد مفید ہے اسکی کھلی کھیتوں کیلئے عمدہ کھاد
ہے جس کی تاثیر سے پودے بہت جلد سرسبز ہو کر بڑھتے ہیں۔ اور موذی کرم وغیرہ دیمک
سے محفوظ رہتے ہیں۔ نیم کا تیل پکے ہوئے ناک اور پھوڑوں پر لگانا بہت مفید
ہے۔ نیم کا پھل جسکو بنولی کہتے ہیں۔ جب پختہ ہو جاتا ہے۔ تو میٹھا ہو جاتا ہے۔

جس کا کھانا خون کو صاف کرنے کے لئے ازحد مفید ہے۔ نیم کا سایہ بھی فساد خون کیلئے بہت مفید ہے جس کنوئیں پر اس کا سایہ ہو اُس کا پانی غایت درجہ مفید ہے +

بسکھپرا کے فوائد

یہ بوٹی اٹ سٹ کی ایک قسم ہے فرق یہ ہے کہ اٹ سٹ کا پتہ گول اسکا لمبا نوکدار ہوتا ہے اور اُسپر خطوط یعنی دھاریاں نمایاں ہوتی ہیں۔ نیز جڑھ کے پاس سے اسکی تین شاخیں ہوتی ہیں اور جڑھ گاجر مولی کی طرح ٹوٹ جاتی ہے خواص۔ منی پیدا کرتی ہے۔ بدن کی پرورش کرتی ہے پانی اسکا تیز مثل مرچوں کے جلن دار ہوتا ہے اسکے پودے کا چھلکا مفرح قلب ہے۔ عقرب کے زہر کو دور کرتا ہے۔ جڑھ شہد میں گھسکر آنکھ میں لگانے سے نزول الماء کو روکتی ہے پانی اسکے پتوں کا درد کان۔ جریان کو مفید ہے اسکا چھلکا پانی میں گھسکر پلانا سوزاک کیلئے مفید اگر اس کا عرق منہ پر ملیں تو چہرہ کا رنگ سرخ کرے۔ مشتہی طعام۔ ملین۔ مسہل دافع دمامیل۔ فساد باد۔ بلغم۔ ورم اعضاء استسقاء۔ یرقان۔ صلابت طحال وجگر۔ سنگ گردہ ومثانہ کو دور کرتا ہے درد رحم کیلئے پلانا اور نطول کرنا مفید ہے اگر اس کا پانی کاٹ کر نکالیں اور ۵ درم روز ایک ہفتہ تک پلادیں۔ تو رحم کا درد بالکل جاتا ہے۔ مگر غذا بے نمک دیں اگر اسکی سفید جڑھ ۲ ماشہ کا شیرہ نکالکر روزمرہ پلادیں تو ۲ ہفتہ میں رحم کے مرضوں سے کلی صحت ہوتی ہے اگر سفید جڑھ اسکی برابر کی شکر سفید ملاکر دودھ کے ہمراہ کھلاویں۔ تو درد شقیقہ کو آرام ہو جاتا ہے۔ مگر لونگ اور سیاہ مرچ کے ہمراہ اسکی جڑ شہد ملاکر سرمہ کی طرح لگاویں۔ تو آنکھ میں لگانے سے روشنی تیز ہوتی ہے۔ یرقان دور ہوتا ہے اس کا تازہ پانی ۵ درم شیر گاؤ ۱۲ تولہ پلادیں۔ تو بول بستہ کھل جاتا ہے۔ اسکی جڑھ کا حمول مسقط ہے۔ اگر تھوڑی سی جڑھ پان کے ہمراہ کھادیں۔ تو ضیق النفس کو ازحد مفید ہے۔ اگر جڑھ کو مرچ سیاہ کے ہمراہ گھوٹکر ورم گلو پر باندھیں تو ورم تحلیل ہوتا ہے۔ اگر اٹ سٹ کے پانی کو شہد ملاکر آنکھ میں ڈالیں

تور تو ندا۔ حالا۔ پھولا۔ ٹھرجی کو مفید ہے نیز دافع درد معدہ بارد درگی ہے ریاح کو خارج کرتا ہے۔ پیشاب اور حیض کو کھولکر لاتا ہے تینوں اخلاط یعنی خون و بلغم وصفرا کی اصلاح کرتا ہے اور دافع اثر سموم لاتا ہے۔ اس کا تیل درد مفاصل کیلئے بہت ہی مفید ہے اکثر مریض شفایاب ہوتے ہیں۔ درد رحم و خصیلتین کو آرام دیتا ہے۔ مگر اس کی کثرت وارد گلو بند اگرتی ہے جسکا مصلح کاہو و کاسنی بہتر ہے اس کا تیل کلف کو بھی دور کرتا ہے۔ اسکا نچوڑا ہوا پانی پلینا مرگی اور درد پہلو کو مفید ہے۔ لیکن گرم مزاج کو مضر ہے۔ اگر اسکھپرا کو شاخ اور جڑھ سمیت حاملہ عورت کی بائیں ران پر باندھیں تو وضع حمل آسان ہو۔ مگر وضع حمل کے بعد فوراً کھول دینا چاہیے۔ اسکے بیج پانی میں پکا کر اگر عضو تناسل کو ٹکور کریں تو سخت اور دراز ہو جاتا ہے +

بعض ادویہ کے عجیب خواص

لنگی سیاہ کوٹ کر پانی میں بھگودیں۔ اور بارہ گھنٹے کے بعد وہ پانی گھر میں چھڑکیں تو تمام چوہے اسکی بو سے بھاگ جاویں +

فندق تر سے بچھو بھاگتے ہیں۔ اگر عقرب کے گرد دائرہ بنادیں تو اسکے اندر رہ کر مرجاوے بکری خون اور پانی ملا کر گھر میں رکھدیں اسکی بو سے تمام پسو اس میں جمع ہو جاوینگے۔ شیر کی چربی کی بو سے تمام درندہ بھاگتے ہیں۔ کیلا اگر کتے کو روٹی میں کھلاویں تو وہ چیخ مار کر اوپر کو اچھلتا ہے اور گر کر مرجاتا ہے۔ بادام تلخ اگر کتے کو کھلادیں۔ تو اس کا گلا بیٹھ جاتا ہے۔ بھونکا نہیں جاتا۔ خاکستر شاخ انگور اگر بارش کے پانی میں گھولیں اور کپڑے پر ضماد کر کے عورت کے پستان پر لگادیں۔ تو وہ پھر زیادہ نہ بڑھیں +

مرغ کے سر کو اگر تیل سے چکنا کردیں تو وہ اذان نہیں دیتا۔ چوہا مردار سنگ کھا کر مرجاتا ہے گھوڑے کا سم حاملہ کے بخور کریں۔ تو آنول جلد باہر آجاتی ہے یاقوت اگر معجون میں ڈالیں تو زہر دار اشیاء کے اثر کو زائل کرتا ہے +

زمرد حاملہ عورت کا محافظ ہے ایک زمرد ایسا ہوتا ہے کہ اگر سیاہ سانپ کی نظر اُس پر پڑ جاوے تو آنکھیں پانی ہو کر بہ جاتی ہیں اور سانپ اندھا ہو جاتا ہے الماس جسکے پاس ہو اُس پر بجلی نہیں گرتی۔ نہ بد نظر لگتی ہے نیز سنگ مثانہ دور ہو جاتا ہے لعل اصلی جس شخص کے پاس ہو اسکو احتلام نہیں ہوگا۔ نہ پریشان خواب آوینگے۔ فیروزہ کو دیکھنے سے آنکھ میں طاقت آتی ہے جو شخص صبح کو دیکھے وہ دن بھر خوش رہیگا۔ مونگا اگر زہر خوردہ کو دیں۔ تو رگوں کے اندر سے زہر کو نکال دیتا ہے ÷

سفید کنیر کے پھول گھوٹ کر بطور مہندی ناف پر لیپ کرنے سے اندام نہانی کشادہ ہو جاتی ہے۔ بچھو اور بھنگڑی پانی میں پیسکر چھڑکنے سے کھٹمل دور ہو جاتے ہیں۔ اسپند کے چند دانے کھلا دینے سے پرانی کھانسی دور ہو جاتی ہے۔ بکری کی مینگنی اگر سرہانے رکھیں تو بچہ پھر ضد نہیں کریگا۔ گدھے کے دانت کسی شخص کے سرہانے رکھ دیں تو خواب اُس پر غلبہ کریگا گھوڑے کا کف بغل اور پیشاب گاہ میں لگا دیں تو پھر وہاں بال پیدا نہ ہونگے۔ کبوتر کا سر اور چمگادڑ کا سر جس کے سرہانے رکھ دیں۔ اسکو پھر نیند نہ آوے۔ لہسن کھا کر اگر دھنیا چبا دیں۔ تو لہسن کی بدبو جاتی رہے گی ÷

تخم جرجیر اگر کوّے کو کھلا دیں تو اسکے تمام پر گر جاینگے۔ گلاب کا پھول بلی کی ناک پر مل دیں تو وہ بیمار ہو جاویگی۔ چوب انار انبار غلہ میں رکھ دیں تو اس میں کرم پیدا نہ ہونگے ہاتھی کی لید اگر کھیت میں جلا دیں تو ککڑی کی تمام بیلیں خراب ہو جاویں۔ لال مرچ کے بیجوں کا تیل لگانے سے بواسیر کے مسّے جلد گر جاتے ہیں۔ ہاتھی کی لید کی دھونی سے ہر قسم کا بخار دور ہو جاتا ہے۔ مینڈک کے کباب کھلا دینے سے ہمیشہ کیلئے آتشک دور ہو جاتا ہے۔ عصارہ سرگین اسپ کان ڈالنے سے درد کو بہت جلد آرام ہو جاتا ہے۔ عود صلیب گلے میں لٹکانے سے مرگی دفع ہوگی۔ مگر عود صلیب اصلی ہونا چاہیئے۔ جس کی شناخت یہ ہے کہ اگر اسکو توڑیں۔ تو اندر سے صلیب کا نشان نکلتا ہے ÷

برف کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کھلانے سے ہچکی اسی دم بند ہوجاتی ہے مگر آدھموں میں کھلائیے۔ تخم کو ترنج دو ٹکڑے کرکے عقرب گزیدہ کے مقام درد پر لگا دیں فوراً وہاں چپک جاویگا اور تمام زہر چوس کر خود بخود گر یگا۔ یہی حال اصلی کیچ کا ہے۔ موتی کا ٹکڑا اچھا ہو تو بچھو پر رکھ دیا جاوے تو وہ فوراً مرجاتا ہے ؛

صابون بنانا۔ سجی ۱ سیر۔ قلعی چونہ پانچ سیر دونوں کو علیحدہ علیحدہ برتن میں ڈالیں پانی سجی میں ایک من اور چونہ میں ۲۰ سیر ڈالکر ۲۴ گھنٹہ تر رکھیں۔ بعدہٗ اُن کا آب زلال لیکر تیل کنجد میں ملاکر جوش دیں۔ وقت تیاری قوام کے قالب میں ڈالیں اور جو رنگ کرنا ہو وہ رنگ ڈالیں مجرب ہے +

تانبے کو سفید کرنا۔ تانبے کو سفید بنانا ہو۔ نوشکھیا سفید ۲ تولہ۔ سفیدی بیضہ مرغ ۴ عدد لیکر خوب باریک پیسکر چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بناکر خشک کر رکھیں۔ جب سفید کرنا ہو تو تانبے کو گلاکر بحساب تولہ تانبے کے تین ماشہ دوا ڈالیں۔ سفید ہوگا۔ لیکن اسکے دہوئیں سے بچنا چاہیئے۔

جرمن سلور بنانا۔ جست ۲ تولہ۔ تانبا ۶ تولہ۔ نکل عمدہ ۵ تولہ اول نکل و تانبے کو کٹھالی میں گلائیں۔ پھر جست ڈالیں۔ اوپر سے تھوڑا سہاگہ دیکر گلالیں۔ جرمن سلور عمدہ ایک آنہ تولہ کا ہوجائیگا۔ نکل عام سوداگروں سے ملسکتا ہے ؛

موم مصنوعی بنانا۔ رال سفید ۵ تولہ۔ چربی صاف ۱۰ تولہ۔ آلو ۴ تولہ ہلدی زرد پسی ہوئی ۲ تولہ۔ اول آلو کو چھیلکر باریک باریک کتر کر خشک کرکے آٹا بنائیں پھر رال چربی کو گلاکر سب کچھ ملائیں اور ڈلیاں کرلیں موم بن جائیگا۔ اگر ذراسی ہاتھی دانت کی سیاہی ملالیں تو سیاہی مائل ہوجائیگی ؛

کستوری مصنوعی بنانا۔ گوند آم۔ زعفران دونوں ہموزن ہمہ لیکر عرق گلاب میں کھرل کرکے خشک کریں۔ اسی طرح چار دفعہ کھرل کریں۔ اور خشک کریں پھر ایک شیشی میں رکھ کر بند کرکے چند روز کے بعد فی تولہ ۲ ماشہ کے حساب اصلی مشک کستوری آمیز

کریں عمدہ مشک کستوری بن جائیگی۔ اور بہت ترکیبیں یاد ہیں اسمیں لکھنے کی گنجائش نہیں ہیں

پارہ کے برتن یا دانے بنانے ۔ جسقدر رچاہو پارہ لیکر لوہے کے برتن میں ڈالکر زیتون کا تیل بھریں اور نرم آنچ پر جوش دیں۔ جب تیل خشک ہو۔ فوراً اُس میں قلعی برابر وزن ملاویں اور گرم حالت میں بذریعہ سانچہ جو چاہیں۔ اُسی طرح بنالیں +

عمدہ زنگار بنانا ۔ برادہ تانبے کا لیکر بڑے ظرف مسی میں سرکہ ڈالکر دھوپ میں رکھ دیں۔ سرکہ تانبا کو کھاکر زنگار بنادیگا +

ٹھنڈا ملمع کرنا ۔ چیرک ایسڈ ایک تولہ۔ پانی مقطر ایک تولہ میں ملاکر سلوشن بنائیں۔ جو چیز اس میں ڈالوگے پاؤ گھنٹہ میں عمدہ ملمع ہوجائیگا۔ پھر برادہ لکڑی میں خشک کرکے برش ملائم سے صاف کریں +

لوہے پر حروف کندہ کرنا ۔ اول لوہے کو خوب صاف کر اُس پر موم قدرے جمائیں پھر جو کندہ کرنا ہو۔ تو وہ لوہے کے قلم سے لکھو۔ تاکہ موم صاف ہوجائے۔ پھر اُس پر تیزاب شورہ ڈالیں۔ چند منٹ کے بعد صاف کریں۔ کندہ ہوجائیگا +

شیشے پر کندہ کرنا ۔ ترکیب مذکور کیطرح اول شیشے پر موم لگاکر جو لکھنا چاہو لکھیں اور پھر اُس پر فلارک ایسڈ ڈالیں۔ تو چند منٹ بعد کندہ ہوجائیگا۔ تیزاب اور فلارک ایسڈ انگریزی دوا فروشوں سے ملسکتا ہے +

گندھک کا گلاس بنانا ۔ گندھک صاف کریں گندھک کو لوہے کے برتن میں خفیف آنچ پر گلاکر سانچے چینی میں جسکو چکنائی لگائی ہو بھر کر سرد کریں۔ اس گلاس میں پانی یا دودھ پینا ہاضمہ کو درست کرتا ہے +

چینی یا شیشوں پر بیل بوٹے بنانا ۔ اول شوگر اوف لیڈ کو جو السی کے تیل میں جوش کیا ہوا ہو ملاکر سخت برش سے اُسکو جلدی شیشہ پر لگائیں تاکہ سب جگہ برابر لگ جائے جب خشک ہوجائے تو جس قسم کے بیل بوٹے بنانے ہوں کاسٹک پوٹاس سے اس کا نمونہ بنائیں اور تھوڑی دیر بعد نرم کپڑے سے صاف کریں جہاں جہاں کاسٹک پوٹاس لگایا گیا

بنا ہو وہ جگہ صاف ہو جاویگی اور بیل بوٹے نمایاں ہونگے +

دیگر۔ انگریزی سیاہی کپڑے پر سے دور کرنی۔ ۲ چھٹانک پانی کے ساتھ ایک تولہ گندھک اور ایک تولہ چونہ ملائیں۔ جب تک سونے کیطرح کا سرخ نہ ہو جاوے آگ پر رکھیں پھر آگ سے اتار کر ٹھنڈا پانی اور ڈالدیں۔ کہ کل پانی ایک چھٹانک ہو جاوے پھر داغ پر روئی سے وہ پانی لگائیں۔ اور دھو ڈالیں۔ فوراً داغ دور ہو جائیگا +

مصالح لفافوں کے جوڑنیکا۔ سریش عمدہ ایک تولہ پانی میں گرم کرکے گلائیں۔ اور اُس میں تین ماشہ گڑ ملاکر کام میں لائیں یا گوند لیکر اُس میں گڑ ملاکر کام میں لائیں +

تانبا کو جلد پگھلانا۔ یہ دھات مشکل سے پگھلتی ہے اگر تخم بیگن پیسکر اس میں ڈالا جاوے۔ تو جلد پانی کی طرح ہو جاتا ہے۔ یا بھیا گوگل ڈالیں +

موتیوں کا جلا دینا۔ زرد رنگ کے اگر موتی ہوں۔ تو ترنج کے پانی میں ابالکر ریشم نرم سے جلا دیں۔ صاف روشن ہوں گے +

موم بنانیکی ترکیب۔ رال سفید ایک سیر خوب پیسکر ایک ہانڈی میں جوش دیں بعد اُسکے ایک سیر چربی سفید عمدہ صاف ڈالکر دونوں کو ملاکر نیم گرم کریں اس وقت آدھ سیر خالص شہد ڈالکر لکڑی سے ملاکر ایک جوش اچھا دیکر سرد کر لو۔ موم خالص تیار ہو جائیگا

کافور مصنوعی بنانا۔ ایک حصہ پھٹکڑی سفید لیکر باریک پیسکر سمپٹ سی بھر دیں اور ایک حصہ کافور ریزہ ریزہ کرکے اس پر رکھیں اور بند کرکے کھچڑی ماش میں پکائیں کھچڑی [illegible] انگل نیچے اور دو انگل اوپر ہو۔ اور دم پر چھوڑیں کہ سرد ہو جاوے +

اعلیٰ درجے کی وارنش بنانا۔ ایک بڑی بوتل میں سپرٹ ڈھائی پاؤ ڈالکر اس میں عمدہ چپڑا لاکھ ۳ چھٹانک۔ رومی مصطگی ایک چھٹانک انکو بھی بوتل میں ڈالکر منہ بند کرکے دھوپ میں رکھیں دو تین روز میں یہ دوائیں حل ہو جاوینگی۔ پھر اس میں جونسا رنگ دینا ہو۔ دیکر بکسوں۔ میزوں وغیرہ پر لگائیں۔ پرانی بھی نئی کے موافق ہو جائیں +

چراغ پر پروانہ نہ آئیں۔ چراغ میں پیاز کا ایک ٹکڑا ڈال دو۔ پروانہ نہ آئیگا +

صابون جادو۔ اگر تیل اور پانی کو ملاؤ کبھی نہ ملیں گے۔ لیکن ایمونیا ڈالدینے سے فوراً جم جاینگے یہ جادو کا صابون کہلائے گا۔

مکھی مار کاغذ بنانا۔ تیل السی میں منقی پکاکر قوام کرکے برش سے ایک کاغذ پر لگاؤ

لوہا۔ پیتل۔ ٹین وغیرہ جوڑنیکا مصالح۔ بروزہ ۷ تولہ۔ سنگجراحت ۱۰ تولہ سرسوں یا السی کا تیل ۲ تولہ۔ ان سب کو لوہے کے برتن میں پکاکر گرم گرم جوڑو +

انگریزی سیاہی کا نسخہ۔ ترپھلا ۵ تولہ۔ ماجو ۲ تولہ۔ گیس ۲ تولہ۔ لوہچون ۵ تولہ۔ پانی دو سیر سب کو ایک آہنی برتن میں ڈالکر ۲ یوم پڑا رہنے دو بعد اسکے اس کو پکاکر جب ڈیڑھ سیر یا سوا سیر رہ جائے آگ سے اُتار کر کپڑے میں چھان کر کام میں لاؤ +

دیمک دور کرنے کی ترکیب۔ جہاں کہیں دیمک لگ جائے وہاں تھوڑی ہینگ تیل میں ملاکر چھڑکنے سے دیمک دور ہو جاتی ہے +

مہر کی سیاہی بنانا۔ رنگ مختلف رنگ کے انگریزی دکانوں پر ملتے ہیں جس قسم کا رنگ لیکر اس میں ۸ گنا گلسرین ۸ گنا اسپرٹ وائن ملاکر کام میں لاؤ +

لکھنے کیلئے ملاگیری روشنائی بنانا۔ کتھ کو لیکر جوش دو اور قدرے اُسوقت سفوف سوڈا ڈالدو۔ اور چھانکر بوتل میں رکھو نہایت عمدہ روشنائی بن جائیگی +

لوہے کو چمکانا۔ نوشادر اور یشب یمانی میں گھسکر ملو اُسپر خوب خوب چمکدار ہو جائیگی

فوراً خمیر تیار کرنا۔ بازاری سوڈا تھوڑا سا میدہ خمیر کردہ میں ملاویں تو اُسی وقت خمیر تیار ہو جاوے +

فی الفور دہی جمانا۔ دودھ میں ٹارٹری ملانے سے اُسی وقت دہی بن جاتا ہے +

کافور کا کٹورہ بنانا۔ مٹی کے دو پیالے یکساں بناکر ایک میں کافور بھریں دوسرا اوپر سے ڈھکن دیکر دونوں کے منہ خوب اچھی طرح بند کرکے آگ پر رکھیں ۳-۴ گھنٹے کے

بعد سرد کر کے گھولیں اور ڈالے پیالہ میں سب ظرف کافور لگ گیا ہو۔ تب اُس پانی میں رکھ دیں مٹی کا پیالہ پانی میں گھل جاویگا۔ اور کافور کا پیالہ باقی رہ جائیگا۔

بلو بلیک سیاہی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مازو ہر ایک ۶ ماشہ کسیس ۱۲ ماشہ انگریزی نیل ایک تولہ سب کو ملالو۔ عمدہ پوڈر بن جاویگا جیسا سکو گرم پانی میں حل کروگے تو عمدہ سیاہی بن جاویگی +

سیاہی رواں کرنیکا طریقہ۔ کوزہ مصری اور چند قطرے سرکہ تیز ڈالیں۔ یا چند بوند صرف شراب کی ڈالیں۔ سیاہی رواں بن جاویگی +

سرکہ تیز بنانا۔ لہسن چھلا ہوا ایک پاؤ۔ لال مرچ ایک پاؤ۔ تمام اشیاء دردرا کوٹ کر اڑھائی سیر پانی میں ملا کر چند روز دہوپ میں رکھیں۔ پھر صاف کر کے اس میں ۲۰ بوند تیزاب گندھک ملاویں۔ اگر زیادہ تیز ہو۔ تو پکایا ہوا پانی تھوڑا اور ملاویں +

سستا عطر فتنہ۔ عطر حنا کی گاد میں دو چار قسم کے عطر ملادو +

دس بوند عرق سے ایک گلاس شربت بنانا۔ سکرین ۲۰ گرین۔ روح کیوڑہ ایک بوند ریکٹیفائڈ اسپرٹ حسب ضرورت ان سب کو مرکب کرلو۔ اس کی دس بوند سے ایک گلاس نہایت عمدہ شربت کا تیار ہوگا +

بال اڑانے کا عرق۔ بیریم سلفائڈ ۲ تولہ کھولتا ہوا گرم پانی ۵ چھٹانک دونوں کو کھرل کر کے نکالدو۔ اور شیشوں میں بھر کر مضبوط کاک لگادو۔ کیونکہ ہوا سے اس کا اثر کم ہوجاتا ہے۔ پس جہاں کے بال اڑانے ہوں۔ اس کو خوب بھگو کر لگادو۔ کہ بال تر تر ہوجاویں۔ پھر کسی سخت چیز سے صاف کردو +

بال پیدا کرنے کا تیل۔ دس عدد انڈوں کی زردی۔ دس عدد جونک ایک تولہ مکھیوں کا گوہ سب ڈیڑھ پاؤ تلوں کے تیل میں پکا کر صاف کرلو۔ جہاں لگاؤ گے چند روز میں بال نکل آویں گے +

...کا خوشبودار تیل - آئل آف برگماٹ ۳ ماشہ - لیموں کا تیل ایک ماشہ
...تیل زیتون آدھ سیر سب کو ملا کر شیشی میں بھر دو +

چائے کی سفری ٹکیہ - بہت سی چائے کی پتیاں دودھ میں ڈالکر اسقدر پکاؤ کہ پتیاں گل جاویں اور دودھ رنگین ہو جاوے تب اُس دودھ کا کھویا بنا کر اسمیں تھوڑے میٹھا ملا کر ٹکیہ بنا لو - ایک ٹکیہ ایک پیالہ گرم پانی میں ڈال دو عمدہ چائے تیار ہو جاوے گی +

مرید اچار چٹنی بنانا - آم کا تازہ گودا سیر بھر - اُس میں تیز سرکہ آدھ سیر کشمش پاؤ بھر لہسن پاؤ بھر ادرک پاؤ بھر - کھانڈ سیر بھر - نمک پاؤ بھر مرچ سرخ حسب منشا سب کو ملا کر خوب گھوٹ ڈالو

خشک چٹنی بنانا - انبہ کا خشک گودا ایک سیر لیکر اُس میں خشک پودینہ چار تولہ - سیاہ مرچ نمک حسب ذائقہ ملا دو - وقت ضرورت پانی میں گھول دو +

ضمیمہ ... شعر

زبان اردو

[illegible]

ملک غلام محمد ایڈوانسر ... تاجران کتب